# ٹمل ناڈو میں نعت گوئی

## علیم صبا نویدی

مرتبہ: ڈاکٹر جاوید حبیب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# ٹمل ناڈو
# میں
# نعت گوئی

## علیم صبا نویدی

مرتبہ

## ڈاکٹر جاویدہ حبیب

## جملہ حقوق بحق مولف محفوظ



کتاب کانام : ٹمل ناڈو میں نعت گوئی

موضوع : تحقیق

سنِ اشاعت: جنوری 2004

تعداد : ۵۸٦

قیمت : روپئے / ۵۰۰ (RUPEES: 500)

پیش کش :ٹمل ناڈو اردو پبلیکیشنز، چننائی ۲ ۰۰ ۲۰۰



مولف : علیم صبا نویدی ، ۱۹۲، ٹرپلیکین ہائی روڈ

فلاٹ نمبر ١٦، سکنڈ فلور، چننائی ۔ ۶۰۰۰۰۵

مرتب : ڈاکٹر جاویدہ حبیب

یم اے ، یم فل، پی ھچ ڈی ( اردو )یم اے ( عربی)

پتہ : ٢٦، امیر النساء بیگم اسٹریٹ، انّا سالائی ، چننئی ، ۶۰۰۰۰۲



کمپوٹرس : شمس گرافکس، ۵۳، فقیر صاحب گلی ، جام بازار، چننئی ، ۰


## ملنے کے پتے


١ ۔مکتبۂ جامعیہ لمیٹڈ — دھلی ، علی گڑھ، بمبئی

۲ ۔مکتبۂ شب خون — رانی منڈی الہ آباد ، یوپی

۳ ۔ شگوفہ پبلیکیشنز — معظم جاھی مارکیٹ ، حیدر آباد

٤ ۔ اسٹار پبلیکیشنز — ٤/٥، آصف علی روڈ، نئی دھلی ۲

۵ ۔ مکتبۂ کھسار جرنل — براہ پورہ ،بھیگن پور بھاگلپور (بھار)

٦ ۔ ٹمل ناڈو اردو پبلیکیشنز ، — ٢٦ ، امیر النساء بیگم اسٹریٹ، چننئی ۲

# تحفۂ بارانِ نور
# بنامِ بزرگانِ طریقت و معرفت
# و
# استدعاءِ نجات و مغفرت

ناچیز اپنی اس کاوش نیک کو ان تمام بزرگانِ طریقت سے معنون کرتا ہے جن کا فیض خاص بہ واسطہ نور پُر نور رسالت ماب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم مجھے نصیب ہوا۔ خصوصی طور پر میں اپنا یہ تحفۂ نور ان تمام بزرگوں کی ارواح کو نذر کرتا ہوں۔

☆ **حضرت خواجہ حبیب اللہ چشتی قادری نقشبندی سہرو ردی قد س سرہ العزیز** (میرے دادا پیرؒ)

☆ **حضرت خواجہ علیم اللہ شاہ چشتی قادری نقشبندی سہروردی قدس سرہ العزیز المعروف بہ حضرت علامہ غضنفر حسین شاکر نائطیؒ**
(خلیفۂ حضرت خواجہ حبیب اللہ شاہ قدس سرہ العزیز، میرے روحانی شیخ طریقت و معرفت)

☆ **حضرت خواجہ قدسی شاہ چشتی قادری نقشبندی سہروردی دامتِ فیوضہم المعروف بہ مولانا اسمعیل رفیعی مدظلہ العالی**
(میرے پیرو مرشد و خلیفۂ حضرت خواجہ حبیب اللہ شاہ چشتی قادری نقشبندی سہروردیؒ و شاگرد رشید حضرت علامہ شاکر نائطی)

☆ **حضرت سید شاہ محمد امین الدین آرکاٹی چشتی ، قادری، نقشبندی، سہروردی قدس سرہ العزیز** (میرے نانا بزرگوار)

☆ **حضرت سید شاہ عبدالغفار حسینی چشتی قادری سرہ العزیز، آرنی**
(میرے جدِ امجد بزرگوار)

☆ **حضرت سید غوث باشاہ حسینی قادری نور اللہ مرقدہ** (میرے والد مرحوم بزرگوار)

☆ **محترمہ شرف النساء المعروف بہ سیدانی بی صاحبہ نور اللہ مرقدہ** (میری والدہ مرحومہ بزرگوار)

**اور**

میں اپنے ربِّ غفور الرحیم سے دست بہ دعا ہوں کہ میری کتاب میں جن بزرگان و احباب کی نورانی بارشیں ہوئیں ان کے صلہ میں ان تمام کو بہ فیض رسالت مآبؐ اپنی تمام رحمتوں کی بارانی سے نواز اور ناچیز کی اس کاوش کو وسیلۂ نجات و شفاعت بنا، آمین

احقر سید علیم صبا نویدی

| شمار | مشمولات | | صفحہ |
|---|---|---|---|
| ۱ | چند سچائیاں (عرضِ خاص) | ڈاکٹر جاویدہ حبیب | 13 |
| ۲ | نعتیہ شاعری کا تاریخی پس منظر | علیم صبا نویدی | 15 |
| ۳ | جنوبی ہند میں عربی شاعری کی ابتداء | 〃 | 32 |
| ۴ | نعت کے تعلق سے مثنویوں اور قصیدوں کا ایک پہلو | 〃 | 42 |
| ۵ | ٹملناڈو کے علمی، دینی، ادبی اور سیاسی افق کا پس منظر | 〃 | 49 |
| ۶ | ٹملناڈو کی چند طویل نعتوں اور منظوم سیرتوں کا انفرادی جائزہ | 〃 | 58 |
| | ا حضرت صادق الحسینی چشتی قادری شریف مدراسی کی مسدس ''وفاتِ رسولِ اکرمؐ'' | 〃 | 59 |
| | ب۔ حضرت عبدالغفار مسکینؔ کی تصنیف ''دیوانِ مسکین'' | 〃 | 64 |
| | ج۔ حضرت علام ویلوری کی نظم ''سراپائے رسولؐ انام'' | 〃 | 67 |
| | د۔ حضرت کاتیؔ مدراسی کا ''قصیدۂ بہارِ خلد'' | 〃 | 71 |
| | ہ۔ نواب عبدالرحمٰن خان شاطر کی تصنیف ''قصیدۂ اعجازِ عشق'' | 〃 | 75 |
| | و۔ نواب بیگم امت الحی مبشر النساء حیاؔ کی نعتیہ نظم ''معراج نامہ'' | 〃 | 80 |
| | ز۔ مولانا ضیاء الدین امانی پلی گنڈوی کی تصنیف ''گلشنِ سیرت'' | 〃 | 85 |
| | ح۔ حضرت عبداللہ حسین عبدؔ مدراسی کی نعتیہ نظم | 〃 | 89 |
| | ط۔ حضرت مرزا محمودؔ کی طویل نعتیہ نظم ''سرورؐ عالم کی جبیں'' | 〃 | 92 |
| | ی۔ حضرت باقی عبدالقادر دانش فرازی کی تصنیف ''محسنِ اعظمؐ'' | 〃 | 95 |
| | ک۔ حضرت محبوب پاشاہ محبوب کی نعتیہ طویل نظم ''انوارِ مدینہ'' | 〃 | 102 |
| | ل۔ حضرت رشید الدین امجدؔ کی طویل نعتیہ نظم | 〃 | 105 |
| | م۔ مولانا حافظ عبدالرزاق حافظ باقوی کی تصنیف ''قمر نامۂ اسلام'' | 〃 | 110 |
| | ن۔ مولانا ظہیر حسین شاکر سالکؔ ناکطی کی تصنیف مثنوی ''عشق بیچاں'' | 〃 | 113 |
| | س۔ مولانا کاظم حسین شاکر کاظم ناکطی کی ''مسدس طریق'' | 〃 | 116 |
| | ع۔ علیم صبا نویدی کی نعتیہ نظمیں اور مشاہیرِ ادب کی آراء | 〃 | 118 |

| نمبر | اسمائے گرامی | مقام پیدائش | ضلع | ولادت | وفات | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | مولانا حافظ سید محمد فراتی ویلوری | ویلور | شمالی آرکاٹ | 1658 | 1731 | 131 |
| ۲ | مولانا سید ابوالحسن قربی ویلوری | بیجاپور | کرناٹک | 1706 | 1768 | 131 |
| ۳ | حضرت سید محمد غوث غوثی آرکاٹی | آرکاٹ | شمالی آرکاٹ | 1709 | 1810 | 133 |
| ۴ | حکیم شاہ عثمان سرور | آرکاٹ | شمالی آرکاٹ | 1716 | 1776 | 133 |
| ۵ | حضرت تراب علی شاہ تراب | ترنامل | جنوبی آرکاٹ | 1717 | 1778 | 134 |
| ۶ | حضرت شاہ محمد قادری | مدراس | مدراس | 1721 | | 135 |
| ۷ | حضرت محمد علی شاہ الفت | مدراس | مدراس | | | 135 |
| ۸ | مولانا سید شاہ عبداللطیف ذوقی | ویلور | شمالی آرکاٹ | 1738 | 1780 | 136 |
| ۹ | مولانا باقر آگاہ ویلوری | ویلور | شمالی آرکاٹ | 1745 | 1805 | 136 |
| ۱۰ | حضرت غوثی چنگل پیٹی | چنگل پیٹ | جنوبی آرکاٹ | 1757 | | 138 |
| ۱۱ | مولوی غلام محی الدین معجز آرکاٹی | آرکاٹ | شمالی آرکاٹ | 1759 | 1813 | 139 |
| ۱۲ | حضرت سید شاہ قدر عالم | ترچی | ترچناپلی | 1764 | 1826 | 140 |
| ۱۳ | حضرت غلام حسین جودت | مدراس | مدراس | 1775 | | 140 |
| ۱۴ | مولوی سید اسد اللہ الحسینی مستان | مدراس | مدراس | 1803 | 1851 | 141 |
| ۱۵ | حضرت شاہ مستعان علی انست | مدراس | مدراس | 1805 | 1898 | 141 |
| ۱۶ | علامہ عبدالحی احقر ثم واعظ بنگلوری | بنگلور | کرناٹک | 1816 | 1883 | 142 |
| ۱۷ | مولانا سید شہاب الدین قادری | ویلور | شمالی آرکاٹ | 1824 | 1905 | 143 |
| ۱۸ | مولانا غلام مصطفے مرغوب | ترچی | ترچناپلی | 1824 | 1889 | 143 |
| ۱۹ | حضرت صادق الحسینی چشتی قادری شریف | مدراس | مدراس | 1824 | 1904 | 59 144 |
| ۲۰ | محترمہ امیمہ آرکاٹی | آرکاٹ | شمالی آرکاٹ | 1826 | 1873 | 144 |
| ۲۱ | نواب عبدالشکور بہادر شاکر | مدراس | مدراس | 1831 | 1883 | 145 |
| ۲۲ | منشی غلام دستگیر | مدراس | مدراس | | | 146 |
| ۲۳ | حضرت مولانا سید شاہ عبدالغفار مسکین | مدراس | مدراس | 1833 | 1908 | 64 146 |
| ۲۴ | حضرت عبدالعلام علام ویلوری | ویلور | شمالی آرکاٹ | | | 67 |
| ۲۵ | مولانا مولوی عبدالغنی خان بہادر امیر | مدراس | مدراس | 1843 | | 147 |

| نمبر | اسمائے گرامی | مقام پیدائش | ضلع | ولادت | وفات | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۶ | منشی ابو سعید عبدالرحمٰن مبرور صدیقی | مدراس | مدراس | 1843 | 1913 | 147 |
| ۲۷ | مولوی شاہ محمد عزیز الدین گھٹالہ ہوش | مدراس | مدراس | 1844 | 1912 | 148 |
| ۲۸ | محترمہ خاتون بی بی عاجزہ | ترچی | ترچناپلی | 1844 | 1896 | 148 |
| ۲۹ | حضرت کافی مدراسی | مدراس | مدراس | 1845 | | 71 149 |
| ۳۰ | حضرت خطیب قادر بادشاہ | وانمباڑی | شمالی آرکاٹ | 1852 | 1923 | 149 |
| ۳۱ | مولانا مولوی شیخ عبدالقادر شاکر | وانمباڑی | شمالی آرکاٹ | 1852 | 1923 | 151 |
| ۳۲ | مولانا مولوی سید علی قادری بہار | مدراس | مدراس | 1856 | | 152 |
| ۳۳ | مولانا مولوی تجمل حسین ایمان گوپاموی | گوپاموٴ | یو۔پی | 1860 | 1940 | 153 |
| ۳۴ | نواب رؤف احمد خان پرتو | مدراس | مدراس | 1865 | 1926 | 155 |
| ۳۵ | حضرت محمد عبدالقدوس ضو ویلوری | ویلور | شمالی آرکاٹ | 1865 | 1949 | 156 |
| ۳۶ | مولانا سید محمد قاسم ویلوری | ترپاتور | شمالی آرکاٹ | 1867 | 1940 | 156 |
| ۳۷ | حضرت سید شاہ سلیمان حسینی انجم | ترپاتور | شمالی آرکاٹ | 1869 | 1949 | 157 |
| ۳۸ | حضرت سید شاہ صبغۃ اللہ نور مدراسی | مدراس | مدراس | 1869 | 1933 | 157 |
| ۳۹ | حضرت سعد اللہ سعد مدراسی | مدراس | مدراس | 1870 | 1949 | 160- |
| ۴۰ | نواب عبدالرحمٰن شاطر مدراسی | مدراس | مدراس | 1877 | 1943 | 75 162 |
| ۴۱ | نواب غلام علی ناظمی صاحب | مدراس | مدراس | 1878 | 1957 | 164 |
| ۴۲ | محترمہ قادر النساء بیگم شوکت | مدراس | مدراس | 1878 | | 165 |
| ۴۳ | محترمہ امۃ الرحمٰن الفت النساء الفت | مدراس | مدراس | 1879 | 1930 | 166 |
| ۴۴ | مولانا عبدالسبحان دل | ولتور | شمالی آرکاٹ | 1880 | 1926 | 166 |
| ۴۵ | حضرت سلطان منصور علی شاہ منور قادری | آرکاٹ | شمالی آرکاٹ | 1880 | 1942 | 166 |
| ۴۶ | حضرت عبدالرحیم مسرور | وانمباڑی | شمالی آرکاٹ | 1880 | 1970 | 167 |
| ۴۷ | مولانا مولوی ابوبکر نظمی | مدراس | مدراس | 1885 | 1967 | 168 |
| ۴۸ | حضرت عبدالسلام رونق | ترچی | ترچناپلی | 1885 | 1952 | 168 |
| ۴۹ | حضرت عبدالغنی شجاع | مدراس | مدراس | 1885 | 1961 | 169 |
| ۵۰ | مولوی غلام عباس علی عباس | مدراس | مدراس | 1885 | 1968 | 170 |
| ۵۱ | مولانا مولوی مفتی حبیب اللہ ندوی باقوی | ویلور | شمالی آرکاٹ | 1886 | 1971 | 171 |
| ۵۲ | نواب بیگم امۃ الحی مبشر النساء حیا | مدراس | مدراس | 1886 | 1961 | 80 171 |

| نمبر | اسمائے گرامی | مقام پیدائش | ضلع | ولادت | وفات | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۳ | حضرت عبدالقدوس شاداں | وشارم | شمالی آرکاٹ | 1886 | 1979 | 173 |
| ۵۴ | حضرت علامہ محمد حسین محویؔ صدیقی | لکھنؤ | یوپی | 1888 | 1975 | 173 |
| ۵۵ | حضرت علامہ غضنفر حسین شاکرؔ ناطقی | مینمبور | جنوبی آرکاٹ | 1889 | 1967 | 175 |
| ۵۶ | حضرت منشی محمد فخرالدین الفت | مدراس | مدراس | 1889 | 1959 | 177 |
| ۵۷ | حضرت خطیب محمد اعظم مقبولؔ آمبوری | آمبور | شمالی آرکاٹ | 1889 | 1958 | 177 |
| ۵۸ | حضرت منشی محمد انصرالدین بیخودؔ مدراسی | مدراس | مدراس | 1890 | 1959 | 178 |
| ۵۹ | حضرت سید احمد فقیرؔ ویلوری | ویلور | شمالی آرکاٹ | 1890 | 1948 | 178 |
| ۶۰ | مولانا محمد شہاب الدین سلیمؔ ویلوری | ویلور | شمالی آرکاٹ | 1890 | 1940 | 179 |
| ۶۱ | جناب فضل اللہ طاہرؔ آمبوری | کے جی یوف کولار | کرناٹک | 1892 | 1988 | 180 |
| ۶۲ | حضرت نابیناؔ ترپاتوری | حیدرآباد | آندھرا | 1892 | | 180 |
| ۶۳ | مولانا ضیاء الدین امانیؔ | پلی کنڈا | شمالی آرکاٹ | 1893 | 1966 | 085 |
| ۶۴ | حضرت محمد غلام حسین دلیلؔ | مدورئی | مدورائی | 1894 | 1957 | 181 |
| ۶۵ | مولوی فقیر احمد شاہ قادری عدمؔ | مدراس | مدراس | 1897 | 1946 | 182 |
| ۶۶ | حضرت عبدالحمید ناظمؔ | مدراس | مدراس | 1898 | 1975 | 182 |
| ۶۷ | حضرت سید ظہور اللہ شاہ قادری نادرؔ | ترپاتور | شمالی آرکاٹ | 1898 | | 183 |
| ۶۸ | حضرت عبدالرحیم اسیرؔ | وانمباڑی | شمالی آرکاٹ | 1903 | 1949 | 184 |
| ۶۹ | حضرت مولانا عبدالسلام کمالیؔ ویلوری | ویلور | شمالی آرکاٹ | 1906 | 1995 | 184 |
| ۷۰ | مولانا نثار علی نثارؔ نگری | نگری | آندھرا | 1908 | 1977 | 185 |
| ۷۱ | حضرت منشی عبدالعزیز عادلؔ مدراسی | مدراس | مدراس | 1909 | | 186 |
| ۷۲ | حضرت عبدالقدوس زیبقؔ | ترچی | ترچناپلی | 1909 | 1934 | 187 |
| ۷۳ | حضرت عبداللہ حسین عبدؔ مدراسی | مدراس | مدراس | 1910 | 1980 | 89<br>187 |
| ۷۴ | حضرت حیدر علی خان حیدرؔ | مدراس | مدراس | 1910 | 1980 | 189 |
| ۷۵ | حضرت محمد عبداللہ شرقیؔ | مدراس | مدراس | 1912 | 1988 | 190 |
| ۷۶ | حضرت نواب محمد محمودؔ | مدراس | مدراس | 1913 | 1978 | 190 |
| ۷۷ | جناب شیخ فریدالدین فریدؔ | مدراس | مدراس | 1916 | 1981 | 192 |
| ۷۸ | حضرت مرزا محمد محمودؔ | مدراس | مدراس | 1916 | 1979 | 092 |

| نمبر | اسمائے گرامی | مقام پیدائش | ضلع | ولادت | وفات | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۹ | حضرت میر نذر حسن سحبان مدراسی | مدراس | مدراس | 1919 | 1984 | 193 |
| ۸۰ | مولانا سید عظمت اللہ سرمدی | اڈول پیٹ | ایروڈ | 1919 | 1978 | 194 |
| ۸۱ | حضرت محمد جلال جلال کڑپوی | کڑپہ | آندھرا | 1919 | 1989 | 194 |
| ۸۲ | جناب سلطان قدیر | مدراس | مدراس | 1920 | 1973 | 195 |
| ۸۳ | حضرت بانگی عبدالقادر دانش فرازی | آمبور | شمالی آرکاٹ | 1921 | 1981 | 095 |
| ۸۴ | حضرت محبوب پاشا محبوب | مدراس | مدراس | 1922 | 2001 | 102<br>196 |
| ۸۵ | حضرت محمد یوسف خان خواہاں | مدراس | مدراس | 1922 | | 197 |
| ۸۶ | حضرت حکیم مخدوم اشرف | مدراس | مدراس | 1923 | 1998 | 197 |
| ۸۷ | حضرت عبدالرحمٰن خان تشنہ | پنگرم | دھرم پوری | 1923 | 1971 | 198 |
| ۸۸ | جناب محمد اسد اللہ بیگ ادیب بھارتی | مدراس | مدراس | 1923 | 1970 | 198 |
| ۸۹ | حضرت رشید الدین امجد | مدراس | مدراس | 1924 | 1981 | 1.05<br>199 |
| ۹۰ | حضرت محمد عبدالمناف برتر | ویلور | شمالی آرکاٹ | 1924 | | 200 |
| ۹۱ | مولانا عبدالرحمٰن خان ابوالبیان حماد | مالور | کرناٹک | 1924 | | 202 |
| ۹۲ | مولانا محمد اسمٰعیل نیر ربانی | میل وشارم | شمالی آرکاٹ | 1925 | | 202 |
| ۹۳ | حضرت محمد کمال الدین اکبر کمال | مدراس | مدراس | 1925 | 1991 | 203 |
| ۹۴ | حضرت بدرالحسن بدر جمالی | ویلور | شمالی آرکاٹ | 1926 | | 204 |
| ۹۵ | حضرت سید عثمان فہمی عمری | کرشنگری | دھرم پوری | 1926 | | 205 |
| ۹۶ | حضرت محمد عبدالقادر قادر ظہیر | مدراس | مدراس | 1926 | | 206 |
| ۹۷ | حضرت عبدالمجید حامد الباقوی | گڑیاتم | شمالی آرکاٹ | 1926 | | 207 |
| ۹۸ | حضرت محمد نثار نثار بھارتی | پرنام پیٹ | شمالی آرکاٹ | 1926 | | 208 |
| ۹۹ | حضرت جے عزیز الرحمٰن عزیز تمنائی | ولتور | شمالی آرکاٹ | 1926 | | 208 |
| ۱۰۰ | علامہ سید محمد عمر آمر کلیمی | مدراس | مدراس | 1927 | | 209 |
| ۱۰۱ | مولانا محمد محی الدین علی راجی صدیقی | مدراس | مدراس | 1927 | 1989 | 211 |
| ۱۰۲ | حضرت سید محی الدین اجمل سعیدی | مدراس | مدراس | 1927 | 1985 | 212 |
| ۱۰۳ | حضرت دے پا عبدالرزاق پاشاہ کاوش بدری | آمبور | شمالی آرکاٹ | 1928 | | 213 |
| ۱۰۴ | حضرت غلام احمد مسرور | وانمباڑی | شمالی آرکاٹ | 1928 | 1988 | 213 |

| | وفات | ولادت | ضلع | مقام پیدائش | اسمائے گرامی | نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 214 | 1993 | 1928 | شمالی آرکاٹ | ویلور | حضرت مولانا نثار احمد فدوی باقوی | ۱۰۵ |
| 214 | | 1928 | شمالی آرکاٹ | ویلور | حضرت سید قطب الدین طالب باقوی | ۱۰۶ |
| 215 | 1991 | 1928 | شمالی آرکاٹ | وانمباڑی | جناب ملک ضیاء | ۱۰۷ |
| 215 | | 1929 | مدراس | مدراس | جناب سید قاسم نورس خیامی | ۱۰۸ |
| 216 | | 1929 | شمالی آرکاٹ | وانمباڑی | جناب عبدالمالک منظور | ۱۰۹ |
| 110<br>217 | | 1930 | آندھرا | رایچوٹی | مولانا حافظ عبدالرزاق حافظ باقوی | ۱۱۰ |
| 219 | | 1930 | مدراس | مدراس | حضرت عبداللطیف نازی | ۱۱۱ |
| 220 | | 1932 | دھرماپوری | کشنگری | حضرت سید منیر احمد منیر رشیدی | ۱۱۲ |
| 221 | | 1933 | بہار | کچھوچھ شریف | حضرت سید وحید اشرف | ۱۱۳ |
| 222 | 1967 | 1934 | مدراس | مدراس | حضرت محمد محی الدین عارف | ۱۱۴ |
| 223 | 1997 | 1934 | مدراس | مدراس | مولانا علی فطرت | ۱۱۵ |
| 223 | | 1934 | مدراس | مدراس | حضرت خطیب محمد حیدر حسین راز امتیاز | ۱۱۶ |
| 224 | | 1934 | مدراس | مدراس | حضرت سید مسعود الحسن ظہیر جعفری | ۱۱۷ |
| 224 | | 1934 | مدراس | مدراس | حضرت شیخ احمد علی اعجاز شاکری | ۱۱۸ |
| 225 | 2001 | 1935 | مدورئی | مدورئی | حضرت محمد جلال الدین جلال مدنی | ۱۱۹ |
| 226 | 2000 | 1936 | مدراس | مدراس | جناب محمد اقبال حسین حسان الآمری | ۱۲۰ |
| 113<br>227 | | 1936 | دھرماپوری | کشنگری | حضرت مولانا ظہیر حسین شاکر سالک ناطقی | ۱۲۱ |
| 228 | 1999 | 1937 | مدراس | مدراس | حضرت محمد عبداللہ حسین حیات | ۱۲۲ |
| 229 | | 1938 | دھرماپوری | کرشنگری | حضرت مختار بدری | ۱۲۳ |
| 231 | | | شمالی آرکاٹ | وانمباڑی | جناب مختار احمد اختر | ۱۲۴ |
| 232 | | 1938 | بہار | مظفرپور | حضرت نجم الہدیٰ | ۱۲۵ |
| 232 | | 1938 | مدراس | مدراس | جناب ظہیر الدین ظہیر آفاق | ۱۲۶ |
| 116<br>233 | | 1938 | مدراس | مدراس | مولانا کاظم حسین شاکر کاظم ناطقی | ۱۲۷ |
| 235 | | 1938 | مدراس | مدراس | جناب ملک نجم الدین نجم ملک | ۱۲۸ |
| 236 | | 1938 | شمالی آرکاٹ | پلی گنڈہ | جناب مسعود اسنوی | ۱۲۹ |

| نمبر | اسمائے گرامی | مقام پیدائش | ضلع | ولادت | وفات | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۳۰ | مولانا امداداللہ انجم | ویلور | شمالی آرکاٹ | 1939 | 2002 | 236 |
| ۱۱۳ | مولانا اشرف سعودی | ویلور | شمالی آرکاٹ | 1940 | | 237 |
| ۱۳۲ | جناب میر حسن علی حسن فیاض | مدراس | مدراس | 1941 | | 237 |
| ۳۳ | جناب سید علیم الدین علیم صبا نویدی | امور | شمالی آرکاٹ | 1942 | | 118<br>238 |
| ۱۳۴ | جناب حکیم سید افسر پاشاہ | پیرنامبیٹ | شمالی آرکاٹ | 1942 | | 240 |
| ۱۳۵ | جناب حبیب اللہ شاہ | مدراس | مدراس | 1943 | | 240 |
| ۱۳۶ | جناب محمد شبیر احمد سہیل راشد | وانمباڑی | شمالی آرکاٹ | 1943 | | 241 |
| ۱۳۷ | جناب غیاث اقبال | وانمباڑی | شمالی آرکاٹ | 1944 | 1992 | 242 |
| ۱۳۸ | مولوی حکیم محمد یعقوب اسلم عمری | آلانگایم | شمالی آرکاٹ | 1945 | | 242 |
| ۱۳۹ | مولانا سید جمیل الدین قلدری | حیدرآباد | آندھرا | 1948 | | 243 |
| ۱۴۰ | مولانا ظہیر احمد راہی فدائی باقوی | کڑپہ | آندھرا | 1949 | | 244 |
| ۱۴۱ | جناب سید سجاد بخاری | مدراس | مدراس | 1950 | | 245 |
| ۱۴۲ | جناب سراج زیبائی | وانمباڑی | شمالی آرکاٹ | 1955 | | 246 |
| ۱۴۳ | مولانا سید محمد رضاء الحق آمری | مدراس | مدراس | 1960 | | 247 |

☆ ڈاکٹر جاویدہ حبیب

# چند سچائیاں

''اردو میں نعت گوئی۔۔۔چند گوشے'' (مطبوعہ ۲۰۰۲) نامی ایک تصنیف میں پروفیسر شفقت رضوی صاحب نے نہ صرف حمد و نعت گوئی پر مضامین لکھے ہیں بلکہ نعت گوئی کے موضوع پر تاریخی، تحقیقی اور تنقیدی نکتہ نظر سے بعض کتابوں پر واضح طور پر روشنی ڈالی ہے۔ جن کتابوں پر انھوں نے اجمالی نظر ڈالی ہے ان کی تعداد طویل نہیں ہے۔ صرف آٹھ کتابوں کا انھوں نے اپنی تصنیف میں حوالہ دیا ہے اور جن سے ان کتابوں کے سال اشاعت کا بھی پتہ چلتا ہے۔ میں اس کا ذیل میں اعادہ کرنا ضروری سمجھتی ہوں۔

۱۔ اردو کی نعتیہ شاعری۔۔از۔۔ڈاکٹر طلحہ رضوی برق (مطبوعہ جنوری ۱۹۷۴، پٹنہ)

۲۔ اردو کی نعتیہ شاعری۔۔از۔۔ڈاکٹر فرمان فتح پوری (مطبوعہ ۱۹۷۴، لاہور)

۳۔ اردو میں نعتیہ شاعری۔۔از۔۔ڈاکٹر سید رفیع الدین اشفاق (مطبوعہ اکتوبر ۱۹۷۶ کراچی)

۴۔ اردو نعت، تاریخ و ارتقاء۔۔از۔۔سید افضال حسین نقوی فضل فتح پوری (مطبوعہ ۱۹۸۹ کراچی)

۵۔ اردو نعت گوئی۔۔از۔۔ڈاکٹر ریاض مجید (مطبوعہ ۱۹۹۰، لاہور)

۶۔ اردو شاعری میں نعت گوئی۔۔از۔۔ڈاکٹر شاہ رشاد عثمانی (مطبوعہ ۱۹۹۱، گیا، بہار)

۷۔ اردو شاعری میں نعت (دو جلدیں)۔۔از۔۔ڈاکٹر اسمٰعیل آزاد فتح پوری (مطبوعہ ۱۹۹۲، لکھنو)

۸۔ فی احسن تقویم۔۔از۔۔جاوید احسن خان (مطبوعہ ۱۹۹۷ ڈیرہ غازی خان)

موصوف و مصنف کی تنقید اور تجزیات سے صرف نظر مجھے یہاں صرف اس کتاب سے چند اہم معلومات کا حوالہ دینا ہی کافی ہے۔ وہ یہ کہ موصوف اردو نعت گوئی کے موضوع پر لکھی جانے والی یا شائع ہونے والی سب سے پہلی تصنیف کے بارے میں یوں خیال ظاہر کرتے ہیں۔

''اگر چہ ڈاکٹر فرمان فتح پوری اور ڈاکٹر طلحہ رضوی برق کی کتابیں ۱۹۷۴ میں شائع ہوئی ہیں لیکن طلحہ کی کتاب پر اشاعت کے سال کے ساتھ جنوری بھی درج ہے۔ اس لئے تقدیم کی فضیلت ان کی طرف منتقل ہو جانا چاہئے۔''

مذکورہ بالا آٹھ کتابوں میں چار کتابیں پی ایچ ڈی کی ڈگری کے لئے لکھے گئے مقالے ہیں۔ جن میں پہلا مقالہ ڈاکٹر سید رفیع الدین اشفاق کا دوسرا ڈاکٹر ریاض مجید کا تیسرا ڈاکٹر شاہ رشاد عثمانی کا اور چوتھا ڈاکٹر اسمٰعیل آزاد فتح پوری کا۔ باقی چار تصنیفیں مصنفین کی منفرد کاوشوں کا نتیجہ ہیں۔ بہر حال انھیں آٹھ کتابوں میں بہت سے شعراء کا نعتیہ کلام اور جن شعری ہیئتوں میں نعت گوئی ہوئی ہے ان کا بھی ذکر جگہ بہ جگہ ہے۔ البتہ میں ایک خاص بات کی طرف اشارہ کرنا بہت ضروری سمجھتی ہوں وہ یہ کہ ڈاکٹر طلحہ رضوی برق

نے دکن کے شعراء کا خاص طور پر احاطہ کیا ہے اور خصوصاً دکنی مثنویوں میں نعتوں کے شامل ہونے کا اشارہ بھی دیا ہے۔ مثلاً اشرف کی مثنوی ''نوسرہار'' خوب محمد چشتی کی ''امواجِ خوبی'' اور ''خوب ترنگ'' ملا وجہی کی ''قطب مشتری'' اور نصرتی کی ''علی نامہ'' وغیرہ کا خاص طور پر تذکرہ کیا ہے۔ اس حیثیت سے ڈاکٹر طلحہ رضوی برق کی تصنیف ہم دکن والوں کے لئے قابلِ توجہ ہے۔ جہاں ڈاکٹر طلحہ رضوی برق نے دکنی شعراء کی طرف اشارہ کیا ہے وہیں حضرتِ موصوف نے شمالی ہند کے قابلِ ذکر نعت گو شعراء کے ساتھ بھی پورا انصاف کیا ہے۔ مثلاً سودا، مصحفی، حسرت موہانی، جوش ملیح آبادی، اختر شیرانی، عبدالحمید عدم، عندلیب شادانی، نازش پرتاب گڑھی، شکیل بدایونی، عمیق حنفی، بھگوان داس اعجاز، جگن ناتھ آزاد وغیرہم۔ ڈاکٹر طلحہ رضوی برق کے بعد یا ان کے برابر ڈاکٹر فرمان فتح پوری کی کاوشوں کو بھی سراہا جاسکتا ہے۔ ان کے رشحاتِ قلم میں اردو نعت گوئی کے معیار اور موضوعاتی اعتبار سے اس کی اہمیت کو خوب منوایا ہے۔ موصوف نے اس تصنیف میں اپنی معلومات کے خزانے پیش کردیئے ہیں۔ اگرچہ کے پروفیسر شفقت رضوی صاحب ڈاکٹر فرمان فتح پوری کے بعض ''فرمانوں'' سے متفق نہیں ہیں تو یہ بات موصوف کا اپنا رویہ ہے۔ ہمیں محض اردو کی نعت گوئی کی اہمیت اور افادیت ہی سے سروکار ہے۔ اس لئے اس کتاب کے مطالعہ کی سعات حاصل کی تھی۔ اس کی تنقید اور تجزیئے کے اعادے کی ناچیز کو کوئی ضرورت پیش نہیں آتی ہے۔

نعتیہ شاعری سے متعلق شائع ہونے والی دیگر کتابوں کی بھی ناچیز کو تلاش وجستجو تھی مگر ایسی کوئی کتاب نظر سے نہیں گزری البتہ رسائل میں کافی مربوط مضامین اس موضوع پر پڑھنے کو ملے ہیں اگر ان تمام مضامین کو بھی کوئی ناشر یا مرتب ایک جا کردے تو بہترین تالیف نعتیہ شاعری کے چاہنے والوں کو بطورِ تحفہ مل جائیگی۔ قدیم دکنی نعتیہ شاعری یا دکن کے شعراء کی شاعری کو بھی یک جا کردینا بہت ضروری ہے یا کم از کم اس موضوع کی شاعری کے نمونے ہی قارئین کی نظر سے گزر جائیں تو دل و دماغ کو ایک روحانی فرحت یقیناً نصیب ہوگی۔ آپ کے پیش نظر حضرت علیم صبا نویدی کی نئی تالیف ''ٹمل ناڈو میں نعت گوئی'' ہے شاید یہ ٹمل ناڈو کی پہلی کتاب ہے جو نعتیہ شاعری کا بھرپور احاطہ کرتی ہے۔ موصوف کی یہ کاوش اس سلسلے کا صرف ایک ابتدائی قدم ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ اس تالیف کے بعد موصوف ٹمل ناڈو کے شعراء پر مضامین کی صورت میں مزید معلومات مستقبل قریب میں فراہم کر کے اسے ایک تاریخی دستاویز کا درجہ عطا کرینگے پیش نظر تالیف جو آپ کے ہاتھوں میں ہے اس سے آپ کو اندازہ ہو جائے گا کہ حضرتِ موصوف ٹمل ناڈو کے ہر صحیح فنکار کی دل سے قدر کرتے ہیں اور کبھی کسی سے اپنے سراہے جانے کی امید نہیں رکھتے۔ شاید یہی سبب ہے کہ حضرتِ موصوف کی اس سادگی سے بہت سوں کو بڑی چھوٹ مل جاتی ہے اور کچھ نہ کرتے ہوئے بھی بہت کچھ کر جانے کے نعرے لگاتے ہیں اور ٹمل ناڈو سے دور رہنے والوں کو ایک حسین فریب مسلسل میں مبتلا کرنے میں طاق ہیں۔ پیشِ نظر کتاب ''ٹمل ناڈو میں نعت گوئی'' سے متعلق قارئین کی رائے ہی میرے لئے پذیرائی کا باعث ہوگی۔ یہی وجہ ہے کہ میں نے اس کتاب کے کسی حصہ پر اپنی رائے کا اظہار نہیں کیا ہے اور سب کچھ آپ پر چھوڑ دیا ہے۔

جاویدہ حبیب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# نعتیہ شاعری
# کا
# تاریخی پس منظر

لفظِ نعت" کے لغوی معنی تعریف کے ہیں۔ مگر اصطلاح شاعری میں حضور اکرم سرور کائنات صلے اللہ علیہ وسلم کی مدح سرائی یا آپؐ کے اوصافِ حمیدہ کو بصد خلوص و عقیدت نذرانہ پیش کرنے کا نام "نعت" ہے مشہور محقق اور نقاد مولانا نیاز فتح پوری کے خیال میں "حضور اکرمؐ کی ایسی ثنا خوانی ہے۔ جو آپؐ کی ذاتی خصوصیات پر مشتمل ہو۔

" اگر شاعر اپنی کسی تکلیف یا زبوں حالی کا ذکر حضور اکرمؐ کی بارگاہ میں برائے توجہ و التفات کر رہا ہو تو وہ نعت "نہیں ہو سکتی۔" بعض اساتذہ نے اس کی بڑی سختی کے ساتھ پابندی کی، مگر ہم عہدِ نبویؐ کے نعت گو شعراء مثلاً حضرت حسانؓ بن ثابت اور حضرت کعبؓ ابنِ زہیر، حضرت علیؓ اور حضرت فاطمہؓ کی نعتوں کا مطالعہ کریں تو پتہ چلے گا کہ ان نعتوں میں شاعر کی حالتِ زار کا ذکر بھی ہے اور حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے استعانت کی درخواست بھی۔ قصیدۂ بانت سعاد (کعبؓ ابنِ زہیر) ہی کو لیجیے (اس معرکۃ الآرا قصیدے میں، جو حضور اکرمؐ کی حیاتِ طیبہ پر کہا گیا ہے۔ جس کو سننے کے بعد حضور اکرمؐ نے اپنی چادرِ مبارک شاعر کو عطا کی تھی)، جس میں شاعر نے جہاں اپنی زبوں حالی، حرماں نصیبی، چاک دامنی اور مفلوک حالی کا نقشہ کھینچا ہے وہیں حضور اکرمؐ کی ارفع و اعلیٰ صفات اور خصوصیات کے روشن نقوش بھی پیش کئے ہیں۔ علاوہ ازیں اُسی روایت کا تسلسل "قصیدۂ بردہ" (از شیخ محمد بن سعید البوصیری رحمۃ اللہ علیہ۔ المتوفی ۶۹۴ سنہ ھ) میں بھی نظر آتا ہے۔ اس قصیدہ میں شاعر نے حضور اکرمؐ کی مدح خوانی کرنے سے پیشتر اپنی حالت زار اور خستہ زندگی کا اظہار حضور اکرم کی بارگاہِ رسالت مآب میں کیا ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ نعت شریف میں خصوصیاتِ سرورِ کونینؐ کے ساتھ شاعر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بطورِ استعانت اپنی بے کسی اور پریشانی حالی کا اظہار

کرے تو غلط نہ ہوگا۔ بہر حال یہ تسلیم شدہ اور حقیقت پر مبنی بات ہے کہ سب سے پہلا نعت گو اللہ تعالےٰ ہی ہے جس نے اپنے کلام پاک میں حضور اکرمؐ کی تعریف و توصیف بیان کی ہے۔ یہ اور بات ہے کہ کلام اللہ کو شاعری ہرگز نہیں کہا جا سکتا مگر یہ شاعری سے کہیں بڑھ کر ہی، اونچا اور اعلیٰ فصاحت و بلاغت سے مزین اور مملو کلام ربانی ہے۔ ہمارے بعض جدید اور قدیم نقادوں (مثلاً مولانا الطاف حسین حالیؔ اور ڈاکٹر علیم اللہ حالیؔ) کے نزدیک شاعری میں بحر شرطِ داخلی نہیں ہے بلکہ اس کی حیثیت خارجی اور فروعی ہے۔ ہر کلام میں کچھ نہ کچھ وزن ضرور رہتا ہے۔ جس کی وجہ سے کلام موثر و متداول ہوتا ہے۔ راقم الحروف کی رائے میں نثری نظم کے جواز کا سبب بھی یہی ہے، مگر قرآن پاک کی زبان پر نثری شاعری کا اطلاق کبھی نہیں ہوتا۔ اس لیے کہ خالقِ کائنات نے اس کی تردید کر دی ہے۔

عربی میں سب سے پہلے نعت حضرت ابو طالب (المتوفی ۳ سنہ قبل از ہجرت 620ء) نے کہی تھی۔

"وابیض یستقی الغمام بوجھہ

ثمال الیتٰمی عصمۃ للارا     مل"

(آپؐ کا پُر نور چہرہ کہ جس کے وسیلے سے بادلوں سے پانی طلب کیا جاتا ہے اور آپ یتیموں کے لیے سہارا اور بیواؤں کے لیے نگہبان ہیں۔)

حضرت ابو طالب بن عبد المطلب ہی کی ایک نظم (جو کہ نعت ہی کے زمرے میں رکھی جاسکتی ہے) کا پہلا شعر ملاحظہ کیجیے: ؎

وَاللہِ لَنْ یَصِلُوا اِلَیْکَ بِجَمْعِھِمْ     حَتّٰی اُوَسَّدَ فِی التُّرَابِ دَفِیْنَا

(خدا کی قسم وہ اپنی جمعیت کے ساتھ تجھ تک ہرگز پہنچ نہیں سکتے + جب تک مجھے دفن کر کے مٹی میں ٹیک لگا کر لٹا نہ دیا جائے)

اسی طرح حضرت حمزہؓ بن عبد المطلب بن ہاشم (الشہید ۳ھ/۶۲۵ء) حضرت عبداللہ بن رواحہ رضؓ (الشہید ۸ھ/۶۲۹ء) حضرت عباسؓ بن عبد المطلب (المتوفی ۳۲ھ/۶۵۲ء) حضرت ابوبکر صدیقؓ (المتوفی ۱۳ھ/۶۳۴ء) حضرت عمر فاروقؓ (الشہید ۲۳ھ/۶۴۴ء) حضرت عثمان غنیؓ (الشہید ۳۵ھ/۶۵۰ء) حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ (الشہید ۴۰/۶۶۱ء) حضرت فاطمۃ الزہراؓ (المتوفیہ ۱۱ھ/۶۳۳ء) حضرت کعب بن زہیر (المتوفی ۴۲ھ/۶۶۲ء) ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ (المتوفی ۵۷ھ/۶۷۷ء) امام زین العابدینؓ علی السجاد بن حسینؓ (المتوفی ۹۴ھ/۷۱۲ء) حضرت حسانؓ بن ثابت (المتوفی ۶۸ھ/۶۸۷ء) امام اعظم ابو حنیفہ کوفی نعمان بن ثابتؓ (المتوفی ۱۵۰ھ/۷۶۷ء) علامہ محمد بن سعید البوصیریؒ وغیرہم کے علاوہ مولانا شاہ ولی اللہ محدثؒ دہلوی (المتوفی ۱۱۷۶ھ/۱۷۶۲ء) نے اپنی نعت گوئی سے نہ صرف اپنی روحانی تسکین کا سامان کیا ہے بلکہ آنے والے ہر دور کو اپنی نعتوں کی نورانی گونج سے عاشقانِ رسول صلے اللہ علیہ وسلم کے عشق میں اضافہ کیا ہے۔ نعت گوئی

اس طرح حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی زندگی ہی میں شروع ہو چکی تھی اور حضور اکرمؐ نے اپنی ثنا خوانی کو گوارا کیا یہاں تک کہ آپؐ نے حضرت حسّان بن ثابتؓ کو منبر پر بٹھا کر اُن سے اپنی مدح خوانی سنی تھی۔

ان شعراء کے علاوہ خاندانِ انصار کی لڑکیوں نے حضورؐ کے ہجرت کر کے مدینے میں تشریف لانے کے موقع پر جو استقبالیہ اشعار پڑھے تھے وہ تاریخِ اسلام میں بڑے فخر سے پیش کئے گئے ہیں۔ یہ اشعار یوں شروع ہوتے ہیں: ؎

طَلَعَ الْبَدْرُ عَلَیْنَا | وَاخْتَفَتْ مِنْہُ الْبُدُوْرُ
ہمارے سروں پر مہتاب طلوع ہوا | اس مہتاب سے سب مہتاب چھپ گئے
وَجَبَ الشُّکْرُ عَلَیْنَا | مَا دَعَا لِلّٰہِ دَاعِ!
ہم پر شکر واجب ہو گیا | جو ر ہجر ، دعا کرنے والا دعا کرتا ہے

اب مذکورہ بالا صحابہ کرامؓ اور تابعین و تبع تابعین رضوان اللہ تعالےٰ اجمعین کی نعتوں سے نموتاً چند اشعار ذیل میں پیش کئے جاتے ہیں: ؎

- حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ بن عبدالمطلب بن ہاشم : ؎

حَمِدْتُ اللّٰہَ حِیْنَ ھُدیٰ فُؤَادِیْ | اِلَی الْاِسْلَامِ وَالدِّیْنِ الْحَنِیْفِ
میں نے خدا کا شکر ادا کیا جب اس نے میرے دل کو | اسلام اور بلند مرتبہ دین کی توفیق بخشی
رَسَائِلُ جَاءَ اَحْمَدُ مِنْ ھُدَاھَا | بِاٰیَاتٍ مُّبَیِّنَۃِ الْحُرُوْفِ
وہ ہدایات جن کی ہدایتوں کو احمدؐ لے کر آئے | واضح الفاظ و حروف والی آیتوں میں،
وَاَحْمَدُ مُصْطَفیٰ فِیْنَا مُطَاعًا | فَلَا تَغْشُوْہُ بِالْقَوْلِ الْعَنِیْفِ

اور احمدؐ ہم میں برگزیدہ ہیں جن کی اطاعت کی جاتی ہے۔ لہٰذا تم اُن کے سامنے ناملائم لفظ بھی منہ سے نہ نکالنا

- حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہٗ : ؎

رُوْحِی الْفِدَاءُ لِمَنْ اَخْلَاقُہٗ شَھِدَتْ | بِاَنَّہٗ خَیْرُ مَوْلُوْدٍ مِنَ الْبَشَرِ
میری جان اُن پر فدا جن کے اخلاق شاہد ہیں | کہ وہ بنی نوعِ انسان میں افضل ترین ہیں۔
عَمَّتْ فَضَائِلُہٗ کُلَّ الْعِبَادِ کَمَا | عَمَّ الْبَرِیَّۃَ ضَوْءُ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ
ان کے فضائل بلا امتیاز سب بندوں کے لیے عام ہیں | جس طرح سورج اور چاند ساری مخلوق کے لیے عام ہے
لَوْلَمْ یَکُنْ فِیْہِ اٰیَاتٌ مُّبَیِّنَۃٌ | کَانَتْ بَدِیْھَتُہٗ تَکْفِیْ عَنِ الْخَبَرِ

اگر ان کی صداقت پر مہر تصدیق ثبت کرنے والی نشانیاں نہ ہوتیں تو خود اُن کی واضح شخصیت اُن کی صداقت کے لیے کافی تھی۔

- حضرت عباس بن عبدالمطلب ؎

وَاَنْتَ لَمَّا وُلِدْتَ اَشْرَقَتِ الْاَ رْضُ وَضَاءَتْ بِنُوْرِكَ الْاُفُقُ

اور آپؐ جب پیدا ہوئے تو چمک اٹھی زمین اور روشن ہو گئے آفاق سماوی آپؐ کے نور سے

فَنَحْنُ فِي ذَالِكَ الضِّيَاءِ فِي النُّوْ رِ وَسُبُلَ الرَّشَادِ نَخْتَرِقُ

تو اب ہم لوگ اسی روشنی اور اسی نور میں ہیں اور ہدایت و استقامت کی راہیں نکال رہے ہیں

- حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہٗ : ؎

يَا عَيْنُ فَابْكِي وَلَا تَسْأَمِي وَحَقَّ الْبُكَاءُ عَلَى السَّيِّدِ

اے آنکھ تو خوب رو اور نہ تھک قسم ہے سرورِ عالم پر رونے کے حق کی !

عَلَى خَيْرِ خِنْدِفٍ عِنْدَ الْبَلَا ءِ اَمْسٰى يُغَيَّبُ فِي الْمَلْحَدِ

خندف کے بہترین فرزند پر (آنسو بہا) جو مصیبت میں شام کو قبر میں چھپا دیا گیا

فَصَلَّى الْمَلِيْكُ وَلِيُّ الْعِبَا دِ وَرَبُّ الْعِبَادِ عَلَى اَحْمَدِ

مالک الملک بادشاہِ عالم، بندوں کے والی اور پروردگار نے احمد مجتبیٰ پر درود بھیجا

- حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ : ؎

وَاَسْلَبَهُ مِنْ اَهْلِ مَكَّةَ بَعْدَ مَا تَدَاعَوْا اِلَى اَمْرٍ مِنَ الْغَيِّ فَاسِدِ

اور اللہ نے اہلِ مکہ کو محروم کر دیا حضورؐ سے، اُن لوگوں نے گمراہی کے خیالِ فاسد (یعنی قتل) پر کمر باندھی

غَدَاةَ اَجَالَ الْخَيْلَ فِي عَرَصَاتِهَا مُسَوَّمَةً بَيْنَ الزُّبَيْرِ وَخَالِدِ

اور پھر اس صبح جب آپؐ نے میدانوں میں گھوڑے دوڑائے، نشان زدہ زبیر و خالد کے درمیان

فَاَمْسٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ قَدْ عَزَّ نَصْرُهُ وَاَمْسٰى عِدَاهُ مِنْ قَتِيْلٍ وَشَارِدِ

پس رسول اللہ کو اللہ کی نصرت نے غلبہ بخشا، اور اُن کے دشمن مقتول ہوے اور بھگوڑے بن گئے۔

- حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہٗ : ؎

فَيَا عَيْنِيْ اَبْكِيْ وَلَا تَسْأَمِي وَحُقَّ الْبُكَاءُ عَلَى السَّيِّدِ

تو اے میری آنکھ آنسو بہا اور نہ تھک اُس سردار پر آنسو بہانا تو لازم آ چکا

- حضرت علی مرتضےٰ رضی اللہ عنہٗ

وَكُنَّا بِمَرْآهُ نَرَى النُّوْرَ وَالْهُدٰى صَبَاحًا مَسَاءً رَاحَ فِيْنَا اَدِاغْتَدٰى

ہم جب اُن کو دیکھتے تو سراپا نور و ہدایت کو دیکھتے، صبح بھی اور شام بھی، جب وہ ہم میں چلتے پھرتے یا صبح کو گھر سے نکلتے۔

لَقَدْ غَشِیَتْنَا ظُلْمَۃٌ بَعْدَ مَوْتِہٖ نَھَاراً فَقَدْ زَادَتْ عَلٰی ظُلْمَۃِ الدُّجیٰ

اُن کی موت کے بعد ہم پر ایسی تاریکی چھا گئی جس میں دن کالی رات سے زیادہ تاریک ہو گیا۔

- حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا : ؎

مَاذَا عَلٰی مَنْ شَمَّ تُرْبَۃَ اَحْمَدَ اَلَّا یَشُمَّ مُدَی الزَّمَانِ غَوَالِیَا

جس نے ایک مرتبہ بھی احمد مجتبیٰ کی قبر سونگھ لی مضائقہ نہیں ہے اگر وہ ساری عمر کوئی اور خوشبو نہ سونگھے

صُبَّتْ عَلَیَّ مَصَائِبٌ لَوْ اَنَّھَا صُبَّتْ عَلَی الْاَیَّامِ صِرْنَ لَیَالِیَا

(حضورؐ کی جدائی میں) وہ مصیبتیں مجھ پر ٹوٹی ہیں کہ اگر یہ مصیبتیں دنوں پر ٹوٹیں تو دن راتوں میں تبدیل ہو جاتے۔

یَا خَاتَمَ الرُّسُلِ الْمُبَارَکِ ضِوْءَۃً صَلّٰی عَلَیْکَ مُنَزِّلُ الْقُرْاٰنِ

اے رسولوں کی آخری بابرکت شاخ آپ پر تو قرآن نازل کرنے والے نے بھی درود بھیجا ہے۔

- حضرت کعب بن زہیر رضی اللہ عنہٗ : ؎

فَقَدْ اَتَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ مُعْتَذِرًا وَالْعَفْوُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ مَقْبُوْلٗ

میں اللہ کے رسولؐ کی خدمت میں عذر خواہ ہو کر پہنچا، اور معافی و درگزر تو اللہ کے نزدیک پسندیدہ ہے

اِنَّ الرَّسُوْلَ لَسَیْفٌ یُّسْتَضَاءُ بِہٖ مُھَنَّدٌ مِّنْ سُیُوْفِ اللّٰہِ مَسْلُوْلٗ

بے شک رسول اللہ وہ سیف ہیں جس سے روشنی حاصل کی جاتی ہے، وہ اللہ کی تلواروں میں سے ایک کھینچی ہوئی تلوار ہیں۔

- اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا : ؎

فَمَنْ کَانَ اَوْمَنْ قَدْ یَکُوْنُ کَاَحْمَدَ نِظَامٌ لِحَقٍّ اَوْ نَکَالٌ لِمُلْحِدٖ

احمد مجتبیٰ کے جیسا کون تھا اور کون ہوگا حق کا نظام قائم کرنے والا اور ملحدوں کو سراپا عبرت بنا دینے والا

- امام زین العابدین علی السجاد بن الحسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم : ؎

مَنْ وَجْھُہٗ شَمْسُ الضُّحیٰ مَنْ خَدُّہٗ بَدْرُ الدُّجیٰ

مَنْ ذَاتُہٗ نُوْرُ الْھُدٰی مَنْ کَفُّہٗ بَحْرُ الْھِمَمْ

وہ جن کا چہرۂ انور مہر نیم روز ہے اور جن کے رخسار تاباں ماہِ کامل

جن کی ذات نورِ ہدایت ہے، جن کی ہتھیلی سخاوت میں دریا

یَا رَحْمَۃً لِّلْعَالَمِیْنَ اَدْرِکْ لِزَیْنِ الْعَابِدِیْنَ

مَحْبُوْسُ اَیْدِی الظَّالِمِیْنَ فِی الْمَوْکِبِ وَالْمُزْدَحَمْ

اے رحمتِ عالم زین العابدین کو سنبھالیے

وہ ظالموں کے ہاتھوں میں گرفتار حیرانی و پریشانی میں ہے

- حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ :

وَشَقَّ لَهُ مِنِ اسْمِهِ لِيُجِلَّهُ ۔۔۔ فَذُو الْعَرْشِ مَحْمُودٌ وَهٰذَا مُحَمَّدُ

اللہ نے آں کا نام آں کے اعزاز کے لیے اپنے نام سے مشتق کیا ہے۔ صاحبِ عرش محمود ہیں اور یہ محمد ہیں

نَبِيٌّ اَتَانَا بَعْدَ يَاْسٍ وَفَتْرَةٍ ۔۔۔ مِنَ الرُّسُلِ وَالْاَوْثَانُ فِي الْاَرْضِ تُعْبَدُ

یہ ایسے نبی ہیں جو ہمارے پاس ایک خوف، ور طویل وقفہ کے بعد آئے ہیں، اور حال یہ تھا کہ زمین میں بت پُوجے جا رہے تھے۔

- امام اعظم ابو حنیفہ کوفی نعمان بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ :

اَنْتَ الَّذِي لَوْلَاكَ مَا خُلِقَ امْرُءٌ ۔۔۔ كَلَّا وَلَا خُلِقَ الْوَرٰى لَوْلَاكَ

آپ وہ ہیں کہ جب حضرت آدمؑ نے آپؐ کا توسل اختیار کیا۔ اپنی لغزش پر تو کامیاب ہوئے حالاں کہ آپ آپؐ کے جدِ امجد ہیں۔

اَنْتَ الَّذِي لَمَّا تَوَسَّلَ اٰدَمُ ۔۔۔ مِنْ زَلَّةٍ بِكَ فَازَ وَهُوَ اَبَاكَ

آپؐ اگر نہ ہوتے تو پھر کوئی شخص ہرگز پیدا نہ کیا جاتا، اور اگر آپؐ مقصود نہ ہوتے تو یہ مخلوقات پیدا نہ ہوتیں۔

صَلّٰى عَلَيْكَ اللّٰهُ يَا عَلَمَ الْهُدٰى ۔۔۔ مَا حَنَّ مُشْتَاقٌ اِلٰى مَثْوَاكَ

اے ہدایت کے علم سربلند! مشتاقانِ زیارت کے شوقِ بے حد کے مطابق قیامت تک اللہ کا درود و سلام آپؐ پر نازل ہوتا رہے۔

- علامہ محمد بن سعید البوصیری علیہ الرحمہ[ع] :

اَلصُّبْحُ بَدَا مِنْ طَلْعَتِهٖ ۔۔۔ وَاللَّيْلُ دَجَا مِنْ وَفْرَتِهٖ

صبح حضور سرورِ کونینؐ کے چہرۂ نورین سے نمودار ہوئی اور رات نے ان کے گیسوؤں کی سیاہی سے اکتسابِ رنگ کیا۔

فَاقَ الرُّسُلَا فَضْلًا وَعُلًا ۔۔۔ اَهْدَى السُّبُلَا لِدَلَالَتِهٖ

آپؐ فضیلت اور بلندی میں تمام رسولوں سے بڑھ گئے، اور آپؐ نے اپنی قیادت میں راستے دکھائے

نَالَ الشَّرَفَا وَاللّٰهُ عَفَا ۔۔۔ عَمَّا سَلَفَا مِنْ اُمَّتِهٖ

آپؐ کو وہ عز و شرف حاصل ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے، آپؐ کی اُمت سے سرزد ہونے والے گناہوں کو یکسر معاف کر دیا۔

---

ع۔ بعض لوگ اس نعت کو حضرت حسان بن ثابتؓ سے منسوب کرتے ہیں مگر حقیقت میں یہ نعت علامہ محمد بن سعید البوصیری (مصنفِ قصیدۂ بردہ) کی ہے۔

ثُمَّ مُحَمَّدُنَا هُوَ سَيِّدُنَا — فَالْعِزُّ لَنَا لِاِجَابَتِهٖ

7 ہمارے محمدؐ ہمارے آقا و مولا ہیں — اُن کے حکم پر لبیک کہنا ہمارے لیے باعث عزت ہے۔

● مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ : ؎

فَلَسْتُ اَرٰى اِلَّا الْحَبِيْبَ مُحَمَّدًا — رَسُوْلُ اِلٰهِ الْخَلْقِ جَمُّ الْمَنَاقِبِ

میں بجز محمدؐ کے کسی اور کو محبوب نہیں پاتا — وہ خداوندِ مخلوقات کے رسول ہیں تمام مناقب کے جامع

وَمُعْتَصِمُ الْمَكْرُوْبِ فِيْ كُلِّ غَمْرَةٍ — وَمُنْتَجَعُ الْغُفْرَانِ مِنْ كُلِّ تَائِبِ

ہر مصیبت میں مصیبت زدوں کا سہارا ہیں ، — اور ہر توبہ کرنے والے کی مغفرت چاہنے والے۔

مَلَاذُ عِبَادِ اللّٰهِ مَلْجَا خَوْفِهِمْ — اِذَا جَاءَ يَوْمٌ فِيْهِ شِيْبُ الذَّوَائِبِ

خدا کے بندوں کے ماویٰ ہیں اور خوف و ہراس میں اُن کے ملجا، اس دن جب ہر جوانی پر بڑھاپا آجائے گا۔

پورے خطۂ زمین پر ازل سے لے کر ابد تک کسی ہستی بابرکات کی شان میں مدحت بیان کی گئی ہے اور بیان کی جانے والی ہے تو وہ صرف حضور پُرنور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس ہے۔ اور راقم کا یہ یقین ہے کہ مسلمان شعرا خطۂ ارض پر جہاں کہیں بھی بستے ہیں وہ ضرور اپنی اپنی زبان میں مدحتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم بیان کرنے میں کسی طرح کی کوتاہی نہیں کرتے ہوں گے۔ خالق کائنات نے خود آپ کی مدحت کی ذمہ داری لی ہے۔ وہ کہتا ہے کہ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ (اور ہم نے آپ کے ذکر کو بلند کیا۔) مذکورہ بالا سطروں میں راقم نے عربی شعراء میں سے چند اہم ترین بابرکات شخصیتوں کی نعت گوئی کی مثالیں بیان کی ہیں۔ چوں کہ اردو کا تعلق عربی اور فارسی زبانوں سے بہت گہرا ہے اس لیے راقم کا خیال ہے کہ چند فارسی شعراء کی نعت گوئی کے رنگ و آہنگ کا بھی اجمالی جائزہ لیا جائے

عربی کے بعد ہمیں فارسی زبان میں بھی نعت گوئی کا ایک کثیر ذخیرہ ملتا ہے۔ فارسی شعراء کے روبرو عربی کی وہی نعتیں بطورِ مثال موجود تھیں، جن کا تذکرہ ہم نے اوپر کیا ہے۔ نعت گوئی کا یہ سلسلہ قیامت تک جاری رہے گا۔ اس لیے کہ نعت گو شعراء اس صنف کو اس لیے اہم سمجھتے ہیں کہ اسے خود حضور اکرم صلعم نے پسند فرمایا تھا۔ حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمہ نے اپنی شہرۂ آفاق رباعی کے تین مصرعے مکمل کر لیے تھے۔ مگر چوتھا مصرعہ آپ کی کوشش کے باوجود ہو نہیں پا رہا تھا اور آپ بہت پریشان ہو گئے تھے۔ خواب میں آپ نے حضور اکرمؐ کو بہ نفسِ نفیس دیکھا اور اپنی شکایت بیان کی۔ حضورؐ نے حضرت سعدیؒ سے فرمایا کہ وہ تین مصرعے دہرائیں۔ حضرت سعدیؒ نے یہ مصرعے حضورؐ کے گوش گزار کیے : ؎

بلغ العلیٰ بکمالہٖ — کشف الدجیٰ بجمالہٖ
حسنت جمیع خصالہٖ — صلوا علیہ وآلہٖ

توحضورؐ نے حضرت سعدیؒ سے فرمایا: ع

اس سے پتہ چلتا ہے کہ ملکِ شیراز میں نعت گوئی کا سلسلہ جاری رہا ہے۔ اور فارسی شعراء نے بڑے اہتمام سے نعتیں، کہی ہیں۔ ان میں سے چند اہم ترین شعراء کا انتخاب کلام ذیل میں پیش کیا جاتا ہے۔

- فردوسی ابوالقاسم حسن بن شرف شاہ طوسی (المتوفی ۴۱۱ھ/۱۰۲۰ء)

بگفتار پیغمبرت راہ جوی — دل از تیرگیہا بدیں آب شوی
ترا دین و دانش رہاند درست — رہ رستگاری بباید بجست
چہ گفت آں خداوندِ تنزیلِ وحی — خداوندِ امر و خداوندِ نہی
کہ خورشید بعد از رسولانِ مہ — نتابید برکس ز بوبکرؓ بہ
عمرؓ کرد اسلام را آشکار — بیاراست گیتی چو باغ و بہار
پس از ہر دو آں بود عثمانؓ گزیں — خداوندِ شرم و خداوندِ دیں!
چہارم علیؓ بود جفتِ بتول — کہ اورا بخوبی ستاید رسولؐ

- سیّد محی الدین عبدالقادر جیلانیؒ (الغوث الاعظم) المتوفی ۵۶۱ھ/۱۱۶۶ء

غلام حلقہ بگوشِ رسولؐ ساداتم — زہے نجات نمودن حبیب و آیاتم
کفایت است ز روحِ رسولؐ و اولادش — ہمیشہ وردِ زباں جملۂ مہمّاتم
زغیرِ آلِ نبیؐ حاجتے اگر طلبم — روا مدار یکے از ہزار حاجاتم
دلم ز عشقِ محمدؐ پُر است و آلِ مجید — گواہ حال من است ایں ہمہ حکایاتم

- خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ المتوفی ۶۳۶ھ/۱۲۳۴ء

اے از شعاعِ روئے تو خورشید تاباں را ضیا — آنی کہ ہستی را شرف بالاتر از عرشِ علا
گرچہ بصورت آمدیؐ بعد از ہمہ پیغمبراں — اما بمعنی بودۂ سرخیلِ جملہ انبیاء
ہرگز نخواندی یک ورق خلقے گرفت از تو سبق — انگشت مہ را کرد شق اے خواجۂ معجز نما
یارانِ تو چار آمدند پاکیزہ کردار آمدند — گل ہائے بے خار آمدند از خویش فانی باخدا

- خواجہ معین الدین حسن چشتی سنجری، اجمیریؒ المتوفی ۶۳۳ھ/۱۲۳۶ء

درجاں چو کرد منزل، جانانِ ما محمدؐ    صد در کشادہ در دل، از جانِ ما محمدؐ
ما بلبلیم نالاں در گلستانِ احمدؐ    ما لولوئیم و مرجاں، عمّانِ ما محمدؐ
مستغرق گناہیم ہر چند عذر خواہیم    پژمردہ چوں گیاہیم، بارانِ ما محمدؐ
ما طالبِ خدائیم، بر دینِ مصطفائیم    بر درگہش گدائیم، سلطانِ ما محمدؐ

- حضرت شمس الدین تبریزیؒ المتوفی ۶۵۳ھ/۱۲۵۵ء

اے طائرانِ قدس را عشقت فزودہ بالہا    در حلقۂ سودائے تو روحانیاں را حالہا
اے سروراں را تو سند بشماردہ راز اں عدد    رانی سراں را ہم بودانده تبع و تبالہا
از رحمۃ للعالمین اقبال درویشاں ببیں    چوں مہ منور خرقہا چوں گل معطر شالہا

- رومی، مولانا جلال الدین المتوفی ۶۷۲ھ/۱۲۷۳ء

سید و سرور محمدؐ نورِ جاں    مہتر و بہتر شفیعِ مذنباں
با محمدؐ نورِ عشقِ پاک جفت    بہرِ عشقِ پاک را لولاک گفت
گر نہ بودے بہرِ عشقِ پاک را    کے وجودے دادمے افلاک را
منتہی در عشق او چوں بود فرد    پس مر او را ز انبیا تخصیص کرد
پس کرمہائے الٰہی بیں کہ ما    آمدیم آخر زماں در انتہا
مگسل از پیغمبرِ ایامِ خویش    تکیہ کم کن بر فن و بر کامِ خویش

- بوعلی قلندر پانی پتیؒ شیخ شریف الدین المتوفی ۷۲۴ھ/۱۳۲۴ء

اے ثنایت رحمۃ للعالمین    یک گدائے فیض تو روح الامین
اے کہ نامت را خدائے ذوالجلال    زد رقم بر جبہۂ عرش بریں
آستانِ عالی تو بے مثل    آسمانے ہست بالائے زمیں
آفریں بر عالمِ حسنِ تو باد    مبتلائے تست عالم آفریں
غیرِ صلوٰۃ و سلام و نعتِ تو    بوعلی را نیست ذکرِ دلنشیں

- خواجہ نظام الدّین اولیاء بدایونی ثم الدہلویؒ المتوفی ۷۲۵ھ/۱۳۲۵ء

صبا بسوئے مدینہ روکن از یں دعاگو سلام برخواں
بگردِ شاہ مدینہ گرد و بصد تضرّع پیام برخواں

بنہ بچندیں ادب طرازی، سرِ ارادت بخاک آں کو
صلوٰۃ وافر بروحِ پاکِ جناب خیرالانامؐ برخواں

بہ بابِ رحمت گہے گزرکن، بہ بابِ جبریل گہہ جبیں سا
صلوٰۃ مِنّی علی النّبی گہے بہ بابُ السلام برخواں

بہ لحنِ داؤد ہمنوا شو، بہ نالۂ درد آشنا شو
بہ بزمِ پیغمبر ایں غزل را، زِ عبدِ عاجز نظام برخواں

- حضرت امیر خسروؒ ابن ابی الحسن لاچین المتوفی ۷۲۵ھ/۱۳۱۵ء

زہے روشن زرویت چشمِ بینش ! وجود کیمیائے آفرینش
مبارک نامہ قرآں تو داری کہ مرغِ نامہ شد روح الامینش
چہ بیند مردم ار از خاکِ پایت نباشد سرمۂ عین الیقینش
کہ دارد جز تو دستِ آنکہ باشد کلیدِ نُہ فلک در آستینش
رُسل را ذاتِ تست آں خاتم چست کہ قرآں آمدہ نقش نگینش!
لبش چوں انگبیں ریزد درافتد ملائک چوں مگس در انگبینش
دقائق بیختہ خسرو زنعتت پس از آبِ خضر کردہ عجینش!

- حافظ شیرازی شمس الدّین محمد المتوفی ۷۹۱ھ/۱۳۸۹ء

یَا صَاحِبَ الْجَمَالِ وَ یَا سَیِّدَ الْبَشَرْ
مِنْ وَّجْهِكَ الْمُنِیْرِ لَقَدْ نُوِّرَ الْقَمَرْ
لَا یُمْکِنُ الثَّنَاءُ کَمَا کَانَ حَقُّهٗ
بعد از خدا بزرگ توئی قصّہ مختصر

• جامی مولانا نورالدین عبدالرحمن ۸۹۸ھ/۱۴۹۲ء

یا شفیع المذنبین بار گناہ آوردہ ام
بر درت این بار با پشت دوتاہ آوردہ ام

چشم رحمت برکشا موے سفید من نگر
گرچہ از شرمندگی روے سیاہ آوردہ ام

آں نمی گویم کہ بودم سالہا در راہِ تو
ہستم آں گمرہ کہ اکنوں رو براہ آوردہ ام

دولتم ایں بس کہ بعد از محنت و رنج دراز
بر حریم آستانت می نہم روے نیاز

• عرفی مولانا جمال الدین المتوفی ۹۹۹ھ/۱۵۹۱ء

اے جودِ تو دست و دلِ سخا را
اے عزم تو بال و پرِ صبا را

گر نقشِ جمال تو نہ گیرد
از سینہ بروں کنم صفا را

گنجے بکف آورم کہ شاید
سرمایۂ نعتِ مصطفیٰؐ را

دُرجِ گہر آورم کہ شاید
آویزۂ گوشِ انبیا را

دستے سخن آورم کہ شاید
مجموعۂ لطف روسیا را

• قدسی حاجی جان محمد المتوفی ۱۰۵۶ھ/۱۶۴۶ء

مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل و جاں باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

من بیدل بجمالِ تو عجب حیرانم
اللہ اللہ! چہ جمالست بدیں بوالعجبی

نسبتے نیست بذاتِ تو بنی آدم را
برتر از عالم و آدم توچہ عالی نسبی

شب معراج عروج تو ز افلاک گزشت
بمقامے کہ رسیدی نرسد ہیچ نبی

چشم رحمت بکشا سوئے من انداز نظر
اے قریشی لقب و ہاشمی و مُطّلبی!

سیدی انت حبیبی وطبیبِ قلبی
آمدہ سوے تو قدسی پئے درماں طلبی

مذکورہ بالا فارسی کے شعراء پر نگاہ ڈالنے کے بعد یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان کے سنتوں اور رشیوں میں بھی احترامِ رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کس لیے پایا جاتا ہے۔ یہاں کے ان سنتوں اور رشیوں کا اولیائے کرام کے ساتھ گہرا تعلق تھا بھگتی اور تصوف کی تاریخ سے کتابیں بھری پڑی ہیں۔ اس کے تذکرے کی یہاں ضرورت نہیں۔ گرونانک جی اور کبیر داس نے سکھ اور ہندو دھرم والوں کے لیے وہی کام کیا ہے جو صوفیوں اور اولیائے کرام نے نہ صرف مسلمانوں کے لیے بلکہ پوری انسانیت کے لیے کیا تھا۔ چلو اب دیکھیں کہ گرونانک جی اور کبیر داس کے پاس حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے چاہ کس درجہ اور معیار کی ہے۔

گرونانک جی | آنجہانی ۹۴۵ھ/۱۵۳۸ء

اٹھے پہر بھونداپھرے کھاون سنڑے سول
دوزخ پوندا کیوں رہے جاں چت نہ ہوے رسولؐ
م محمد من توں، من کتاباں چار
من خدائے رسولؐ نوں سچّا ای در بار

(وہ شخص آٹھوں پہر بھٹکتا پھرے اور اس کے سینے میں درد اٹھتا ہے۔ وہ دوزخ میں کیوں نہ پڑے جب اس کے دل میں رسولؐ کی چاہ نہ ہو۔)

(تو حضرت محمدؐ کو مان اور چاروں کتابوں کو بھی مان تو خدا اور رسولؐ (دونوں) کو مان۔ کیوں کہ خدا کا دربار سچّا ہے۔)

(جنم ساکھی)

کبیرداس بنارسی | آنجہانی ۹۲۴ھ/۱۵۱۸ء

کبیرداس نے ایک عجیب و غریب قطعہ کہا تھا۔ جس میں ایک ایسا قاعدہ بیان کیا ہے جس کی رو سے دُنیا کے تمام الفاظ اور جملوں سے "محمدؐ" کا عدد ۹۲ برآمد ہوگا۔ یہ اس تأثر کا غماز ہے کہ دُنیا جہاں کی کوئی چیز نام محمدؐ سے خالی نہیں۔ قطعہ یہ ہے:[۵]

عدد نکالو ہر چیز سے چوگن کرلو وائے
دو ملا کے پچگن کرلو بیس کا بھاگ لگائے
باقی بچے کو نوگن کرلو دو اس میں دو اور ملائے
کہت کبیر سنو بھئی سادھو نام محمدؐ آئے

اردو شاعری میں نعت نگاری سب سے پہلے دکنی زبان ہی میں شروع ہوئی تھی۔ اور غزل کے رنگ میں نعت شریف کہنے والا پہلا شاعر محمد قلی قطب شاہ معانی ہے۔ مگر قلی قطب شاہ سے پہلے نظامی بیدری (جو اردو کا سب سے پہلا مثنوی نگار، مصنفِ کدم راؤ پدم راؤ۔) نے بھی نعتیہ اشعار کہے ہیں۔ اسی طرح عہدِ قطب شاہی، عادل شاہی، عہدِ مغلیہ اور عہدِ والاجاہی کے تمام تر شعراء نے اپنی مثنویوں کی ابتدا میں لازمی طور پر حضور اکرمؐ کی بارگاہ مبارک میں نذرانۂ عقیدت پیش کیا ہے۔ بہر حال شمالی ہند سے بہت پہلے دبستانِ دکن میں نعتِ رسولؐ کا چلن عام ہو چکا تھا۔ چناں چہ ان ادوار میں جو بھی مثنویاں لکھی گئیں ان میں "حمد" کے بعد "نعتِ شریف" کا مستقل باب ضروری طور پر باندھا گیا تھا۔ اس دور کے شعراء میں نصرتی، وجہی، غواصی طبعی، فائز وغیرہ کے ہاں نعتیہ قصائد، قطعات اور ابیات بکثرت ملتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ دکنی شعراء کا یہ چلن فارسی شعراء کے نقشِ قدم پر ہی ہے۔

جناب وقار خلیل نے "ذوق نظر" حیدر آباد کے جون ۱۹۸۵ء کے شمارے میں اپنے ایک مضمون "اردو میں نعتیہ شاعری" میں یوں رقمطراز ہیں:

"دکھنی محققوں نے حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو دراز کی نعت کو اردو کی پہلی نعت کے نام سے یاد کیا ہے۔" ؂

اے محمدؐ، جھلو جم جم جلوہ تیرا — ذات تجلی ہووے گی سین سپورن سہرا
واحد آپ ہی آپ تھا اپیں آپ نجھایا — پرگٹ جلوہ کارنے الف میم ہو آیا
فاضل افضل جتے مرسل ساجد سجود آئے — امّت رحمت بخشش ہدایت تشریف پائے

اور ایک جگہ لکھتے ہیں:

"ہماری زبان میں سب سے پہلے میلاد ناموں کا آغاز دکھنی یعنے اردوئے قدیم سے ہوا جو جنوبی ہند، حیدر آباد، گول کنڈہ، بیجاپور اور گلبرگہ میں لکھے گئے میلاد ناموں پر برصغیر ہند و پاک جامعات میں ڈاکٹریٹ کے لیے ریسرچ کی گئی ہے۔"

اردو نعت گوئی کے تعلق سے جناب ظہیر غازی پوری کے ایک مضمون "نعتیہ شعر و ادب۔ ایک اجمالی جائزہ" مطبوعہ دوماہی "گلبن" (نعت نمبر) احمد آباد: جنوری تا اپریل ۱۹۹۹ء سے ہماری معلومات میں اضافہ ہوا ہے۔ اور ہمارے خیالات کی توثیق بھی ہوئی۔

وہ فارسی زبان و شعر سے سفر کرتے ہوئے نعت ہندوستان میں پہنچی اور اس زمانہ میں یہاں بھی فارسی زبان رائج تھی۔ لہذا امیر خسرو، حضرت نظام الدین اولیاء، بیدل، غالب اور اس کے بعد علامہ اقبال تک فارسی زبان میں نعت گوئی کا رواج رہا۔ جن شعراء کو عربی اور فارسی زبان پر عبور حاصل ہے۔ ان میں کچھ شعراء اب بھی فارسی اور عربی زبان میں نعت اور مدح رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم لکھتے رہتے ہیں۔ اردو زبان میں باقاعدہ نعت گوئی کا آغاز قطب شاہی عہد میں ہوا۔ اس زمانے میں عام طور پر نعت، مثنوی، قصیدہ اور نظم کی بعض دوسری ہئیتوں میں کہی جاتی تھی۔ قطب شاہی عہد کے مقبول اور ممتاز شعراء میں محمد قطب شاہ، عبداللہ محمد قلی قطب شاہ، سید بلاقی، مولانا نصرتی اور مولوی غلام امام شہید وغیرہ شامل تھے۔

ہمارے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالی نے سب سے بڑا اعزاز یہ بخشا کہ انھیں شب معراج براق بھیج کر اپنے پاس بلوایا اور دوبدو اُن سے گفتگو فرمائی۔ یہ رتبہ اور ایسی فضیلت کسی رسول یا نبی کو حاصل نہیں ہوئی۔ اس حیرت انگیز واقعہ نے سارے عالم انسانیت کو عموماً اہل ایمان کو خصوصاً اس درجہ متاثر کیا تھا کہ اردو نعت گوئی کے دورِ اول میں معراج کے موضوع پر نہ صرف بے شمار اشعار کہے گئے بلکہ اس موضوع پر متعدد شعری کتب بھی تصنیف کی گئیں۔ سید بلاقی نامی ایک شاعر نے "معراج نامہ" کے زیرِ عنوان ایک مثنوی لکھی ہے جس میں تقریباً ڈیڑھ ہزار اشعار شامل تھے۔ اسی زمانہ میں ایک شاعر نے جس کا تخلص مختار تھا "معراج نامہ" ہی کے نام سے ایک اور طویل مثنوی لکھی جو تئیس ۲۳ ہزار اشعار پر مشتمل تھی۔ مولانا نصرتی نے بھی ایک سو اکتیس اشعار پر مشتمل ایک مثنوی "معراج نامہ" ہی کے نام سے تخلیق کی۔ حضرت قربی ویلوری کا "معراج نامہ" غالباً سب سے قدیم ہے۔ اس میں کم وبیش تقریباً ڈیڑھ ہزار اشعار شامل ہیں۔ حضرت ذوقی ویلوری نے ساڑھے سات ہزار فارسی اشعار پر مشتمل ایک مثنوی قلم بند کی، جو سرور کائنات صلے اللہ علیہ وسلم کا زندگی نامہ ہے۔ اس کا اردو ترجمہ ۱۸۳۱ء میں حاجی ملا محمود مہاجر حسرت نے کیا تھا۔ حضرت باقر آگاہ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات، حالات اور معجزات پر "ہشت بہشت" لکھی جس کے جملہ اشعار کی تعداد نو ہزار ہے۔ اس عہد میں ایک بڑا کارنامہ شاہ عبدالحی احقر بنگلوری نے انجام دیا تھا۔ انھوں نے سیرت طیبہ کو پہلی بار مبسوط طور پر اردو زبان میں نظم کیا۔ اس نظم میں تقریباً بیس ہزار اشعار شامل ہیں۔ اس کتاب کا نام "جنان السیر" ہے اور اسے اردو میں مولانا روم کی مثنوی کا بدل کہا جاتا ہے۔ ایسی مبسوط اور جامع منظوم کتاب نہ تو پہلے لکھی گئی تھی اور نہ مستقبل ہی لکھی جانے کی امید ہے۔"

اسی "گلبن" کے "نعت نمبر" میں جناب ظفر ہاشمی جمشید پوری نے نعتیہ شاعری کے آغاز سے متعلق اظہار خیال کیا ہے۔

"اردو اور دکنی زبان وادب کی طرح اردو کی نعتیہ شاعری کا آغاز بھی دکنی عہد سے ہوتا ہے۔ چناں چہ اسی زمانہ سے لے کر عہدِ جدید تک ہر دَور اور ہر دبستان میں نعت و منقبت کہنے والے شعراء کرام کی ایک لمبی قطار ملتی ہے جس کو صفحۂ قرطاس پر لانا ممکن نہیں۔ انھیں قطب شاہ، وَلی دکنی اور سراج اورنگ آبادی نامور شعراء کرام ہیں۔ کلاسیکی نعتیہ شاعری تمام اصناف میں رائج تھی۔ چاہے وہ مثنوی ہو یا قصیدہ، مرثیہ ہو یا رباعی، یہاں تک کہ دوہروں میں بھی نعت ومنقبت کی مثالیں کثرت سے ملتی ہیں کیوں کہ اس زمانہ میں عام مزاج اور ماحول ہی یہی تھا۔"

حضرت ناوک حمزہ پوری نے بھی دکن کی نعتیہ شاعری کی ماہیت پر یوں روشنی ڈالی ہے۔

"نسبتاً زیادہ معتبر تحقیق یہ ہے کہ اردو کا انکھوا دکن میں پھوٹا اور وہاں کے بیشتر شعراء جس میں خصوصی طور پر محمد قلی قطب شاہ، وجہی، نصرتی، نشاطی، معظم، فتاحی، غواصی اور مختار وغیرہ ہیں نے اردو کی پرورش و پرداخت میں بھرپور حصہ لیا۔ دَورِ قدیم میں دکن میں بھی اکثر و بیشتر اصنافِ سخن میں شعراء نے جوہرِ طبع کا مظاہرہ کیا۔ لیکن نسبتاً مثنوی نویسی پر زیادہ توجہ دی اور اس دَور کو مثنویوں کا دَور بھی کہا جا سکتا ہے۔ رزمیہ بزمیہ، عشقیہ، اخلاقی، مذہبی، تاریخی، شخصی موضوعات و واقعات پر مثنویاں لکھی گئیں۔ خوشی نامہ، وصیت الہادی قطب مشتری، سیف الملوک، پھول بن، علی نامہ، دہ مجلس، اور بوستانِ خیال وغیرہ قابلِ ذکر مثنویاں ہیں اور نعتیہ اشعار کے نمونے مہیا کرتی ہیں۔"

## عادل شاہی اور قطب شاہی دَور کے شاعر

- نصرتی بیجاپوری

زہے نام ور سید المرسلینؐ | جو آخر کوں وہ شافع المذنبیں

(گلشنِ عشق ۱۰۶۸ھ)

- سید محمد فراقی ویلوری

مدینہ میں اگر پیدا ہوا ہوتا تو کیا ہوتا | محمد کی گلی بھیتر فنا ہوتا تو کیا ہوتا
نظر ہے علم منطق ہور معانی میں فراقی کو | اگر علمِ حدیثِ مصطفٰےؐ ہوتا تو کیا ہوتا

- عبداللہ قطب شاہ

روشن ہوئے آسماناں، جھمکائے رتن کھاناں
حظ لیوائے مسلماناں، دن دینِ محمد کا
صدقے نبی عبداللہ شہ کوں ہے مدد اللہ
بینج تن گوا باللہ، دن دینِ محمد کا

## میراں ہاشمی

نبیاں میں جیسے سب میں افضل کیا
تو ہے اے محمدؐ، رسول انبیاء

اول کر محمدؐ کوں پرور دگار!
بزاں سب خدائی کیا آشکار

اول نورِ ذاتی کو پیدا کیا
بزاں سب پو عالم ہویدا کیا

نبیاں کا تو دادا ہے آدم صفی
کہ روحاں کا دادا ہے خاتم نبی

(معراج نامہ)

- غواصی

سچا توں محمدؐ سچا مصطفےٰ
سچا توں ہے احمدؐ سچا مرتضیٰ

(مثنوی سیف الملوک و بدیع الجمال: ۱۰۳۵ھ)

- طبعی

محمدؐ نبیؐ تو خدا کا رسول
یو پیغمبراں باغ ہے توں سو پھول

خدانے کیا تجھ کو اپنا حبیبؐ
یو منصب نہیں پھر کسی کو نصیب

(مثنوی بہرام و گل اندام: ۱۰۸۱ھ)

## وجہی

محمدؐ نبی ناؤں تیرا ہے
عرش کے اُپر پاؤں تیرا ہے

کہ چودہ ملک کا تو سلطان ہے
علی سا ترے گھر میں پردھان ہے

اسّی ہور اک لاکھ پیغمبر آئے
ولے مرتبہ کوئی تیرا نہ پائے

صفت کر توں معراج کی رات کا
کہ جاگیا رہے بخت تج بات کا

انتہا اس زمیں کو عجب کوچ نور
کہ لاکھاں تھے چانداں کروڑاں تھے سور

سورج

(قطب مشتری: ۱۰۱۸ھ)

- مرزا

اے شاہِ عالی مقام شاہ سلام علیک
ہر دو جہاں کے امام شاہ سلام علیک

مومن کے من تمام شاہ سلام علیک
صدق سوں ہر دم مدام شاہ سلام علیک

**فائز** (قطب شاہی دور کا آخری شاعر)

ہمارے نبیؐ کا ہے پایا رفیع　　　مقدّم شفیعاں پو سب پو شفیع
شکر اس خدا کوں جب خلقت کیا　　　ہمیں کوں محمدؐ کی اُمّت کیا

(مثنوی قصۂ رضوان شاہ و روح افزا، سنہ ۱۰۹۴ھ)

سقوطِ بیجاپور و گول کنڈہ کے ساتھ جب علم و ادب کا شیرازہ بکھر گیا تو اس منتشر کاروانِ ادب کے لیے آرکاٹ ہی (جو نوابانِ آرکاٹ کا مرکز تھا) ماوئی و ملجا بنا۔ چناں چہ نوابانِ آرکاٹ کی سرپرستی، علمی قدردانی اور ادب پروری دیکھ کر نہ صرف شعرا و ادبا آرکاٹ اور ویلور کی طرف کھنچے چلے آئے بلکہ اس دور کے جید علماء اور صوفیا نے دربارِ آرکاٹ کو اپنے قدوم میمنت لزوم سے زینت بخشی۔

اس عہد کے صوفی مشرب علما اور جید شعرا میں شاہ سلطان ثانیؔ، ولیؔ ویلوری، قربیؔ ویلوری شاہ تراب ترناملی، شاہ عالم شغلی، فراقیؔ ویلوری، مذنبؔ آرکاٹی، غوثیؔ آرکاٹی، حکیم شاہ عثمان سرورؔ، مولانا باقر آگاہ ویلوری، غوثیؔ چنگل پیٹی، غلام محی الدین معجزؔ آرکاٹی، لطیفؔ آرکاٹی، مستقیم جنگ نامیؔ، شریفؔ مدراسی اشیمہ آرکاٹی، عاجزہ ترچناپلوی، نادرؔ آرکاٹی، مبشر النساء بیگم حیاؔ، مرغوبؔ ترچناپلی، عبد الغفار مسکین وغیرہم کے نام قابلِ ذکر ہیں۔ مندرجۂ بالا شعرا میں بعض شعراء نے نعتِ شریف کے بے شمار اشعار شستہ و شائستہ انداز میں کہے ہیں۔

نعتیہ شاعری میں راقم الحروف "سلام" کو بھی صنفِ نعت کا ایک جزو تصوّر کرتا ہے۔ اس لیے کہ حضور پُرنور اکرم صلے اللہ علیہ وسلّم کے نام کے ساتھ درود و سلام کو ربِّ کائنات نے ضروری قرار دیا ہے۔ "سلام" ایک صنف ہے جس کے ہر شعر میں حضور اکرمؐ پر محض درود و سلام کا ایک اٹوٹ سلسلہ جاری رہتا ہے۔ جیسا کہ "حمد" کے وصف میں یہ بات آتی ہے۔ "سلام" میں عقیدوں سے زیادہ احترامِ رسولؐ کا بھرپور خیال رکھا جاتا ہے۔ بغیر سلام کے نعتیہ شاعری ادھوری سمجھی جائے گی اور ہونا بھی یہی چاہیے۔ کہ نعتیہ مجموعے پیش کرنے والے شعراء مجموعہ کا آغاز نعتِ شریف سے اور اختتام "سلام" پر ہی کریں۔ کیوں کہ حضور پُرنور صلے اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس کے تعلق سے شاعری حکمِ الٰہی سے مبرّا نہ ہو۔

# جنوبی ہند میں عربی شاعری کی ابتدا

## جنوبی ہند میں عربوں کی آمد

شمالی ہندوستان میں عربوں کی آمد خصوصاً سندھ کے علاقوں پر عرب کے حملہ ۷۱۲ء میں محمد بن قاسم (بنو امیہ کا ایک جنرل) سے شروع ہوتی ہے۔ مگر اس سے پہلے ہی سرندیپ اور ٹمل ناڈو میں عربوں کی آمد شروع ہوگئی تھی۔ عربوں نے سمندری راستوں سے سرندیپ اور ٹمل ناڈو کے ساحلوں پر اپنے قدم تجارت کی غرض سے رکھے تھے اور ٹمل ناڈو کے بعض علاقوں میں بسنا بھی شروع کر دیے تھے۔ جو عرب ٹمل ناڈو میں بس گئے تھے ان کو سنہالی زبان میں ترکالیا (جہازراں) کہا جاتا ہے اور ٹمل ناڈو کے عرب باشندوں کو بھی مرکا کہا جانے لگا تھا۔ جو آج بھی ایک خاندان کے طور پر موجود ہے۔ ٹمل زبان میں بھی مرکالم کے معنی کشتی کے ہیں۔ محمد بن قاسم کی آمد سے قبل ہی ٹمل ناڈو میں اسلام کی ترویج واشاعت کا آغاز ہو چکا تھا۔ ٹمل ناڈو میں دو صحابیٔ رسولؐ کی آمد ہی غالباً ابتدائی عربوں کی آمد ہے۔ حضرت عکاشہؓ صحابیٔ رسولؐ جو جنگِ بدر میں بھی شریک رہ چکے ہیں، کب یہاں آئے، اس کی تاریخ ابھی پردۂ اخفا میں ہے۔ آپؓ کا روضۂ مبارک محمود بندر (پورٹونووو) میں زیارت گاہِ خاص وعام ہے۔ اسی طرح مدراس کے قریب ساحلِ کولم پر حضرت تمیم انصاریؓ کا روضۂ شریف ہے جہاں ہندوستان بھر سے زائرین اُمڈ آتے ہیں اور روحانی سکون حاصل کرتے ہیں۔ سرندیپ میں حضرت آدم علیہ السلام کے نقشِ پا کو دیکھنے کی غرض سے بھی بہت سے عربوں کی آمد اس جزیرے میں ہوئی اور بہت سوں نے یہاں سکونت بھی اختیار کر لی۔ یہاں آدم پہاڑی چوٹی Adam's Peak موجود ہے۔ جو زیارت گاہِ ہر خاص وعام ہے۔ حضرت عمرؓ کے دورِ خلافت میں ہی عربوں کی آمد کا سلسلہ سرندیپ اور ٹمل ناڈو میں ہو چکا تھا۔ اور یمن سے چار جہازوں پر عرب ساحلِ کورومنڈل آئے تھے۔ جن میں سے ایک جہاز سرندیپ کی طرف چلا گیا تھا۔ سرندیپ میں عربی النسل مسلمانوں کو موناگار یا مُور کہا جاتا ہے۔ ممکن ہے ٹمل ناڈو کی راہ سے ہی یہ عربی النسل لوگ سرندیپ میں بسنے لگے ہیں۔ یہاں کیٹچی واٹے نامی علاقہ میں ایک قدیم مسجد ہے۔ جس میں تعمیری پتھر پر یہ کندہ ہے کہ یہ مسجد ۳۰۳ھ مطابق 915ء میں تعمیر ہوئی ہے۔ محمد بن قاسم سے بہت پہلے ہی عرب یہاں آئے تھے اور تشہیرِ اسلام کے بعد پوری طرح مسلم آبادیاں قائم ہونا شروع ہوگئی تھیں اور مسجدیں تعمیر ہونے لگی تھیں۔

---

۱؎ ڈاکٹر تنیکا شعیب عالم کی تصنیف "Arabic, Arwi and Persion in Sarandib and Tamil Nadu" سے استفادہ کرتے ہوئے۔

لا محالہ بچوں کی تعلیم کے لیے عربی مدرسوں کی بھی ضرورت محسوس ہوئی ہوگی اور عربی تعلیم وتدریس کا کام شروع ہوچکا ہوگا۔

۲۳۲ھ م 846ء میں مسلمان مہاجرین کی ایک جماعت مصر سے محمد خلجی نامی سالار کی نگرانی میں ٹمل ناڈو کے کایل پٹنم پر آکر اتری۔ یہاں ایک تلیگو راجہ جیا ویرا راجا گرو بووی چکرورتی اس وقت کا چولا راجہ تھا۔ جو مدورائی کے پایہ تخت پر براجمان تھا۔ اس نے اس مہاجر جماعت کا خیر مقدم کیا اور رہائش کی نہ صرف اجازت دی۔ بلکہ ایک کانسی کی تختی پر کندہ کراکے ایک دستاویز بھی ان کو دی کہ وہ اس علاقہ کو اُن کی تحویل کیا جاتا ہے۔ یہ کانسی کی تختی ٹمل زبان میں کندہ کرائی گئی ہے۔ جس میں ان عربوں کے نام بھی کندہ ہیں اور ان کی تاریخ آمد بھی درج ہے۔ مثلاً

"سہاپتم 798 کیلا کا سال، ماہ منیام سوکراورم (جمعہ) اوتّراو اللئی"۔ اس کے مطابق اُن کی آمد ۱۴ اپریل 875ء جمعہ کا دن (مطابق ۲۶۲ھ) ہے۔ کایل پٹنم میں عربوں کی آبادی اطراف واکناف کے علاقوں پر بھی اسلام کی ترویج کا باعث بنی۔ خلجی خاندان ہندوستان گیر شہرت کا مالک ہوا اور ایک طویل مدت تک حکومت کرتا رہا۔ عربوں کا اہم مقصد تجارت رہا ہے مگر ان میں اشاعت اسلام کی آرزو بھی جوش لے رہی تھی۔ ساتھ ساتھ اپنے اخلاق اور مراسم کے ذریعہ غیر مسلمانوں پر اپنے اثرات مرتب کئے اور اُن کو اپنا گرویدہ کرلیا۔ تقریباً 417ء میں ترچنا پلی میں حضرت نطہر ولیؒ کے باعث ان عربوں کی تحریک کو اور تقویت پہنچی۔ بڑی تیزی سے لوگ اسلام قبول کرنے لگے تھے۔

سلطان سید ابراہیم شہیدؒ ایک بزرگ نے ۵۷۸ھ م 1182ء میں پوتیرا مانگا پٹنم کو اپنا پایہ تخت بناکر اپنی حکومت بھی قائم کرلی تھی۔ مگر ۵۹۵ھ م 1198ء وہ شہید کردیئے گئے[1]۔ ان کی درگاہ ایرواڈی میں زیارت گاہ بنی ہوئی ہے۔ یہ بزرگ عرب سے آئے تھے اور مدینہ منورہ کے قریب ایک مقام یار باد کے رہنے والے تھے۔ اس لیے ان کی زیارت گاہ کو یار بادی کہا جانے لگا تھا۔ جو بعد میں چل کر ایرواڈی ہوگیا۔ سلطان ابراہیم شہید "عرب تمل" میں بھی درک رکھتے تھے۔ مثنوی "دین وِلیکم" (مذہب کی تشریح) میں اسی سلطان سید ابراہیمؒ کو ہیرو قرار دیا گیا ہے۔ اور مثنوی کے موضوع میں انہی کو مرکزی کردار قرار دیا گیا ہے۔ اس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ ٹمل ناڈو میں سیاسی اور سماجی حیثیت سے مسلمانوں کی اہمیت مستحکم ہوچکی تھی۔ ساتویں صدی ہجری میں سلطان تقی الدین ابنِ عبد الرحمٰن نے

---

[1] "عرب اروی اینڈ پرشین اِن سرندیپ اینڈ ٹمل ناڈو"، ڈاکٹر تنیکا شعیب عالم: ص ۱۹: مطبوعہ ۱۹۹۳ء

کیلاکرائی میں اپنے قدم جمائے تھے۔ یہ ایران کے علاقہ کش سے ہندوستان آئے تھے۔ ان کی آمد بھی بغرضِ تجارت ہی تھی۔ مگر بعد میں انھوں نے یہاں استقامت سے کام لیا۔ ان کے بڑے بھائی سلطان جمال الدین، کش کے فرماں روا تھے۔ کہا جاتا ہے کہ تجارت کی غرض سے کش سے سالانہ ایک ہزار گھوڑے تجارت کے لیے کیلاکرائی لائے جاتے تھے تاکہ پانڈیا حکومت میں انھیں اچھے داموں فروخت کرسکیں۔ سلطان تقی الدین نے ۷۰۳ھ م 1303ء میں کیلاکرائی میں رہائش اختیار کی۔ ۷۱۵ھ م 1315ء تک وہ مارا ورمن کلا سیکرا پانڈین اوّل کے وزیرِ اعظم کی حیثیت سے بھی رہے۔ انھوں نے پانڈیا راجہ ہی کے خاندان کی ایک لڑکی سے بیاہ بھی کیا۔ راجہ کے انتقال ۶۹۲ھ م ۱۲۹۲ء کے بعد کیلاکرائی اور اس کی مضافات، دیوی پٹنم پر سلطان تقی الدین کا رسوخ اور گہرا ہو گیا۔ تقی الدین کے بعد ان کا بیٹا سلطان سراج الدین ان کا جانشین ہوا۔ ایک پٹھان جنرل خسرو خان نے ۷۱۹ھ م ۱۳۱۹ء کو دیوی پٹنم پر حملہ کرکے اُسے شہید کردیا۔ شیخ عبدالقادر الموسوم بہ سیدا کھادی تمل شاعروں کے بڑے مداح رہے ہیں۔ شیخ عبدالقادر بھی سلطان تقی الدین ہی خاندان سے تھے۔

(برسبیلِ تذکرہ تیکا شعیب عالم صاحب نے ٹیپو سلطان شہیدؒ کو بھی "اردو مسلم" کہنے میں بھی باک نہیں کیا ہے[1]۔ اور انھوں نے پروفیسر رفیع الدین نقوی بیجاپوری کے قول پر کہ ٹیپو سلطان بھی اردو مسلم ہیں اور وہ اردو اور فارسی سے بالکل نابلد تھے یقین کرلیا ہے۔ جب کہ "سلطنتِ خداداد" مطبوعہ 1984ء صفحہ 194 میں محمود خان محمود بنگلوری نے یہ اطلاع دی ہے کہ ٹیپو سلطان کی پیدائش دیون ہلّی میں ہوئی، جو بنگلور سے شمال مشرق میں تقریباً بائیس میل پر قریہ ہے۔ یہاں قلعہ سے باہر جس مکان میں سلطان کی پیدائش ہوئی وہاں پر ایک چبوترہ اور چار دیواری باندھ کر ایک کتبہ نصب کیا گیا ہے۔ جس میں سلطان کی تاریخ پیدائش کندہ ہے

جب ٹیپو سلطان کی پیدائش کرناٹک میں ہوئی تو ان کی مادری زبان کس طرح تمل ہوسکتی ہے اس طرح کی قیاس آرائیوں پر تحقیق کی بنیاد رکھی نہیں جاسکتی۔

"سلطنتِ خداداد" میں مصنف نے اور بھی وثوق کے ساتھ کہہ دیا ہے کہ ٹیپو کی بنیادی تعلیم اردو اور فارسی پر ہوئی ہے۔ محمود خان بنگلوری سے پہلے غلام محمد (ابن ٹیپو سلطانؒ) مطبوعہ 1848ء صفحہ 865 سے ہمیں یہ معلومات فراہم ہوتی ہیں، جن کی حمایت ڈاکٹر معین الدین عقیل نے اپنی تالیف "فتح نامہ ٹیپو سلطان" مطبوعہ 1995ء پاکستان صفحہ 18 میں یوں کی ہے: "ٹیپو سلطان نے بچپن ہی میں عربی، فارسی اور انگریزی و فرانسیسی زبانیں سیکھ لیں، کنڑی مقامی زبان تھی اور وہ اردو بھی جانتا تھا، اور بعد اس نے اردو زبان و ادب کی سرپرستی بھی کی"۔ پروفیسر

---

[1] (عربی اروی اینڈ ہیرٹیج ان سرندیپ اینڈ تمل ناڈو: تیکا شعیب عالم: ص: 21: مطبوعہ: سنہ 1993ء)

رفیع الدین نقوی کی بات کا ردّ ہے۔ موصوف کو جھوٹ بول کر ڈاکٹریٹ حاصل کرنی تھی تو بیچارہ ٹیپو شہیدؒ کی تاریخ کو شہید اور نسخ کرنے کی کوشش کیوں کی۔ کیا کریں اسی پروفیسر کی طرح کے کئی پروفیسران آج بھی ایسے ہی جھوٹ کی تجارت میں ماہر ہیں۔

"ریاست میسور میں اردو کی نشو و نما" (مطبوعہ ۱۹۶۲ء از ڈاکٹر حبیب النساء بیگم) میں ٹیپو سلطان شہید کی قابلیت اور علمی سرگرمیوں پر روشنی ڈالتے ہوئے محترمہ حبیب النساء رقم طراز ہیں۔" نواب بہادر کے فرزندِ گرامی ٹیپو سلطان نہایت جفاکش اور اعلیٰ دل و دماغ کے مالک تھے۔ ہر معاملہ میں رائے زنی کر سکتے تھے اور صائب الرائے تھے۔ طب، تجارت، مذہبی احکام اور دیگر امور پر کافی دستگاہ تھی۔ کنڑی اور دکنی دونوں اچھی طرح جانتے اور بولتے تھے لیکن زیادہ تر فارسی زبان میں گفتگو کرتے تھے۔"

میر حسن کرمانی کی " نشانِ حیدری " کے صفحہ 280 پر درج ہے کہ " اکثر فارسی زبان میں بات چیت کرتے۔" "کارنامۂ حیدری" کے صفحہ 798 پر سلطان ٹیپو کا فارسی میں ایک فرمان پیش کیا گیا ہے جو بذاتِ خود ٹیپو کا تحریر کردہ ہے۔ "ریاست میسور میں اردو کی نشو و نما" میں ٹیپو کے خطوط میں سے خط نمبر 35 کا ایک اقتباس یوں ہے۔

" بنام محمد غیاث، سفیر خداداد بہ دربار پونا۔ ۱۶ ر احمدی، دیکم مئی) ۱۷۸۵ء۔ آپ کا خط ملا۔ اس کا جواب ہندوی میں لکھا ہوا ہے تاکہ آپ کو تفصیلات سے آگاہی ہو سکے۔ انہوں نے (مرہٹوں) باوجود موثق عہد ناموں کے جو دغابازی کی ہے خوب معلوم ہے۔ ایسی صورت میں کس بنا اور کس اعتماد پر اُن کو بڑی رقم (پیش کش) بھیجی جائے۔ اس کا کیا بھروسہ کہ وہ رقم حاصل کر لینے کے بعد پھر بدعہدی نہ کریں گے۔"

خط 95 مندرجۂ ذیل ہے:

" بنام میر معین الدین ۱۹ ر دربائی یکم آگست ۱۷۸۵ء

تمہارا ہندی زبان میں لکھا ہوا خط ملا۔ معلوم ہو کہ بدل نایک تمہارے پاس آنے والا ہے۔ جب نایک مذکور آئے تو تم اُس کو اُس کے جرائم کی فہرست سناؤ۔"

خط ۱۱۰ میں یوں لکھا ہے:

" بنام محمد غیاث و نور محمد خان۔ پونا ۲۸ ر ہاشمی ۸ ر ستمبر ۱۷۸۵ء

اقتضائے وقت کے لحاظ سے ہم جو لکھنا چاہتے تھے وہ ہندوی زبان میں آپ کو لکھ دیا ہے اب آپ کو ایک معتبر منشی سے اس خط کو پڑھوا کر مفہوم سمجھ لینا چاہیے۔"

عموماً ٹیپو کی تحریریں فارسی میں ہوتی تھیں اسی لیے کرک پیٹرک مولف " منتخب مکاتیبِ سلطانی"

"Selected Royal Letters" میں حیرت ظاہر کی ہے کیوں سلطان نے ہندی زبان میں خط لکھے ہیں۔ پھر وہ خود تبصرہ کرتے ہوئے کہتا ہے کہ سلطان کا مطلب تھا کہ وہ اگر حاکمانِ پونا کو مل بھی جائے کوئی بد گمانی اور غلط فہمی نہ ہو۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ٹیپو کی معلوم زبانیں کنڑی، اردو اور فارسی ہیں نہ کہ اروی۔ جیسا کہ مذکورہ بالا پروفیسر نے بتایا ہے۔

ٹیپو کی ساری پرورش کرناٹک میں ہی ہوئی اور جب وہ اپنی اکیس ۲۱ سال کی عمر کو پہنچے تو 1767ء میں نواب حیدر علی نے ٹیپو سلطان کو فوج دے کر مدراس پر حملہ کرنے کے لیے روانہ کیا۔ پہلی بار شاید ٹیپو کے کانوں میں تمل زبان کے الفاظ گونجے ہوں گے۔ اس طرح خوامخواہ ٹیپو کو 'اروی مسلم' قرار دینا مناسب نہیں۔

تیکا شعیب عالم کو بہکانے والوں میں مذکورۂ بالا پروفیسر ہی کی طرح مدراس کے نام نہاد پروفیسران سید صفی اللہ (سابق پروفیسر شعبۂ اردو، مدراس یونیورسٹی) اور ڈاکٹر پی۔ نثار احمد (صدر شعبۂ عربی، فارسی اور اردو مدراس یونیورسٹی) نے اور مشہور 'اروی مسلم' شاعر و ادیب محقق غلط بیان حضرت وے یا عبدالرزاق کاوش بدری نے تیکا شعیب عالم کی دنیا و آخرت خراب کرتے ہوئے انھیں کہیں کا نہ چھوڑا اور ان کی تصنیف میں دکنی نژاد شعراء، ادباء اور علماء کو 'اروی مسلم' بنا کر اس تصنیف کو غیر معتبر اور مشکوک بنا دیا ہے۔ سونے پر سہاگہ یہ کہ یہی تصنیف "انگریزی سے اردو کا جامہ پہن کر کاوش بدری کے رسوخ کے بل بوتے پر اردو ادب پر احسان" کرنے کی نہ صرف جسارت کر رہی ہے، بلکہ تمل ناڈو کی صحیح اردو فضا کو مکدر کرنے کی کوشش میں بھی مبتلا ہے۔ مدراس میں اردو کی تباہی کا بیڑہ اٹھانے والوں میں مذکورۂ بالا پروفیسران اور شاعر کے علاوہ انہی کی پروردہ ایک بڑی فوج برسرِکار ہے۔ غلط بیانی کی جسارت کی بھی ایک حد ہوتی ہے۔ ایک محقق کو غلط شواہد پیش کرنا جتنا بھیانک ہے اس سے بھی زیادہ ایک انجانے محقق کو بہکانا اور غلط مواد فراہم کرنا ہے۔

"Arabi, Arvi and Persian in Sarandeeb and Tamil Nadu" مطبوعہ 1993ء میں صفحہ 554 پر فاضل محقق نے نقل کیا ہے "Dr. Abid Safi has compiled Agah's Prefaces with a critical Foreword" یہ نقل کرانے والے ڈاکٹر عابد صفی نے کیسے جسارت کی کہ باقر آگاہ کے مقدموں کو انھوں نے تنقیدی پیش لفظ کے ساتھ مرتب کیا ہے۔ ڈاکٹر تیکا شعیب عالم صاحب کی اطلاع کے لیے جو وقت گزرنے پر دی جا رہی ہے یہ بتانا راقم کا فرض ہے کہ ان مقدموں کو مرتب کرنے والے نہ ہی عابد صفی ہیں اور نہ ہی کوئی اور! ناچیز نے یہ فریضہ سر انجام دیا تھا اور اپنی تالیف "باقر آگاہ کے ادبی نوادرات نثری دیباچے اور انتخابِ کلام" مطبوعہ 1994ء میں نہ صرف باقر آگاہ کے مقدموں کا جائزہ لیا بلکہ

باقر آگاہ کو اردو ادب کا پہلا نقاد ثابت کیا، جس کا اعتراف محققین و اکابرینِ اردو ادب نے کرتے ہوئے اپنی تحریروں میں اس کی تصدیق بھی کی ہے۔ عابد صفی اور تنقید!! تیکا شعیب عالم صاحب کو بہکانے والوں کو داد دینی چاہیے۔

ٹمل ناڈو کے ان علاقوں میں عربوں کی آمد کی اس مختصر سی تاریخ کی روشنی میں ہمیں اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ ابتدائی دور میں عربوں نے محض اسلام ہی سے یہاں کے باشندوں کو متعارف نہیں کیا۔ بلکہ لسانی اور معاشرتی اثرات بھی مرتب کئے۔ عرب اور ٹمل کے مخلوط ردیلے نے ایک ایسی زبان کی بنیاد ڈالی جو عربی ٹمل آمیز زبان بنی اور جس کا نام بھی "عرب ٹمل" پڑا۔

عرب ٹمل قصیدوں کا نمونہ پیش ہے :

| | |
|---|---|
| مكمر فرنتا دميتري فتار | مكومرواضتار يلي يم چنران |
| مكيما نورمت محمد | صلوة صل على محمد |
| اثني كنبد ورعرشيل چنرور | چيث نونرور شعكي نونرو |
| وشكصبلامر كرت محمد | صلوة صل على محمد |
| كادن كروي كرتض ادوي | فودن اروي سرداذكروي |
| ويروفديت وت محمد | صلوة صل على محمد |
| الا الله وضنوي اسلكرت تضنوي | يلام فكضنوي يركمض تضنوي |
| ولون كرفي فت محمد | صلوة صل على محمد |
| نايتبد توثر نمض وشر | قايمان نيشر كرتض نار |
| دايما چلوين يت محمد | صلوة صل على محمد |
| اعكض بركة ابدا رحمة | تعكض نعمة تنتدم جنة |
| يكض نبي مصطفى محمد | صلوة صل على محمد |
| احمد نبي اسعد نبي | امجد نبي اسيد نبي |
| محمود نبي يا محمد | صلوة صل على محمد |
| ناومض مسكين فبجمر مسكين | كوومض مسكين نمض مسكين |
| يعنو نوتنبي نبيث محمد | صلوة صل على محمد |

مطبوعہ رسول مالیؐ میں صلواۃ وسلام : المولی المعارف شہاب الدین شام نینا لبے مدراسی

عربوں کی آمد نے نہ صرف ٹمل ناڈو میں مذہبی، لسانی اور معاشرتی اثرات مرتب کئے بلکہ تصوّف و عرفان کی چاشنی سے بھی متعارف کرایا۔ تصوّف میں اولاً قادریہ سلسلہ ہی سب سے زیادہ معروف اور مقبول رہا ہے۔ پتہ نہیں کس دور میں تصوّف ہندوستان کی سرزمین پر اپنے قدم استوار کئے مگر جہاں تک معلوم ہے کہ پندرھویں صدی کے وسط میں شاہ نعمت اللہ قادری نے سلسلہ کو عوام سے معروف کیا تھا۔ ٹمل ناڈو میں سب سے زیادہ قادریہ سلسلہ ہی کو مقبولیت حاصل ہوئی۔ اس کے علاوہ دیگر سلاسل بھی ایک حد تک معروف و مقبول ہوئے۔ یہاں سلسلوں کو "طریقت" کا نام دیا جاتا ہے سرندیب اور ٹمل ناڈو دونوں میں عوام کا رجحان عرفانیت کی طرف ایک جیسا رہا ہے۔ مختلف سلسلوں کی فہرست حسبِ ذیل ہے:

۱۔ سلسلۂ قادریہ: بانی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ ۴۷۱۔۵۶۲ھ م 1166-1708ء
ہندوستان میں متعارف کرانے والے حضرت سید غوثؒ گیلانی
مزید ترویج: شیخ عبدالقادر ثانی اور شیخ عبدالحق محدثؒ دہلوی۔

۲۔ سلسلۂ شاذلیہ: بانی حضرت شعیبؒ ابومدین المغربی ۵۹۴۔۶۵۶ھ م 1197/1258ء
ترویج کرنے والے امام ابوالحسنؒ علی الشاذلی ۵۹۳۔۶۵۶ھ م 1258-1196ء

۳۔ سلسلۂ رفاعیہ: بانی حضرت سید احمد کبیرؒ رفاعی ۵۰۰۔۵۷۶ھ م 1182-1106ء

۴۔ سلسلۂ چشتیہ: بانی حضرت ابواسحٰقؒ شامی۔
ترویج حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ ۵۳۰۔۶۲۷ھ م 1229-1135ء

ٹمل ناڈو میں بعض سلاسل زیادہ معروف و مقبول نہیں ہوئے: مثلاً:

۵۔ سلسلۂ نقشبندیہ: بانی حضرت خواجہ بہاؤالدین محمدؒ نقشبندی ۷۱۷۔۷۹۲ھ م 1389-1317ء۔ ترویج حضرت خواجہ باقی باللہ بہ زمانۂ شہنشاہ اکبر

۲۔ حضرت شیخ احمد سرہندی المعروف بہ مجدّد الف ثانی

۶۔ سلسلۂ سہروردیہ: بانی شیخ شہاب الدین سہروردی ۶۳۲۔۶۳۹ھ م 1234-1144ء

۷۔ سلسلۂ مداریہ: بانی حضرت زندہ شاہ مدارؒ ۴۴۲۔ ھ م
۔ 1050ء

۸۔ سلسلۂ شطاریہ بانی حضرت شیخ عبداللہ شطارؒ ۸۱۸ھ م 1415ء

ترویج : ۱۔ حضرت محمد غوث گوالیاریؒ۔ المتوفی ۹۷۰ھ م 1562ء

۲۔ حضرت شیخ وجیہہ الدین علوی گجراتیؒ۔

۹۔ سلسلۂ مولویہ : بانی حضرت مولانا جلال الدین رومیؒ ۶۰۲۔ ۶۷۲ھ م 1207-1273ء

۱۰۔ سلسلۂ فردوسیہ : بانی حضرت بدرالدینؒ سمرقندی

ترویج ۱ حضرت سیف الدینؒ باخرزی۔ ۲۔ حضرت شیخ شرف الدین یحیٰیؒ منیری

۳۔ حضرت شیخ مظفر بلخی

تمل ناڈو میں ربیع الاول کے ابتدائی گیارہ دن مسجدوں، خانقاہوں، مدرسوں اور گھروں میں بڑے اہتمام سے جشنِ میلاد النبی منانے کا ایک الگ ڈھنگ اپنایا جاتا ہے۔ بعد نماز عشاء مولود خوانی کی محفلیں آراستہ ہوتی ہیں۔ چراغاں کیا جاتا ہے، خوشبوؤں اور پھولوں سے محفلِ میلاد کو نگہت بار کیا جاتا ہے اور خصوصی طور پر شیرینی کی تقسیم کا اہتمام ہوتا ہے۔ ان محفلوں میں ادب و احترام دیکھنے کی باتیں ہیں۔ شور ہنگاموں اور بے ہودہ بکواس سے احتراز کیا جاتا ہے۔ خوش الحان قصائد خواں طلب کر کے محفلِ میلاد میں مزید چار چاند لگائے جاتے ہیں۔ قصیدوں کے کتابچے ان محفلوں کے لیے خرید کر سال بھر ان کی حفاظت کی جاتی ہے اور حسبِ ضرورت انھیں نکالا جاتا ہے۔ ان میں عموماً عربی قصائد بہت مقبول ہیں۔ تملناڈو کے اکثر و بیشتر قصائد شیخ سعادت اللہؒ، اُن کے برادران اور شاگردوں کے مرتب کیے ہوئے ہیں یا یوں کہا جائے تو غلط نہ ہوگا کہ ان کی تصنیف بھی انھی سے ہوئی ہے۔ قدیم عربی قصائد مثلاً بانت سعاد، کعب بن زہیرؓ امام بوصیریؒ وغیرہ کے قصائد پر تضمین یہاں کے قصائد کی خصوصیت ہے۔ تشطیر، تخمیس، تسبیع جیسی تین طرح کی تضمینیں یہاں رائج ہیں۔ تضمین کرنے والے شاعر کا نام ہمیشہ پردۂ راز میں رکھا جاتا ہے۔ کیوں کہ اس میں انھیں شہرت یا نام آوری کی خواہش نہیں ہوتی۔ محض ثوابِ دارین حاصل کرنا ہوتا ہے۔ تیکا شعیب عالم صاحب نے اپنی تصنیفِ مذکورہ میں تینوں طرح کی تضمینوں کی مثالیں دی ہیں:

تشطیر میں انھوں نے مشہور عرب شاعر عبدالرحیم البوربجی کے مشہور قصیدہ ایک شعر لیا ہے یہ

لُذْ بِالْاِلٰـهِ وَلَا تَلُذْ بِسِوَاهٗ     مَنْ لَاذَ بِالْمَلِكِ الْجَلِيْلِ كَفَاهٗ

تشطیر میں چار مصرعی بند رکھا جاتا ہے۔ جس میں صرف دوسرا اور تیسرا مصرعہ تضمین نگار کو کہنا ہوتا ہے پہلے بند کا پہلا اور آخری مصرعہ مستعار شعر کے دو مصرعے ہوتے ہیں۔ یہ ایک رباعی صنف ہے۔

کیلا کرائی کے نیکا صاحب ۱۲۶۷ھ - ۱۹۲ااھ م 1850-1777ء نے تضمین یوں کی ہے: ؎

لُذْ بِالْاِلٰہِ وَلَا تَلُذْ بِسِوَاہُ ۔ اِنْ کُنْتَ عَارِفَ الْوُجُوْدِ کَمَا ھُوَ

لَا لَا تَخَفْ لَا دُوْنَہٗ تَرْجَۃٗ ۔ مَنْ لَاذَ بِالْمَلِكِ الْجَلِيْلِ كَفَاہُ

تخمیس میں پانچ مصرعی بند اور تسبیع میں سات مصرعی بند ہوتے ہیں۔ بند کے آخری دو مصرعے مستعار ہوتے ہیں اور باقی مصرعے نئے قصیدہ نگار کو کہنا ہوتا ہے اور تضمین کرنی ہوتی ہے۔ بانت سعاد کے قصیدہ کی تضمین "تخمیس" ملاحظہ کیجیے جو شیخ صداقت اللہؒ کی کوشش ہے: ؎

حَانَ السَّعَادَۃُ وَالْاِقْبَالُ مَقْبُوْلٗ ۔ قَلْبِیْ عَلٰی حُبِّ مَنْ يَهْوَاہُ مَجْبُوْلٗ

بَيْنَ هَوَاہُ بَجَلَ السَّعَادَۃُ الْفَوْزُ مَحْبُوْلٗ ۔ "بَانَتْ سُعَادُ فَقَلْبِی الْيَوْمَ مَتْبُوْلٗ"

"مُتَيَّمٌ اِثْرَهَا لَمْ يُفْدَ مَكْبُوْلٗ"

اسی طرح تسبیع کی ایک مثال دیکھیے جو امام محمد ابو سعید البوصیری کے مشہور قصیدۂ بردہ کے ایک شعر پر تضمین ہے اور کیلا کرائی کے امام العروسؒ کی کوشش کا نتیجہ ہے: ؎

اَللّٰہُ يَهْدِیْ فُؤَادِیْ فِیْ تَرَدُّدِہٖ ۔ لُبَابَ سَادَاتِہٖ فِیْ نَيْلِ مَقْصَدِہٖ

حَتّٰی يَرَی الْمُصْطَفٰی فِیْ يَوْمِ مَوْعِدِہٖ ۔ هُوَ الَّذِیْ مُهْجَتِیْ مِنْ حُسْنِ مَشْهَدِہٖ

لَا يَشْتَفِیْ دَاءُهَا اِلَّا بِمَوْرِدِہٖ ۔ وَلَا الْتَمَسْتُ غِنَی الدَّارَيْنِ مِنْ يَدِہٖ

اِلَّا اسْتَلَمْتُ النَّدٰی مِنْ خَيْرِ مُسْتَلَمٖ

ٹمل ناڈو کے علاقہ میں اور بالخصوص کیلا کرے کے مضافات میں میلاد ناموں کا بڑا اہتمام ہے بعض قصائد جو یہاں مقبول ہیں اُن کے نام حسب ذیل ہیں:

۱۔ اَلْقَصِيْدَۃُ الْوِتْرِيَّۃُ فِیْ مَدْحِ خَيْرِ الْبَرِيَّۃِ اس میں حضرت کعب بن زبیرؓ، حضرت محمد ابو سعید البوصیری، خطیب ابو بکر البغدادی، عبدالرحیم البوریعی، ابو الفضل ابو محمد عبداللہ ابن محمد التوزی کے قصائد کا مجموعہ ہے۔ ان قصائد پر تضمینیں بھی ایک الگ کتاب کی صورت میں مقبول ہے جس کا نام تَخْمِيْسٌ وَتَذْيِيْلٌ عَلٰی قَصِيْدَۃِ الْوِتْرِيَّۃِ: ان قصائد کی تخصیص یہ ہے کہ تضمینی شعر کے پہلے مصرعہ کا پہلا حرف اور دوسرے مصرعہ کا آخری حرف ایک ہی ہوں اور قصیدہ کی تضمینیں

حروف تہجی کی ترتیب میں ہوتی ہے۔ اس کی ایک مثال لیجیے :

وَحُبُّكَ فِي لَحْمِي وَعَظْمِي مُدَاخِلُ　　بِهِ مَا الشَّيْطَانِ بِقَلْبِي مَدَاخِلُ

وَلَا شَوْبَ فِي هٰذَا وَلَا فِيهِ دَاخِلُ　　أَكِيدُ رَجَائِي أَنَّنِي بِكَ دَاخِلُ

رِيَاضَ جِنَانٍ بِالْأَمَانِيِّ تَمْلَأُ

(آپ کی محبت میرے گوشت اور استخوان میں داخل ہوچکی ہے۔ جس کی وجہ سے شیطان کا میرے دل پر تصرّف نہیں ہوتا۔ اور شیطان نے خود میرے گوشت (پوست) میں داخل ہونے سے انکار کر دیا ہے۔ تاکہ (وہ میرے دل کو) برباد کر سکے۔ میرا ٹھوس ایمان اور امید کہ (چوں کہ میری آپ سے محبت ہے اور آپ کی مدح سرائی کرتا ہوں۔) میں آپ کے ساتھ ریاض الجنان (فردوس بریں) میں داخل ہوجاؤں، جو تمام تمناؤں میں ایک بھرپور تمنا ہے۔)

مذکورہ بالا تخمیس کے چوتھے مصرعہ کا آغاز "أ" سے ہوا ہے اور پانچویں مصرعہ کا اختتام بھی "أ" سے کیا گیا ہے۔ اس کو "تذبیل" کہا جاتا ہے۔

(2) مُخَمَّسُ قَصِيدَةِ بَانَتْ سُعَاد۔

(3) مُخَمَّسُ قَصِيدَةِ الْبُرْدَة۔

(4) مُخَمَّسُ ذُخْرِ الْمَعَادِ۔

(5) تَفْرِيجُ الْكُرَب۔

(6) نَصِيحُ الْجَلَالَة وَتَنْقِيحُ الدَّلَالَة فِي تَطْرِيحِ الضَّلَالَة۔

(7) تَقْطِيعُ الْجَانِي إِلَى تَصْرِيفِ الزَّنْجَانِي۔

قصائد کو بھی نعت شریف کے زمرے میں لا کر اس صنف کی توسیع لازمی ہے۔ کیوں کہ مختلف زبانوں میں مدح رسول کے کئی طریقے ہیں۔ عربی زبان میں حضور کی مدح سرائی صرف قصائد ہی میں ہوئی ہے۔ اس لیے راقم نے خصوصی طور پر قصائد کے باب میں کچھ کہنے کی کوشش کی ہے۔ ٹمل ناڈو کی قصائد خوانی کی محفلوں میں مذکورہ بالا قصائد ہی نہیں بلکہ مقامی عربی شاعروں کی کوششوں سے چھوٹے چھوٹے قصائد لکھوائے گئے ہیں اور ہر شاعر اپنے علاقہ میں معروف و مقبول ہے۔

# نعت کے تعلق سے مثنویوں اور قصیدوں کا ایک پہلو

دورِ قدیم میں ولی ویلوری[1]، شاہ تراب[2] ترناملی، قربی ویلوری[3]، والا آرکاٹی[4]، غوثی آرکاٹی[5]، کی شاعری فارسی اور دکنی زبان کے زیرِ اثر پھولتی پھلتی رہی۔ جیسا کہ شمالی ہند کے شعراء نے ولی اورنگ آبادی کا بھرپور تتبع کیا۔ اسی طرح شاہ سلطان ثانی، ولی ویلوری اور شاہ تراب ترناملی کے ہاں بھی

---

۱۔ ولی ویلوری کی مثنوی روضۃ الشہداء سنہ ۱۱۵۹ھ ۔ دعائے فاطمہ سنہ ۱۱۶۲ھ / ۱۷۴۸ء

۲۔ شاہ تراب ترناملی ۱۷۴۶۰ء

۳۔ قربی ویلوری ۔ مثنوی نمک نامہ ۱۱۷۷ھ / ۱۷۶۳ء، معراج نامہ، بدعت نامہ، نصیحت نامۂ لقمان ۔

۴۔ والا آرکاٹی ۔ مثنوی طالب وموہنی ۔ ( سنہ ۱۱۷۲ھ / ۱۷۵۸ء )

۵۔ مولانا شاہ غوثی آرکاٹی ۔ مثنوی ریاض مسعود ۔ سنہ ۱۱۹۱ھ / ۱۷۷۷ء

ولی اورنگ آبادی کے تتبع میں فارسی الفاظ اور تراکیب کی بہتات ہے۔ گویا اُن حضرات کی شاعری فارسی شاعری کے نقش قدم پر گامزن تھی۔ شاہ تراب، غوثی اور قربی کے ہاں فارسی الفاظ سے زیادہ دکنی اور ہندی الفاظ کی آمیزش تھی۔ تینوں شعراء کے کلام میں تصوّف کا رنگ بہت نمایاں اور غالب ہے۔ اسی دور میں اصناف مثلاً مثنوی، مرثیہ، قصیدہ مخمس، مسدّس، رُباعی، مربع، مثلث (جو تمام تر فارسی کے متعدد شعری اصناف ہیں) پر بطورِ خاص توجّہ دی گئی۔

مولانا قربی ویلوری، عبدالغنی خان امیر[1] مدراسی، مولانا باقر آگاہ[2] ویلوری، ذوقی[3] ویلوری وغیرہم نے صنفِ مثنوی کو خوب سے خوب تر بنانے میں اپنی بہترین صلاحیتیں صرف کی ہیں۔ قربی اور باقر آگاہ کی مثنویاں اُس دور کے ناقابلِ فراموش کارنامے ہیں۔ حضرت قربی اور باقر آگاہ کے بعد شعراء میں ایک بہت بڑی جماعت مثنوی نگاری کی طرف مائل ہوئی جس میں آثمہ[4] آرکاٹی، مذنب[5] آرکاٹی، فرحت[6] ترچناپلی، نواب مستقیم جنگ[7] نامی آرکاٹی، نواب رؤف[8] خان پرتو وغیرہم کے نام دورِ قدیم میں اور دورِ جدید میں نواب تجمل حسین[9] خان، شاکر وانمباڑی[10]، عبدالغفار مسکین[11]، مولانا امانی[12] بلیگنڈوی، عظیم[13] آمبوری اور کاوش[14] بدری کے نام قابلِ ذکر ہیں۔ ان ادوار کی مثنویوں میں نمایاں فرق یہ تھا کہ دورِ قدیم میں فارسی اور دکنی زبان کے زیرِ سایہ مثنویوں نے سر اٹھایا تھا۔ لیکن دورِ جدید میں مثنویاں، میر حسن، پنڈت دیا شنکر نسیم اور مرزا شوق وغیرہم کی طرح سادہ، رنگین، رواں، شستہ اور شائستہ زبان کی خوبیوں کی حامل تھیں

---

1. امیر مدراسی۔ مثنوی قصہ یوسف زلیخا: ۱۲۰۰ھ / ۱۷۸۵ء
2. مولانا باقر آگاہ: مثنوی ہشت بہشت ۱۲۰۹ھ / ۱۷۹۴ء، مثنوی تحفۃ النساء، سنہ ھ: محبوب القلوب ۱۲۰۰ھ
3. مولانا ذوقی ویلوری: مثنوی چہار فصل ۱۱۹۴ھ / ۱۷۸۰ء اور معجزۂ مصطفےٰ
4. آثمہ آرکاٹی: مثنوی گل بدن، مثنوی مہ رخاں، گلشنِ مہوشاں، گلشنِ شاہداں، گلشنِ عاشقاں
5. مذنب آرکاٹی: بنجۂ آفتاب ۱۲۱۵ھ / ۱۸۰۰ء: اگر گل ۱۲۱۰ھ / ۱۷۹۵ء] 6. فرحت ترچناپلی: مثنوی موسوم بہ صوفیانہ مناجات و عاشقانہ خیالات
7. نواب مستقیم جنگ نامی: لیلیٰ مجنوں: نو بہارِ عشق: قصۂ خسرو شیریں فرہاد: مثنوی بلقیس و سلیمان: مدینۃ الانوار: ۱۲۱۹ھ / ۱۸۰۴
8. نواب رؤف خان پرتو: مثنوی حزن جاں (طویل مثنوی ۱۳۲۷ھ / ۱۹۰۹ء] ؛ بہارستانِ عشق ۱۲۱۳ھ / ۱۷۹۸ء: مثنوی گنج قدرت
9. نواب تجمل حسین خان: اشتیاق نامہ ۱۳۰۲ھ
10. شاکر وانمباڑی: مثنوی نالۂ شاکر 1315ھ / ۱۸۹۷ء گلزارِ شاکر
11. عبدالغفار مسکین: کنز مرغوب ۱۳۲۳ھ / ۱۹۰۵ء
12. مولانا امانی بلیگنڈوی: گلشنِ سیر ۱۳۶۷ھ / ۱۹۴۷ء
13. عظیم آمبوری: رودِ کاویری (غیر مطبوعہ) ۱۳۷۳ھ / ۱۹۵۳
14. کاوش بدری: مثنوی قبلہ نما ۱۳۸۵ھ / ۱۹۶۵ء

یہ اور بات ہے کہ دورِ جدید کی مثنویوں کو آفاق گیر شہرت نصیب نہیں ہوئی جن کی وہ مستحق تھیں۔

سب سے زیادہ قابلِ توجہ بات یہ ہے کہ مندرجہ بالا شعراء نے اپنی مثنویوں میں بالارادہ صنفِ نعت گوئی کو فروغ دیا۔ اور بہترین سے بہترین نعتیہ اشعار مثنوی کے توسط سے منصہ شہود پر آئے۔ شہر مدراس کے اہم ترین شاعر نواب عبدالرحمٰن شاطر مدراسی نے "قصیدۂ اعجازِ عشق" میں بھی نعت گوئی کے عقیدت مندانہ جوہر دکھائے ہیں۔ جس کا اعتراف ڈاکٹر اقبال نے بڑے اچھے انداز سے کیا ہے۔ (قصیدۂ اعجازِ عشق" عبدالرحمٰن شاطر کی معرکتہ الآراء طویل ترین نظم ہے۔ جو پڑھنے سے تعلق رکھتی ہے۔)

ڈاکٹر اقبال لکھتے ہیں:

"اکثر اشعار نہایت بلند پایہ اور معنی خیز ہیں، بندشیں صاف اور ستھری ہیں۔ اور اشعار کا اندرونی درد مصنف کے چوٹ کھائے ہوئے دل کو نمایاں کر کے دکھا رہا ہے۔ آپ کا (شاطر مدراسی) اسلوبِ بیان واقعی نرالا ہے۔"

ڈاکٹر اقبال ہی کی طرح شاطر کو حضرت اکبر الہ آبادی، مولانا الطاف حسین حالی، مولوی سید امجد علی صاحب اشہری، مولوی سید حسین بلگرامی، مولانا شبلی نعمانی اور سید علی حیدر نظم طباطبائی وغیرہم نے اپنے اپنے طور پر سراہا ہے۔

برسبیل تذکرہ راقم الحروف کے ذہن میں ہمیشہ جو بات عود کر آتی ہے اس کا یہاں اظہار کر دینا بہت ضروری ہے۔

ٹمل ناڈو کی سرزمین پر عرصۂ دراز سے اولیائے کرام اور صوفیائے عظام و اہلِ طریق کا بہت ہی گہرا اور خوش گوار اثر رہا ہے۔ خصوصی طور پر صوفیا اور اہل طریق کے ہاں ترسیل اور بیانِ رشد و ہدایت کے لیے شاعری کو اہم ترین واسطہ طے پایا۔ اسی لیے ہم دیکھتے ہیں کہ صوفی مشرب علماء و شعراء نہ صرف نثری رسائل کے طور پر یا تقریر و بیان کے طور پر اپنے طریقۂ کار کو پُراثر بنایا بلکہ عوام کے ذہنوں میں اُن کے پیغام کو مستحکم بنانے کے لیے شاعری کا سہارا لیا ہے کیوں کہ اشعار ازبر ہو جاتے ہیں۔ یہاں کے صوفی مشرب علماء و شعراء مختلف سلاسل کے فیوض یافتہ ہوتے تھے اور جنوب میں جو سلاسل بہت زیادہ مقبول و معروف ہیں، ان میں قادریہ، چشتیہ، سہروردیہ، شطاریہ، نقشبندیہ اور فردوسیہ سلاسل کے نام قابلِ ذکر ہیں۔

**قادریہ:** اس سلسلہ کو شاہ نعمت اللہ قادری نے پندرھویں صدی کے وسط میں معروف کرایا تھا۔ اس کے بعد عہدِ مغلیہ میں اس کی پیروی کرنے والوں میں سید غوث گیلانیؒ، شیخ عبدالقادر ثانیؒ اور شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کے نام گرامی روشن ہیں۔

۲ **چشتیہ** : پرتھوی راج چوہان کے زمانہ میں حضرت خواجہ معین الدین چشتی سنجریؒ ہندوستان تشریف لائے اور اجمیر شریف میں قیام کیا اور یہیں سے اپنی رشد و ہدایت کا سلسلہ جاری رکھا۔

۳ **سہروردیہ** : حضرت شیخ بہاؤالدین ذکریا ملتانی نے بغداد شریف میں حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی سے خرقۂ خلافت پہنا اور پھر ہندوستان میں ملتان کے علاقہ میں اپنی رہائش اختیار کی یہاں کی خانقاہ کے ذریعہ یہ سلسلہ پھلا پھولا اور پورے ہندوستان میں اس کی نوری کرنیں پہنچیں۔

۴ **شطاریہ** : ہندوستان میں اس سلسلہ کی ترویج حضرت سید محمد غوث گوالیاریؒ اور شیخ وجیہہ الدین علویؒ گجراتی کے ذریعہ ہوی۔

۵ **نقشبندیہ** : شہنشاہِ اکبر کے دور میں ہندوستان میں حضرت خواجہ باقی باللہؒ کی ذات بابرکات نے اس سلسلہ کی ترویج کی۔ ان کے بعد آپ کے خلفاء میں حضرت شیخ احمد سرہندیؒ المعروف مجدد الف ثانی نے اس سلسلہ کی مقبولیت میں چار چاند لگائے۔

۶ **فردوسیہ** : اس سلسلہ کو حضرت سیف الدین باخرزیؒ کے خلیفۂ رشید حضرت بدرالدینؒ سمرقندی نے ہندوستان میں معروف کرایا۔ ان کے بعد حضرت مخدوم الملک شیخ شرف الدین یحییٰ منیریؒ نے، حضرت حسین نوشہ توحیدؒ، حضرت مولانا مظفر بلخیؒ وغیرہم نے خصوصی طور پر سرزمین بہار میں اس سلسلہ کو مزید تقویت پہنچائی۔

مذکورہ بالا سلسلہ کے بزرگوں کی خانقاہیں رشد و ہدایت کے مراکز تصوّر کئے جاتے تھے۔ ٹمل ناڈو کے قدیم شعرا کی فہرست میں کوئی بھی ایسا شاعر نہ ہوگا، جو اِن سلاسل میں سے کسی ایک سلسلہ سے روشنی حاصل نہ کیا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ ان شعراء کے کلام میں توحید و رسالت کے مضامین کے علاوہ سلوک و طریقت سے تعلق رکھنے والے موضوعات حسبِ موقعہ جگہ پاتے رہے۔ جہاں کہیں تصوّف و طریقت کا گزر ہوتا وہاں حبِ رسول صلعم یا عشقِ رسولؐ کی ٹھنڈی ٹھنڈی اور بھینی بھینی معطر خوشبوؤں کی ہوائیں چلنے لگتیں۔ یہ ہوائیں شعراء کے دِلوں کو چھوتی گزرتیں تو اُن کے قلم سے حمد و مدحت و منقبت کا نور ٹپکنے لگتا، ان انگلیوں کی پوروں میں تھما ہوا خامۂ پرکار قرطاس پر گل فشانیاں و نور باریاں کرتا دکھائی دیتا ہے۔

عربی اور فارسی الفاظ سے زیادہ دکنی اور ہندی الفاظ کی آمیزش کی بات کرتے ہوئے راقم ایک خاص بات کی طرف اشارہ کرنا قارئین کے علم میں اضافہ کے لیے ضروری تصوّر کرتا ہے۔

ٹمل ناڈو کے ان علاقوں میں جہاں حیدرآبادی دکنی زبان کی آمیزش بہت زیادہ ہے، وہیں ایک خاص بات یہ پائی جاتی ہے کہ پورے دکن میں قمری مہینوں کے نام عربی ہی ہیں۔ مگر دکن کی روایت سے ہٹ کر ٹمل ناڈو کے قدیم دکنی گو عوام و خواص نے ان عربی مہینوں کے ناموں میں کچھ ردّوبدل سے کام لیا ہے، جن کی باالترتیب فہرست قارئین کی نذر کی جاتی ہے۔

۱۔ قمری سال کا پہلا مہینہ : محرم — جوں کا توں ٹمل ناڈو میں رائج ہے۔

۲۔ دوسرا مہینہ : صفر — "تیرہ تیزی" سے معروف ہے۔ صفر کی تیرہ (۱۳) تاریخ کے بعد حضورؐ نے مرض سے شفا پائی تھی۔ اسی لیے اس مہینے میں پہلے تیرہ دن دکنی مسلمانوں کے لیے حضورؐ کے لیے تکلیف دہ ہونے کے باعث سعد نہیں سمجھے جاتے۔

۳۔ تیسرا مہینہ : ربیع الاوّل — "بارہ وفات" سے مشہور ہے۔ حضورؐ نے بارھویں ربیع الاوّل کو وفات پائی تھی۔

۴۔ چوتھا مہینہ : ربیع الثانی (ربیع الآخر) — "دستگیر" کے نام سے مشہور ہے۔ اس لیے کہ اس مہینہ میں حضرت غوث الاعظم دستگیرؒ کی پیدائش ہوئی تھی اور اسی مہینے میں آپ کا علم چڑھایا جاتا ہے

۵۔ پانچواں مہینہ : جمادی الاوّل — "مدار" سے معروف ہے۔ ولیٔ کامل حضرت شاہ مدار قدس اللہ سرہٗ العزیز کی پیدائش کے باعث اس مہینہ کا نام آپ سے منسوب ہے اور اسی مہینے میں آپ کا عرس بھی ہوتا ہے۔

۶۔ چھٹواں مہینہ : جمادی الثانی (جمادی الآخر) — "قادر" سے مشہور ہے۔ ناگور شریف، مشہور و معروف ولیٔ دکن حضرت شاہ الحمید ناگوری المعروف بہ قادر ولی کے عرس کا مہینہ ہے۔ جنوب میں قادر ولی کو "قادریہ سلسلہ" کا سرچشمہ تصوّر کیا جاتا ہے۔ ان سے عوام کو اور خواص کو بڑی عقیدت اور محبت ہے۔

۷۔ ساتواں مہینہ : رجب — اس مہینہ کا نام جوں کا توں معروف ہے۔

۸۔ آٹھواں مہینہ : شعبان — اس مہینہ کا نام جوں کا توں معروف ہے۔

۹۔ نواں مہینہ : رمضان — اس مہینہ کا نام بھی جوں کا توں معروف ہے۔

۱۰۔ دسواں مہینہ : شوال — "دودھ" سے معروف ہے
اس کی وجہ تسمیہ زیادہ واضح نہیں : غالباً حضور اکرمؐ کو دایہ حلیمہ سعدیہؓ کی گود میں دیے جانے کے باعث یا حضرت غوث پاکؓ کے فرزند کے تعلق سے اس مہینہ کا نام یوں منسوب ہے کیوں کہ اس مہینے میں آپ کا عرس منایا جاتا ہے۔ حضرت شیخ عبدالرزاق ہی کی اولاد نے قادریہ طریقہ کو ہندوستان اور جنوبی مشرقی ایشیاء میں عام کیا تھا۔

۱۱۔ گیارھواں مہینہ : ذی القعدہ — "بندہ نواز" سے مشہور ہے۔
حضرتؒ خواجہ بندہ نواز گیسو درازؒ کا عرس شریف اس مہینہ میں منایا جاتا ہے۔

۱۲۔ بارھواں مہینہ : ذی الحجہ — "بکر عید" سے مشہور ہے۔
کیوں کہ ٹمل ناڈو میں قربانی کا جانور زیادہ تر "بکرا" ہی قرار پاتا ہے نہ کہ گائے یا پھر بقر کی بگڑی صورت "بکر" ہونے کی وجہ سے اس مہینہ کا نام یوں پڑا ہو۔

قدیم بزرگ مرد اور عورتیں مذکورہ بالا ناموں سے ہی مہینوں کو پہچانتے ہیں۔ اگر انھیں صفر، ربیع الاول، ربیع الثانی، جمادی الاول، جمادی الثانی، شوال، ذی القعدہ کا حوالہ دیں تو وہ ضرور کہیں گے کہ مہربانی فرما کر اس مہینے کا دکنی نام بتائیں۔ ہمیں عربی مہینوں کے ناموں کی شناخت ذرا مشکل ہے۔ آج کی نسل ماشاء اللہ دونوں طریقوں سے مہینوں کو پہچاننے کے قابل نہیں۔

ٹمل ناڈو کے لوگ "محرم" کے ابتدائی دس دنوں میں اور "صفر" کے ابتدائی تیرہ دنوں میں بلکہ بعض اوقات ان دونوں مہینوں کے پورے دنوں میں کوئی سعد کام طے نہیں کرتے۔ مثلاً شادی بیاہ، منگنی کی رسم، ختنہ، کان اور ناک چھدائی کی رسم۔ وہ ان رسموں کو ٹال دینا ہی بہتر سمجھتے ہیں۔ لیکن انہی قدیم لوگوں میں سے بعض لوگ ان مہینوں کو عام مہینوں کی طرح سعد ہی سمجھتے ہیں۔ اس کا جواز یہ پیش کرتے ہیں کہ ربیع الاول کا مہینہ جتنا سعد ہے اتنا ہی غم کا مہینہ بھی ہے۔ اسی مہینے میں حضور اکرم صلعم

کی پیدائش بھی ہوئی تھی اور وفات بھی۔ محرم کا مہینہ بھی اسی طرح سعد و نیک اور نجس متصوّر ہے۔ اس ماہ میں حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت بھی ہوئی اور اسی مہینے میں طوفانِ نوحؑ سے سفینۂ نوحؑ کو چھٹکارا ملا تھا اور حضرت یونس علیہ السلام کو مچھلی کے پیٹ سے نجات اسی مہینے میں ملی۔ حضرت آدمؑ و حوّاؑ کی مفارقت بھی اسی مہینے میں ختم ہوئی تھی وغیرہ وغیرہ۔ بعض لوگ آج بھی "رمضان" میں شادی بیاہ طے نہیں کرتے، کیوں کہ یہ صوم و صلوٰۃ کا مہینہ ہے اور اس کے شب و روز کی حرمت میں کسی دنیاوی عیش و راحت کو جگہ دینا گوارا نہیں کرتے۔ البتہ جدید ذہنوں نے اس میں کوئی قباحت محسوس نہیں کی کیوں کہ شادی ایک سنتِ انبیاء ہے اور ایک عبادت ہے۔

آج کی جدید ترین نسل جو مغرب زدہ زہر سے مسموم ہے۔ مذہب و معیشت اسلامی سے بالکل ناواقف ہے اور "محمدؐ" کو (MOHAMMED) ہجے کے تلفظ سے خطاب کرتی ہے اور یہاں کی ہر زبان کی نصابی کتابوں میں "محمدؐ صاحب" کے عنوان سے اسباق لکھے اور پڑھے جاتے ہیں۔ اور انہیں بھی گاندھی، ٹیگور، گرونانک اور رام کے زمرے کی شخصیت کے طور پر مسلمان بچّوں کو آگاہ کراتے ہیں۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو محض ایک ریفارمر بتایا جاتا ہے۔ افسوس صد افسوس !!

یہ بات واضح کر دینا ضروری ہے کہ جنوب کے قصیدہ گو شاعر ہوں یا مثنوی نگار شاعر اپنے کلام کا آغاز حمدیہ اشعار کے بعد نعتیہ اشعار کو بالالتزام پیش کرنا اپنا اہم ترین ادبی فریضہ سمجھتے ہیں۔ اس لیے کہ اُن کے ذہن میں یہ بات نقش ہو گئی ہے کہ خدا کے بعد بزرگ ترین ہستی حضور پُر نور صلے اللہ علیہ وسلم ہی کی ہے۔ جیسا کہ حافظ شیرازیؒ نے کہا ہے: ؏

بعد از خدا بزرگ۔ توئی قصّہ مختصر

اور بغیر حمد و نعت کے قصیدہ یا مثنوی کا آغاز مکروہ تصوّر کیا جاتا تھا۔)

یہ ہر ایک کے مشاہدے کی بات ہے کہ بعض اوقات غزلوں میں اچانک کوئی نعتیہ شعر اپنی بھینی بھینی خوش بُو سے پوری غزل کی فضا کو معطّر کرتا دکھائی دیتا ہے۔ پابندی سے نعت گوئی کرنے والے شعراء کے رویّہ اور ان غزل گویوں کے رویّہ میں ایک قدرِ مشترک فقط عشق و احترام رسولؐ ہے۔ چوں کہ نعت گوئی بہت دشوار تخلیقی عمل ہے اس لیے غزل گو شعراء اس احتیاط کی فضا میں مزید محتاط نظر آتے ہیں اور ایک دو شعر سے اپنے جذبے اور احترام کی تشنگی کو آسودگی میں بدل لیتے ہیں۔ یہی ایک موضوع ایسا ہے جو صنفِ شاعری کی ہر ہیئت میں برتی گئی ہے۔ اردو کا شاید ہی کوئی ایسا شاعر ہو جس نے کم از کم ایک شعر بھی نعت کا نہ کہا ہو۔ دُنیا کے کسی ادب میں اس طرح کی انفرادیت نظر نہیں آتی۔

# ٹمل ناڈو کے علمی، دینی، ادبی اور سیاسی افق کا پس منظر

نواب سعادت اللہ خان (1724ء - 1651ء) نے جب 1703ء میں جنجی کا قلعہ فتح کیا تو آرکاٹ کا سارا علاقہ اس کے زیرِ حکومت آگیا۔ اسی دور میں بہت سے لوگ بیجاپور سے ہجرت کرکے ویلور، آرکاٹ ترچناپلی، مدوری اور شمالی آرکاٹ کے علاقے آمبور، وانم باڑی، ترپاتور، کرشناگری اور جنوبی آرکاٹ کے علاقے جنجی (نصرت نگر) میں آباد ہونے لگے۔ نواب سعادت اللہ خان بڑا فیاض، علم پرور اور علما نواز تھا۔ اس کی زندگی تک مذکورہ بالا علاقوں میں ہر حیثیت سے عربی، فارسی اور اردو زبانوں کی ترویج و اشاعت ہوئی اور بڑی بڑی علمی، ادبی اور دینی درس گاہیں قائم ہوئیں۔

جنوبی ہند میں نواب سعادت اللہ خان سے پہلے سلطان علاؤالدین خلجی اور ملک کافور کے حملوں نے ایک طرح کی افراتفری پیدا کردی تھی۔ تاہم صوفی مشرب بزرگوں نے، خصوصی طور پر جنوب کے انہی مذکورہ بالا علاقوں کی طرف رجوع کیا اور اپنی اپنی خانقاہیں قائم کیں اور انہوں نے سیاسی بے چینیوں کی ذرا بھی پرواہ نہیں کی ترچناپلی میں شیخ نطہر اولیاء نے ملک کافور سے بہت پہلے ہی سہروردیہ سلسلہ کی بنیاد ڈال دی تھی۔

اسی سلسلہ کی بہت سی کڑیاں اطراف واکناف کے علاقوں میں بھی پھیلتی گئیں۔ شیخ بابا فخرالدین خلیفۂ نظیر اولیاء نے اننت پور کی طرف رجوع کیا۔ شاہ اللہ حمید میراں عبدالقادر جو کہ شیخ محمد غوث گوالیاری کے خلیفہ تھے ناگور کی طرف رجوع کیا اور وہاں اپنی عظیم الشان خانقاہ کی بنیاد ڈالی۔ اسی طرح آرکاٹ میں سید شاہ عبدالقادرؒ معروف بہ میراں شاہ ولی اللہ منزوی الجبلین (المتوفی ۱۷۳۳ء) نے اپنی خانقاہ کے ذریعہ نہ صرف تصوّف کے موضوع سے عوام کو روشناس کرایا بلکہ عربی، فارسی اور اردو (قدیم اردو) کے ادب کو بھی چمکنے اور چمکانے کا سامان فراہم کیا۔ ان کے آخری دَور میں حضرت سید شاہ ابوالحسن قربیؒ بھی بیجاپور سے سفر کرتے ہوئے آرکاٹ ہی کو اپنا مسکن قرار دیا۔ مگر بعد میں آپ نے ویلور کو آرکاٹ پر ترجیح دی اور وہاں اپنی عظیم الشان خانقاہ کی بنیاد ڈالی، جو آج بھی حضرت مکان ویلور کے نام سے قائم ہے اور آپ کا خانوادہ پھولتا پھلتا اور خدمتِ خلق کرتا دکھائی دیتا ہے۔ حضرت قربیؒ کا دَور شمالی ہند میں حضرت شاہ ولی اللہ محدّث دہلوی کا دَور رہا ہے اور قریب قریب دونوں خانوادے ایک ہی انداز سے اپنی جگہ اپنی روحانی خدمات سرانجام دیتے رہے۔ فرق فرق اتنا ہے کہ حضرت محدّث دہلوی کے خانوادے کے بزرگ آج گمنامی کے اندھیرے میں ڈوب گئے ہیں مگر خانوادۂ قربیؔ اپنی بھرپور آب وتاب کے ساتھ شہر ویلور میں روشن اور منوّر ہے۔

نواب سعادت اللہ خان کی وفات کے بعد اُس کے جانشین پُرامن اور پُرسکون فضا قائم رکھنے میں ناکام رہے۔ اس لیے اس کے بعد کے دَور میں یہاں عالموں اور ادیبوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ نواب سعادت اللہ خان کے دَور میں شیخ محمد امین اسرائیلی، منشی جسونت رائے، قزلباش خان امیدؔ، نواب غلام علی خان، نواب باقر علی خان، زین العابدین علی خان دیوانؔ، افضل خان لذّتیؔ، شیخ صداقت اللہ، میر مرتضیٰ منزوی جیسے عالم وادیب اور شاعر اور سید شاہ علی محمد حسینی قادری، قاضی نظام الدین احمد صغیر جیسے نثر نگار اور صوفی مشرب لوگ اپنے اپنے طور پر ایک عالم کو مستفیض کرتے رہے۔

نواب صفدر علی خان کے قتل کے فوراً بعد ۱۷۴۲ء میں نواب نظام الملک آصف جاہ نے اپنی فوجیں لے کر اورنگ آباد سے آرکاٹ کا رُخ کیا تو اس نے دیکھا کہ میر اسد اللہ خان نے صفدر علی کے فرزند محمد سعید کو جو اُس وقت صرف چھ سال کا لڑکا تھا آرکاٹ کے تخت پر بٹھادیا ہے اور اُسے نواب سعادت علی خان ثانی کا خطاب دیا گیا۔ آصف الدولہ نے اُس کی تخت نشینی کو تسلیم کرتے ہوئے میر اسد اللہ خان کو اُس کا نائب اور دیوان مقرر کیا اور وہ ترچناپلی کی طرف روانہ ہوا تاکہ وہاں کے قلعہ کو مراری راؤ کے قبضہ سے نجات دلاسکے۔ مگر دونوں میں صلح ہوجانے کے بعد واپس حیدرآباد روانہ ہوگیا۔ اُس دَور میں نواب انورالدین خان مرہٹہ راجہ بابو نائک کو شکست دے چکا تھا اور اس کی بہادری کا علم بلند ہوچکا تھا۔ تو نواب آصف الدولہ نے نواب انورالدین خان کو ایک بڑی فوج

دے کر آرکاٹ کی طرف 1744ء میں روانہ کیا۔ نواب انورالدین ایک معمولی سی لڑائی کے بعد نواب سعادت اللہ خان ثانی (محمد سعید) کے قبضہ سے آرکاٹ چھین لیا اور پوری طرح آرکاٹ کی باگ ڈور اپنے ہاتھ میں لے لی۔ اس لڑائی میں نواب سعادت اللہ خان ثانی مارا گیا۔

نواب انورالدین خان کی پیدائش دراصل یو۔پی کے قصبہ گوپامو میں 1674ء میں ہوئی تھی وہ ایک قابل سپاہی ہی نہیں تھا بلکہ ایک بڑا عظیم سیاست دان بھی تھا۔

نواب انورالدین خان کا دور اور اس کے جانشینوں (نواب محمد علی والاجاہ اول، نواب عمدۃ الامراء والاجاہ دوم (1801-1742ء) کا دور علم و ادب پروری کے شاندار دور رہے ہیں۔ اس دور کے دانشور شیخ مخدوم عبدالحق صاوی عرف دستگیر (المتوفی 1165ھ) سید شاہ ابوالحسن قربی (1182-1118ھ) سید شاہ عبداللطیف ذوقی (1194-1151ھ) سید محمد موسوی والہ (المتوفی 1184ھ) میر اسماعیل خان ابجدی (المتوفی 1203ھ) سید شاہ عبدالقادر مہربان فخری (1204-1143ھ) مولانا باقر آگاہ (1220-1158ھ) امین الدین احمد خان بہادر (المتوفی 1195ھ) حکیم احمد اللہ خان دہلوی (المتوفی 1217ھ) اور مولانا عبدالعلی بحرالعلوم (1225-1144ھ) اتنے مشہور اور معروف ہوئے ہیں کہ ان کی مثال بعد کا طویل دور بھی پیش کر نہیں سکا۔ اسی دور کے بزرگوں کا اثر آج تک ٹمل ناڈو کی فضا پر محیط ہے۔ جنوب کی مشہور درس گاہوں میں انھیں بزرگوں کی تصنیفات اور تعلیمات کا چرچا دکھائی دیتا ہے۔ والاجاہی دور کے تیسرے اور چوتھے نوابوں نواب عظیم الدولہ اعظم جاہ اور نواب عظیم جاہ کے دور (1841-1801ء) پر بھی مذکورہ بالا دانشوروں ہی کا پرتو دکھائی دیتا ہے۔ خصوصی طور پر اس کے بعد کے والاجاہ پنجم نواب غلام غوث خان بہادر اعظم کے دانشوروں میں ولی ویلوری، شاہ تراب ترناملی، حضرت قربی، حضرت باقر آگاہ، مولانا عبدالعلی بحرالعلوم ہی کے اثرات اجاگر ہوئے ہیں۔ ان ادوار کے دانش وروں کی فہرست بڑی طویل ہے۔ جن میں چند ایک نام حسب ذیل ہیں۔ غلام الدین معجز آرکاٹی، مولوی مصطفٰے علی خان خوشدل، راجہ مکھن لال بہادر خرد، مولوی غلام اعزالدین خان بہادر مستقیم جنگ نامی آرکاٹی، مولوی تراب علی نامی، سید محمد خیرالدین فائق، مولوی غلام عبدالقادر ناظر جیسے ادیب اور شاعر کے علاوہ عظیم نثر نگاروں میں میر حسن علی کرمانی، سید برہان الدین ہانڈی، محمد حسن علی ماہلی نے اپنی تخلیقات اور کارناموں کے ذریعہ عوام و خواص سے خراجِ عقیدت و تحسین حاصل کیا۔

نواب غلام غوث خان بہادر کے دور میں شعر و شاعری کا بہت عروج رہا ہے۔ اس دور کے بعض شعراء بہت معروف و مشہور رہے ہیں۔ مثلاً مولوی محمد حسین تمنا، میر مرتضٰے بینش، مولوی محمد مہدی واصف، افضل الشعراء مولوی محمد حسین راقم، غلام احمد احمدی، مولوی تاج الدین حسین خان بہجت، محمد حبیب اللہ ذکا (شاگرد

مرزا غالب) وغیرہ کو یہاں کی ادبی تاریخ کبھی فراموش نہیں کر سکتی۔ اس دور میں اردو نثر نگاری کو بھی شہ ملی ہے۔ بالخصوص نثر نگاروں میں محمد ناصر خان بہادر صمصام جنگ، قاضی ارتضا علی خان بہادر، عبدالوہاب مدار الامراء بہادر، مولوی محمد صبغۃ اللہ قاضی بدرالدولہ، سید شاہ عبداللطیف قطب ویلور، مولانا عبدالحیٔ اور سید شاہ عبدالغفار مسکین جیسے آفتاب و مہتاب کی روشنیوں سے نہ صرف ٹمل ناڈو بلکہ سارے دکن کی ادبی، علمی و دینی فضا تابندہ ہے۔ ان میں سے ہر ایک کی شخصیت ایسی ہے جن پر دانش کدوں کو تحقیقی کام بھی ایمان داری سے کرنے کی ضرورت ہے۔ بہت سوں پر کافی کام ہو چکا ہے۔ مثلاً حضرت ذوقی، مولانا محمد باقر آگاہ، مولانا بحرالعلوم، قاضی بدرالدولہ اور نواب مستقیم جنگ نامی، ان پر مزید تحقیقی روشنی ڈال کر ان حضرات کی علمی، ادبی اور دینی خدمات کے پوشیدہ گوشوں کو اُبھارا جا سکتا ہے۔

انیسویں صدی کے اواخر سے لے کر تادمِ تحریر ٹمل ناڈو کی ادبی فضا میں اپنے طور پر اکا دکا ابھرنے والے شعرا اور نثر نگاروں کی فہرست زیادہ طویل نہیں ہے۔ بہ نسبت مذکورہ بالا ادوار کے۔ جن شعرا اور ادبا نے اپنے قدما کی بزرگی کا اعتراف کیا ہے ان کے ہاں صالح ادب پرورش پایا ہے اور آج بھی بہت سارے فن کار پرانی قدروں کے حامی اور قدر شناس ہیں گو کہ جدید ادبی روش کی بھی انھیں شناخت ہے۔

ذیل کے شعراء کو ہم ممتاز شعراء کی معتبر فہرست قرار دے سکتے ہیں:

شاہ محمد صادق الحسینی چشتی القادری شریف مدراسی، سید شاہ عبدالغفار مسکین قادری مدراسی، محمد عبدالرحمان خان مبرور مدراسی، عاجزہ ترچناپلوی، محمد مستعان النست مدراسی، عبدالقادر شاکر وانمباڑی، خطیب قادر باشاہ وانمباڑی اسماعیل سیٹھ مغموم، نواب عبدالرؤف خان پرتو، عبدالقدوس ضو ویلوری، منشی منظور صدیقی، سید شاہ محمد صبغۃ اللہ نور مدراسی، سید سلیمان حسین انجم ترپاتوری، عبدالعلام علام ویلوری، سعدالدین سعد مدراسی عبدالغفور راز ترچناپلوی، حضرت عبدالکریم فانی ترپاتوری، نواب منور حسین خان گوہر، سید شاہ محمد عبدالرحمان کمال آرکاٹی، نواب عبدالرحمان خان بہادر شاطر مدراسی، سلطان منور علی منور، فہیم آمبوری، شرر آلندوری، مولوی عباس علی عباس، مولوی ابوبکر نظمی، محمد حسین محوی صدیقی، الفت مدراسی، بیخود مدراسی، مقبول آمبوری حکیم آسی ترپاتوری، روحی آمبوری، دلیل سدورلی، مولانا امانی بلیگنڈوی، علامہ شاکر ناطقی، عبداللہ ذوقی وانمباڑی، سید احمد گلاب ویلوری، مولانا سید محمد قاسم ویلوری، عبدالسلام کمالی ویلوری، مولانا رحیم احمد فاروقی عادل مدراسی، حیدر علی خان حیدر، آثم کرنولی، عبد مدراسی، مولانا حیرت القادری، سروش داؤدی، عظیم آمبوری، نواب محمد محمود، سید عظمت اللہ سرمدی، دانش فرازی، محبوب پاشاہ محبوب، ادیب بھارتی، مولانا اسماعیل نبعی، مولانا حماد عمری، بدر جمالی، عزیز تمنائی، راحی صدیقی، کاوش بدری، فدوی باقوی، حسرت سہروردی، مولانا حافظ باقوی، مولانا آمر کلیمی، جمیل الدین قادری، برتر مدراسی، اجمل سعیدی، حکیم افسر پاشا

فرحت کیفی، رازؔ امتیاز، سالک نائطی، حیات مدراسی، کاظم نائطی، مولانا اشرف سعودی، کمال مدراسی، حسن فیاض، علیم صبا نویدی، سہیل راشد، یعقوب اسلم، راہی فدائی، سراج زیبائی، حبیب اللہ شاہ، شریف رومانی ....

مذکورہ بالا طویل فہرست پڑھ کر قاری کے ذہن کو تھکان ضرور محسوس ہوگی۔ مگر تذکرے کے ضوابط کے تحت اس سے گریز بھی نہیں کیا جا سکتا۔ اسی اُمید پہ قاری کو مطالعے کی زحمت دی گئی ہے۔ قاری چاہے تو اس کو نظر انداز کر کے آگے بھی بڑھ سکتا ہے۔

مذکورہ بالا اکثر شعراء نعت گو ہیں۔ اٹھارھویں صدی کے بیشتر کے اکابرین علم وادب کے ہاں بھی نعت گوئی کا چلن رہا ہے۔ خصوصاً مثنوی نگاروں کی مثنوی کے آغاز میں حمد کے بعد ضرور نعت جگہ پاتی دکھائی دیتی ہے۔ ٹمل ناڈو کے بعض مثنوی نگار اور ان کی مثنویوں کے نام حسب ذیل ہیں۔ جنھیں حضرت کاوش بدریؒ "مثنوی قبلہ نما" میں پیش کیا ہے:

۱۔ ملک الشعراء محمد نصرت نصرتی مدراسی (ابراہیم عادل شاہ کے پوتے علی عادل شاہ ثانی ۱۰۶۷ھ م ۱۶۵۶ء تا ۱۰۸۳ھ م ۱۶۷۲ء، کے درباری شاعر تھے) مثنوی گلشن عشق (منوہر کنور اور مدمالتی کے عشق کا قصہ منظوم)، مثنوی علی نامہ (شاہنامہ فردوسی کا ہندی جواب، سال تصنیف ۱۰۷۶ھ۔ علی نامہ کی تصنیف پر فرماں روائے وقت نے ملک الشعراء کا خطاب بخشا۔ ان کے علاوہ مودت نامہ اور قصۂ راغب و مرغوب بھی آپ کی تصانیف ہیں۔

۲۔ میر ولی فیاض ولی دکنی ویلوری: مثنوی روضۃ الانوار ۱۱۵۹ھ۔ مثنوی روضۃ العقبیٰ یا دعائے فاطمہ، ۱۱۶۲ھ م ۱۷۴۸ء، روضۃ الشہداء (جو غلطی سے ولی دکنی اورنگ آبادی سے منسوب ہے۔)

۳۔ سید محمد والا آرکاٹی: مثنوی قصۂ طالب و موہنی (قلمی) ۱۱۷۱ھ سے پہلے تصنیف ہوئی۔ رزاق باری (مثنوی میں اردو فارسی کی لغات) تصنیف ۱۱۵۰ھ، مطبع مظہر العجائب مدراس۔ اشاعت ۱۲۵۰ھ۔

۴۔ غوث جامی غوثی آرکاٹی: مثنوی ریاضِ مسعود (ترجمہ قصص الانبیاء) ۱۱۹۱ھ

۵۔ ملک الشعراء میر اسماعیل خان ابجدی مدراسی۔ مثنوی انور نامہ ۱۱۹۳ھ سے پہلے لکھی گئی اور نواب عمدۃ الامراء نے انور نامہ کی تصنیف پر ابجدی کو چاندی میں تلوایا جس کی قیمت اس زمانہ میں ۶۷۰۰ روپیہ ہوئی۔ ابجدی کے والد ملا محمد (مصنفِ فرشتہ کے بہنوئی) تھے۔

۶۔ سید شاہ عبداللطیف قادری ذوقی ویلوری: چہار فصل (قصۂ کیوان شاہ) ۱۱۹۴ھ عشق نامہ (قصۂ چندر بدن مہیار) تذکرۃ الاولیاء، پنج مثنوی (نظامی گنجوی کے خمسہ کے تتبع میں) ۱۱۹۴ھ سے پہلے لکھی گئی۔ مثنوی معجزۂ مصطفےٰ بھی آپ کی تصنیف ہے۔

۷۔ سید شاہ ابوالحسن قربی ویلوری: نمک نامہ ۱۱۷۵ھ سے پہلے۔

۸۔ مولانا مولوی محمد عبدالغنی خان بہادر امیرؔ مدراسی: قصۂ یوسف زلیخا ۱۲۰۰ھ سے پہلے تصنیف ہوئی۔ جس کو عمر کی پندرھویں بہار میں نظم کیا اور سترہ سال کی عمر میں ایک طولانی قصیدہ عربی صنعتِ عاطلہ میں کہا تھا۔

۹۔ محمد باقر آگاہ ویلوری: تحفۃ الاجاب فی مناقبِ الاصحاب ۱۲۰۰ھ، مثنوی محبوب القلوب، مثنوی ریاض الجنان ۱۲۰۷ھ، مثنوی گلزارِ عشق عرف قصۂ رضوان شاہ و روح افزا ۱۲۱۰ھ، مثنوی ہشت گلزار ۱۲۰۹ھ، خمسۂ متحیرہ (پانچ مثنویوں کا مجموعہ یعنی صبح نو بہارِ عشق، ندرتِ عشق (قصۂ چندر بدن مہیار)، غرقابِ عشق، حیرتِ عشق اور حسرتِ عشق) ۱۲۰۹ھ۔

۱۰۔ شارؔ: عمدۃ الامراء کے مصاحب: مثنوی چار گلشن (منظوم چہار درویش) ۱۲۱۰ھ تا ۱۲۱۱ھ بہ مقام قادر نگر عرف تنجاور لکھی گئی۔

۱۱۔ ملک الشعراء غلام اعزالدین خان بہادر مستقیم جنگ نامیؔ مدراسی: مثنوی داغستانِ کلفت ۱۲۲۱ھ مادۂ تاریخ "داغِ طاہرہ آہ"، مثنوی مدینۃ الانوار ۱۲۱۳ھ، مثنوی نو بہارِ عشق (جس کو دوبارہ مولانا محمد یوسف کوکن عمری (مدراس یونیورسٹی) نے مرتب کر کے نوری پریس، مدراس سے شائع کیا)، مثنوی بلقیس و سلیمان، مثنوی نادر و دل الموسوم بہ گنج قدرت، مثنوی وفات نامۂ نبی الموسوم بہ مدینۃ الانوار (۱۲۲۵ھ کے قبل) مثنوی بہارستانِ عشق یا لیلیٰ مجنوں، مثنوی شیریں خسرو، قصۂ بنارس اور نظم نامۂ خواب۔ نامی کو عمدۃ الامراء نے سوداؔ، آبروؔ، مرزا مظہر جانِ جاناں اور میر سوزؔ پر ترجیح دی۔

۱۲۔ سید برہان خان ہانڈی برہانؔ ترچناپلوی: مصنفِ تزکِ والاجاہی، مثنوی طوطی نامہ ۱۲۳۸ھ سے پہلے لکھی گئی اور منشآت بے نظیر بھی آپ کی تصنیف ہے۔

۱۳۔ غلام محی الدین علی خان شائقؔ مدراسی: مثنوی ہندی مسمّیٰ بہ رشکِ بہشت ۱۲۴۹ھ سے پہلے لکھی گئی۔ اور روضۂ قدسیاں بھی آپ کی تصنیف ہے۔

۱۴۔ سید ابو سعید طیب خان والاؔ مدراسی، تلمیذ باقر آگاہ: مثنوی بحرِ غم، مثنوی آیۂ رحمت ۱۲۵۰ھ سے پہلے لکھی گئی۔

۱۵۔ محمد اسلم خان شایاںؔ آرکاٹی: مثنوی گدازِ دل، مثنوی ظفر نامہ ۱۲۲۴ھ سے پہلے کی تصنیف ہے۔

۱۶۔ سید احمد راغبؔ مدراسی: راغب مادۂ تاریخ ولادت ۱۲۰۳ھ: مثنوی ساقی نامہ، فراق نامہ ۱۲۶۹ھ سے پہلے لکھی گئی۔

۱۷۔ تاج الامراء امیر الملک ذوالفقار الدولہ محمد علی حسین خان بہادر ظفر جنگ ماجدؔ مدراسی (تلمیذ باقر آگاہ) نے بھی ۱۲۱۶ھ سے پہلے ایک مثنوی کہی تھی جو زیرِ تحقیق ہے۔

۱۸۔ اٹیمہ آرکاٹی: مثنوی گلبنِ مہرخاں ۱۲۶۸ھ مثنوی گلشنِ شاداں، اور مثنوی گلشن مہوشاں ۱۲۷۰ھ، اور نسب نامہ (قلمی) اٹیمہ محمد عبدالرحمٰن شاکر مدراسی مصنف "اعجازِ عشق" کی دادی تھیں۔ شاکر مدراسی کا نام نقادوں نے ڈاکٹر اقبال کے دوش بدوش لیا ہے۔ اٹیمہ کی مثنویوں کو میر حسن، مصحفی، جرأت اور دیا شنکر نسیم کی مثنویوں کے مقابلہ میں پیش کیا جاسکتا ہے۔ "مثنوی گلبنِ مہرخاں" میر تقی میر کی مثنوی "دریائے عشق سے ملتی ہے" یا "طالب و موہنی" (تصنیف سید محمد والا آرکاٹی) سے ماخوذ ہے۔

۱۹۔ محمد آرکاٹی: مثنوی اسرارِ عشق، ۱۲۲۵ھ

۲۰۔ شاہ محمد عزالدین دید آرکاٹی: مثنوی مختصر ۱۲۲۷ھ کے بعد لکھی گئی۔

۲۱۔ غلام محمود حسرت آرکاٹی: مثنوی ریاض السیر ۱۲۴۷ھ تقریباً بات ہزار اشعار پر مشتمل ہے۔

۲۲۔ سید شاہ عبدالخالق قادری خلق مدراسی: کی مثنوی در رسم بری و شب گشت ۱۲۷۸ھ مطبوعہ مظہر العجائب، مدراس۔ یہ مثنوی "شمع محفلِ سخن" (مادۂ تاریخ کتاب ہے) ہیں درج ہے۔

۲۳۔ سید سلطان محی الدین سالک مدراسی: مثنوی نفحات الشہادت، ۱۲۸۰ھ۔

۲۴۔ غلام محی الدین رجا تنہ پاتوری: قصۂ تمیم الانصاری المعروف بہ اسمِ تاریخی "ساغرِ زیبا" ۱۲۸۱ھ مطبع نامی، مدراس۔

۲۵۔ حاجی محمد نجف علی خان بہادر: مثنوی خزانیہ اور مثنوی بہاریہ، ۱۸۷۱ء مطبع مدراس

۲۶۔ شہر استاد حضرت شاہ محمد صادق الحسینی چشتی القادری شریف مدراسی: مثنوی شامِ غربت (ذکرِ مدراس مصیبت اساس) مثنوی وفات نامۂ نبی، مثنوی روبائے صادقہ اور مثنوی گلزارِ شریف ۱۲۹۲ھ مطبع شرقیہ طلسم حیرت، مدراس، حضرت شریف مدراسی نے دیوانِ غالب کے جواب میں اپنا بلند پایہ دیوان بھی شائع فرمایا ہے، جو غالب کی تمام زمین پر مشتمل ہے۔

۲۷۔ غلام حسین باقی مدراسی: مثنوی ہندی ۱۲۸۵ھ سے پہلے لکھی گئی۔

۲۸۔ منشی غلام احمدی تخلص احمدی مدراسی: مثنوی غم نامہ (مثنوی بحرِ غم تصنیف ابوطیب والا کا اردو ترجمہ) ۱۲۶۹ھ سے پہلے۔

۲۹۔ نادر مدراسی: مثنوی رشکِ قمر و مہ جبیں۔ ۱۲۲۹ھ سالِ تصنیف۔ نادر مدراسی شاہزادہ مرزا علی بخت اظفری تیموری گورگانی کے ارشد تلامذہ میں سے ہیں۔

۳۰۔ افضل خان لذتی مقیم مدراس: مثنوی چندر بدن مہیار

۳۱۔ میر مرتضےٰ منزوی ویلوری: مثنوی در شناخت خطوطِ دست و پا، مثنوی قصہ شحنہ و بلخ۔

۳۲۔ مستعان مدراسی: مثنوی باغِ ارم، ۱۳۰۱ھ ترجمہ مثنوی مولانا روم مکمل۔ فدوی لاہوری

نے بھی مثنوی روم کے ترجمہ کی کوشش کی تھی، مگر نصف سے آگے بڑھ نہیں سکے۔ مستعان کی مثنوی مطبع نظام المطابع مدراس میں طبع ہوئی۔

۳۳۔ مولانا مولوی سید شاہ وجیہ الدین قادری آصف مدراسی: مثنوی آصفی ۱۳۰۲ھ مطبع نظام المطابع مدراس

۳۴۔ نواب تجمل حسین خان بہادر ایمان گوپاموی مقیم مدراس: مثنوی اشتیاق نامہ، ۱۲۰۱ھ مطبع غوثیہ، مدراس

۳۵۔ امتہ الحی مبشر النساء بیگم حیا بنت ایمان گوپاموی و خواہر محبوب پاشا محبوب مدراس: مثنوی حلیۂ مبارک، ۱۹۴۰ء۔ مدینہ پریس، مدراس۔

۳۶۔ مولانا مولوی مفتی سید عبد العلام علام ویلوری: کے نعتیہ دیوان "اعجازِ کلام" میں بھی چند مثنویاں 'مولود النبیؐ'، معجزۂ احیار، سراپائے رسولِ انام، شفاعت نامہ شامل ہیں۔

۳۷۔ عبد اللہ بیگ نشتر آمبوری: مثنوی مرآتِ عشق (قلمی) غالباً ۱۲۰۵ھ میں لکھی گئی ہے۔

۳۸۔ پلی محمد ابراہیم تدبیر آمبوری: کے مجموعہ ہائے کلام "فروغِ دل" اور "گلزارِ رحمت" میں کئی مثنویاں شامل ہیں۔ یہ مجموعے ۱۹۲۱ء سے قبل شائع ہوئے ہیں۔

۳۹۔ الحاج خطیب قادر بادشاہ باشاہ وانمباڑی: مثنوی قصۂ انوارِ سہیلی (قلمی) ۱۳۱۴ھ

۴۰۔ فصیح اللسان گنڈ عبد القادر شاکر وانمباڑی: مثنوی نالۂ شاکر ۱۳۱۵ھ اور مثنوی گلزارِ شاکر (قصۂ چندر بدن مہیار) ۱۹۰۸ء/۱۳۲۶ھ مطبع شوکت الاسلام بنگلور۔ شاکر نے قصۂ چندر بدن مہیار کے سہارے مسائلِ تصوف کا انکشاف دلآویز پیرائے میں کیا ہے۔ آپ کی شاعرانہ صلاحیت کا اعتراف خود داغ دہلوی نے کیا ہے۔ اور حیدر آباد کے فرماں روا نے مہرِ خاص ثبت کر کے والا نامہ سے سرفراز فرمایا۔

۴۱۔ سعد الدین سعد مدراسی: مثنوی سعد، ۱۳۲۵ھ سے پہلے مطبع نامی مدراس میں چھپی۔

۴۲۔ فرحت ترچناپلوی: مثنوی موسوم بہ صوفیانہ مناجات، و عاشقانہ خیالات۔ مطبع نامی مدراس فرحت کی شاعرانہ صلاحیت کا اعتراف ڈاکٹر اقبال اور حسرت موہانی نے کیا ہے۔

۴۳۔ حضرت سید شاہ خواجہ عبد الغفار حسینی قادری چشتی مسکین مدراسی: مثنوی کنزِ مرغوب ۱۳۲۳ھ (مطبع نامی۔ مدراس)

۴۴۔ محمد صفدر حسینی مہکری: مثنوی بہارِ ہند (دکٹوریہ سے متعلق) ۱۳۱۷ھ در مطبع ثمر قیہ طلسم حیرت، مدراس۔

۴۵۔ نواب رؤف احمد خان بہادر پرتو مدراسی تلمیذ شریف مدراسی : مثنوی حرزِ جاں ۱۳۲۷ھ مطبع رزاقیہ، مدراس ۔ (دیوان غالب کے جواب میں پرتو نے اپنا ایک دیوان شائع کیا ہے۔ جو غالب کی تمام زمینوں پر مشتمل ہے۔)

۴۶۔ علی بخش مدراسی : مثنوی بی بی مریم ۔ ۱۳۲۸ھ مطبع فردوسی مدراس

۴۷۔ مثنوی قصۂ عالم پناہ ۔ مطبع نامی مدراس ۔ مصنف کا نام زیرِ تحقیق ہے۔

۴۸۔ مدراس کے عوامی شاعر عبدالغنی شجاع مدراسی : مثنوی کولم شریف ۔ ۱۹۳۰ء سے پہلے شائع ہوئی۔

۴۹۔ محی الدین حسین خان تسنیم مدراسی : مثنوی وصال نامہ ۔ مطبع ہدایت ۔ مدراس۔

۵۰۔ مولانا حکیم شاہ محمد اسماعیل شرف ویلوری : مثنوی داستانِ جواب حلب یا داستانِ راستان (قلمی)

۵۱۔ مولانا ضیاء الدین احمد امانی پلیگنڈہ (مدراس) : مثنوی گلشنِ سیرتِ کامل ۱۳۶۷ھ م ۱۹۵۰ء مطبع برقی اردو پریس بنگلور ۔ امانی کی شعریت کا اعتراف جوش ملیح آبادی اور خواجہ حسن نظامی نے کیا ہے۔

۵۲۔ علامہ غضنفر حسین شاکر ناکطی : مثنوی ساقی نامہ ، نامکمل۔

۵۳۔ باگی عبدالقادر دانش ذازی آمبوری : مثنوی آپ بیتی ۔ نامکمل ہے۔

۵۴۔ اڈوکیٹ نواب محمد محمود مدراسی : نبیرۂ پرتو مدراسی : مثنوی رحمۃ للعالمین ۔ ۱۹۶۴ء مدینہ پریس مدراس۔

۵۵۔ ویپا عبدالرزاق پاشا کاوش بدری آمبوری : مثنوی قبلہ نما ۔ ۱۹۶۵ء مدینہ پریس ۔ مدراس۔

ان مثنویوں کے علاوہ اور مختلف مثنویاں یہاں رائج ہیں ۔ مثلاً عاقل نظر بند، نور نامہ، ہگسر نامہ دلہن نامہ، کلمہ نامہ، شمائل نامہ، چکّی نامہ، عہد نامہ، لوری نامہ، سکرات نامہ، چار کرسی اور دعائے نور وغیرہ تامل ناڈو کی تخلیقات ہیں ۔ یہاں فارسی میں کئی مثنویاں مختلف عہد میں ملتی ہیں، مگر ہم نے اردو مثنویوں کو زیادہ ترجیح دی ہے بعض مثنویوں کے سال تصنیف مشتبہ ہونے کی وجہ سے سن تصنیف نہیں لکھا گیا ہے ۔ مذکورہ مثنویوں میں چند فارسی مثنویاں بھی ہیں۔

(مذکورہ بالا مثنویوں کا تفصیلی جائزہ (پچاس سال پہلے) حضرت کاوش بدری اور حضرت راز امتیاز نے لیتے ہوئے ایک کتاب بنام ''افق تاب'' ترتیب دی تھی ۔ امتدادِ زمانہ نے اس کی اشاعت کا موقع ہی نہیں دیا، اور ترتیب شدہ مسوّدہ بھی پتہ نہیں دیمک کی غذا ہوا ہے یا کسی کے ہاتھ لگا ہے ۔ افسوس ! صد افسوس !!)

# ٹمل ناڈو کی چند طویل نعتوں اور منظوم سیرتوں کا انفرادی جائزہ

# وفات حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

## حضرت صادق الحسینی چشتی القادری شریف مدراسی

شاہ محمد صادق الحسینی چشتی قادری شریف الشعراء شریف مدراسی کے متعلق راقم نے اپنی تصنیفات میں بہت کچھ لکھا ہے۔ اس کا اعادہ یہاں غیر ضروری سمجھتا ہے۔ بہر حال ایک مختصر خاکہ یہاں پر پیش کرنا لازمی ہے۔

حضرت شریف مدراسی کے والد کا نام حضرت مولانا غلام محی الدین نحیفؔ تھا۔ آپ کو عربی فارسی زبانوں پر بھر پور دسترس حاصل تھا۔ فارسی میں ''صرف ونحو'' پر حضرت موصوف کی کتاب ''چار چمن قانون'' ایک کارنامہ کی حیثیت رکھتی ہے۔

ٹمل ناڈو میں ''شہر استاد'' شریف مدراسی کی وہ شاعرانہ عظمت رہی ہے جو دلی میں مرزا غالبؔ کی تھی۔ شریف مدراسی کا آہنگ اس دور کے ہم عصر شعراء کی آواز سے بالکل جداگانہ تھا۔ شریف کی ذہنی وفکری پرواز غالبؔ کی طرح بہت اونچی تھی۔ شریف کی مشکل پسندی ان کے مزاج کو سمجھنے میں بڑی مدد دیتی ہے۔ شریف کے کلام کے مطالعہ سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ انہیں فارسی زبان، اس کے محاورات، الفاظ کے دروبست، تراکیب وتلازم پر کس قدر عبور حاصل تھا۔ شریف کی بعض غزلوں کا آہنگ تو بالکل غالبؔ سے ملتا جلتا ہے۔

شریف کی بلند پایہ شخصیت ایک ایسا سرچشمۂ فیض تھی کہ جس سے تشنہ دامان ادب نے بھر پور استفادہ کیا۔ شریف صوفی منش، خوددار، غیرت منداور ایک نعت گو شاعر تھے۔

حضرت شریف مدراسی نے تقریباً اردو شاعری کی ہر صنف میں طبع آزمائی کی ہے نعت گوئی میں بھی آپ نے اپنے سچے اور پرنور عقیدے کے ذریعے ایک دور کو متاثر کیا ہے۔ آپ نے منقبتیں بھی بے شمار کہی ہیں۔ اپنے دور کے قارئین میں شریف مدراسی نے نسوان قارئین کو نظر انداز نہیں کیا ہے۔ خاص انہیں کے لئے لگتا ہے شریف نے اپنے معیار سے نیچے اتر کر نعت اور منقبتی کلام لکھا ہے۔ ان کا مقصد خواتین کی ذہنی تربیت ہی تھا۔ کہا جاتا ہے کہ اس دور میں مدراس کے ہر گھر میں شریف مدراسی کا لکھا ہوا نعتیہ اور منقبتی کلام بلا ناغہ تقریبات میں پڑھا جاتا تھا۔

ذیل میں حضور اکرمؐ کے زندگی کے آخری ایام اور آپ کی وفات کا شریف مدراسی نے بہت سادہ اور سہل زبان میں نقشہ کھینچا ہے۔ اس سہل انداز میں بھی شریف نے فن شاعری کی بعض خصوصیات کو نظر انداز نہیں کیا ہے۔ چونکہ یہ عوام کی زبان میں کہی گئی نظم ہے اس لئے اسے اس حیثیت سے بھی پڑھا جاتا ہے تاکہ ان کے دور کی نسوانی زبان کا صحیح پتہ چلے۔ راقم نے شریف کی طویل نظم کے صرف چند بند (جو مسدس کی شکل میں ہیں) منتخب کئے ہیں۔ اس انتخاب میں بعض جگہ تسلسل ٹوٹا ضرور ہے، مگر ایک صحیح نقشے کو کہیں مجروح ہونے نہیں دیا گیا۔ انشاء اللہ کبھی موقعہ ملے گا تو شریف مدراسی کی یہ پوری نظم جو ''ولادت ووفات حضور اکرمؐ'' کے موضوع پر ہے قارئین کے مطالعے کے لئے پیش کرنے کی سعادت حاصل کروں گا۔

اے چشم ابر تر کی طرح اشکبار ہو　　اے خامہ میرے آنکھوں کے مانند زار ہو
ہاں اے زبان تو مثلِ قلم دل فگار ہو　　نزدیک ہے کہ حشر میں تو آشکار ہو
ہلتا ہے عرش ارض و سماں تھرتھراتے ہیں
دنیا سے آج احمدِ مختار جاتے ہیں

امت کے سرپرست کا سید کا کوچ ہے　　سر پیٹو آج رسولؐ مجد کا کوچ ہے
دونوں جہاں کے صاحب مسند کا کوچ ہے　　چلاتے ہیں علیؑ کے محمدؐ کا کوچ ہے
ہوتا ہے دفن گنج نبوت زمین میں
چھپتا ہے آفتابِ رسالتؐ زمین میں

یعنے نبیؐ کو جب خبر موت آچکی　　فرمایا آپؐ نے کہ قضا منہ دکھا چکی
اورزیست ہاتھ باندھے ہوے دور جاچکی　　تقدیر سرگشتہ جدائی سنا چکی
رخصت جہاں سے بندۂ عجز وصفا کی ہے
سرکار میں خدا کی طلب مصطفےٰؐ کی ہے

ہاں کلمہ گو یو کوچ ہمارا ہے الوداع　　تم سے جدائی آج گوارا ہے الوداع
حافظ خدا مدام تمہارا ہے الوداع　　حکمِ خدا سے مجھ کو نہ چارا ہے الوداع
تم سے ملونگا عرصۂ امید وبیم میں
دیتا ہوں تم کو حفظِ خدائے کریم میں

مسجد سے گھر کو آئے شہنشاہِ انبیاءؐ　　تپ چڑھ گئی حضور کو اور درد سر ہوا
میمونہ کے مکان سے اصحابِ باوفا　　پہنچادئے حضور کو نزدیکِ عائشہ
ہر اک غمِ رسولؐ میں دیوانہ ہوگیا
گھر سارا عائشہ کا عزاخانہ ہوگیا

ہجرِ پدر میں جان کو کھوتی ہے فاطمہؑ　　منہ دیکھ دیکھ باپ کا روتی ہے فاطمہؑ
دامن کو آنسوؤں سے بھگوتی ہے فاطمہؑ　　سلطانِ کائنات کو کھوتی ہے فاطمہؑ
ارض وسماں میں شور ہے ہر دل ملول کا
لو آج سر سے اٹھتا ہے سایہ رسول کا

بے حد بخارِ جسمِ رسولؐ اممؐ میں تھا　　باقی نہ ہوش بادشہِ محترمؐ میں تھا
امت کے پیشوا کا ہر اک فرد غم میں تھا　　سب رو رہے ہیں شور قیامت حرم میں تھا

کہتے ہیں یوں حسینؑ و حسنؑ ہاتھ جوڑ کر
نانا نہ ہم سے جائیو یوں منہ کو موڑ کر

حضرت کو تین روز تلک سخت تھا بخار
بے ہوش تھے کسی کی خبر تھی نہ تھا قرار
مسعود ہاتھ باندھ کے کہتے تھے بار بار
ہے عرض اے امامِ رسل خاص کردگار
جرأت اگر معاف ہو مجھ پر قصور کی
کچھ تو بیان کیجئے حالت حضور کی

کہنے لگا یہ برج رسالت کا آفتاب
کیا بولوں میرے جان پر صدمے ہیں بے حساب
بے تاب ہوں کسی کو نہ آئیگی اس کی تاب
لاریب خلق میں مصیبت ہے لاجواب
راضی ہوں اس پہ مجھ پہ جو کچھ اضطراب ہو
لیکن نہ میرے امتیوں پر عذاب ہو

ہاں مومنوں نبیؐ کا بیان وفات ہے
آغاز یاں سے ذکر شہ کائنات ہے
برپا ہے حشر منہ میں قیامت کی بات ہے
واللہ آج دن مری نظروں میں رات ہے
جینے سے ہاتھ ختمِ رسلؐ نے اٹھالیا
دیوڑھی پہ آپ کے ملک الموت آچکا

لکھا ہے واقعہ کتب نامدار میں
فرقِ رسولؐ دیں تھا علیؑ کے کنار میں
جوش و خروش تھا خاصۂ پروردگار میں
برپا تھا روزِ حشر صغار و کبار میں
ہر اک کے دل پہ داغ تھا حضرت کے فوت کا
پیشانیٔ نبیؐ پہ پسینہ تھا موت کا

فرمایا آنکھ کھول کے حضرت نے یا علی
دکھ دو نہ فاطمہؓ کو کہ یہ ہے جگر جلی
ان کو ستاؤ گے تو نہیں بات یہ بھلی
ہوگی مزار میں مجھے واللہ بے کلی
یہ بقیہؓ رسولِ خدائے قدیر ہے
ہاں ہاں یہ نورِ چشم و بشیر و نذیر ہے

کی عرض فاطمہؓ کہ قربان بابا جان
بتلاؤ روزِ حشر ملوگے کہاں کہاں
بولے کہ پلِ صراط پہ اے راحتِ رواں
صرفِ دعائے امتِ عاصی رہونگا ہاں
آسان ان پہ معرکۂ کردگار ہو
امت کا پلِ صراط سے بیڑا ہی پار ہو

دستک کسی نے دیوڑھی پہ دی ان کے آن کر دوڑی ہوئی بتول گئیں لینے کو خبر
کی عرض آکے پیش شہنشاہِ بحروبر اعرابی ایک در پہ کھڑا ہے بہ کرّ وفر
کہتا ہے منتظر ہوں میں حکم حضور کا
کہیے رسولِ حق سے کہ آیا ہوں دور کا
فرمایا شاہؐ ہے ملک الموت ذی شعور اے فاطمہؑ یتیم کریگا تجھے ضرور
لیجائیگا جہان سے وہ مجھ کو بے قصور بھیجا ہے اس کو میرے لئے خالقِ غفور
لاشے پہ میرے تجھ کو گھڑی میں رلائیگا
ازواجِ طاہرات کو بیوہ بنائیگا
فرمایا شاہؐ نے ملک الموت کو بلاؤ دیوڑھی پہ منتظر وہ ہمارے ہے جلد لاؤ
حکمِ خدا سے آیا ہے مجھ پاس لے کے آؤ نزدیک وقت آگیا عرصہ نہ اب لگاؤ
سینے میں دم ہر ایک کا ہیبت سے رک گیا
مجرے کو آکے قابضِ ارواح جھک گیا
کہنے لگا کہ تابع فرماں ہوں آپ کا گر حکم ہو تو قبض کرو روح پر ضیا
فرمایا شاہؐ نے ملک الموت ٹھیر جا آتے ہیں جبرئیل تو وقفہ تو کر ذرا
لب پر خداخدا ہے نہ کچھ اور ذکر ہے
گر فکر ہے تو امتِ عاصی کی فکر ہے
کی عرض جبرئیل نے اے خاصۂ جلیل کہتا ہے حق کہ میں تری امت کا ہوں کفیل
میں تیرے کلمہ گویوں کو ہونے نہ دوں ذلیل گرتو نہیں میں انکا ہوں ہر حال میں وکیل
پرداخت ہے بہت ترے امت کے حال کی
سوگند ہے مجھے میرے عزوجلال کی
جنت میں جب تلک تری امت نہ ہو رواں کیا دخل ہے کسی کا کہ ہو داخلِ جناں
منظور ہے خوشی تری مجھ کو ہر ایک آں بخشونگا میں گناہ بھی اس کے تمام ہاں
امت پہ مہربان میں ہردم ضرور ہوں
ہے وہ گناہگار، میں ربِّ غفور ہوں

غل پڑھ گیا کہ سیدِ والا گذر گئے    چشمِ چراغ یثرب و بطحی گذر گئے
آرام جانِ آدم و حواؑ گذر گئے    تھا شور فاطمہؓ کا کہ بابا گذر گئے
ملکر ہراک ملک نے غم و اضطراب سے
نہلادیا حضورؐ کو کوثر کے آب سے

مرقد میں جب کہ سب نے نبی کولٹادیا    دیکھا کہ ہلتے ہیں لب پرنور مصطفےؐ
قربان لطف مکرمتِ شاہ انبیاء    کان ایک نے قریب جولایاتویوں سنا
وردِ زبان امت عاصی کا نام ہے
امت کے بخشوانے کا قصہ تمام ہے

یارب برائے عزتِ سلطان انبیاءؐ    یارب پئے شفاعتِ شاہنشہ ہداؐ
یارب پئے ریاضتِ سرتاج دوسراؐ    ہو خاتمہ بہ عزت وحرمت ہرایک کا
انجام پڑھنے والوں کا لو اب بخیر ہو
حصے میں سننے والوں کو جنت کی سیر ہو

ہر ایک کو نبیؐ کی شفاعت نصیب ہو    آلِ نبیؐ کا دامنِ دولت نصیب ہو
دونوں جہاں کی ہم کوسعادت نصیب ہو    حضرت کی دین داروں کوالفت نصیب ہو
دن رات کلمہ گویوں میں یہ گفتگو رہے
حامی مدام بانئ محفل کا تو رہے

ہے عرض یہ شریفؔ کی اے میرے کردگار    بیڑا ہومیرا نزع کے صدمے سے صاف پار
وردِ زباں ہو نامِ رسولؐ فلک وقار    کہتا رہوں فقط یہ دمِ نزع بار بار
یا ختم الانبیاءؐ تو نظر کن بہ حالِ من
اے شافعِ جزا تو نظر کن بہ حالِ من

• •

# عبدالغفار شاہ مسکین کی تصنیف "دیوانِ مسکین"

عبدالغفار شاہ مسکین کی ایک طویل نعت "دیوانِ مسکین" مطبوعہ ۱۹۲۹ء سے ماخوذ ہے، جو مسدس کے فارم میں ہے۔ اس نعت میں شاعر کے بہت سے خیالات شریعت کی حدود سے باہر ہیں اور حضور اکرمؐ کی بشریت کو الوہیت کے قریب تر کر دیا گیا ہے۔ یہ بات بہت سے قاریوں کی پیشانیوں پر بل ڈال دے گی۔ مالک الملک و الملکوت کا خطاب تو اللہ کے لیے ہی مخصوص ہے مگر شاعر نے حضور اکرمؐ کو بھی یہ خطاب دینا گوارا کیا ہے۔

قرآنی کلمات: "قل اللّٰھم مالک الملک" اور "تبارک الذی بیدہ الملک" میں تخصیص بہ الوہیت واضح ہے۔

مسدس کی ابتدا یوں ہوتی ہے: ؎

مالک الملک و ملکوت ہو تم شہا　　　حق نے ایجادِ دو عالم تمہیں سے کیا
عشق اور حُسن کی آپ ہی ہیں بنا　　　آپ ہی باعثِ خلقِ ہر دوسرا
آپ ہی کے لیے ہیں یہ ارض و سما
یا نبی مصطفٰے[۱] یا نبی مصطفٰی

ذیل کے ان دو بندوں میں بھی شرعی حدود کی پامالی کا خوف لاحق ہوتا ہے: ؎

جلوہ گر آپؐ ہی سے ہے شانِ خُدا　　　آپؐ ہرگز خدا سے نہیں ہیں جُدا[۱]
اس کے شاہد ہیں روح الامینؑ برملا　　　نہیں موقعہ جو ہم بولیں صلّ علےٰ
حق اگر پوچھو تو ہے یہ سجدے[۱] کی جا
یا نبی مصطفٰی، یا نبی مصطفٰی

رازِ احمد احد کا جو پوشیدہ تھا　　　وہ تو معراج کی رات سب کھُل گیا
صاف پردے سے آنے لگی یہ صدا　　　آپ ہم ایک ہیں یعنی انت[۲] انا
تھا بشر کا گماں وہ تو جاتا رہا[۲]
یا نبی مصطفٰی، یا نبی مصطفٰے

---

ع[۱] دوسرا مصرعہ اور پانچواں مصرعہ ملاحظہ کیجیے۔

ع[۲] چوتھا مصرعہ اور پانچواں مصرعہ غور طلب ہیں۔

اس نعت میں کُل گیارہ بند ہیں۔ اکثر خیالات و مضامین قدیم خیالات و مضامین ہی کا اعادہ ہے۔ مگر نکھرتا ہوا اور سہل اندازِ بیان، اس نعت گوئی کا ایک مستحسن وصف ہی ہے۔ دقیق الفاظ کے استعمال سے حضرت مسکینؔ خود کو بچائے رکھتے ہیں۔ ایک دو جگہ ارکان دبتے ہیں یا زیادہ ہیں۔ ان سے قطع نظر یہ نعت فنّی برتری کی حامل ہے۔ اس کے ذیل کے بند ملاحظہ کیجیے : ؎

آپؐ ہی تو ہیں سلطانِ کُل انبیأ　　　آپؐ ہی کے لیے چتر لولاک کا
آپؐ نبیوں میں ہیں اشرف الانبیا　　　آپؐ کا حکم جو ہے وہ حکم خدا
بے نشاں کے نشانی تمہیں ہو بجا
یا نبیؐ مصطفےٰ ، یا نبی مصطفےٰ

آپؐ ہی تو ہیں مرأتِ[1] ذاتِ خدا　　　آپؐ کا کیوں نہ مشتاق ہو کبریا
آپؐ کی ذات منسوب حق سے بجا　　　گرچہ موصوف ہیں عبدہ سے تو کیا
جس نے دیکھا تمہیں اُس نے دیکھا خدا
یا نبیؐ مصطفےٰ ، یا نبیؐ مصطفےٰ

آپؐ کا کوئی[2] دو عالم میں ثانی نہیں　　　ہر کوئی واقفِ من رانی نہیں
اس سے افزوں خدا کی نشانی نہیں　　　دیدِ حق سے یہاں اسمِ خوانی نہیں
مظہرِ ذاتِ حق نورِ ارض و سما
یا نبیؐ مصطفےٰ ، یا نبیؐ مصطفےٰ

اس طرح کی معمولی فروگزاشت کو نظر انداز کر دیں تو ہمیں یہ اعتراف کرنا ہی پڑے گا کہ آپ کی یہ نعت، نعت گوئی میں اضافہ ہی کی حیثیت رکھتی ہے۔

اس طویل نعت کے باقی بند بھی ملاحظہ کیجیے : ؎

آپؐ آمر ہیں اور آپؐ مامور ہیں　　　آپؐ ہر وجہ سے حق کے منظور ہیں
آپؐ لاریب اللہ کے نور ہیں　　　اور احمد بلا میم مشہور ہیں
عبد و ربّ میں ہو برزخ تمہیں سرورا
یا نبی مصطفےٰ ، یا نبی مصطفےٰ

---

[1] مرأت کا لفظ بروزنِ فعلن کے وزن پر "قسمت" کی طرح ہونا چاہیے تھا نہ کہ فعلان کے وزن پر۔ صحیح تلفظ سے یہاں رکن دبتا ہے۔ [2] میں پہلے مصرعہ میں "کوئی" کا تلفظ غور طلب ہے۔

آپؐ ہی تو ہیں سردارِ حق و بشر — آپؐ ہی کا تو سایہ ہے نورِ نظر
آپؐ کو کس طرح سے کہوں میں بشر — دونوں عالم ہیں شاہد اسی بات پر
شانِ حق آپ سے ہے عیاں بر ملا
یا نبیؐ مصطفےٰ، یا نبیؐ مصطفےٰ

جسمِ اقدس کو جس کے کہ سایہ نہ تھا — اسکی یکتائی پہ ہے یہ دعویٰ بجا
نور کا جسم جب ہو تو سایہ کجا — جس کے سایہ کا ہے نام نور، ضیا[1]
مردمِ[2] چشم حق بیں ہیں شاید بجا
یا نبیؐ مصطفےٰ، یا نبیؐ مصطفےٰ!

مردمِ چشمِ حق بیں سے دیکھو ذرا — اپنی صورت پہ خالق نے پیدا کیا
جس کی صورت کا خود آپ عاشق ہوا — تذکرہ یاں دوئی کا نہیں دوسرا
عینِ حق ہے یہاں غیر بینی کجا
یا نبیؐ مصطفےٰ، یا نبیؐ مصطفےٰ

نورِ حق سے بنا جسم تھا آپؐ کا — جس کا سایہ زمیں پہ نہ ہرگز گرا
پتلیوں پہ سبھی نے لیا ہے اٹھا[3] — رنگ سایہ کا آنکھوں میں مسکینؔ بنا
ظلِ حق کیوں نہ بولیے انساں بھلا
یا نبیؐ مصطفےٰ، یا نبی مصطفےٰ!

عبدالغفار شاہ مسکینؔ ٹمل ناڈو کے قدیم شعرا میں اپنی ایک الگ پہچان رکھتے ہیں۔ نعت گوئی کی طرف آپ کا رجحان عام شعراء ہی کی طرح ہے مگر عقیدت کی پختگی، شریعت و طریقت میں ایک حد تک بُعد پیدا کرتی ہے۔ جیسا کہ ہم نے اس نعت میں ملاحظہ کیا ہے۔ صرف مسکینؔ تک ہی یہ بات محدود نہیں اکثر شعراء اس رَو میں حدود کے تعین سے چوک جاتے ہیں۔ شاید اسی لیے کہا جاتا ہے کہ نعت گوئی بہت ہی محتاط رہنے کے باعث دقیق بھی ہے۔ ••

---

[1] "سایہ" کی مطابقت میں واحد لفظ "ضیا" کافی تھا، مترادف "نور، ضیا" لانے پر فعل "ہے" غلط ہے۔ جمع "ہیں" ہونا چاہیے تھا۔ مترادف ہمیشہ "واوِ عاطفہ" کے ساتھ ہوتے ہیں۔

[2] "مردم چشمِ حق بیں" بمقامِ "مردمانِ چشمِ حق بیں" استعمال کیا گیا ہے۔

[3] مندرجۂ ذیل بند کے خصوصاً تیسرے مصرعہ کا جواب نہیں ہے ویسے یہ پورا بند ہی بہترین خیال کا غماز ہے۔

## حضرت علاّم ویلوری کی نظم "سراپائے رسولِ انام"

**حضرت علاّم ویلوری** کی طویل نظم (مسدّس کی صنف میں) "سراپائے رسول انام" مطبوعہ ۱۳۰۴ھ نعت گوئی میں ایک اضافہ کی حیثیت رکھتی ہے۔ موصوف نے اس نظم میں سراپائے رسول اکرمؐ کا بہترین لفظی خاکہ کھینچا ہے۔ الفاظ کی بندش اور صفائیِ اظہار پر داد دیے بغیر نہیں رہ سکتے۔

استعارات وتشبیہات دو پیکروں یا اشیاء کے درمیان تقابل کے لیے کارآمد ہیں۔ حضرت علاّم نے اس طرح کی تشبیہ کو بھی اور ادبی استعارات کو حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس پیکر و سراپا کی مدح میں استعمال کرنے کو کبھی گوارا نہیں کیا۔ اور ہر بندش میں اس طرح کے استعارات وتشبیہات کو رد کرتے ہوئے حضور اکرمؐ کے لیے اُن سے اعلیٰ تمثیلات کی اُمید کی بڑی حسین فضا پیدا کی ہے۔ اور اس طویل نظم کی یہی خوبی ہے جو پہلی بار کسی شاعر نے برتی ہے۔

حضرت علاّم ویلوری کا زمانہ بارھویں اور تیرھویں صدی ہجری کا درمیانی زمانہ ہے، جب کہ جنوب کے اس خطے میں کئی بلند فکر شاعر اور ادیب موجود تھے۔ جن میں شریف مدراسی، مسکین مدراسی، مہر ور صدیقی مدراسی، عاجزہ ترچناپلوی، عبدالقادر شاکر وانمباڑی، خطیب قادر بادشاہ بادشاہ وانمباڑی، مرغوب ترچناپلی اثیمہ آرکاٹی، ایمان گوپاموی جیسے اساتذۂ فن اردو شاعری اور اردو تہذیب وثقافت کی سرپرستی بھرپور طور پر کر رہے تھے۔ حضرت علاّم ویلوری کا رنگ بہت شستہ اور نکھرا ہوا ہے۔ اردو اور فارسی الفاظ کی آمیزش سے جو زبان بنتی ہے یقیناً دوآتشہ ثابت ہوتی ہے۔ اس بات کا حضرت علاّم ویلوری کو احساس تھا اور انھوں نے قندِ پارسی کو اردو کے لیے لازم وملزوم سمجھا۔ ان کے اشارے، کنائے، تشبیہات وغیرہ اسی ادب سے مستعار ہیں جو اُن کے ماحول میں پنپ رہا تھا۔ حضرت علاّم ویلوری یقیناً کسی بڑے استادِ فن کے شاگرد رہے ہوں گے۔ یہ رنگ ہمیں شریف مدراسی کے ہاں بھی نظر آتا ہے اور رضو ویلوری کے ہاں بھی۔ ممکن ہے ذہنی طور پر موصوف نے ان عظیم شعراء سے استفادہ کیا ہوگا یا یہ بھی ہوسکتا ہے کہ علاّم ویلوری سے مذکورہ بالا اساتذہ نے ادبی خوشہ چینیاں کی ہوں۔

نعت گوئی تو ہر ذی ایمان شاعر کا وصف رہا ہے۔ مگر اس کو بطور عبادت برتنے والوں کی تعداد بہت کم ہے۔ یقیناً علاّم ویلوری نے نعتِ رسولؐ پاک کو عبادت کی حدوں میں رکھ کر نعت گوئی کی ہے۔ "سراپائے رسول انامؐ" اٹھارہ بند والی اوسط طوالت والی نظم ہے۔ مگر اس کی اہمیت اس حیثیت سے زیادہ ہے کہ ایک خاص موضوع کے لیے اتنے سارے بند کہہ لینا اور وہ بھی پوری روانی کے ساتھ اپنے مافی الضمیر کو ادا کر لینا کوئی معمولی بات نہیں ہے۔

نثر میں شمائلِ رسول اکرمؐ کو کسی طرح سے بیان کر دیا جا سکتا ہے۔ مگر نظم کی صورت میں جب انھیں ایک معتبر شاعر بیان کرتا ہے تو حاضرین و سامعین پر ایک روحانی طرب اور کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ اس کا خاص مقصد داد حاصل کرنا نہیں ہوتا' بلکہ لوگوں کی روحانی طاقت کو دو بالا کرنا ہوتا ہے۔ جس طرح قصیدے یا مدح میں محض لفظی پروازہی ہوتی ہے' ویسی بات نعت میں نہیں ہوتی۔ یہاں الفاظ کو پورے احتیاط اور ادب کے ساتھ ادا کرنا پڑتا ہے علام ویلوری نے اسی ادبِ رسول کو ملحوظ رکھا ہے۔ آپ کی اس طویل نظم کے چند بند ملاحظہ فرمائیے اور طے کیجیے کہ آپ کس پایہ کے شاعر ہیں۔ اس طویل نظم کی نقل جابجا کرم خوردہ ہے جس کی وجہ سے کچھ غلطیاں رہ گئی ہیں۔

گردوں پہ میرا اخترِ فکر رسا ہے آج  دِل میں بھرا ہوا نورِ و ضیا ہے آج
ظلمت کا زنگ پیشِ نظر مٹ گیا ہے آج  دفترِ خدائی کا مرے آگے کھلا ہے آج
پروین خوشہ چیں مرے خرمن کا بن گیا
خورشید صاف گل ترے گلخن کا بن گیا

میرے سوائے عکسِ نبیؐ کون لے کے آئے  اور دل کے آئینے کو مصفّا بنا کے لائے
جب قوتِ مصوّرہ میرا وہ دیکھ پائے  بہزاد کیوں نہ میرے مرقع سے رشک کھائے
تصویر جو کھنچی ہے مرقع میں علم کے
مرآتِ دِل پہ عکس کیوں اس کا لیجئے

دستار سے نہ ہو ترے اک تارِ تاجِ شاہ  ہر چند لعل و زر سے مرصع ہے کلاہ
جوہر جواہروں کا دھتی ہے کہ خاکِ راہ  یا سامنے ضیا کے ہے اس کے یہ روسیاہ
سر پیچ کھائے جوتے میں زرتار کا ابھی
کھل جائے قلعی سلمہ و بلفیش کی سبھی

اس روئے مصحفی کا سرنامہ ہے جبیں  ابرو ہے خطِ بسملہ مدکشیدہ چیں
ناظر ہیں مردمک پے حفظِ حقوقِ دیں  وہ گوش حق نیوش نبیؐ کے ہیں سامعیں
منظور جس کو مس ہو یہ اس کو سنائیے
ہاتھوں کو جاں سے دھو کے وضو کر کے آئیے

تشبیہ مہرِ چرخ کو لوحِ جبیں سے کیا  اس نار کو مناسبت اس نورِ دیں سے کیا
روشن نہیں ہے وہ ترے نقشِ نگیں سے کیا  خادم کو ہمسری ہو شہِ مرسلیں سے کیا
ہم رنگ تیرے رخ کا ہو خود کیا مجال ہے
ذرہ اس آفتاب کا ہونا محال ہے

روشن سبق رہے میرا عین الیقیں سے اب　　اُتضو میں صرف و نحو ہوں طرزِ یقیں سے اب
ہو صادِ چشمِ شعر گر موریٔ عیں سے اب　　لے لوں میں تاجِ چشمِ غزالانِ چیں سے اب

گر چشمِ لطف سے نظرِ التفات ہو
ہر فردِ اُمّتِ آپؐ کا عین القضات ہو

مژگاں کو میں نے ناوک و خنجر کہا تو کیا　　ابرو کو تیغ و صارم و نشتر کہا تو کیا
چشموں کو مہر و چشمۂ کوثر کہا تو کیا　　بینی کو موج و نخلِ صنوبر کہا تو کیا

ان استعاروں سے کہیں تشبیہ ہوتی ہے
موقع پہ ہو نہ بات تو تنبیہ ہوتی ہے

وصفِ دہن میں لب میرا مصری کی ہے ڈلی　　در شاخِ گل تو بینی ہے شب جو کی اک کلی
خوشبو مشامِ جاں ہوئی ہوا اس پہ جب چلی　　ہے وہ ہوا سموم گر اُس گل کی بُو نہ لی

بینی نہیں ہے روئے منوّر کے سامنے
طوبیٰ بپا ہے چشمۂ کوثر کے سامنے

دِل کا کھلے شگوفہ تو کچھ بن سکے گی بات　　غنچہ کہوں دہن کو لبوں کو کہوں نبات
تنگِ شکر کی تیرے دہن پر ہوئی برات　　منہ کھولوں مدحِ پاک ہیں کیا میری کائنات

محبوب تجھ سا خلق میں شیریں دہن نہیں
گلشن میں کوئی طوطی بھی شکر شکن نہیں

مرجاں کہوں، عقیق کہوں، لعلِ لب کہوں　　جو کچھ سنا سو اس کو بیاں بہ لبِ لب کہوں
اس لب کی ہی کلامِ خدا کو طلب کہوں　　نسبت لبوں کو رنگ سے دنیا عجب کہوں

عیسیٰؑ ہو زندہ دِل جو ترا لب فدا رہے
میرے لیے بھی اے میرے صاحب بھلا رہے

دنداں کا استعارہ جو گوہر سے میں کروں　　مجروح اس کے سینے کو نشتر سے میں کروں
ہم رنگ تیرے دانتوں کو اختر سے میں کروں　　ہمسر خذف کو صیف کو جوہر سے میں کروں

موتی کا سینہ چاک ہے الماس کھانے سے
پُرآب ہے تیرے لیے آنسو بہانے سے

عارض سکندر آپؐ کا اور خضر سبز خط　　یا ریش ہے ہلال تو رُخ مہر کے نمط
قرأت میں سورہ نور کا کرتا ہوں بے غلط　　ہر شعر مدحِ رُخ بس تو تفسیر ہے غلط

روئے مصحفی ہے ریش حرفِ سیاہ ہے
حق کا کلام ریش و رخ دیں پناہ ہے

پنجے سے جاں بچانا ہے مرجاں کو اب محال
ہے سوزِ نارِ رشک سے جل کر پڑا ہے لال
چاہیے جو دستبوسِ حنا بھی ہو پائمال
گل رنگ ہاتھ تیرے تو ناخن ہیں ہلال

گویا شفق سے صاف نمودِ ہلال ہے
پر ماہتاب کب ترے رخ کی مثال ہے

انوارِ حق کا گنج وہ سینہ ہے خوش نہاد
مضمونِ شمس بازغہ ہے نے یکاد یاد
صدر کا درس دے مجھے اے میرے اوستاد
تا سورۂ شرحِ صدر کا پڑھنے سے دل ہو شاد

ہے سینہ یا خزینۂ اسرارِ حق ہے وہ
روشن ہے صاف مطلعِ انوارِ حق ہے وہ

نسبت کمر کی بال سے ہوگی وبالِ جاں
کہلاؤں تا نہ موئے دماغِ سخنوراں
مو ہے سترِ دقیق وہ میری روح اور رواں
جو ہے بسانِ رشتۂ جاں نازک و نہاں

یہ مظہرِ قدم کی کمر ہے عدم نہیں
عنقا کا اس کمر سے تقابل بہم نہیں

تیرے قدم کے فیض سے عالم ہے پائیدار
عرشِ بریں کا پایہ ہے جس پا سے استوار
چشمِ فلک کا سرمہ ہے جس پاؤں کا غبار
کیوں کر نہ خود ہلال ہو تیرا رکاب دار

سعدین کا قران ہے ترے ساعدین سے
تیرے قدم تھے راہِ خدا میں زہے بین سے

رفتار تیری کبک دری دیکھ بھولا چال
تجھ سے ہوا ہے پیش ہو اس کے ہے محال
ہو تجھ سے ہم قدم مہ و مہر و زوال
چھوڑے گا کج روی کو ترے آگے بد خصال

ہے کون آگے تیرے لے نورِ خدا چلے
بس ہم قدم تھے فقط ترے حکمِ خدا چلے

اسرارِ کشف ہوں جو کبھی چار آئینہ
کس نور سے ہوگا آپ سے دوچار آئینہ
پارہ ہوا اضطراب سے ہر بار آئینہ
ہوگا صفائے رخ دل افگار آئینہ

آئینہ دار کیوں نہ سکندر بنا رہے
جمشید جام ہاتھ میں لے کر کھڑا رہے

مطبوعہ نظم "اعجاز کلام" 1886ء

# حضرت کافی مدراسی "قصیدۂ بہارِ خلد"

قصیدۂ بہارِ خلد منظوم ترجمۂ شمائلِ النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم (۱۲۵۰ھ م 1842ء) خط نستعلیق میں لکھا ہوا ناچیز کی نظر سے گزرا ہے۔ کئی اعتبار سے یہ منظوم شمائل شریف قابلِ ستائش ہیں۔ اولین یہ کہ اس کی فہرستِ شمائل بھی بڑی شاہانہ نظم لگتی ہے اور پہلی بار اس طرح کی فہرست دیکھنے میں آئی ہے۔ ہر باب میں احادیث کی تعداد دکھائی گئی ہے۔ اس قصیدہ کی فہرست کا آغاز یوں ہے:

تعالٰے شانہ کا وصف کب لکھنے میں آتا ہے
کہ شکلِ بید باد، دہشت سے خامہ تھرتھراتا ہے
ذرا او برکتِ احمد زباں تک میرے آجا نا
کہ تیرے ہی وسیلے سے قلم کافی اٹھاتا ہے
سبب اس نظم کا بھی کچھ رقم کرنا مناسب ہے
کہ عالم کا کفیل کار کیا اسباب لاتا ہے
بہ دلِ اس کو سنو اے عاشقانِ صورتِ احمدؐ
سراپا سیدِ کونینؐ کا کافی سناتا ہے

اس طمطراق سے قصیدہ کا آغاز دیکھ کر فاضل شاعر کے لیے دل میں ایک جگہ پیدا ہوتی ہے اور پوری توجہ اس کے اشعار پر جم جاتی ہے۔ کافی کے اظہارِ بیان میں بلا کی روانی اور جاذبیت ہے۔ اسی طرح کی روانی اور جاذبیت ائیمہ ارکاٹی، بادشاہ وانمباڑوی اور ایمان گوپاموی کے ہاں بھی ملتی ہے۔ گمان ہوتا ہے کہ کافی ہندوستانی ادب کا گہرا مطالعہ کرتے رہے ہوں گے اور یقیناً انھیں کسی بڑے استاد کی رہبری حاصل تھی۔ افسوس کہ کافی سے متعلق زیادہ معلومات فراہم نہیں ہوئے ہیں اور تحقیق جاری ہے کہ ان سے متعلق کہیں سے کچھ مواد حاصل ہو اور اس کو ادبی دستاویز بنایا جائے۔ فی الحال ہمیں کافی کی نعتیہ شاعری پر نظر ڈالنی ہے۔ پہلے ہی کہا جا چکا ہے کہ حضور اکرم کے تعلق سے کہی جانے والی ہر بات نعت ہی کے زمرے میں آسکتی ہے، اس لیے کافی کے کلام کو نعت کے زمرے میں لینا ضروری ہوگیا۔

اب کافی کا فہرستی طریقہ ملاحظہ کیجیے۔ یہاں دو ایک مثالیں درج ہیں۔ قاری کو کتاب کی اہمیت کا پتہ چل جائے گا۔

| ہندسۂ صفحات کتاب | شعر کا مصرعۂ اولی | درمیان میں وصف النبیؐ | شعر کا مصرعۂ ثانی | ہر باب میں تعداد ہندسۂ احادیث |
|---|---|---|---|---|
| ۵ | مناسب ہے بہ دل سنکر اسے نقشِ نگیں کیجیے | باب ختم النبوۃ | یہاں سے تذکرہ مہرِ نبوت کا اب آتا ہے | ۸ |
| ۲۱ | یہ کس کے شوقِ گیسو نے کیا کافی کو دیوانہ | باب شعر النبی صلعم | کہ ہر دم وجد کے عالم میں زنجیریں توڑتا ہے | ۱۰ |

غرض ہر فہرستی شعر کے تحت قصیدہ "بہارِ خلد" مثنوی کے ڈھنگ سے آگے بڑھتا ہے اور 202 صفحات پر ختم ہوتا ہے۔

باب مَاجَاءَ خَلقِ رَسُولِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے تحت پہلے ایک حدیث پیش کی ہے اور اس کا منظوم ترجمۂ حدیث اس کے نیچے اپنے فہرستی شعر کو عنوان بنا کر پیش کیا ہے۔ فہرستی شعر اور متن کے اشعار الگ الگ بحروں میں ہیں۔ یہاں مثال کے لیے وہ حدیث اور منظوم ترجمۂ حدیث ملاحظہ کیجیے:

ح عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ یَقُولُ کَانَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیْسَ بِالطَّوِیلِ الْبَائِنِ وَلَا بِالْقَصِیرِ وَلَا بِالْاَبْیَضِ الْاَمْهَقِ وَلَا بِالْآدَمِ وَلَا بِالْجَعْدِ الْقَطَطِ وَلَا بِالسَّبِطِ بَعَثَهُ اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی اَرْبَعِینَ سَنَةً فَاَقَامَ بِمَکَّةَ عَشْرَ سِنِینَ وَبِالْمَدِینَةِ عَشْرَ سِنِینَ فَتَوَفَّاهُ اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی رَأْسِ سِتِّینَ سَنَةً وَلَیْسَ فِی رَأْسِهٖ وَلِحْیَتِهٖ عِشْرُونَ شَعْرَةً بَیْضَاءَ۔

عنوان کا شعر:

بدل اس کو سنوائے عاشقانِ صورتِ احمدؐ | سراپا سیّد کونین کا کافی سناتا ہے!!

ترجمۂ حدیثِ شریف:

روایت کی ہے یہ راوی انسؓ نے | نبیؐ کے یار ہمدم ہم نفس نے
کہ تھے حضرتؐ نہ قد آور نہایت | نہ تھے کوتاہ بھی ختم نبوت
میانہ وہ قد خیر الوریٰ تھا | درازی اور پستی سے جدا تھا
نہ بے غائت سپیدی رنگ میں تھی | ملیح محض تھی رنگت نہ ان کی
صباحت اور ملاحت دونوں پیدا | میانہ رنگ مثل قدّ و بالا
وہ فرقِ پاک پر موئے معنبر | بخولیدہ نہ سیدھے تھے سراسر
غرض وہ موئے اطہر آپؐ کے تھے | مبادی راستی جولیدگی سے
ہوئے چالیس سال جب کہ حضرتؐ | عطا کی حق تعالےٰ نے نبوت
مقیم مکّہ تھے پھر دس برس تک | برس دس پھر مدینہ میں تھے بے شک
ہوئی دنیا سے جو رحلت نبیؐ کی | تو عمرِ پاک پوری ساٹھ کی تھی
سپیدی موئے ریش و سر میں گو تھی | ولیکن بیس بالوں تک نہ پہنچی

اس طرح ایک ایک شمائل کے لیے مناسب احادیث اور منظوم تراجم کتاب کی اہمیت کو بڑھاتے ہیں اور روحانی مسرت میں اضافہ کرتے ہیں۔ حدیث کے ترجمہ میں کہیں بھی شاعر نے بیکار الفاظ کا سہارا نہیں لیا ہے۔

حضرت کافی نے سببِ تصنیف "قصیدۂ" "بہارِ خلد" جو لکھی ہے۔ وہ قاری کی نذر ہے تا کہ اس کتاب (قصیدہ) کی اہمیت کا وہ بھی اندازہ لگا سکیں۔

عنوان کا شعر: ؎

سبب اس نظم کا بھی کچھ رقم کرنا مناسب ہے | کہ عالم کا کفیل کار کیا اسباب لاتا ہے

متن کے اشعار: ؎

ذرا اے طالبانِ سیرِ احبار | سنو اب بندۂ کافی کی گفتار
کہ تھی مدت سے مجھ کو یہ تمنا | یہی تھا روز و شب مقصود اپنا
کہ کیجے نظم اخلاقِ نبیؐ کو | احادیثِ کتابِ ترمذی کو
نبیؐ کے جو شمائل کا بیاں ہے | محبوں کے لیے آرامِ جاں ہے
زبانِ ہند میں اس کو سناؤں | رُولاؤں عاشقوں کو اور ہنساؤں
رہی یک چند دل کی دل میں حسرت | نہ پائی آہ یہ اتنی فراغت
عدیم الفرصتی سے ہو کے ناچار | کیا جو مشورہ میں عقل کو یار
خرد نے یہ سنایا کوشِ جاں میں | فراغت غیر ممکن ہے جہاں میں
فراغت کا اگر طالب رہے گا | نہ پائے گا کبھی مقصودِ دل کا
غرض میں اب بنامِ حیّ قیوم | کتابِ ترمذی کرتا ہوں منظوم

اس طرح ایک طویل تمہید جو کئی اشعار پر مشتمل ہے لکھی ہے اور تمہید ان اشعار پر کی ہے: ؎

ہمیں اخلاصِ نیت دے الٰہی | کہ تا روزِ قیامت ہو رہائی
الٰہی واسطے خیر الوریٰ کے | ریا و شرک سے ہم کو بچالے

اس قصیدہ میں درمیان میں حسبِ موقعہ مثنوی کے اصولوں کے مطابق غزلوں کو پیش کیا ہے جو کہ اسی قصیدہ کی بحر میں ہے اور قصیدہ ایک غزل ہی کے اشعار پر ختم ہوتا ہے: ؎

بس اب کافی یہ ہنگامِ دعا ہے | کہ تو نظمِ شمائل لکھ چکا ہے
لکھا ہے وصفِ محبوبِؐ خدا کا | خدا کا فضل ہی تیرا صلہ ہے
عطا کر فضل و رحمت سے الٰہی | دلِ مشتاق کا جو مدعا ہے
درِ دولت سے تیری ربِّ متعال | کوئی سائل نہیں خالی گیا ہے
مجھے بھی تو نہ کر محروم و مایوس | غنی ہے آپ یہ بندہ گدا ہے
کیا جو نظم میں نظم احادیث | تو اب یہ بھی خدا سے التجا ہے

کہ جو بھولے سے کافی لکھ گیا ہے　　　کہ اس تقصیر کو بھی بخش دیوے

کہ بندے کی زباں عین خطا ہے　　　نہ پکڑے وہ خطا میری زباں کی

پیشِ نظر کتاب کے قاری کے لیے ایک نوٹ :

ترمذی کی شمائل شریف کو کافی کی منظوم تصنیف سہل اور جاذب بناتی ہے ۔ یہ تصنیف غیر عربی دانوں کے لیے ایک تحفہ تو ہے ہی۔ ادب کے ہر چھوٹے بڑے قاری کے لیے تسکین و فراغت کا سامان بھی مہیا کرتی ہے ۔فنِ نعت گوئی میں شمائل کی اہمیت اس لیے بھی زیادہ ہے کہ اس میں شاعر فکری غلو اور غیر حقائقی موضوعات سے بچ جاتا ہے ۔ اسی غرض سے راقم نے اس کا حوالہ یہاں دینا مناسب سمجھا تاکہ اربابِ نقد و نظر کی آرا کے لیے بھی راہیں کھل جائیں اور اہم باتیں قارئین کے روبرو آئیں ۔ •••

ص۱ حضرت کافی کا یہ مطبوعہ قصیدہ حضرت مولانا رضاء الحق آمری کے کتب خانہ کا ایک خزینہ ہے ۔

# نواب عبدالرحمٰن خان شاکر کی تصنیف "قصیدۂ اعجازِ عشق"

مختصر تعارف: نواب عبدالرحمٰن خان شاکر، خاندانِ والاجاہی کے چشم و چراغ تھے۔ ان کے والد خان بہادر نواب عبدالغنی خان امیر (ولادت ۱۲۵۹ھ م 1872ء) نواب انور الدین شہیر کی کی نواسی کے نواسے تھے، جو فارسی اور عربی کے اچھے شاعر تھے۔ آپکی والدہ محترمہ اردو کی مشہور شاعرہ اثیمہ آرکاٹی تھیں۔ اس طرح ایک شاعرانہ گھرانے میں شاکر ۱۲۹۷ھ م 1877ء میں مدراس میں پیدا ہوئے تھے۔ شاکر کو اپنے اعلیٰ حسب و نسب پر بڑا ناز تھا۔ اسی لیے اُن سے اس طرح کا شعر تخلیق پذیر ہوا۔

خسرو ملکِ معانی ہیں ہوں اور آباد مرے — کابل و کرناٹک و ایران کے تھے تاج دار

(۱) ماخوذ از "ٹمل ناڈو کے مشاہیرِ ادب"۔ تصنیفِ راقم: مطبوعہ 1999ء، ص: 331)

حضرت شمس العلماء، لسان الحکمت نواب عبدالرحمٰن خان شاکر مدراسی کا قصیدۂ "اعجازِ عشق" اور رباعیات، نظموں، مخمسوں، مسدسوں، مسبعوں، متسعوں، پر مبنی مجموعہ، احسانِ عشق ان کی بہترین شاعری کے آئینہ دار ہیں۔ جن ڈاکٹر اقبال، اکبر الہ آبادی، مولانا الطاف حسین حالی، مولانا سید امجد علی شہری مولوی سید حسین بلگرامی، مولانا شبلی نعمانی اور سید علی حیدر نظم طباطبائیؒ نے اپنے اپنے طور پر سراہا ہے۔

اعجازِ عشق میں جہاں کہیں حُسن یا حُسنِ ازل" کی طرف اشارہ ہے وہاں حُسن وجمالِ حضورِ پرنور سرورِ کائنات ہی کو ذہن میں رکھا گیا ہے۔ ازل سے ابد تک جو عشق کار فرما ہے وہ اسی نورِ مطلق و مظہرِ حق صلے اللہ علیہ وسلّم ہی سے عشق کا اعلان ہے گویا پورا قصیدہ "اعجازِ عشق" ایک ہی مظہرِ حُسن کو موضوع بنائے ہوئے ہے۔ مگر قاری کو ذہن میں فوری طور پر حُسن وعشق کا اصل راز اُس وقت تک نہیں کھلتا جب تک کہ وہ اپنی قرأت میں کلامِ شاکر کی سیر کرتے ہوئے اس مقام تک نہیں پہنچ جاتا، جہاں برملا حضرت شاکر نے "خاتمِ نبوت" "پیکرِ نورِ حق" و "جلوۂ ذاتِ بحت کے آئینہ کی طرف اشارہ کردیا اور اشعار میں آپ صلے اللہ علیہ وسلّم کے اسماء و اوصافِ گرامی کو برتا ہے۔

راقم نے قاری کے جذبۂ عشق و عقیدتِ رسولؐ کو تسکین پہنچانے کی خاطر آپ کے قصیدوں سے ایک انتخاب پیش کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔ ان اشعار کی تفہیم وتشریح و توضیح کی چنداں ضرورت نہیں۔ یہ تمام باتیں قاری کے فہم وادراک پر چھوڑ دی گئی ہیں۔

شکوۂ ساقی ہے بے جا وہ تو ہے بحرِ کرم — ظرفِ استعداد تیرا تنگ ہے اے جرعہ خوار
اک شئے بھی کب وجود و علم سے محروم ہے — نورِ اللہ و نبیؐ ہر ذرّے سے ہے آشکار

دیکھتے سنتے ہیں بے نا بُید چشم و گوش ہم
کیا صفاتِ حق نہیں ہوتے بشر سے آشکار

قطرۂ شبنم میں ہے جب نیّرِ اعظم کا عکس
کیا عجب گر میرے آئینے میں ہو تصویرِ یار

واہ کیا کہنا ترا اے جلوۂ حسنِ ازل
ہیں ترے لاکھوں شموس بازغہ آئینہ دار

علمِ ادریسی جدا ہے، علمِ تدریسی جدا
اللہ اللہ اُمّی وام الکتاب و ریگ زار

مان لے حق و رسولؐ و موت و بعث و قدر کو
دوزخِ دارین سے ہو جائے گا تو رستگار

حاتم و قارون نے افراط اور تفریط کی
دینِ قیّم نے کیا قائم سخاوت کا مدار

روشنی کیا چیز ہے گرمی ہے کیا سنیے مجھ سے سُن
یہ جنونِ عشق    شاطر، وہ فسونِ حسنِ یار

ارتقائے وحی پہنچا منزلِ مقصود کو
اب قیامت تک رہے گی دینِ اُمّیؐ پہ بہار

سورۂ والنجم پڑھ، روح القدس کو دیکھ لے
مرکزِ قوسین ہو جائے گا تجھ پر آشکار

سورۂ طٰہٰ سے ہے اعجازِ موسیقی عیاں
روحِ روحِ نغمہ ہوتی ہے مشکل بار بار

مذکورہ بالا اشعار قصیدہ میں جگہ جگہ سے لیے گئے ہیں۔ قاری کو یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ یہ تواتر میں ہیں اور جہاں بالراست حضورِ اکرم صلے اللہ علیہ وسلّم کی ذاتِ نُور ہی کو اُجاگر کرتے ہیں، ان اشعار کا تواتر حسبِ ذیل ہے :

کی نبیؐ نے کھوکھلی سرمایہ داری کی بِنا
پیٹتا ہے سینہ و سر آج بھی سرمایہ دار

حق پرستی آئی، زائل ہو چکا ظلمِ عظیم
مستیٔ توحید ہے کبریٰ ابنیّت کی بہار

قبلِ بعثت سب کہا کرتے تھے اُمّی کو امیں
بعدِ بعثت جاہلوں نے اس کے رکھے نام چار

شعب میں وہ مستقل تھا نام دیوانہ ہوا
سن کے قرآں سمجھے جاہل شعر ہے اس کا شعار

معجزے دیکھے تو ساحر کا لقب اس کو دیا
کاہنوں میں مخبرِ صادق کو کرتے تھے شمار

اس کے چاروں نام ہیں خود اس کے دعوی کی دلیل
کاش نادانوں پہ ہوتے ان کے اسرار آشکار

محو ہو جاتا وہ جب جانِ جہاں کی دید میں!
اس کا سایہ خاک پر پڑتا نہیں تھا زینہار

مہبطِ روح الامیں تھا دلِ رسول اللہؐ کا
نور اس کا تا ابد بے شک رہے گا برقرار

بول اس کا امِّ ایمن امِّ یوسف پی گئیں
ہو گیا امراضِ قلبی کا علاجِ پائیدار

اس کی عظمت مان لی اعدا نے سن کر اس کا حال
نورِ دلِ نجاشی و ہرقل کا تھا آئینہ دار

وفدِ نجراں پنجتن کو دیکھ کر تھرّا گیا
رعبِ حق سے منہ کو آتا تھا کلیجہ بار بار

کر دیا کچھ عذر اور اک شب کی مہلت مانگ لی
صبح کو دیکھا تو کیا دیکھا مباہل تھے فرار

اک مُسن بیوی پہ تھا قانع وہ تا پنجاہ سال
بعد ازاں تھا کل نکاحوں کا مصالح پر مدار

ازدواجی زندگی اس کی تھی نادر معجزہ
آج تک جبریلؑ اور عیسیٰؑ ہیں حیرت کا شکار

سن انسؓ اور زیدؓ سے کیفیتِ خُلقِ عظیم
اعتدال ایسا نہیں دیکھا کسی نے زینہار

پوچھ جانی دشمنوں سے فاتحِ مکّہ کا رحم
قاتلِ زینبؓ سے سن تھا عفو اس کا دل فگار

اس کی فطرت پر تھے عاشق صبر و عزم و فہم و جود
اس کی طینت میں تھے داخل صدق و شرم و انکسار

آسیا گردانیٔ معصومہ کی پروا نہ تھی !
اہلِ صفّہ کا خیال آتا تھا اس کو بار بار

دولت و سرداری و اعزاز کو ٹھکرا دیا
کہہ دیا عمو سے ہے تبلیغِ دیں میرا شعار

جتنے دُنیا میں مصائب تھے وہ سب اُس نے سہے
پائے استقلال اس کا ہر جگہ تھا برقرار

انقلابِ حیرت انگیز انقلابِ خیر خیز
کون لایا ؟ ایک اُمّی اک یتیمِ ریگ زار

ساکنانِ کرہ ہائے آسماں حیران تھے !
قادرِ قیوّم کو کرتے تھے سجدے بار بار

آئی یہ آواز وہ اُمّی نہیں بے کس نہیں !
ہے ہمارے علم و قدرت کا وہی گنجینہ دار

جتنے شعبے ہیں تمدن کے وہ سب ممنون ہیں
اس کے ارشادات کی وسعت ہے ناپیدا کنار

اس کے تابع جبرئیلِ عقل و اسرافیلِ عشق !
ایک کو غلبہ نہیں تھا دوسرے پر زینہار

صوتِ علمِ انا ہے کون احمدؐ کے سوا
جملہ اعیانِ دو عالم پر رہی ہے فیض بار

غار ہی میں سیر کر لی عالمِ لاہوت کی
بعد ازاں معراجِ ہاہوتی کی بھی دیکھی بہار

مظہرِ اکمل ہے وہ کوئی نہیں اس کا شریک
سیر کی جب نقطۂ وحدت کی تھا وہ ہوشیار

اس کی سیرت اس کی صورت اس کا لہجہ معجزہ
بخت بیدارِ صحابہ پر دل و جاں ہیں نثار

اس کی سیرت کا ہے ہر پہلو نمایاں آج بھی
نورِ مخفی ہے مگر ہیں اس کے مظہر آشکار

اس کے رشکِ حُسن سے جب پھٹ گیا قلبِ قمر
اپنی انگلی سے کیا اس نے علاجِ دل فگار

مان ہی جائے گا وہ ربِّ محمدؐ کو ضرور
دہری دانا اگر سیرت کو پڑھ لے آٹھ بار

اس کی اُمّت میں ہزاروں مجتہد پیدا ہوئے
اس کی اُمّت میں ولی ہیں بیحساب و بیشمار

مل گیا اُمّی کو علمِ اولین و آخرین
ہو گیا ظاہر کمالِ قدرتِ پروردگار

موت پر ایمان لانے کا مجوّز ہے وہی
سائنس اس کی حکمت ایماں کے ہیں برگ و بار

حضرتِ خاتمؐ کا اصلی کارنامہ مجھ سے سن
ہرم تعمیرِ تناسخ حلِّ جبر و اختیار

ہر گدا و شاہ کے اعدا بھی ہیں احباب بھی
کچھ دنوں کے بعد ہوتے ہیں اجل کا وہ شکار

ہے حیاتِ جاودانی حصّۂ خاصانِ حق!
دوست و دشمن ان کے رہتے ہیں ہمیشہ برقرار

ہیں نادر ہستیاں ایسی بھی اس دُنیا میں ہیں
سیکڑوں دشمن ہیں جن کے اور لاکھوں جاں نثار

سر خلیفہؓ سیزدہ معصومؑ مریمؑ و مسیحؑ — اولیا کا بادشاہ اور انبیا کا تاجدار
دشمنوں کی وجہ سے ہے روز افزوں انکی شان — ان کی عظمت سے ہے نمایاں صورتِ نصف النہار
اب زمیں پر آسمانی ایک ہی تو ہے کتاب — کون کر سکتا ہے اِس دعوے کو رد اے ہوشیار
چیخ اٹھا گوئٹے مسلم ہوں ہیں مسلم ہوں ہیں — حکمتِ قرآن کو سمجھا شاعرِ حکمت شعار
دیں مکمل ہو چکا شاہد ہیں قرآن و حدیث — روحِ نفسِ ناطقہ ہے دینِ اُمّیؐ پر نثار
عورتوں کو حق ملے بردوں کو آزادی ملی — صرف تقویٰ عزتِ دارین کا ٹھہرا مدار
اس نے ایسا سلسلہ قائم اُخوّت کا کیا — جس کا استحکام دُنیا میں رہے گا یادگار
زیدؓ کے بھائی بنیں جعفرؓ خدا کی شان ہے — قلبِ ماہیت ہوی قلبِ عرب کی آشکار
دو نکاح حضرت زینبؓ کو رکھ مدِّ نظر — دیکھ لے آنکھوں سے روحِ دینِ وحدت کی بہار
فوج کا سردار اسامہؓ کو نبیؐ نے کر دیا — گرچہ تھے اس میں ابوبکرؓ و عمرؓ سے نامدار
تھا قوی عہدِ اُخوّت مثلِ میثاقِ الست — حلمِ اُمّیؐ حلم کون کا تھا سراسر رازدار
ابنِ عبداللہ پر اللہ کو بھی ناز ہے — کیوں نہ ہو جب ساری دُنیا کا ہو وہ آموزگار
کارنامے ہیں یہ اس کے تھا جو اُمّیؐ و یتیم — قادرِ مطلق ہے آئینے سے اس کے آشکار
حمدِ حق کا حق ادا بندوں سے ہو سکتا نہیں — ہاں وہ کہہ سکتے ہیں تو احمدؐ کا ہے پروردگار

"احسانِ عشق" میں "الہامِ عشق"، "نیرنگِ عشق"، "فرتابِ خیال" کے عناوین سے آپ کی نظمیں بڑی کیفیت کے حامل اور وجد آفریں ہیں۔ جن کی طوالت یہاں راقم کو شمولیت کی اجازت نہیں دیتی۔ چند اشعار "الہامِ عشق" سے ملاحظہ فرمائیے: ؎

خاتم کو قربِ قرب یا اَوْ اَدْنیٰ — مَازَاغَ وَمَاطَغیٰ نتیجہ اس کا
اِنَّا اَعْطَیْنَا کی فتوٰحی ہے ضیا — لولاک کا ملزوم وَمَآ اَرْسَلْنَا
شاطرؔ کو گریۂ درِ آلِ عبا — اعجازِ الہام کیا دعائے زہراؓ

وہ سپرِ محیط اور وہ مرکز پہ قرار — محرم میرا[1] پرکار تھا مثلِ پرکار

---

[1] پیر و مرشد شاطرؔ قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین حضرت مولانا مولوی سید شاہ حسین قادری محرومؔ میلا پوری (جدِ امجد جناب حید رحسین راز امتیازؔ کرناٹک و ٹمل ناڈو کے ممتاز ترین صحافی' ادیب و نقاد و شاعر) نیز حضرت علامہ شاکرؔ نائطی کو حضرت محرومؔ سے خاص عقیدت تھی۔ آپ ہی سے مشورہ کرنے کے بعد حضرت شاکرؔ نے اور لیس کالج ویلور کی فارسی پروفیسر کی ملازمت ترک کر کے جامعہ دار السلام عمر آباد (ضلع شمالی آرکاٹ) میں شیخ الادب و تفسیر کی ملازمت کو قبول کیا تھا۔ راز امتیاز اور دخترِ حضرت شاکرؔ ازدواجی رشتہ میں بندھے تھے۔

العش ھو اللہ ہے راس الاسرار

ایک مخمس ملاحظہ کیجیے : ؎

وہ جاکے حرا سے دینِ فطرت لانا — وہ حکمت و فقہ کے بہانا دریا
وہ قیصر و کسریٰ کو دکھانا نیچا — کیا جانے کوئی یتیمِ اُمّی کیا تھا
جانِ عالم پہ جانِ شاکر ہے فدا

چند رُباعیات قارئین کی نظر ہیں : ؎

ممکن ہے ممتنع ہے واجب کی ثنا — عقل اول نے ماعرفناک کے کہا
جب وصف محمدؐ میں ہیں عقلیں عاجز — شاکر اللہ پاک کا کیا کہنا

---

بسمل سا رگِ جاں کو تڑپتے دیکھا — جب دل سے کبھی نام محمدؐ کا لیا
پتھر کے دلوں کو بھی اُچھلتے پایا — ترتیل سے جب کتابِ اُمّی کو پڑھا

---

اے رحمتِ حق ظہور تیرا جو ہوا — قائم ہوئی دُنیا میں اخوت کی بنا
توحید کی تہذیب کی تکمیل ہوئی — تو محسنِ کل، ختمِ رسل ہے بخدا

---

اے ختمِ رسل فداک اُمی و ابیؐ — تو سب سے بڑا مظہرِ اسمِ ہادی
کسی نے پائی ہے یہ فضیلت تیری — تیرے دریوزہ گر ہزاروں ہیں ولی

---

تاریخ میں جلوہ گر ہے سیرت تیری — باقی ہے کتاب اور خلافت تیری
موسیٰ، عیسیٰ، بدھ اور کشن کہتے ہیں — اے جانِ رسالت ہے رسالت تیری

فارسی میں بھی حضرت شاکر کی رباعیات ''احسانِ عشق'' میں شامل ہیں۔ مگر انھیں راقم یہاں ترک کرنے کی جرأت کرتا ہے۔

جہاں تک راقم کا علم اور مطالعہ ہے، ٹمل ناڈو کے شعراء میں قصیدہ میں حضرت شاکر کے علاوہ شاید ہی کسی اور شاعر نے نعت کو اتنا اونچا اٹھایا ہے۔ آپ کی زبان کی جمالیت اور عروسیت قدیم و جدید دور میں اقبال اور جوش کے بعد کسی اور شاعر کے ہاں شاذ و نادر ہی ملتی ہے۔ اسی لیے اکابرینِ ادب نے آپ کی پُر گوئی پر حرفِ آخر لکھ دیا ہے۔ •••

# نواب بیگم امۃ الحی مبشر النساء بیگم حیاؔ کی

## نعتیہ نظم "معراج نامہ"

نواب بیگم امۃ الحی مبشر النساء بیگم حیاؔ حضرت مولانا ایمان گوپاموی کی دختر ہیں جو نواب سر غلام محمد علی خان پرنس آف آرکاٹ سے ازدواجی زندگی میں بندھی تھیں۔ یہ اس خاندان سے منسلک ہوئیں جس میں شاہی و نوابی شان و تمکنت سے کہیں زیادہ دینی، مذہبی، تہذیبی و ثقافتی اقدار کی پاسداری کی جاتی رہی ہے۔ جس خانوادے کو علمی وادبی سرپرستی کا اعزاز حاصل ہو اس میں سانسیں لینا بھی باعث اعزاز متصور ہے۔ بیگم حیاؔ حضرت ایمان جیسے بزرگ فاضل و عالم کی نورِ نظر تھیں جن سے آبائی علمیت ورثہ میں پانے کی سعادت ایک طرف حاصل ہوئی تھی تو دوسری طرف خاندانِ والا جاہی میں بہو بن کر زندگی گذارنے کے مواقع نصیب ہونے کے باعث ان میں علمی وجاہت و تمکنت کے ساتھ لطافت و شائستگی بھی بدرجہ اتم پیدا ہوگئی۔ حیاؔ کی شاعری نعت گوئی کے باعث بڑی مقبول اور ہر دلعزیز ہوتی گئی تھی اور آپ اپنے دور کی واحد خاتون شاعرہ ہیں جن کے پایہ کی شاعرہ خواتین میں دور دور تک دیکھنے میں نہیں آئی ہیں۔ عشقِ رسول آپ کو پاک عقیدوں کی بنا پر نصیب ہوا ہے۔ ان کی نعتیں نہ صرف دل کی چھوتی ہیں بلکہ روح تک میں سرایت کر کے ایک طرح کی روحانی فرحت اور تسکین پیدا کرتی ہیں۔ فنی اعتبار سے بھی آپ کا رتبہ بہت بلند ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ آپ فصاحت و بلاغت کے گلدستے سجا رہی ہیں۔ الفاظ خیالات کا پورا ساتھ دیتے دکھائی دیتے ہیں اور خیالات ذہنی افتاد کی پوری عکاسی کرتے ہیں۔ ایسا لگتا ہے کہ بیگم مبشر النساء حیاؔ خیال و جذبہ کو لفظوں میں پرونے میں نہ صرف ماہر تھیں بلکہ انہیں خالصتاً ادبی نوعیت بنانے میں بھی وہ کافی مشاق اور ہنرمند تھیں۔ مولانا الحاج پروفیسر سید عبدالوہاب بخاری صاحب ایم اے یل ٹی، سابق پرنسپل نیو کالج مدراس نے ان کی شخصیت کو اس طرح کا خراج عقیدت پیش کیا ہے۔

"بیگم صاحبہ ایک بڑے باپ کی بیٹی اور بڑے نواب کی اہلیہ تھیں۔ انہوں نے اپنی پوری زندگی مصلے پر گذار دی۔ عربی، فارسی اور اردو میں مہارت تامہ حاصل تھی۔ عبادت و ریاضت سے جو وقت بچتا تھا وہ تصنیف و تالیف میں بسر کر دیتی تھیں۔"

یہ تو رہا ان کا شخصی خاکہ۔ ان کی فنی شخصیت پر ابھی کسی نے کھل کر نہیں لکھا ہے۔ خود ان کے برادر عزیز حضرت پروفیسر محبوب پاشا محبوب نے بھی اس سلسلے میں خاموشی اختیار کی تھی۔ انھیں کاش وہ بیگم حیاؔ کی نعتوں اور منقبتوں کے مجموعہ "خم خانۂ محامد" (مطبوعہ ۱۹۷۰) کو ترتیب دیتے وقت اس طرف توجہ دیتے۔

سمجھ میں نہیں آتا کہ انہوں نے اس سلسلہ میں نہ ہی کوئی اقدام کیا نہ ہی اکابرین ادب میں کسی سے تاثر قلمبند کرائے۔ ممکن ہے کہ ان کے خیال میں خود حیاؔ کا کلام ہی ان کی برتریت کو منوانے کے لئے کافی تھا اور انہوں نے کسی کے تاثر کو غیر ضروری اور بے معنی سمجھا ہو۔ اس کے پیش لفظ میں جناب احمد محی الدین صاحب ایم اے نے مختصر الفاظ میں اتنا ضرور کہا ہے، جو واقعی کسی بڑے مضمون کی کمی کو پورا کر دینے کے مترادف ہے۔

''اشعار کے محاسن کے متعلق میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ یہ فصاحت و بلاغت کا ایک لہلہاتا ہوا تروتازہ اور شاداب باغ ہے۔ مرحومہ (حیاؔ) کو اس فن پر اتنا عبور اور اتنا کمال حاصل تھا کہ ہر بڑے سے بڑے خیال اور مذہبی جذبات کے اظہار کے لئے انہوں نے سیدھی سادھی اور آسان زبان اختیار کی۔ ان کا کوئی شعر اور کوئی لفظ تشریح طلب نہیں ہے۔ اچھے شعر کی یہی اچھی تعریف ہے کہ وہ آسانی کے ساتھ سمجھ میں آجائے۔''

حیاؔ نے یقیناً سادہ ترین زبان اختیار کی ہے مگر اس میں سطحیت کو یا بیانیہ اسلوب کو پیدا ہونے نہیں دیا ہے۔ ان کے ہاں فنی سادگی پوری پرکاری کے ساتھ عیاں ہے۔ ان کے کلام کی روانی پر دل کھول کر داد دینی پڑتی ہے۔ آپ کا انداز ملاحظہ فرمایئے۔ ''تضمین بر شعر مرشدنا و مولانا وسیدنا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ'' کے اشارے سے ایک طویل مناجاتی نظم قابل تحسین ہے۔ جس کا ایک بند ہے۔ جس میں عشق رسولؐ کی لہریں دلوں میں اضطراب پیدا کرتی ہیں۔

روز و شب نظارۂ گنبد کروں — جھوم کر اطراف روضے کے پھروں
گریہ وزاری کروں آہیں بھروں — آپ کے در پر ہی میں پڑ کر مروں
یا رسولَ اللہ اسمع قالنا — یا حبیبَ اللہ انظر حالنا

✶

ان کی نعتوں کے چند اور اشعار سنتے چلئے جس کے بعد آپ کے روبرو ''معراج نامہ'' پیش کروں گا۔

عشقِ نبی میں جو فنا ہو گیا — فکرِ دو عالم سے رہا ہو گیا

✶

اے حیاؔ حق نے قسم کھائی ہے جس کی جان کی — وہ حسینِ دل رُبا، وہ جانِ جاں پیدا ہوا

✶

عشقِ محبوب الٰہی میں اگر مر جائیں — ہو بقائے ابدی بعد فنا ہم کو نصیب

✶

میں ہوں خراب وخستہ، تو بے نیاز و یکتا — اب بخشدے حیاؔ کو، یارب برائے احمدؐ

✶

حیاؔ کی زبان پر یہ دن رات ہے　　الٰہی شفیع الوریٰ پر درود

اے شاہ دیں والا حسب　　طاقت نہیں فرقت کی اب

کر لو حضوری میں طلب　　بہر رحیم پاک رب

ہو اس طرف بھی اک نظر　　یا سیدی خیر البشر

غرض آپ کی نعتوں میں اظہار کی روانی اور جذبات کی سیلانی واقعی داد طلب ہے۔ ''معراج نامہ'' ایک طرف تو واقعۂ معراج بیان کرنا مقصود تھا ہی دوسری طرف اس واقعہ میں اپنی بہترین شعر گوئی کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا بھی محترمہ حیاؔ کا مقصد دکھائی دیتا ہے اور ساتھ ساتھ اپنے جذبے کا اظہار بھی ان کے پیشِ نظر تھا۔ ان تمام محاسن کی بنا پر صرف یہ نظم ''معراج نامہ'' حیاؔ کے نام کو اونچا اٹھانے میں کافی سمجھی جائے تو غلط نہیں۔

٭

## معراج نامہ

## مشیر النساء بیگم حیاؔ

اوج پر آج ہے میری طبع رسا　　کہتی ہے لکھئے معراج کا ماجرا

وہ رسول خدا، وہ حبیبِ خدا　　کس طرح دم میں تا عرش آیا، گیا

جلدیوں آمد وشد کی طے راہ کی　　بستر خواب تک کی نہ گرمی گئی

ہے روایت کہ اک رات خیر البشرؐ　　خواب راحت میں تھے امہانی کے گھر

دل تھا بیدار سوتی تھیں آنکھیں مگر　　ناگہاں آئے جبریل با کروفر

کر کے بیدار یوں عرض کی با ادب　　آپ کا لامکاں پر ہے مشتاق رب

جلد تشریف فرما ہوں یا مصطفیٰؐ　　آپ کے وصل کا منتظر ہے خدا

ہو گئے آسمانوں کے دروازے وا　　ہر نبی کو ہے شوق آپ کی دید کا

ہے یہ حاضر براق اس پہ ہو کر سوار　　چلئے میں آپ پر جان و دل سے نثار

الغرض ساتھ جبریل کے شاہِ دین　　طرفۃ العین میں کر کے سب طے زمیں

بیتِ اقصیٰ میں آکر ہوے جاگزیں　　بہر نظارہ حاضر تھے سب مرسلیں

یوں نماز آپؐ نے اس طرح کی ادا　　سب نبی مقتدی، آپؐ تھے مقتدا

پھر چلے سوائے افلاک خیرالوریٰؐ
شور یا ربی صل علیٰ کا مچا

حور و غلماں، ملک، مرسل وانبیا
بہرِ نظارہ تھے آپ پر سب فدا

اپنی جانوں کو قربان کرنے لگے
پائے اقدس پہ سر اپنا دھرنے لگے

بولے جبریل اے سرورِ انس وجاں
سدرۃ المنتہیٰ تک ہے میرا مکاں

آپ کے صدقہ سے آج آیا یہاں
اس سے آگے بڑھوں اتنی قدرت کہاں

تاب و طاقت نہیں مجھ میں پرواز کی
مجھ کو رخصت یہیں کیجئے یا نبی

آگے تشریف جب لے چلے مصطفیٰؐ
اذنِ منّی کی کانوں میں آئی صدا

اور ہونے لگا دم بہ دم ارتقا
دور کا راستہ پھر تو نزدیک تھا

بس پلک مارتے ہی ہوا واں گزر
پہنچے جس جا نہ وہم وگمانِ بشر

الغرض لامکاں پر گئے جب حبیبؐ
آپ تھے یا خداوند روزِ حسیب

فرق تھا دو کماں کا کہ اس سے قریب
بے حجابانہ تھی، دیدِ حق کی نصیب

آئی آواز اے احمدِ مجتبیٰؐ
میم کا روئے انور سے پردہ اٹھا

مجھ میں اور تجھ میں کوئی جدائی نہیں
تیرے محکوم ہیں آسمان وزمیں

میرے بندے، ترے بندے ہیں بالیقیں
میں ہوں غفار، تو شافعِ المذنبیں

میں نے کونین کا تجھ کو مالک کیا
سب خدائی کو قبضہ میں تیرے دیا

تو نہ ہوتا تو ہوتے نہ کون ومکاں
جنت و نار و حور وملک انس وجاں

عرش کرسی و لوح وقلم، دو جہاں
تیرے ہی واسطے سب بنے، بے گماں

سب ہے تیرا، جو نزدیک یا دور ہے
لامکان و مکاں میں ترا نور ہے

قاب قوسین سے عقدہ یہ حل ہوا
رازِ اوحیٰ الی عبدہ کھل گیا

بالمشافہ خدا سے تکلم کیا
جو تھا کہنا کہا، جو تھا سننا سنا

حق نے فرمایا اے میرے پیارے نبیؐ
مجھ کو منظور ہے دل دہی آپ کی

ہیں تمہارے حوالے شقی وسعید
تم کو دی ہم نے خلد وسقر کی کلید

اپنے یاروں کے گھر کی کرو جا کے دید
اپنے بدخواہوں کی دیکھو جائے پلید

اپنے بندوں کو سونپا تمہیں مصطفیٰؐ
جو تمہارا ہوا وہ ہمارا ہوا

اپنے محبوب سے پھر خدا نے کہا
ہیں نمازیں پچاس ان کو یا مصطفیٰؐ

اپنی امت کو دو جا کے تحفہ مرا
تا وہ ان کو کریں رات دن میں ادا

عرض کرنے لگے حق سے یوں شاہؐ دیں — اے خداوندِ ہفت آسمان و زمیں
میری امت تو ہے عاجز و ناتواں — ان میں اتنی نمازوں کی طاقت کہاں
اپنی رحمت سے اے مالکِ دو جہاں — کردے تخفیف تا ہوں وہ طاعت کناں
عفو کر ان سے کچھ ہو جو سہو و خطا — اپنا شوق عبادت کر ان کو عطا
حق نے فرمایا اے بادشاہؐ حجاز — آپ نے ان نمازوں کا سمجھا نہ راز
پنج وقتہ ہیں، پنجاہ وقتِ نماز — اجر ہے اک کا دس کیجئے امتیاز
یا نبی میں نے مانا تمہارا کہا — جو تمہاری رضا ہے، وہ میری رضا
پس نبی نے کہا بعد حمد و ثنا — اے کریم و رحیم و غنی ذوالعطا
شکر تیرا کروں کس زباں سے ادا — بس یہی آرزو ہے، یہی مدعا
میں نہ ہرگز طرف خلد کے جاؤں گا — ساتھ امت کو جب تک نہ لے جاؤں گا
ہے حیاؔ کہ یہ اب آپ سے التجا — اے شہنشاہؐ دیں سرورؐ انبیا
کرکے اللہ سے یا محمدؐ دعا — اس کو اور اس کے ماں باپ کو بخشوا
اپنے دیدار سے بھی کرو بہرہ ور — صدقے تم پر حیاؔ کے ہوں جان و جگر

✶

# مولانا امانی پلی گنڈوی کی "گلشنِ سیرت"

مولانا امانی کی "گلشنِ سیرت" متداول کتابوں سے لی ہوئی صحیح روایات پر مبنی سیرتِ رسولِ اکرمؐ ہے۔ اس مختصر سیرت کو مولانا امانی نے جو انداز اور نہج بخشا ہے وہ واقعی بڑا دل پذیر ہے۔ "گلشنِ سیرت" مثنوی کی بحر میں ہے اور اسی کے انداز پر مرتب ہے۔ مگر اسے مثنوی کہنا غلط ہوگا کیوں کہ یہ حقائق پر مبنی کلام ہے اور یہ بات مثنوی میں نہیں پائی جاتی، مثنوی میں تو قیاسی خیال آرائیاں ہوتی ہیں۔

علامہ امانی نے "گلشنِ سیرت" میں نہ صرف اپنی تخلیقی ہنرمندی کے جوہر دکھائے ہیں، بلکہ حضورِ پرنور کے تعلق سے اُن کی عقیدت دل میں جو نور کے دھارے پھوٹے ہیں، اُن کی کرنوں کو لفظوں کے پیکر میں بھر کر انہیں نئی توانائی اور تابندگی عطا کی ہے۔ آپ کے خیالات کی روانی، آپ کا شستہ طرز اور سادہ بیانی آپ کے تبحرِ علمی اور قادرالکلامی کی روشن دلیل ہیں۔

"گلشنِ سیرت" سے چند اقتباسات قارئین کی نذر ہیں:

## حمد

الٰہی آرزو میری ہو پوری ۔۔۔ تری تحمید ہے امرِ ضروری
فرشتے حمد سے رطب اللساں ہیں ۔۔۔ بشر، جن و پری تسبیح خواں ہیں

## صلوٰۃ

درودِ پاک ہو سالارِ کل پر ۔۔۔ محمد مصطفٰے ختمِ رسلؐ پر
وہی ہیں باعثِ ایجادِ عالم ۔۔۔ وہی ہیں موجبِ توقیرِ آدمؑ
وہی تو مقصدِ روح الامیں ہیں ۔۔۔ وہی تو رحمۃٌ للعالمیں ہیں

## خلقتِ نورِ محمدیؐ

کیا خالق نے سب سے پہلے پیدا ۔۔۔ رسولِ پاکؐ کا نورِ مصفّا
پھر اس نورِ مبیں سے آشکارا ۔۔۔ کیا یہ عالمِ ایجاد سارا

## ظہورِ نورِ محمدیؐ

جبینِ حضرتِ آدم میں چمکا ۔۔۔ وہ نورِ پاک سردارِ اُمم کا
ہوا پھر منتقل وہ نورِ اعظم ۔۔۔ سوئے شیثؑ اکرم اولادِ آدمؑ
یونہی ادریسؑ اور نوحؑ و براہیمؑ ۔۔۔ پھر اسماعیلؑ نے پائی تھی تکریم
یہ سارے انبیا تھے آپ کے جد ۔۔۔ جبینوں سے عیاں تھا نورِ امجد

رہے اصلاب وارحام مبارک
محافظ نور کے جدِ نبیؐ تک
معزز تھے پیمبر کے سب اجداد
رہے گھر نور کی برکت سے آباد

## ولادت با سعادت

ہوا پیدا شہنشاہِ دو عالمؐ
سرور آدمؑ و اولادِ آدمؑ
ہوا پیدا حبیبؐ خاص داور
ہوا پیدا شفیعِ روزِ محشر
ہوا پیدا امینِ گنجِ حکمت
ہوا پیدا کلیدِ بابِ رحمت
ہوا ہے مطلعِ انوار پیدا
ہوا ہے منبعِ اسرار پیدا
امام الانبیاء پیدا ہوا ہے
ہمام الاصفیاء پیدا ہوا ہے
قوام الاتقیاء پیدا ہوا ہے
نظام الاولیاء پیدا ہوا ہے
سراج السالکیں پیدا ہوا ہے
علاج الہالکیں پیدا ہوا ہے
وہ مکہ کا امیں پیدا ہوا ہے
مدینے کا مکیں پیدا ہوا ہے
مریضوں کی شفا تشریف لائے
کمالِ اصطفا تشریف لائے
سرِ اہلِ صفا تشریف لائے
وہی عینِ وفا تشریف لائے
محمدؐ مصطفےٰ تشریف لائے
محمدؐ مصطفےٰ تشریف لائے

فَصَلَّی اللّٰہُ رَبِّی ذُوالْجَلَالِ
عَلٰی خَیْرِالْوَرٰی فِیْ کُلِّ حَالِ

حضور اکرمؐ کے حلیۂ مبارک سے متعلق چودہ شعر کہے ہیں۔ جن میں بعض شعر حسب ذیل ہیں: ؎

بدن تھا معتدل سالارِ دیںؐ کا
وہ چہرہ چاند ہی تھا چودھویں کا
بڑا سر بال تھے کچھ پیچ والے
ملائم مانگ والے، خوب کالے
جوادنچی ناک تھی چوڑی جبیں تھی
کشادہ تھا دہن بانی انکھیں تھی
درخشاں دانت تھے اور لب حسیں تھے
دُرِ لعل ایسے تو دیکھے نہیں تھے
مبارک ساق تھی گول اور ہموار
پسینہ آپ کا تھا مشکِ تاتار
نبیؐ نے درمیاں کاندھوں کی پائی
عجب مہرِ نبوت کی نشانی
بڑا تھا حسنِ ظاہر میں بھی پایہ
نہیں تھا سرورِ عالمؐ کا سایہ

اخلاق عظمیٰ سے متعلق ایک طویل حصہ نظم کیا ہے، جو واقعی پڑھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ اس کے تمام اشعار تو نہیں پیش کئے جا سکتے مگر چند شعر ملاحظہ فرمائیے۔ ؎

اگر سائل نہ ملتا جاتے باہر! — جو آتے دے کے آتے گھر کے اندر
خموشی تھی زیادہ بات جامع — سمجھ جاتا اُسے ہر ایک سامع
ہمیشہ آپ رہتے پاک اوصاف — بڑے چھوٹے [illegible] تھے عین انصاف
ہنسی ہوتی، تبسم ہی کی حد پر — نبیؐ کے کام تھے سب بہرِ داور
پیمبر سے کھلا ہر ایک رہتا — اقارب سے تعلق نیک رہتا
جو ملتے خندہ پیشانی سے ملتے — نہ کہتے اُف کسی خادم کو اپنے
کبھی کرتے نہ تھے بے ہودہ باتیں — عبادت میں گزرتیں شہؐ کی راتیں
اماؔنی کیا ہو پورا وصفِ ساقی — زباں ہے گنگ اور مدحت ہے باقی

مولانا اماؔنی نے معجزاتِ نبیٔ کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو اس طرح شعری جامہ پہنایا ہے: ؎

ہوئے پیدا حبیبِ کبریا جب — بہت سے معجزے ظاہر ہوئے تب
ستارے چرخ سے نیچے لٹک آئے — حرم کی سرزمینِ پاک تک آئے
زمین و آسماں پُر نور نکلے — گل و بلبل کے رُخ مسرور نکلے
جو پھیلا نور اس ماہِ مبیں کا — عدد بڑھتا گیا کچھ اہلِ دیں کا
طلب جو معجزے کفار کرتے — دکھانے پر بھی وہ انکار کرتے
ابوجہل اور کچھ مکّے کے سردار — پئے تحقیق آئے پیشِ سرکار
کہا اس چودھویں کے چاند کو اب — دکھا دو کر کے دو ہم مان لیں سب
دکھایا کر کے دو ٹکڑے نبیؐ نے — پہاڑی پر رہا اک ایک کے نیچے
کیا تحقیق اُسے آفاقیوں نے — کہا ایسا ہی دیکھا ٹھیک ہم نے
کہا سن کر یہ جادو ہے سراسر — اثر کیا ہوتا فطری اشقیا پر یہ
رہیں اسرارِ عالم جن پہ ظاہر — کبھی اعجاز کے ہوں گے نہ منکر

## معجزات کے متفرق اشعار

روایت ہے ہوئے پیدا نبیؐ جب — گرے اوندھے بتِ روئے زمیں سب
اشارہ تھا زمیں پُر نور ہوگی — یہاں سے بُت پرستی دُور ہوگی

## آتش کدۂ فارس

برس کامل ہزار اس طرح گزرے — مگر آتش نہیں پائی تھی بجھنے
شبِ معراج بجھ کر پڑ گئی سرد — ہُوا آتش پرستوں کو غم و درد

## دریائے ساوہ اور ایوانِ کسریٰ

ہُوا دریائے ساوہ خشک اس شب ظہورِ انقلاب اس سے تھا مطلب
یونہیں کسریٰ کا ایوانِ فلک بام غم و دہشت سے تھا لرزہ براندام
گرے تھے کنگرے چودہ زمیں پر اشارہ تھا رہے گا راج مٹ کر
یہ مطلب بھی تھا شہ کے خانداں سے سلاطیں صرف چودہ اور ہوں گے

استسقاء کی دعا کے لیے جب ابو طالب کم سن رسولؐ پاک کو لے کر میدان میں پہنچے تو آپؐ کی بدولت بارش کے برسنے کا منظر یوں نظم کیا ہے :

گئے جب آپؐ کو میدان میں لے کر دُعا کی واسطے بچّے کے دے کر
ابو طالب کا دل پانی کو ترسا بدولت آپؐ کی مینھ خوب برسا

اس مثنوی میں کہیں کہیں مولانا کا انداز و اظہار تذبذب طرز اختیار کر گیا ہے۔ اگر اس کو نظر انداز کر دیں تو مولانا کے کلام کی روانی اور برجستگی واقعی قابلِ داد ہے۔ مولانا نے ایک ایسے ماحول میں اپنے روز و شب گزارے ہیں جہاں اردو کا چلن عام نہیں ہے اور مولانا نے صرف اپنے ذوق و شوق کی تسکین کے لیے شاعری کو اپنی زندگی کا واحد شعار بنالیا تھا۔ آپ کی غرض کسی سے داد تحسین حاصل کرنی نہیں تھی۔

# حضرت عبداللہ حسین عبدؔ مدراسی کی نعتیہ تضمین

حضرت عبداللہ حسین عبدؔ مدراسی مرحوم فرزند سعد الدین صاحب سعدؔ مدراسی مرحوم مدراس کے کہنہ مشق شاعر مانے جاتے تھے۔ آپ نے ہر صنف میں اپنی فنی دسترس کا ثبوت دیا ہے اور خصوصاً تاریخی قطعات کہنے میں آپ کو ایک خاص درک حاصل تھا۔ حضرت امیر مینائی کے رنگ کو بے حد پسند فرماتے تھے بلکہ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ آپ حضرت امیر مینائی کے شیدائی تھے اور ہر وقت آپ کی زبان پر امیر مینائی کے اشعار جاری رہتے تھے۔ طبیعت میں سادگی اور ملنساری کوٹ کوٹ کر بھری تھی۔ آپ کی جہاں بھی نشست و برخواست ہوتی تھی وہاں ایک خاص طبقے کے شعراء موجود رہتے تھے۔ بہت سوں نے آپ سے بھرپور استفادہ کیا ہے اور خصوصاً حیاتؔ مدراسی ، اجملؔ مدراسی ، رشید الدین امجدؔ مدراسی ، حضرت حیرتؔ القادری مولانا راجیؔ صدیقی ، گلابؔ مدراسی ، عبدالوہاب میکشؔ ، یوسف خواہاں ، سحبانؔ مدراسی وغیرہم آپ کی محفل کے روحِ رواں رہتے تھے اور رات رات بھر مباحثے اور اشعار پر تنقیدیں ہوتی تھیں۔ اس زندہ ماحول کی مثال آج عنقا ہے۔ شہر مدراس کے چیدہ چیدہ بزرگ شعراء مثلاً مولانا رحیم احمد فاروقی ، حضرت غلام عباس علی عباسؔ ، حضرت ابوالبرکات انورؔ اور حضرت آثمؔ کرنولی کے ساتھ ساتھ آپ کا نامِ گرامی بھی بڑے احترام سے لیا جاتا تھا۔ آپ گرجدار آواز میں تحت اللفظ میں کلام سناتے تھے تو بہت ہی لاغر اور دراز قد مگر آپ کی آواز جاہ و تمکنت والی اور صحیح تلفظ پر زور دینے والی ایک خوددار آواز تھی۔ شعر کو صحیح تقطیع میں پیش کرنا آپ کے فن میں شامل تھا۔ نعت گوئی سے بھی آپ کو بڑا شغف تھا مگر اس میں بہت احتیاط برتتے تھے۔ عقیدے کی پامالی آپ کو ذرا بھی گوارا نہیں تھی۔ عشقِ رسولؐ میں ڈوب کر ہی آپ نعت کی طرف مائل ہوتے تھے۔ یہ بات ٹملناڈو کے قدماء کی ایک روایت رہی ہے اور آپ اس روایت کے علمبردار تھے۔ آپ کی شاعری جمالیات کی عکاسی کرتی تھی آپ کے کلام میں غنایت اور تغزل کی رعنائیاں موجود تھیں۔ نعت گوئی میں بھی آپ نے اس رنگ کو جاری رکھا۔ آپ کی نعتیں ترنم میں اگر پڑھی جائیں تو محفل پر ایک خاص اثر مرتب ہو سکتا ہے۔ آپ بہت خوددار تھے۔ کسی کے آگے اپنی طلب کو ظاہر نہیں کیا اور فقیری میں بھی امیری کی سی شان تھی۔ ایک چھوٹی سی دوکان تھی جس کو معاش کا ذریعہ بنایا تھا۔ آپ اگر چاہتے تو اپنے شاگردوں ہی سے ماہانہ مشاہرہ مقرر کروا لے سکتے تھے اور اپنے کلام کی اشاعت کا بھی انتظام ہو جاتا مگر آپ نے اس طرف بالکل دھیان نہیں دیا اور اس کے نتیجے میں آپ کا کلام آج تک منظر عام پر نہیں آسکا۔ آپ کے فرزندوں میں بھی اتنی استطاعت نہیں کہ وہ اپنے والد بزرگوار اور اپنے جدّ بزرگوار ( حضرت سعدؔ مدراسی ) کے کلام کو اشاعتی مراحل سے گذار سکیں۔ ناچیز کو حضرت عبدؔ مدراسی اور حضرت سعدؔ مدراسی کے کلام کے حصول میں جو پریشانیاں اٹھانی پڑیں ان کو اگر بیان کیا جائے تو یقیناً مفاد پرستوں کو موقع مل جائے گا اور ان دونوں بزرگوں کا کلام صحیح جگہ سے ناپید ہو جائے گا۔ کیوں کہ اس طرح بہت سارے بزرگ شعراء کا کلام تلف ہو چکا ہے اور غلط ہاتھوں سے ان کا اب باہر آنا محال ہے۔

## تضمین بر غزل حضرت حمیدؔ صدیقی

بڑی نور زا ہیں مدینہ کی گلیاں
بصارت فزا ہیں مدینہ کی گلیاں
نظر کی ضیاء ہیں مدینہ کی گلیاں
مرا مدعا ہیں مدینہ کی گلیاں
مری رہنما ہیں مدینہ کی گلیاں

نزاکت کو روتی ہیں پھولوں کی کلیاں
عبث جان کھوتی ہیں پھولوں کی کلیاں
کہ شاخوں پہ سوتی ہیں پھولوں کی کلیاں
کہاں ایسی ہوتی ہیں پھولوں کی کلیاں
بہت خوشنما ہیں مدینہ کی گلیاں

مدینے کی آب و ہوا روح پرور
غذائیں مدینے کی پرلطف یکسر
مدینے کی ہر رہ خضر کی ہے رہبر
سکوں اور راحت ہے ہر ہر قدم پر
دلوں کی دوا ہیں مدینہ کی گلیاں

طلب کردہ سامان جنّت یہیں ہے
گدائی کو رضوانِ جنّت یہیں ہے
فدا حسن بستانِ جنت یہیں ہے
بہار گلستانِ جنّت یہیں ہے
بڑی پر فضا ہیں مدینہ کی گلیاں

مدینے کی تنظیم ہے پیاری پیاری
شریعت طریقت کی ہے استواری
نہ کیوں ابرِ رحمت کی ہو آبشاری
ہدایت کے چشمے جہاں سے ہیں جاری
وہ بحرِ عطا ہیں مدینہ کی گلیاں

یہی ہے مدینے کی پہلی نشانی
اترتی نہیں ہے بلا آسمانی
یہ فرما گئے ہیں شہِ دو جہانی
سمجھتے ہیں یہ راز اہلِ معانی
دل باصفا ہیں مدینہ کی گلیاں

نہیں دیکھتا ہے حسب اور نسب کو
کہ معلوم ہیں سب کے کردار رب کو
بناوٴ نہ ہرگز نمائش ادب کو
نظر آتی ہے شکلِ اعمال سب کو
مگر آئینہ ہیں مدینہ کی گلیاں

ہوا و ہوس میں گرفتار کیوں ہوں
قسم حق کی دنیا کے آزار کیوں ہوں
مسیحِ زماں کے طلب گار کیوں ہوں
یہاں جو ہیں ساکن وہ بیمار کیوں ہوں
کہ دار الشفاء ہیں مدینہ کی گلیاں

اٹھے لاکھ آندھی تو کیا مجھ کو دہشت — بدل جائے گر بدلیوں کی بھی نیت

نہیں غرق کر سکتی طوفاں کی طاقت — پہونچ جائے گی کشتیِ دل سلامت

مری ناخدا ہیں مدینہ کی گلیاں

زیارت درِ سرور دیں کی یارب — نہ جانے ہو عہدِ سیہ کار کو کب

یہی ہے دعا اسکی ہر روز ہر شب — کرو دیدہ و دل کو روشن حمیدؔ اب

اگر دیکھنا ہیں مدینہ کی گلیاں

✵

# مرزا محمد محمود کی نظم "سرورِ عالمؐ کی جبیں"

مرزا محمد محمود کی نعت بعنوان "سرورِ عالم کی جبیں" ایک مرجع بند مربع صنف سے تعلق رکھتی ہے جس میں موصوف شاعر نے عقیدت و ایمان کی کلیاں نچھاور کی ہیں۔ آپ کی زبان اس نعتِ شریف میں بڑی شگفتہ اور شائستہ ہے۔ پورے خلوص کے ساتھ آپ نے اپنے دل کو لفظوں کے پیکر میں سمو دیا ہے۔ مرزا محمد محمود کی شخصیت اہلِ جنوب کے لیے کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ یہاں کی ہر عظیم ادبی شخصیت جو اُن کے دور میں تھی اور جن میں بہت سارے آج بھی باحیات ہیں سب نے آپ کی شعری صلاحیتوں کا اعتراف کیا ہے۔ موصوف کا نعتیہ کلام اگر پوری طرح دستیاب ہو جائے تو اردو ادب کے خزینہ میں ایک اضافہ قرار دیا جائے گا۔

احادیث میں حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے مطہر و مبارک پیکر و سراپا کے نقوش مل جاتے ہیں۔ شمائل شریف میں ان تمام کو اکٹھا کر کے بزرگانِ دین نے اپنی اپنی عظیم عقیدت مندی کا ثبوت فراہم کیا ہے۔ جب شاعری میں آپؐ کی عظیم ہستی کی پیکر تراشی کا موقعہ آتا ہے تو شاعر ایک ایسے دقیق ترین مرحلے میں پہنچ جاتا ہے، جہاں اس کا ذہن اور قلم ایک دوسرے کا ساتھ چھوڑتے دکھائی دیتے ہیں۔ استعارات و تشبیہات کے واسطے سے پیکر تراشی ایک عام شاعرانہ رویّہ ہے مگر حقائق کے بیان کرنے میں تشبیہہ و استعارات کا ساتھ چھوٹ جاتا ہے تو شاعر کچھ بھی کہہ نہیں پاتا۔ ان دشوار کن مرحلوں سے گزرتے ہوئے ایک بہت ہی خوبصورت نظم بعنوان "سرورِ عالم کی جبیں" پیش کرنا مرزا محمد محمود ہی کا حصہ ہے۔ آپ اس نظم کی تخلیق میں اسی لیے کامیاب ہوئے ہوں گے کہ آپ کو اس مقدس پیکرِ رسالت و انسانیت سے بے لوث عقیدت اور بے انتہا محبت و عشق ہے۔ بغیر عقیدت و عشق کے اچھے نعتیہ اشعار کہنا کسی کے بس کی بات نہیں۔ ہم یہی کہیں گے کہ قاری خود اس نظم کو پڑھ کر جہاں جہاں متاثر ہو صاد لگاتا جائے۔

مظہرِ نورِ خدا سرورِ عالم کی جبیں
اللہ اللہ رے اُس نورِ مجسّم کی جبیں
جس پہ لکھی گئی انسان کی قسمت وہ جبیں
جس پہ نازل ہوئی اللہ کی رحمت وہ جبیں

جس پہ نازاں ہے رسولوں کی رسالت وہ جبیں
بخدا ختم ہوئی جس پہ نبوت وہ جبیں
مظہرِ نورِ خدا سرورِ عالم کی جبیں!
اللہ اللہ رے اس نورِ مجسّم کی جبیں

رُخِ زیبا قدِ موزوں وہ جبینِ اطہر
واہ کیا دعوتِ نظارہ ہے اے حسنِ نظر
ہیں پسینہ کی وہ بوندیں کہ چمکتے گوہر
اس پہ ہیں سایہ فگن حضرتِ جبریلؑ کے پر
مظہرِ نورِ خدا سرورِ عالم کی جبیں
اللہ اللہ رے اُس نورِ مجسّم کی جبیں

وہ جبیں جس کی تجلّی سے ہے مکّہ روشن
وہ جبیں، نور سے جس کے ہے مدینہ روشن
کیا بتائیں کہ ہوا اس سے ہے کیا کیا روشن
دینِ حق اس سے ہے روشن تو ہے دُنیا روشن
مظہرِ نورِ خدا سرورِ عالم کی جبیں
اللہ اللہ رے اُس نورِ مجسم کی جبیں

وہ جبیں غارِ حرا میں تھی کبھی جلوہ فشاں
جس سے چمکی تھی کبھی نسمتِ کوہِ فاراں
وہ جبیں جس سے مسلماں کی تھی شوکت و شاں
جس کو حسرت سے کبھی گھور رہا تھا انساں
مظہرِ نورِ خدا سرورِ عالم کی جبیں
اللہ اللہ رے اس نورِ مجسّم کی جبیں

وہ جبیں جو کبھی آدمؑ کی جبیں پر چمکی
شبِ معراج میں جو عرشِ بریں پر چمکی
قبلۂ امن و اماں بن کے زمیں پر چمکی
جب ذرا خم ہوئی قرآنِ مبیں پر چمکی

مظہرِ نورِ خدا سرورِ عالم کی جبیں!
اللہ اللہ رے اُس نورِ مجسّم کی جبیں

دھمکیوں سے جو کبھی ہو نہ سکی خم وہ جبیں
جس کو پسپا نہیں کرتا تھا کوئی غم وہ جبیں
لے کے آئی تھی جو ہر زخم کا مرہم وہ جبیں
تھی جو ہر حال میں ہر ایک کی ہمدم وہ جبیں

مظہرِ نورِ خدا سرورِ عالم کی جبیں
اللہ اللہ رے اُس نورِ مجسّم کی جبیں

وہ جبیں جس پہ ہے حسنِ مہِ کنعاں صدقے
جس پہ ہوتے تھے کبھی بوذرؓ و سلماںؓ صدقے
اب بھی اس حال میں اُس پر ہیں مسلماں صدقے
میرے بچے مرے ماں باپ مری جاں صدقے

مظہرِ نورِ خدا سرورِ عالم کی جبیں
اللہ اللہ رے اُس نورِ مجسّم کی جبیں

وہ جبیں جس سے ہوے دشت و بیاباں روشن
وہ جبیں جس سے ہے یہ عالمِ امکاں روشن
وہ جبیں جس سے ہوی قسمتِ انساں روشن
اُس سے کیا ہو نہیں سکتے یہ مسلماں روشن

مظہرِ نورِ خدا سرورِ عالم کی جبیں!
اللہ اللہ رے اُس نورِ مجسّم کی جبیں

ہم پہ افسوس کہ اک ایسی جبیں کو چھوڑا
کعبے والے کو مدینے کے مکیں کو چھوڑا
دین کیا دین ہے جب رہبرِ دیں کو چھوڑا
جب کہ اس محسنِ اعظم کو ابیں کو چھوڑا

مظہرِ نورِ خدا سرورِ عالم کی جبیں
اللہ اللہ رے اس نورِ مجسّم کی جبیں

مطبوعہ: "روپ رنگ" مدراس: جنوری 1974ء

# بانگی عبدالقادر دانش فرازی کی تصنیف محسنِ اعظم صلے اللہ علیہ وسلم

"محسنِ اعظم" حضرت دانش فرازی مرحوم کی ایک مختصر جامع نظم ہے۔ جو نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ ہی کا احاطہ نہیں کرتی بلکہ آپ کی بعثت سے پہلے کے واقعات "خواب و تعبیر خلیل اللہ"، عرب دُنیا کی جہالت، کفروالحاد اور گمراہیوں کا تذکرہ ہے۔ حضرت دانش نے حضور اکرمؐ کی پیدائش، بچپن اور جوانی کا احاطہ بڑے خوب صورت انداز سے کیا ہے۔ آپ کی نظم تین شعروں پر مبنی بندوں کی شکل میں ہے۔ جو مسدس سے قریب ہے۔ اسے مسدس اس لیے نہیں کہا جا سکتا کہ ہر بند کا پہلا مصرعہ قافیہ بردار نہیں ہے۔ ہر بند تین شعروں پر مشتمل ہے۔ ایک بند ملاحظہ فرمائیے: ؎

دل ہی دل میں کھا رہے تھے ہر طرح یہ پیچ و تاب
پھیلتا جاتا ہے آہستہ محمدؐ کا اثر!
پیروؤں میں ان کے ہیں صدیق بھی عثمان بھی
بوذرؓ و طلحہؓ بھی عمارؓ و صہیبِؓ حق نگر
اور چپ بھی رہ نہیں سکتے تھے یہ باطل پرست
دشمنی پر پھر اُتر آئے یہ سارے فتنہ گر

اس نظم میں خالص نعت کی خصوصیت کے پانچ بند ظہورِ ناموسِ اکبر کے عنوان سے باندھے ہیں۔ آپ کا انداز بڑا نکھرا، شستہ اور دل پذیر ہے۔ اس کے یہ بند ملاحظہ فرمائیے: ؎

ایک دن محوِ عبادت تھے شہِ عالی وقار
وہ عبادت کیا تھی گہری سوچ کا اک سلسلہ
تجزیے کا اک لطیف انداز پہلوئے عمیق!
شیوہ ہائے بربریت سے سکوت آگیں گلہ
خیر کے احساس نے ہی کھینچ لایا غار تک
آپ کو چھونے نہ پائے تاکہ شر کا دائرہ

●

ناگہاں ظاہر ہوا وہ پیکرِ نورِ ابد
جس کو کہتی ہے زبانِ شوق جبرئیل امیں
سامنے اک اجنبی ہستی کا چہرہ دیکھ کر
کپکپا اُٹھا نئے احساس سے قلبِ حزیں
آنے والے نے کہا "پڑھ" مہبطِ حق نے کہا
میں تو وہ اُمی ہوں کہ کوئی چیز پڑھ سکتا نہیں

●

یہ تھا آغازِ نزولِ وحیِ ربِّ لایزال
تھا محمدؐ کے لیے اللہ کا پہلا پیام
عمر تھی اس وقت شاہِ دیں کی چالیس سال
منتخب بہرِ نبوت ہو گئے خیرالانام
جگمگاتا مسکراتا نور برساتا ہوا
آخرش نکلا حرا کے غار سے ماہِ تمام

●

پیکرِ رحمت چلا آشفتہ حالوں کی طرف
امن کا پیغام لے پہنچا ستم گاروں کے پاس

ڈھونڈتی نکلی صبا افسردہ پھولوں کے دیار
چارہ گرنے دی صدا مایوس بیماروں کے پاس
محسن لے آیا نوید جلوۂ حسنِ ازل
سینکڑوں حسن و محبّت کے خریداروں کے پاس

●

ریت کے ذرّے بھی لپکے پائے بوسی کے لیے
باہیں پھیلائیں کھجوروں نے فضا لہرا گئی
چھو کے نکلی جب ہوا پیراہن سرکار کو
حلقۂ آفاق کی ہر بزم کو مہکا گئی!
جھک کے خود چادر سمیٹی پھر شبِ تاریک نے
آفتاب اُبھرا، نئی صبح مسرت آگئی

یہ نہیں کہا جاسکتا کہ اس مختصر منظوم شعری تخلیق میں دانش فرازی صاحب کو کہاں نظر انداز کیا جاسکتا ہے اور کہاں صاد لگایا جاسکتا ہے۔ قاری پوری دل چسپی کے ساتھ ایک ہی نشست میں اس کا مطالعہ کرلے سکتا ہے۔ گویا آپ نے قطرہ میں سمندر کو بھر دیا ہے۔ حضور پُرنور صلے اللہ علیہ وسلم کی بعثت آپؐ کی دعوت، آپؐ کا اعلانِ حق، آپؐ پر ظلم و ستم کی بارشیں، آپؐ پر حق تعالےٰ اور فرشتوں کا درود و سلام شعبِ ابی طالب میں قید و بند کے ایام، آپؐ کی ہجرت جانب مدینہ، فتح مکّہ کا تاریخی واقعہ اور آخری خطبہ وغیرہ پوری تاریخی ترتیب کے ساتھ منظوم ہوے ہیں۔ غالباً حضرت دانش فرازی کے آگے مولانا شبلی نعمانی کی سیرت النبیؐ رہی ہو گی۔

کہیں بھی اپنی جانب سے دانش صاحب نے کسی قسم کی ذہنی کاوش کو جگہ نہیں دی ہے۔ طائف کے بازاروں میں آپؐ پر جو سنگ باری ہوئی تھی اور آپؐ کے بدن سے خون مبارک بہنے لگا تھا، اس واقعہ کو بڑے اچھے انداز میں نظم کیا ہے۔

حضورِ اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی شخصیت کو حضرت دانش فرازی مرحوم نے یوں اُبھارا ہے ۔

نالہ ہائے نیم شب سے کسمساتی ہے فضا
سوزِ آہِ صبحگاہی سے ہے چہرہ تاب ناک
التجائیں ہیں بڑی رقت سے اللہ کے حضور
دیکھ کر یلغار باطل کی دل مضطر ہے چاک
تاکہ ہو ہر ذرّہ اس کا رو کش مہر مبیں
آسماں تکتا ہے آنسو جذب کرلیتی ہے خاک

●

مطلعِ فاراں پہ چمکا آفتابِ دل فروز
اور مدینے کے افق پر بھی ہوا یہ ضوفگن
لوگ آتے تھے مدینے سے جو حج کے واسطے
اُن کی خدمت میں پہنچ جاتے تھے سالارِ زمن
پیش کی جب اُن کے آگے دعوتِ توحیدِ حق
سینہ روشن کر گئی مہرِ نبوت کی کرن!

●

آنے والوں نے یہ دیکھا سیدھا سادا آدمی
ہر تکلّف سے مبرّا جس کی اونچی بارگاہ!

بات کرتا تھا تو جیسے نرم پھولوں کی پھوار
حرفِ شیریں، دل نواز و دل فروز و دل کشا
آنکھیں روشن، صاف پیشانی محبت کی نگاہ
جس کا ہر اک زاویہ حسنِ شرافت کا گواہ

•

کھل رہی تھی غایتِ تخلیق انساں کی گرہ
برف کی مانند پگھلا کوہساروں کا وجود
سرنگوں باطل ہوا اور پرچم حق سر بلند
رفتہ رفتہ اٹھ رہا تھا پھر حقائق کا حجاب
آئینہ دارِ دل روشن تھی چہرے کی کتاب
سچ ہے آخر آفتاب آمد دلیلِ آفتاب

•

محسنِ اعظم نے ڈالی ایک مسجد کی بنا
جس کی ہر دیوار سے چھنتا ہے نورِ جاں فروز
جس کے میناروں سے ہے عرشِ معلیٰ ہم کنار
مسجدِ نبوی سراپا مرجعِ خیر الانام
ہے جہاں صدیوں کا حاصل ایک لمحے کا قیام
اور پہنچا ہے جہاں سے امنِ عالم کا پیام

•

جو کہا وہ کر دکھایا ہے رسولؐ اللہ نے
تھے جو سرکش جنگجو، زور آزما، باطل پرست
بردباری سے مٹا کر امتیازِ نسل و رنگ
نقشِ باطل کو مٹایا ہے رسولؐ اللہ نے
پیشِ رب ان کو جھکایا ہے رسولؐ اللہ نے
دل سے دل، دل سے ملایا ہے رسولؐ اللہ نے

"محسنِ اعظم" کے چند مزید بند قارئین کی نذر کیے جاتے ہیں، جن کو پڑھ کر واقعی وہ بہت محظوظ ہوں گے حضرت دانش فرازی کی پوری منظوم تخلیق اپنا جواب نہیں رکھتی۔ شروع سے لے کر آخر تک آپ کا اسلوب اور طریقۂ اظہار عظیم ترین فنی معیار کا حامل ہے۔

## اندھیرا گھپ اندھیرا کے چند بند

رفتہ رفتہ ٹمٹمانے لگ گئی شمعِ خلیل
پھر فسونِ باطل نے پھونکا صبحِ حق سنولا گئی
رنگ ہی بدلا بالآخر روئے بیت اللہ کا
ڈگمگانے لگ گئے توحید والوں کے قدم
بربریت نے لیا ہاتھوں میں فتنوں کا علم
کھل گیا لات و ہبل کے واسطے بابِ حرم

•

صبح کو سورج نکل جاتا تھا پورب سے مگر
اور اک ایسا اندھیرا تھا فضاؤں پر محیط
ابنِ آدم اک برہنہ رقص میں مصروف تھا
کانپ جاتا تھا زمیں پر دیکھ کر تازہ لہو
جس کے آگے سرنگوں تھی روشنی کی آبرو
انجمن در انجمن، صحرا بہ صحرا، کو بہ کو

•

بات بس اتنی کہ آگے بڑھ گیا کوئی سوار
میان سے تلوار نکلی، تن کے ٹکڑے ہو گئے
اور کوئی اونٹ پہلے لے چلا خیمہ کے پاس
تن گئیں فوراً بھویں، آنکھوں میں شعلے جاگ اٹھے
دیکھتے ہی دیکھتے پھر لگ گیا لاشوں کا ڈھیر
مدّتوں رہتے تھے جاری یہ بھیانک سلسلے

•

دوپہر کی دھوپ، تپتی ریت، لُو کی یورشیں
اور اک معصوم لڑکی لرزہ بر اندام ہے
باپ کی آنکھوں کے تیور سے ہے خطروں کی نمود
ہر صدا کھرپے کی گویا موت کا پیغام ہے
قبر کھودی جا رہی ہے ہستیِ معصوم کی
دوپہر ڈھلنے نہ پائی زندگی کی شام ہے

•

غیرتِ قومی ہے زندہ دفن کر دینے کا نام
اور شجاعت وہ کہ تلواریں چمکتی ہی رہیں!
حشر اٹھتے ہی رہیں غارت گری کے ہر نفس
آندھیاں ان ریگ زاروں میں لپکتی ہی رہیں
نالہ و فریاد کا دل برستا ہی رہے
اور زبانیں خون کی لذّت کو چکھتی ہی رہیں

•

قتل سے غارت گری سے جب ذرا فرصت ملے
رونقِ محفل بنیں دوشیزگانِ خوش خرام
اک طرف باہوں کے حلقے میں ہو جسمِ سیمگوں
دوسری جانب رہے گردش میں ہر لبریز جام
اللہ اللہ کس قدر ناعاقبت اندیش تھے
وہ جری صحرا نشیں، مہلک عناصر کے غلام

•

عورتیں سب کے لیے تھیں ایک قدرِ مشترک
جیسے اک چشمہ سے ہوں سیراب سارے تشنہ لب
عیش و بدکاری کی راتیں یا گنہ گاری کے دن
آسماں کو چھو رہے تھے شعلہ ہائے بولہب
رحم کیا، ناموس کیا، اخلاص کیا، تعظیم کیا
ان محاسن سے بڑے محروم تھے اہلِ عرب

•

دُور تک ملتا نہیں تھا اتحادِ باہمی
دار تک پہنچا ہوا تھا جوہرِ انسانیت
کارِ بے معنی تھا جس میں لفظ و معنی کی تلاش
ایسا اک سادہ ورق تھا دفترِ انسانیت
سب برہنہ ہو کے کر لیتے تھے کعبے کا طواف
بدلیوں میں چھپ گیا تھا نیّرِ انسانیت

•

بٹ گئے تھے لوگ خانوں میں قبیلوں میں تمام
گرم رہتی تھی ہمیشہ شورشِ جنگ و جدال!
ہر قبیلے کا تھا اپنا بت پرستش کے لئے
بچھ گئے تھے وادی وادی ہر طرف باطل کے جال

حُسن مرکز کی طرف کب مائلِ پرواز تھا
حُسن کا محفوظ رہ جانا تھا پیچیدہ سوال

●

حُسنِ مطلق نے جو دیکھا ظلمتِ تیّاں سے
خشک ہو جائیں گے چشمے خاک اُڑے گی ہر طرف
پھٹ کے رہ جائے گا اک دِن غم سے جبلِ بوقبیس
سانس رُک جائے گی سورج کی کھجوروں کے تلے
اور فضا میں گونج اٹھیں گے اہرمن کے قہقہے
توڑ دیں گے دم بیابانوں میں لاکھوں قافلے

●

بھول جائے گا سمندر جوش میں آنے کا ڈھنگ
اور محرومِ نوا اک اک نوا سنجِ چمن!
ختم ہو جائے گا فطرت کا وہ تدریجی عمل
دل میں پھولوں کے نہ ہوگا پھر چٹکنے کا خیال
ٹوٹ کر رہ جائے گا آئینۂ ذوقِ جمال
بدرِ کامل رفتہ رفتہ جس سے بنتا ہے ہلال

●

پھول کی خوش بو، ستاروں کی چمک جھرنوں کے راگ
کوئی پہچانے گا کیوں کر پھر یہ سمتوں کے نشاں
رنگ انجانے خلاؤں میں جو ہو جائے گا گم!
کچھ نہ رہ جائیں گے آخر عالمِ آفاق میں
بجھ کے رہ جائے گا جب خورشیدِ عالم طاق میں
فرق کیا باقی رہے گا زہر اور تریاق میں

●

تھی زمانے کو ضرورت اُس چراغِ نُور کی
پگھلے جس کی گرمیِ انفاس سے پتھر کا دِل
فاش ہوں جس کی نوا سے زندگانی کے رموز
جس سے روشن ہو سراپا دیدہ و دل کی فضا
پھول سیکھیں جنبشِ لب سے چٹکنے کی ادا
فکر جس کا دل پذیر و روشن و عقدہ کُشا

●

امن کا ضامن ہو دُنیا کے لیے جس کا ظہور
جس کی ہستی وجہِ رحمت ہو دو عالم کے لیے
جس کے قدموں کی جواں آہٹ سے چونک اٹھے زمیں
درس آموزِ محبّت ہو ہمیشہ جس کی ذات
نکتہ داں و نکتہ رس والا نسب عالی صفات
جس کی آنکھوں کی تجلّی سے فروزاں کائنات

●

کشتگانِ غم جسے ملجا و ماویٰ کہہ سکیں
دل سکوں کا راز ڈھونڈے جس کے دامن تلے
وہ اک ایسا ابر جو برسے تو پھر برسے مدام!
رہروانِ شوق پائیں جس سے منزل کا سراغ
جس کا ہر نقشِ قدم ہو جادہ جادہ کا چراغ
جس کی فیاضی سے دُھل جائیں غمِ گیتی کے داغ

اس منظوم تخلیق کی ہر اکائی کا موضوع ایک تنہا نظم کی صورت میں ہے۔ جس کو وقتاً فوقتاً پڑھ کر

حظ اٹھایا جا سکتا ہے۔

"نورِ مجسم" کے عنوان سے موصوف نے صرف تین[3] بند ہی تحریر کئے ہیں مگر ان کا لطف طویل نظموں سے کہیں زیادہ ہے: ؎

صبح کے ہونٹوں پہ تھا دلکش تبسم ضوفگن
سبزۂ نورستہ شادابی سے لہرانے لگا
بہرِ استقبال بوٹے صف بہ صف تھے باادب
وقت سے پہلے گُلِ صد رنگ مسکانے لگا
جو نظامِ رنگ و بو صدیوں سے محوِ خواب تھا
دفعتاً آنکھیں کھلیں اور ہوش میں آنے لگا

●

ڈگمگائے پاسبانِ لات و عزیٰ کے قدم
گنگنائی وادیٔ فاراں کی تنہائیاں
آسماں کو چھو گئی کتنے حُدیٰ خوانوں کی لَے
ریت کے بے مایہ ذرّوں نے بھی لی انگڑائیاں
فخر سے راعی نے دیکھا اونچے پربت کی طرف
یوں ہوا محسوس، بجتی ہیں کہیں شہنائیاں

●

زندگی نے آئینہ کی سمت ڈالی اک نگاہ
موت کے ماتھے پہ ہلکا سا پسینہ آگیا
قدسیانِ عرش جب اترے سوئے بامِ حرم
سنتی دوڑی ہُبل انجام سے گھبرا گیا
اک لطیف آواز ابھری کوہساروں کے قریب
منہ چھپا کر پیکرِ شر اہرمن شرما گیا

اس نظم کا اختتام موصوف نے یوں کیا ہے: ؎

آخری خطبہ ہے آئینِ نظامِ زندگی
کتنا جامع کتنا روشن اور کتنا مختصر
ہے اسی آئیں پہ اقوام و مِلل کا انحصار
قطرۂ بے مایہ بن جاتا ہے اس سے ہی گہر
لاکھ پیدا ہوں فرا عین جفاجو بہ کو!
کام کر جاتا ہے اک ضربِ کلیمی کا اثر

●

آج جو اقوام ظلمت سے زوال آمادہ ہیں
ہوگئیں بیگانۂ نورِ رسولِ ہاشمی
سیرتِ شاہِ ہدیٰ منزل ہے قوموں کے لیے
ورنہ ہے ہر گام پر بے شک شکستِ دائمی
سلسلہ تخریب کا ہے ارتقا کے نام سے
سلب ہو کر رہ گئی ہے روحِ عصرِ آگہی

●

ہیں اسیرِ کشمکش سارے ہی اہلِ اقتدار
ہر قدم جور و تصادم کا ہے رہتا احتمال
"آنکھ جو کچھ دیکھتی ہے لب پہ آسکتا نہیں"
ذہن ہے مفلوج دل نارسا یک شوریدہ خیال
آگے کیا ہوگا کسی کو کچھ خبر ہوتی نہیں
ہر نفس الحفظ ابھر آتے ہیں پیچیدہ سوال

حل مگر سارے مسائل کا ہے پیغامِ رسولؐ | جلوۂ یوسف، دمِ عیسیٰ، یدِ بیضا، وہی
ذات سے وابستہ جن کی عظمتِ انسانیت | سارے عالم کے لیے ملجا وہی ماویٰ وہی
ہوگئی ہے آپؐ پر تکمیلِ دینِ حق رسا | حلقۂ آفاق کی تخلیق کا منشا وہی

دانش فرازی کی نظموں کو ماہ نامہ "نگار" (پاکستان) کے مدیر مولانا نیاز فتح پوری) میں پڑھ کر ڈاکٹر خلیل الرحمٰن اعظمی نے ماہ نامہ "فن کار" (مدراس)، مدیر کاوش بدری) کے لیے اپنے ایک مخصوص مراسلے میں اس طرح کا اظہارِ تاثر قلم بند کیا تھا کہ "دانش فرازی کی فکر میں علامہ اقبال نے دوبارہ جنم لیا ہے۔" اس سے بڑا اخراجِ تحسین موصوف مرحوم کو کوئی اور پیش ہی نہیں کر سکتا۔

# حضرت محبوب پاشا محبوب کی

## نعتیہ نظم "انوارِ مدینہ"

حضرت محبوب پاشاہ محبوبؔ مرحوم فرزندِ ارجمند تجل حسین ایمانؔ گوپاموی مدراس کی ایک برگزیدہ ادبی شخصیت محتاج تعارف نہیں ہے۔آپ کے والدِ بزرگوار نواب محمد علی والا جاہ کے خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔نوابی خاندان کی بہت ساری جھلکیاں حضرت محبوب پاشاہ محبوبؔ میں دکھائی دیتی تھیں۔آداب، گفتگو، شائستگی، تمکنت، مہمان نوازی، احترام بزرگان وغیرہ آپ میں پورے آب وتاب کے ساتھ ظاہر ہوتے تھے۔آپ خوانوادۂ نوابین آرکاٹ کے علم پروروں کے آخری چراغ تھے۔زندگی بھر درس وتدریس میں گذرگئی اور خصوصی طور پر اردو ادب سے آپ کی وابستگی قابلِ ستائش تھی شہر مدراس میں آپ کے سینکڑوں شاگرد موجود ہیں جن کا اردو شغف آپ کی توجہ کے باعث پیدا ہوا تھا، آپ بہت خوش مزاج اور منکسر مزاج تھے۔قابل ترین بزرگوں کی صحبت میں آپ نے بہت کچھ حاصل کیا تھا اور اسی ایمانداری سے آپ نے اپنے حصول کو اوروں تک بھی پہنچایا تھا۔آپ کو بہ یک وقت نظم و نثر پر پورا عبور حاصل تھا۔فنِ موسیقی سے بھی آپ کو شغف تھا اور کلام ترنم سے پیش کرنے کے عادی تھے۔لامحالہ آپ کے ہاں الفاظ کی دروبست مناسب طور سے ہوتی تھی اور غزل میں آپ کا رنگ خوب نکھرتا تھا۔آپ کلاسیکی اقدار کی پاسداری بڑی حد تک کرتے تھے۔تاہم جدید رجحانات کو بھی بخوبی سمجھتے تھے اور ان کی قدر کرتے تھے۔ مدراس میں آپ نے پوری عمر صرف کردی اور پورے ٹملناڈو کا آپ نے وقتاً فوقتاً منصبی ضروریات کے لئے دورہ کیا تھا۔جہاں بھی آپ جاتے آپ کے اعزاز میں نشستیں ہوتیں سینکڑوں مشاعروں کی صدارت آپ نے قبول کی تھی ۔ایک بہترین ادبی نقاد کی حیثیت سے شعراء کے کلام کا جائزہ لینا آپ کا مزاج ثانی تھا۔جو بھی کہنا ہوتا برملا کہہ دیتے مگر اس انداز سے کہ کسی کی دل شکنی نہ ہو۔صدارتی تقریروں میں آپ نے بہت سی ادبی حقائق پر سے پردہ ہٹایا تھا اور آپ کی تقریریں دستاویز کا کام کرتی تھیں۔نام نہاد پروفیسروں کی طرح آپ اپنا اثر ورسوخ قائم کرنے کے روادار نہیں تھے۔آپ نے ٹملناڈو میں اردو کی جو خدمات دی ہیں اگر ان کا محاسبہ کیا جائے تو مدراس یونیورسٹی کے پروفیسران ان کے آگے صفر کے برابر بھی نہیں ہوسکتے۔آخری ایام میں آپ نے ٹملناڈو کی بگڑتی ہوئی ادبی فضاء کو خوب محسوس کرلیا تھا اور موجودہ "منصبی شخصیتوں" سے بیزاری کا اظہار کرتے تھے۔آپ کی موت سے ٹملناڈو کی ادبی دنیا میں ایک بہت بڑا خلا پیدا ہوگیا ہے۔اس شخصیت کو خراج پیش کرنے کے لئے کوئی آگے نہیں بڑھا ہے۔یہ المیہ تو یہاں کے سبھی باشعور فن کاروں کا المیہ ہے۔کہاں تک اس کا رونا روئیں۔آپ کے بزرگوں کی تدفین "مسجد والا جاہی" کے احاطہ میں ہوئی تھی مگر افسوس کہ اس خاندان کے آخری چشم و چراغ کو اس آبائی احاطہ میں جگہ دینے سے گریز کیا گیا۔اس کی وجہ نہیں معلوم۔

حضرت محبوب پاشاہ محبوب کو اپنے والد بزرگوار حضرت ایمان گوپاموئی ہی کی طرح نعت گوئی سے

بڑی عقیدت اور انسیت تھی۔ صوفیاء کرام کے سلاسل سے آپ کی گہری وابستگی تھی اور آخری ایام میں آپ خانوادۂ قطب ویلور سے نورانی فیض حاصل کرنے ہی والے تھے کہ داعیٔ اجل نے آپ کو دعوت دی اور آپ دلی حسرت لئے اس دنیا سے رخصت ہو گئے۔

آپ کی ایک نعتیہ نظم ''انوارِ مدینہ'' قارئین کی نذر ہے۔ یہ نظم مخمس کی شکل میں ہے۔ جس کے آخری دو مصرعے ٹیپ کے ہیں، چونکہ آپ کلام ترنم سے پڑھنے کے عادی تھے اس لئے اس طرح کی بندش کو نعت میں بھی گوارا کیا اور ہر جگہ قوافی و ردیف کے پھولوں سے عقیدت کی خوشبوؤں کو دوبالا کیا ہے۔ یہ نعت پڑھنے سے تعلق رکھتی ہے۔

٭

## انوارِ مدینہ

تا عمر مدینہ کی فضا یاد رہے گی
وہ جنتِ ارضی بخدا یاد رہے گی
اللہ رے سرکار کے دربار کا منظر
وہ گنبد و مینار وہ محراب وہ منبر
ہر صبح تھی تابندہ تو ہر شام منوّر

تا عمر مدینہ کی فضا یاد رہے گی
وہ جنتِ ارضی بخدا یاد رہے گی

دربارِ گہر بام میں روتے ہوئے گذری
رومال کو اشکوں سے بھگوتے ہوئی گذری
یوں نامۂ اعمال کو دھوتے ہوئے گذری

تا عمر مدینہ کی فضا یاد رہے گی
وہ جنتِ ارضی بخدا یاد رہے گی

روضہ پہ سرِ شام وہ قرآن کے نغمے
وہ نور کے، یاسین کے، رحمن کے نغمے
حوروں کا ترانہ تھا کہ غلمان کے نغمے

تا عمر مدینہ کی فضا یاد رہے گی
وہ جنتِ ارضی بخدا یاد رہے گی

اللہ رے وہ پچھلے پہر رات کا عالم
وہ ابرِ کرم اور وہ برسات کا عالم
ساقی کی عطا رندِ خرابات کا عالم
تا عمر مدینہ کی فضا یاد رہے گی
وہ جنتِ ارضی بخدا یاد رہے گی

جب چھوٹ رہے تھے در و دیوارِ مدینہ
تھا میری زباں پر سرِ دربارِ مدینہ
سرکارِ مدینہ، مرے سرکارِ مدینہ
تا عمر مدینے کی فضا یاد رہے گی
وہ جنتِ ارضی بخدا یاد رہے گی

(مطبوعہ ''متاعِ محبوب'' ۱۹۸۲)

# حضرت رشید الدین امجدؔ کی نعتیہ نظم ''تم سے اچھا کون ہے؟''

حضرت رشید الدین امجدؔ ٹملناڈو کے ایک برگزیدہ شاعر تھے۔ درس وتدریس آپ کا پیشہ تھا۔ آپ کارپوریشن اردو پرائمری سکول میں بحیثیت سیکنڈری گریڈ مقرر ہوئے اور شہر مدراس کے مختلف اسکولوں میں تبادلہ پاتے رہے اس طرح آپ کے شاگردوں کی ایک بڑی تعداد آج بھی آپ کا نام عزت واحترام سے لیتی ہے۔ سکول کے اوقات کے بعد ٹیوشن لینا آپ کو گوارا نہ تھا اس لئے آپ نے چھوٹی موٹی تجارت کو ترجیح دی اور ڈاکٹر بنسبت روڈ پر اپنے مکان کے قریب ہی ایک دوکان کرایہ پر لی اور وہاں ''مغل شیرینی'' کے نام سے مختلف شیرینیوں کو خود تیار کر کے فروخت کرتے تھے۔ یہ دوکان رات کے ڈیڑھ دو بجے تک کھلی رہتی اور آپ کی دوکان کے روبرو مدراس کے اکثر شعراء کا جھمگھا ہوتا تھا جن میں خاص طور پر عبدالوہاب میکشؔ، عبدالغفار فوقیؔ ناطقی، شریفؔ رومانی، حیاتؔ مدراسی، اجملؔ سعیدی، یوسفؔ خواہاں، سحابؔ مدراسی، فقیرؔ مدراسی، محی الدین عارفؔ، عبد مدراسی وغیرہ دکھائی دیتے۔ دوکان کے بالکل روبرو کارپوریشن مڈل سکول کی عمارت میں سال میں ایک بار بڑے پیمانے پر مشاعرہ ہوتا تھا جہاں پروفیسر حیدر علی خان حیدر کی صدارت ہوتی تھی اور رشید الدین امجدؔ کی دکان پر اکٹھا ہونے والے شعراء اس مشاعرے کے مہتممین ہوتے تھے، رشید الدین امجدؔ مشاعروں سے کتراتے تھے۔ وہ مشاعروں میں صحیح شاعروں کی ناقدردانی سے خوب واقف تھے۔ اس لئے چھوٹی چھوٹی نشستوں والی شعری محفلوں کو بڑے بڑے مشاعروں پر ترجیح دیتے تھے۔ مشاعروں میں کم حاضری کے باعث مدراس کے عوام آپ سے کم واقف تھے مگر شعراء میں آپ کی بھرپور شناخت تھی۔ پتہ نہیں شاعری میں آپ کو کس سے تلمذ حاصل تھا۔ شاید آپ کی بھرپور شناخت تھی۔ پتہ نہیں شاعری میں آپ کو کس سے تلمذ حاصل تھا۔ شاید آپ خود ساختہ شاعر تھے اور خود کا بہت اچھی طرح محاسبہ کیا تھا۔ آپ کا کلام بہت صاف اور جمالیت سے پر ہوتا تھا۔ نظمیں اور غزلیں دونوں سے شغف تھا۔ رباعیات بھی خوب کہتے تھے۔ نعت گوئی میں آپ بھی بہت محتاط تھے۔ جتنی بھی نعتیں کہی ہیں سب کی سب حبِ رسولؐ اور عشقِ رسولؐ سے مزین ہیں۔ آپ کے ہاں الفاظ کی شان وتمکنت ہر جگہ برقرار رہتی ہے کہیں بھی سطحی پن کو جگہ نہیں دیتے تھے۔

چھوٹی بحروں میں آپ کا کلام ایک وجدانی کیفیت پیدا کرتا ہے اور نعتوں میں بھی آپ نے غزل کے عناصر کو شامل کر کے جمالیاتِ نور کی ایک فضا باندھنے کی کوشش کی ہے۔ آپ کی ایک نعتیہ نظم ''جو مخمس'' ہے یعنی پانچواں مصرعہ اعادہ (Refrain) کا کام کرتا ہے۔ بڑی دل آویز نعت ہے۔ جس کی سادگی و پرکاری اور

عقیدت واحترام کی مثال بہت کم ملتی ہے۔ یہ نعت قائین کی نذر ہے۔ اس کا عنوان ہے ''تم سے اچھا کون ہے؟''
اور یہی مصرعہ ''ریفرین'' بنا ہے۔ ملاحظہ کیجئے۔

''تم سے اچھا کون ہے؟''

امتوں کا کون ہے؟ خلق والا کون ہے؟
پیارا پیارا کون ہے؟ اور ہمارا کون ہے؟

تم سے اچھا کون ہے؟

یا شہ ٔ ہر دوسرا تابش نورِ ہدیٰ
زاہد غارِ حرا سچ ہے بے چون وچرا

تم سے اچھا کون ہے؟

فاتح ٔ بدر وحنین آمنہ کے نورِ عین
اے جدِ حسن وحسین سیدٌ کل سیدین

تم سے اچھا کون ہے؟

ساقیٔ کوثر ہو تم شافعٔ محشر ہو تم
کفر کو نشتر ہو تم دافع ہر شر ہو تم

تم سے اچھا کون ہے؟

اے نگار اولیں اے یقین حق الیقیں
لامکاں کے ہو مکیں اولین و آخریں

تم سے اچھا کون ہے؟

جسم اطہر مشکبو چاک داماں کے رفو
عاصیوں کی آبرو اے اماں گاہ عدو

تم سے اچھا کون ہے؟

باعث خلق جہاں سیدٌ کون ومکاں
سہل کوش امتحاں خلق وحق کے درمیاں

تم سے اچھا کون ہے؟

واعظِ معجز اثر نامہ خود اور نامہ بر
افضل و اعلیٰ بشر معجز شق القمر

تم سے اچھا کون ہے

تم ہو عدہ کے دھنی اے جری مرد غنی
مین دنیائے دنی لامکانی ایمنی

تم سے اچھا کون ہے؟

حجر اسود کی قسم حق کے معبد کی قسم
پاک مرقد کی قسم خلق بے حد کی قسم

تم سے اچھا کون ہے؟

حاملِ قرآں ہو تم عرش کے مہماں ہو تم
خلق پر احساں ہو تم واہ کیا انساں ہو تم

تم سے اچھا کون ہے؟

دلبر و دلدار ہو تم گل و گلزار ہو
شوخ ہو گلنار ہو گلشن بہار ہو

تم سے اچھا کون ہے؟

تم سراپا ناز ہو مونس و دمساز ہو
عجز ہو، اعجاز ہو خلق میں ممتاز ہو

تم سے اچھا کون ہے؟

اخوئ خیبر شکن زیب روئے پنجتن
نرم رو، شیریں سخن جان من ایمان من

تم سے اچھا کون ہے؟

اے مرے رفرف سوار عرش اعظم کے وقار
اے عرب کے تاجدار باغ ایماں کی بہار

تم سے اچھا کون ہے؟

دشت و بحر و مرغزار جو بہ جو کوہسار
تم پہ ہو کر سب نثار کہہ رہے ہیں بار بار

تم سے اچھا کون ہے؟

ماہِ کنعاں بااثر ابن مریم کارگر
اور موسیٰ خوب تر سب تو تھے بہتر مگر

تم سے اچھا کون ہے؟

حوضِ کوثر کے قسیم صاحبِ دلق و گلیم
مہ با عجازِ نعیم اک اشارہ سے دو نیم

تم سے اچھا کون ہے؟

کفر کو للکار ہو امن کی سرکار ہو
واقف اسرار ہو حق کے بس شہکار ہو

تم سے اچھا کون ہے؟

اے ابوالقاسم سنو طاہر و عاصم سنو
حالتِ خادم سنو ہے تمہیں لازم سنو

تم سے اچھا کون ہے؟

داغ دل روشن کرو ہمسر ایمن کرو
دشت کو گلشن کرو دانہ کو خرمن کرو

تم سے اچھا کون ہے؟

تم پرِ فخر کائنات دافع لات و منات
اے شہِ والا صفات اک نظر، کچھ التفات

تم سے اچھا کون ہے؟

بہر امجد چین دو صاحبِ حرمین دو
اے جدِ حسنین دو صدقہ نعلین دو

تم سے اچھا کون ہے؟

ماہِ کنعاں بااثر ابن مریم کارگر
اور موسیٰ خوب تر سب تو تھے بہتر مگر

تم سے اچھا کون ہے؟

حوضِ کوثر کے قسیم　　　صاحبِ دلق و گلیم
مہ با عجازِ نعیم　　　اک اشارہ سے دو نیم

تم سے اچھا کون ہے؟

کفر کو للکار ہو　　　امن کی سرکار ہو
واقف اسرار ہو　　　حق کے بس شہکار ہو

تم سے اچھا کون ہے؟

اے ابوالقاسم سنو　　　طاہر و عاصم سنو
حالتِ خادم سنو　　　ہے تمہیں لازم سنو

تم سے اچھا کون ہے؟

داغ دل روشن کرو　　　ہمسر ایمن کرو
دشت کو گلشن کرو　　　دانہ کو خرمن کرو

تم سے اچھا کون ہے؟

تمؐ پر فخر کائنات　　　دافعِ لات و منات
اے شہِ والاصفات　　　اک نظر، کچھ التفات

تم سے اچھا کون ہے؟

بہر امجدؔ چین دو　　　صاحبِ حرمین دو
اے جدِ حسنین دو　　　صدقہ نعلین دو

تم سے اچھا کون ہے؟

٭

# مولانا حافظ باقوی کی تصنیف قمر نامۂ اسلام

حضرت مولانا مولوی حافظ عبدالرزاق حافظ باقوی جنوب میں بچوں کے لیے سلیس زبان میں اخلاقی اصلاحی اور معلوماتی نظمیں لکھ کر شہرت پا چکے ہیں۔ آپ نے بچوں ہی کے لیے چند شعری مجموعے مرتب کئے ہیں۔ حافظ باقوی کو نعت گوئی سے قلبی اور روحانی لگاؤ رہا ہے۔ "قمر نامۂ اسلام" حافظ باقوی صاحب کی تازہ ترین تصنیف ہے جس کا موضوع "سیرت طیبہ" ہے۔ نعت گوئی کی طرح سیرت نگاری میں زیادہ محتاط رہنے کی چنداں ضرورت نہیں ہے۔ تاہم جہاں کہیں حضور پر نورؐ کا ذکر آتا ہو تو وہاں بیانیہ انداز میں بھی بہت ہوشیار رہنا پڑتا ہے۔ حافظ باقوی اس دشوار مرحلے سے ایک حد تک کامیابی کے ساتھ گزر گئے ہیں۔ موصوف کو زبان و بیان پر بڑی قدرت حاصل ہے اور نظم کے مزاج سے بھی وہ بخوبی واقف ہیں۔ نظم کی جزئیات ہیں ان کو برقرار رکھنے میں وہ بڑی حد تک کامیاب ہیں۔ اس منظوم سیرت سے ذیل میں چند اقتباسات درج ہیں:

ہوا تھا نہ اول کسی کا ظہور — کیا حق نے پیدا محمدؐ کا نور
ہویدا اُسی نور کے عکس سے — قلم، لوح و کرسی دو عالم ہے
یہ موسم سہانا یہ دلکش سماں! — ثریا، قمر، مشتری، کہکشاں
ہیں نورِ محمدؐ کا عکسِ جمیل — ہیں توحیدِ خالق کی روشن دلیل

•

شہِ دوسرا آج پیدا ہوئے — رسولِ خدا آج پیدا ہوئے

براھیم کی التجا کا ثمر      شہِؐ انبیاء آج پیدا ہوئے
دکھی بے کسوں غم زدوں کا سکوں      سراپا عطا آج پیدا ہوئے

•

فقط اک جوانی پہ موقوف کیا      منزّہ لڑکپن بھی آقا کا تھا
بُری صحبتوں سے وہ بچتے رہے      نگاہوں میں لوگوں کے جچتے رہے
تھی کبر اور نخوت سے نفرت انھیں      بتوں کی عبادت سے نفرت انھیں
تھی جھوٹ اور دھوکے سے نفرت بڑی      انھیں کھوج خالق کی تھی ہر گھڑی
تڑپتے غریبوں کا غم دیکھ کر      ضعیفوں پہ ظلم و ستم دیکھ کر
تھے کرتے سدا بے کسوں کی مدد      کسی سے کبھی دشمنی تھی نہ کد
تھی ملحوظ امانت، صداقت، وفا      امین اور صادق لقب پڑ گیا

•

خدیجہؓ نے دیکھا کہ ہیں نیک نام      محمدؐ کو شادی کا بھیجا پیام
نبیؐ کو چچا کی اجازت ملی      بصد کامرانی یہ شادی ہوئی
خدیجہؓ تھیں شہؐ کی طبیعت شناس      تھیں رکھتی سدا اُن کی مرضی کا پاس

•

نبی جی کا دشمن ابوجہل تھا      درندہ تھا، خونی تھا، نااہل تھا
تھے جب محوِ طاعت شہِؐ بحر و بر      نجس اوجھ ڈلوادی سرکارؐ پر
سُنا آگئیں دوڑ کر فاطمہؓ      نجس اوجھ کو دور فوراً کیا

•

خدا کی حفاظت میں نکلے نبیؐ      لبِ شہؐ پہ سورت تھی یاسین کی
شریروں کی آنکھوں کی ضو چھن گئی      اُسی دم حسِ چشمِ باطن گئی
نہ دیکھا نبیؐ کو وہ غافل رہے      اندھیرے ہیں ابنائے باطل رہے
محافظ ہے اس کا لطیف و خبیر      نہ پھونکوں سے گل ہو سراجِ منیر

•

یہ انصار کو مل چکی تھی خبر      کہ تشریف لاتے ہیں فخرِ بشرؐ
نبی جی کا ہر روز تھا انتظار      وہ سب رہ تکتے تھے ہو بے قرار

نصیبے سے آیا وہ وقتِ عظیم
کہ تشریف لائے رسولِ کریمؐ
فضا گونج اٹھی شورِ تکبیر سے
بڑھا نورِ دل شہؐ کی تنویر سے
ہر اک دل مسرت سے معمور تھا
جسے دیکھیے شاد و مسرور تھا

●

مدینہ کا یثرب تھا نامِ قدیم
ہوا بے شمار اُس پہ فضلِ رحیم
یہاں آ بسے جب رسولِ خداؐ
تو نام اس نگر کا مدینہ پڑا
مدینہ کی بستی سکوں ریز تھی
پئے کارِ تبلیغ زرخیز تھی
وہاں کے تھے مردم بہت نیک دل
نہ ہوتا کوئی کارِ دیں میں مخل
ہُوا دین کا بول بالا وہاں
ہُوا داخلِ دین خُرد و کلاں
بہت سے قبیلے مسلماں ہوئے
خوشی سے مشرف بہ ایماں ہوئے

●

"تھے کیسے محمدؐ" یہ پوچھا گیا
جواب اس کا یوں عائشہؓ نے دیا
"ہیں قرآں میں جتنی اچھائیاں
وہ ہیں سب کی سب آپؐ میں بے گماں"
بہت خوب صورت تھے شاہِ مدنیؐ
تھا گالوں پہ گویا قمر تیرتا
تھے جب مسکراتے شہِؐ بحر و بر
چمک اُس کی پڑتی تھی دیوار پر
تھے سرکارؐ گالی سے ناآشنا
کسی بھی بُرائی سے ناآشنا
سدا پاک رہتے تھے پیارے نبی
نجاست سے نفرت تھی کرتے نبیؐ

"قمر نامہ" اسلام میں اختتام پر مولانا حافظ باقوی نے بچوں کے لیے بچوں کے شاعر کی حیثیت سے ایک نظم بعنوان "ایک بچے کی تمنا" لکھ کر اس مختصر منظوم سیرت کو بڑی خوبی سے انجام پہنچایا ہے اور درود و سلام کے بعد دربارِ رسالت مآبؐ سے رخصت لی ہے۔

"ایک بچے کی تمنا" ملاحظہ کیجیے: ؎

بنے جو محمدؐ کا ادنیٰ غلام
زمانے میں پائے وہ اونچا مقام
دلی آرزو ہے، میری زندگی
مدینے کی گلیوں میں گذرے تمام
گھروندے بناؤں وہیں خاک کے
رہوں آپؐ کی یاد میں شادکام
مجھے کوئی وحشت نہ ہوگی وہاں
مزے سے گزاروں گا ہر صبح و شام
نبیؐ جی ہو مجھ پہ کرم کی نظر
تمنا ہے بن جاؤں ماہِ تمام
محمدؐ پہ دن رات پڑھتا رہوں
ہزاروں درود اور لاکھوں سلام

# مولانا سالکؔ نائطی کی تصنیف مثنوی "عشقِ پیچاں"

حضرت مولانا مولوی ظہیر حسین سالک شاکر المتخلص بہ سالکؔ نائطی، حضرت العلام مولانا مولوی غضنفر حسین شاکر نائطی کے سب سے بڑے فرزند ارجمند ہیں۔ مولانا سالکؔ نائطی کے تبحر علمی کو دیکھ کر ہر شخص مبہوت رہ جاتا ہے۔ آپ کو عربی زبان پر بڑی دسترس حاصل ہے۔ اردو زبان تو آپ کے گھر کی لونڈی ہے۔ مولانا سالکؔ نے کمسنی ہی سے شاعری کا آغاز کیا تھا اور آپ کے والدِ محترم کی خاص نظرِ عنایت نے آپ میں پورا کمال بھردیا اور فن پر آپ کی نظر گہری سے گہری ہوتی گئی۔

مولانا سالکؔ نائطی نے شاعری کی ہر صنف میں طبع آزمائی کی ہے اور خصوصاً آپکے یہاں غزل بہت نکھری ہے۔ آپ جس محفل میں بھی ہوتے ہیں اس محفل کی روحِ رواں ثابت ہوتے ہیں۔ آج ٹمل ناڈو میں بہت کم شعرا ہوں گے جو حضرت سالکؔ نائطی کی طرح کی شاعری کی ہوگی۔ ان کی شاعری میں زندگی کی حقیقتوں کے علاوہ رموزِ ذات کی عقدہ کشائی کی کوشش دکھائی دیتی ہے۔ مولانا سالکؔ نائطی ہمیشہ شہرت سے گریز کرتے رہے ہیں اور بہت کم چھپتے چھپاتے ہیں۔ خصوصی محفلوں ہی میں سالکؔ نائطی صاحب سے ملاقات کی جاسکتی ہے۔

آج کل وہ ایک طویل مثنوی "عشقِ پیچاں" کے نام سے تحریر کر رہے ہیں۔ مثنوی کی ابتدا پہلے حمد سے ہوتی ہے۔ پھر آپ نے نعتیہ کلام کو رکھا ہے۔ حضرت سالکؔ نے حمد و نعت کو کچھ اس طرح ایک دوسرے میں مدغم کردیا ہے کہ اُن کو جدا کرنا دشوار نظر آتا ہے۔ انہیں ہر پیکر میں نورِ محمدی ہی کی جھلک دکھائی دیتی ہے۔ یہ نورِ محمدی نورِ خدا سے کچھ مختلف نہیں ہے۔ اس لیے نورِ محمدی میں ذات و صفاتِ الٰہی کی جھلکیاں آپ نے پیش کی ہیں۔ صفاتِ الٰہی میں ساری کائنات دکھائی دیتی ہے! اس لیے آپ کی نعتیہ شاعری ایک انوکھے طرز سے ہوی ہے۔ جو پڑھنے سے تعلق رکھتی ہے۔

سالکؔ نائطی صاحب نے اپنی مثنوی "عشقِ پیچاں" کو مثنوی نما نظم کہا ہے۔ آپ کو اس بات سے نہ جانے کیوں احتراز ہے کہ آپ کی یہ نظم مثنوی ہی کے زمرے میں آتی ہے۔ مثنوی میں مرکزی کردار یا خیال کے اطراف کئی ثانوی کردار یا خیالات کا تانا بانا ہوتا ہے۔ اس نظم میں بھی ایسی ہی بات ہے مرکزی خیال "عشقِ محمدی" ہے اور اس کے اطراف ذاتِ مطلق اور ذواتِ مخلوقات کا تانا بانا ہے۔ یہ نظم عرفانیات سے مزدوج ہے۔ حمدِ باری تعالیٰ ہی میں محمود اول و آخر سے رابطہ ہے۔ کیوں کہ محمود اول آخر ہی محقق ذاتِ مطلق ہے۔ اس نظم کو حمد و نعت کا سرچشمہ کہا جاسکتا ہے۔ یہ نظم وحدت سے کثرت کی طرف ایک نظر ہے یا پھر کثرت سے وحدت کی طرف ایک پیچیدہ مشاہدہ۔ سالکؔ نائطی صاحب کو زبان و

بیان پر پورا عبور حاصل ہے اور وہ ہر بات کو بڑی شگفتگی کے ساتھ واضح الفاظ میں بیان کر جاتے ہیں۔ اس مثنوی کا ہر شعر ایک گہر پارہ ہے، زبان کی شگفتگی سے قاری محظوظ و مرعوب ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ یہ مثنوی صاحبِ اسلوب کو کئی زاویوں سے اونچا اٹھاتی ہے۔ شاعر کا مزاج ایک طرف مشربانہ و رندانہ دکھائی دیتا ہے تو دوسری طرف عالمانہ و صوفیانہ۔ ان دونوں مزاجوں کا انصال پوری نظم کو دوآتشہ بناتا ہے۔ پوری نظم فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن کی ایک حسین گونج ہے۔

نظم کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے کئی چھوٹی چھوٹی نعتوں میں تقسیم کر لیا جا سکتا ہے۔ تسلسل کے توڑنے پر ہی اس نظم کو مجروح کیا جا سکتا ہے۔ اس کے بعض حصے ملاحظہ کیجیے۔ سورۃ الحمد (سورۃ فاتحہ) کی شان میں یوں فرماتے ہیں۔ ؎

سورۂ الحمد رب العالمین کی شان ہے | حاصلِ گنجِ معانی حاصلِ قرآن ہے
سورۂ الحمد ہے للہ رب العالمین | حمد سے مشتق محمدؐ رحمۃ اللعالمین
سورۂ الحمد ہے سبع معانی بے گماں | سات دن ہفتے کے ہیں ایک ایک آیت سے عیاں
گردشِ افلاک میں ہے سبع سیارہ بھی | سات رنگوں کی دھنک پھوٹی تو فوارہ بھی
حمد کا ہے "میم" مرکز اور "حد" اس کا حصار | اور بے حد و غایت کا ہے حدّ ہی میں شمار

اس طرح آپ نے بیسیوں اشعار میں ایک خاص باب باندھا ہے۔ حمد کی شان میں یہ شعر بہت اعلیٰ ہے ؎

آخرش خواہی نخواہی حمد ہی کا ساز ہے | حمد ہی انجام ہے اور حمد ہی آغاز ہے

پھر محمود اولیں و محمود اعظم و اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی شان میں سالکؔ نائطی صاحب کا قلم جو کارنامہ انجام دیتا ہے وہ صد آفرین ہے۔ اس کے چند شعر ملاحظہ فرمائیے جو متواتر نہیں ہیں بلکہ چیدہ چیدہ ہیں: ؎

عرش سے تا فرش پھر اک نور پیکر ڈھل گیا | بولے جبریلِ امینؑ، یہ ہیں محمدؐ مصطفےٰ
بولیے صلو علیہ، یہ ادب کا ہے مقام | جو بھی دیکھے آپؐ کو واجب ہے اس پر احترام
آپ ہی کے فیض سے بے رنگیوں میں رنگ ہے | آپ ہی کے جود سے ہر مرتبہ کو انگ ہے
فرش پر نام محمدؐ، عرش پر محمودؐ ہیں! | ایک ہی انداز لے کر عبد اور معبود ہیں
آپ کا طرزِ تکلّم آیتِ قرآن ہے | حکمتوں کا آئینہ ہے، حکم ہے فرمان ہے

نعتیہ اشعار کے فوراً بعد شاعر کا موضوع جب اچانک بدلتا ہے تو ایسے لگتا ہے کہ ایک سکوت بعد ہیجان پیدا ہو گیا ہے۔ ملاحظہ فرمائیے: ؎

پھر نظر میری اٹھی وحدت سے کثرت کی طرف | نور کا پھر اک سفر جاری تھا ظلمت کی طرف
ڈھک گیا نورِ لطافت، تھی کثافت آس پاس | خاک ہاتھ آئی تنِ آدم کو تھا خاکی لباس

خاک سے بڑھ کر نہ تھی ظلمت کوئی اتنی دبیز
آرزوئے تن حقیقت میں تھی بزمِ رستخیز

حضرتِ آدم نے اپنے گرد دیکھی زندگی
کوہ و دشت و بر و بحر و تیرگی و روشنی

اس طرح ذاتِ بحت سے ذاتِ فانی کی طرف سفر کی آخری تان یوں ٹوٹتی ہے۔ ؎

گفتگو کی آڑ ہی مقصودِ قربت ہو گئی
بزمِ کثرت میں ہویدا شانِ وحدت ہو گئی

وہ تجلّی جو ازل سے گم تھی اپنے آپ میں
تا ابد حُسنِ تجلّی کیوں نہ دیکھے آپ میں

غیریت کا کیا گماں ہے عینیت ہی عینیت
خالق و مخلوق کے رشتے کی پھر کیا حیثیت

غرض سالک نائطی کی یہ مثنوی ایک لاجواب شاہ کار ہے اور اس طرز کی نظم اور اس بلا کی روانی بہت کم دیکھی گئی ہے یا دیکھی جا سکتی ہے۔ •••

# مولانا کاظم نائطی اور "مسدّس طریق"

نعت گوئی کو ایک نئے ڈھنگ سے برتنے کی کوشش کرنے والوں میں کاظم نائطی (برادر مولانا سالک نائطی) کا نام گرامی بھی آتا ہے۔ انھوں نے ایک طویل ترین نظم "طریق" کا آغاز کیا ہے اور تقریباً دیڑھ سو بند مکمل کر لیے ہیں۔) جس میں انھوں نے مسدّس کے فارم کو لیا ہے۔ اور اس کے عناوین "اذان" کے کلمات ہی متعین کیے ہیں۔ اللہ اکبر کے عنوان سے حمدِ باریٔ تعالیٰ ہوی ہے جس کے تحت بیسیوں بند قلمبند ہوے ہیں۔ اشہدان لا الٰہ الا اللہ کے عنوان سے انھوں نے تخلیقِ کائنات کے مراحل اور وجود و شہود کو پیش کیا ہے۔ جس میں نورِ محمدی کی مکمل تعریف آتی ہے۔ اس کے بعد اشہدان محمد الرسول اللہ کے عنوان سے حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلّم سے متعلق ایک تفصیلی اسوہ وذاتِ اقدس وشمائل وفضائل، عادات وغیرہ کا ذکر ہے۔ بہرحال ایک حیثیت سے یہ نظم ذاتِ بحت جل جلالہٗ سے شروع ہو کر اسی پر اختتام پذیر ہوتی ہے۔ اگر یہ نظم تکمیل کو پہنچ جاے تو کاظم نائطی کا نام گرامی ایک نئی شناخت قائم کر سکے گا۔ اس مثنوی سے ماخوذ چند بند ملاحظہ فرمائیے، جو اشہدان محمد الرسول اللہ کے عنوان کے تحت آتے ہیں: ؎

چاہا کہ اپنا بھی کوئی آئینۂ جمال ہو　　مجموعۂ صفات ہو محصورۂ خصال ہو
جس کے بغیر عنصری تشکیل لامحال ہو　　ہر طور اپنی ذات کی تنویر پر جو دال ہو
لازم تھا ایک ضابطہ پہلے قیام دہر کو
نورِ محمدی ملا ضبط و نظامِ دہر کو

تسبیح نور بن گئی تو سبیح نور دیکھ کر　　خود کو سراہنے لگا خود کے حضور دیکھ کر
خود اپنے پاس دیکھ کر اور خود سے دور دیکھکر　　اپنا شعار دیکھ کر اپنا شعور دیکھ کر
وہ عہدِ اوّلیں یونہی صدیوں قیام میں رہا
حُسنِ ازل کا آئینہ تنہا نظام میں رہا

ٹھہرا ہے نورِ مصطفیٰ لازم برائے زندگی　　اس کے بغیر تھی کہاں ممکن بنائے زندگی
ہر شئے نے سطحِ ارض پر اوڑھی ردائے زندگی　　قائم اسی سے ہر جگہ ہر دم ادائے زندگی
وہ جس کو موت آگئی بس اس کا نور اڑ گیا
اٹھیں تجلّیات تو پھونکوں سے طُور اُڑ گیا

قدسی لطافتوں میں بھی شامل ہے نورِ مصطفیٰ
جنّت کی نعمتوں میں بھی شامل ہے نورِ مصطفیٰ

آفاقی سطوتوں میں بھی شامل ہے نورِ مصطفیٰ
اور حق کی قربتوں میں بھی شامل ہے نورِ مصطفیٰ

نورِ اثاثِ ذاتؐ ہی اعیانِ ثابتہ میں ہے
نورِ حبیبِ پاکؐ ہی ابدانِ ممکنہ میں ہے

اپنی صفاتِ خاص سے موسوم انبیا رہوئے
حق ہی سے ان کو ربط ہے حق ہی کا آئینہ ہوئے

جو مقتضائے وقت تھے وہ کام ہی ادا ہوئے
کشتی ملی تھی جس طرح ویسے ہی ناخدا ہوئے

زیبا حضورؐ ہی کو ہے حمد و ثنائے کبریا
احمد محمد آپ کو حق نے ازل سے ہی کیا

اس طرح یہ نظم بڑی روانی سے آگے بڑھتی ہے اور بہت سارے حقائق کا احاطہ کرتی ہے۔ اس نظم کا خصوصی حصّہ نعتِ رسولِ اکرم ہی ہے، جو "طریق" کی تخلیق کا باعث ہوا ہے۔ این و آں کے ہر دریچے سے کاظم نائطی حضورؐ ہی کا دیدار پسند کرتے ہیں۔ ●●●

# علیم صبؔا نویدی کی نعتیہ نظمیں

راقم الحروف کا ذہن نعت گوئی کی طرف ایک طویل عرصے سے مائل رہا ہے۔ غالباً میں نے اپنی پہلی نعت ۱۹۶۴ کے آس پاس کہی تھی اس وقت اس کی نورانی کرنوں کو سمیٹنے کی اتنی استطاعت نہیں تھی اس لئے وثوق سے میرے لئے کہنا دشوار ہے کہ میں نے کونسی نعت سب سے پہلے کہی تھی۔ حضورِ پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کے تعلق سے شعراء کے خیالات کو پڑھنے اور سمجھنے کی طرف میلان شروع ہی سے رہا ہے اور نعت جیسی مقدس صنف کی طرف خود کو بھی مائل کرنے کا جذبہ دھیرے دھیرے ذہن و دل پر پوری طرح اثر ڈالنے لگا اور پھر اچانک ایک ایسا وقت آیا کہ ہر دن ایک نعت کہنے کی خواہش نے سر ابھارا۔ پہلے پہل تو اسی صنف کے برتنے میں خود کو مائل کرنا ہی بڑی سعادت سمجھتا رہا اور پھر عبادت کی حدوں کو چھو لینے کی حد تک نعت گوئی کی سعادت حاصل ہوگئی۔ غالباً ۱۹۷۳ میں حضرت کاوش بدری صاحب کی ایماء پر صنف سانیٹ کی طرف مائل ہوا۔ اس دور میں چند نعتیہ سانیٹ ضرور لکھے لیکن دلی طمانیت نصیب نہیں ہوئی اس صنف سے ہٹ کر بھی احقر نے مختلف اصناف مثلاً تثلیث، ہائیکو، آزاد غزل کی ہیئت میں بے شمار نعتیں تخلیق کیں جن کا اعتراف پروفیسر کرامت علی نے یوں کیا ہے۔ ''علیم صبا نویدی نے بے شمار نعتیں، تثلیثات، ہائیکو، اور آزاد غزل اور نثری نظموں کے فارم میں لکھی ہیں اتنی نعتیں کسی اور نے نہیں لکھیں''۔۔۔ ناچیز نے حبِ رسولؐ سے سرشار ہو کر ہی شاعری کی نئی صنفوں میں بھی نعتیہ اشعار کہنے کی جرات کی ہے۔ میری نعت گوئی پر اربابِ نقد و نظر نے بہت کچھ کہا ہے اور اکثر نقادوں نے جو باتیں لکھی ہیں وہ بڑی حد تک درست ہیں جن کے چیدہ چیدہ حوالے درج ذیل ہیں:

☆ ''ن'' میں شامل نعتوں کو پڑھنے کے بعد یہ محسوس ہوتا ہے کہ علیم صبا نویدی نے صرف شاعری کرنے کے لئے نہیں بلکہ حب رسول سے سرشار ہو کر اپنے اندر کی پکار پر یہ نعتیں کہی ہیں۔

☆ صبا اکرام، کراچی

☆ علیم صبا نویدی جدت پسند ہیں۔ اس لئے نعت شریف میں تازہ مضمون اور ندرتِ فکر پیدا کرتے ہیں اس عمل میں بیشتر آمد ہی آمد کی صورت ہے، آورد اور تصنع یا سعی بے جا کا دخل نہیں۔ اس کا سبب یہ بھی ہے کہ سرورِ کونین سے ان کی محبت میں کسی بناوٹ کا شائبہ تک نہیں ہے۔ جب عشق صادق ہو تو تازہ کار و تازہ خیال بنا ہی دیتا ہے۔ کیونکہ اس کے انداز اور اس کے روپ ہزاروں ہیں۔ جب یہ دل میں گھر کر لے تو حبیبؐ کے جلوے طرح طرح سے آنکھوں میں سماتے ہیں اور اس کا خیال ہر لمحہ ایک تڑپ اور ایک نئی آرزو پیدا کرتا ہے۔

☆ پروفیسر نجم الہدیٰ، بہار

☆ جب ہم علیم صبا نویدی کی نعت نگاری پر نظر کرتے ہیں تو یہ بات کھل کر سامنے آتی ہے کہ ان کی شاعرانہ آزاد مزاجی اس باب میں ہمیشہ صالح اقدار و کردار کی حامل رہی ہے۔ لہذا ان کی نعت گوئی سے وابستگی فطری ہونے کا ثبوت پیش کرتی ہے۔ یوں تو ان کا دل حبِ نبیؐ اور عشقِ رسولؐ سے ہمیشہ ہی معمور نظر آتا ہے لیکن اب ان کی رشدو

ہدایت کی طرف پوری سپردگی کے بعد یہ رنگ چوکھا ہو گیا ہے۔ بعض موقعوں پر تو ان پر ایک عجیب والہانہ کیفیت اور جذب کا عالم طاری دکھائی دیتا ہے۔'' کے شایانِ شان طریقے سے بنایا ہے ان نظموں کو پڑھکر ہر مسلک کے آئینے کے قلب سے زنگ دور ہونے لگے گا۔

☆ پروفیسر گیان چند حیدر آباد

☆ علیم صبا نویدی کی نعتیہ شاعری اپنی بیکراں وارفتگی اور گہری محویت کی بنا پر امتیاز حاصل کرتی ہے۔ وہ محض رسمیت کی پروردہ نہیں۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ انہوں نے نعت کو بہت جگہ ایک نئے دور کے انسان کی حسیات کے ساتھ جوڑکر اور جدید شاعری کی لفظیات سے فائدہ اٹھا کر پیش کیا ہے

☆ پروفیسر سید حامد حسین بھوپالی

☆ جناب صبا نویدی کی نعتوں میں خوش بوئے مصطفوی کی مہک ورق ورق محسوس ہوتی ہے، ان اشعار کی عطر بیزی سے ہر عاشقِ رسول صلعم اپنے مشامِ جان کو معطّر کرتا رہتا ہے، چند اشعار جن سے نہ صرف لفظاً بلکہ حقیقتاً بوئے مصطفیٰ آتی ہے، ملاحظہ ہوں:

ہر دل میں، ہر دماغ میں، خوش بوئے مصطفیٰ
ارض و سما کا نور بنا روئے مصطفیٰ

جس روز ختم ہوگا مری زیست کا سفر
نکلے گی میری سانسوں سے خوشبوئے مصطفیٰ

☆ ڈاکٹر راہی فدائی کڈپہ

☆ نویدی کی تخلیقی جودت جب نعت گوئی کے میدان میں آتی ہے تو یہاں بھی اپنی انفرادیت منوالیتی ہے ان کی نعتیہ شاعری میں والہانہ کیفیت ہے۔ جذب کی فضا کے باوجود صبا نویدی کی زبان سے کوئی ایسی بات نہیں نکلتی جس سے افراط و تفریط کا گمان ہو۔ وہ یہ جانتے ہیں کہ رسول اکرم کی شانِ مبارکہ میں جذبۂ بے پناہ کا کیا قرینہ ہونا چاہئے۔ وہ کیفیات قلبی کے اظہار میں ادب کو ملحوظ خاطر رکھتے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ نعت گوئی ایک نہایت نازک مرحلہ ہے۔ یہ تلوار کی دھار پر چلنے کا کام ہے۔ ایک ذرا لغزش نعت گو شاعر کو نہایت پست بنا سکتی ہے۔ شاعری میں براہِ راست محبت کا اظہار یوں بھی ایک نازک مسئلہ ہے۔ رسول اکرم صلعم کی شان طیبہ سے بے پناہ عقیدت رکھنے والے شخص کے لئے یہ منزل بڑی سخت ہوتی ہے۔ علیم صبا نویدی اس منزل دشوار سے کامیاب و کامران گذرے ہیں۔

☆ پروفیسر علیم اللہ حالی گیا (بہار)

☆ صبا کے یہاں نعت کے موضوعات میں تنوع کے ساتھ ساتھ جذباتِ خلوص کی فراوانی ہے۔ شاعر رسولؐ کے وسیلے سے اپنی رہنمائی کی دعا کرتا ہے۔ کائنات کے وجود میں آنے کا سبب رسول کی ذات کو قرار دیتا ہے۔

سینہ میں جو روشنی ہے وہ نتیجہ ہے حبِ رسول کا ہم خواہ اس کو سمجھ نہ سکیں مگر ذرّہ ذرّہ حمد کے ساتھ نعت رسول کا ورد کر رہا ہے۔ پورے مجموعہ (نورالسموات) پر علیم صبا کی عقیدت کے پھول نذرانہ کے لئے بکھرے ہوئے ہیں۔ خوشی اس بات کی ہے کہ جذباتِ عقیدت میں غلو یا مبالغہ سے کام نہیں لیا گیا ہے۔ انھوں نے ان حدوں کو ملحوظ خاطر رکھا ہے جو عبد اور معبود کے درمیان ہیں۔ صبا نویدی نے جس خلوص اور سادگی سے اپنے جذبات کا اظہار کیا ہے امید ہے کہ یہ جذبات دربارِ نبیؐ میں خلعت خوش نودی حاصل کریں گے اور اس سے بڑھ کر کیا معراج ہو سکتی ہے۔

☆ پروفیسر ظہیر احمد صدیقی، دہلی

☆ نبیؐ اکرام کی ذات

نبیؐ اکرم کی ذاتِ پاک کا تذکرہ اور ان کی شخصیت سے وابستگی شاعر کے لئے سکونِ قلب کا باعث ہے۔ اور ان کا نام نامی لینے سے اس کی مشکل آسان ہو جاتی ہے۔ نعت گوئی کے سلسلے میں حضورِ اقدسؐ کے ساتھ شاعر کی والہانہ عقیدت اور محسوسات کی دنیا میں ان کے ذکر و فکر سے اس کی شیفتگی قابلِ رشک بھی ہے اور لائق عمل بھی کہ اسے یہ دولتِ لازوال عطا ہوئی ہے۔ اس خوش نصیبی پر وہ جس قدر بھی نازاں ہو کم ہے۔

☆ ڈاکٹر کلیم سہسرامی

راج شاہی یونیورسٹی، بنگلہ دیش

☆ علیم صبا نویدی نے سانٹ کو نئی غزل کا مزاج اور نیا آہنگ ہی نہیں بخشا ہے بلکہ شروع سے آخر تک ''نورالسموات'' کے ہر سانٹ میں ایک ایسی وجدانی کیفیت بھری ہے کہ قاری کے ذہن میں نہ چودہ مصرعوں کی گنتی رہتی ہے نہ سانٹ کی مکمل صنف۔۔

میرا دعویٰ ہے کہ کوئی جدید شاعر مندرجہ ذیل سانیٹ اس کلاسیکی انداز میں کہہ نہیں سکتا۔''

☆ حضرت کاوش بدری آمبور

## ☆ دو سانیٹ

### ☆ جمالِ حبیبؐ

زمیں، چاند، سورج، فلک سجدہ ریز
ہواؤں کے دامن میں کیف و طرب
بہاروں کے سرمست میں روز و شب
گلستاں ہے جنت بداماں نصیب
درخشاں ہے ہر سو، جمالِ حبیبؐ
حیات آفریں ذہن و دل کا جہاں
معطر مناظر، منور سماں
کہ رحمت ہے ہر چیز پر جلوہ ریز

شہنشاہِ دیںؐ کا یہ فیضان ہے
یہ سانسوں کی دھڑکن لہو کا سفر
یہ ہونٹوں کی جنبش، بیاں کے گہر
محمدؐ کا ہر شئے پہ احسان ہے

محمدؐ نہ ہوتے تو، ہوتے نہ ہم
نہ اظہار ہوتا، نہ نقشِ قلم

✵

### ☆ محسنِ اعظم

چار سو ضوفشاں ہیں شاہِ اممؐ
تاجدارِ نصیبِ ارض و سما
خود ہی منزل ہیں، خود ہی راہ نما
حاصلِ دو جہاں ہیں شاہ، اممؐ

دیدہ و دل ہیں انؐ سے نورانی
چاند، سورج میں ہے چمک ان سے
دونوں عالم میں ہے مہک انؐ سے
نقش انؐ کا ہے نقشِ لاثانی

انؐ کے آگے ہے سربسجدہ حیات
ذکر میں انؐ کے محو ہیں سانسیں
جسم و جاں، دل، دماغ اور آنکھیں
دن منور ہے انؐ سے نوری رات

ذرّے ذرّے میں نور ہے ان کا
سارا عالم ظہور ہے ان کا

☆ ہر قلبِ مومن میں موجزن بحرِ عقیدت عشقِ رسولؐ کی طرح علیم صبا نویدی کو اس طرح عرضِ حال اور حالِ دل کو بہ حضورِ رسالت مآب پیش کرنے کی جو سعادت حاصل ہوئی ہے وہ یقیناً مبارک و مسعود ہے۔

نور السموات جیسی پاکیزہ اور عشقِ رسولؐ سے بھرپور تخلیق پر علیم صبا نویدی کو میں خلوصِ دل سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ عام پذیرائی کے علاوہ شاید ان کے لئے نئی سرخروئی اور نئی اقبال مندی کا بھی پیش خیمہ ثابت ہو اور یہ نئی ڈگر بڑھتے بڑھتے ایک عظیم شاہراہ بن جائے جس کا جادہ بھی نورانی اور منزل بھی نورانی

سانیٹ کے فارم میں بعض نعتیں تو ایسی ہیں کہ انہیں پوری کی پوری دوہرانے کو جی چاہتا ہے تا کہ پورا سیاق سباق بھی روشن ہو جائے، ملاحظہ ہو۔

ہر طرف بے رنگ رشتوں کا ہجوم
قتل گاہوں میں لہو کی بارشیں
ظلمتوں میں سانس لیتی سازشیں
چارسو وحشت کی پھیلی راگنی

زندگی کے سر پہ میلی چاندنی
تیرگی کی سمت حسرت گامزن
خاک تھی پہنے ہوئے دکھ کا کفن
غم زدہ تھا منظر ماہ و نجوم

آخرش نورِ زماں پیدا ہوئے
رشتے ناطوں میں تجلّی آگئی
دامنِ دل میں تسلّی آگئی
سرورِ کون و مکاں پیدا ہو جائے

زندگی روشن، معطر ہو گئی
نیک لمحوں کا مقدر ہو گئی

☆ابوالفیض سحر، دھلی

☆

☆ رسول صلعم کے تعلق سے علیم صبا نویدی کے جو خیالات ہیں وہ ہر مسلمان کے ہیں۔ حضور صلعم کا نام مبارک جب زباں پر آتا ہے یہی احساس دلوں کو گرماتا ہے۔ اس طرح علیم صبا نویدی کی نعتیہ غزلیں صرف ان کے دل کی ترجمان نہیں بلکہ ہر مسلمان کے دل کی ترجمان ہیں اور ان کا عشقِ رسول تمام حدوں کو توڑ کر آفاقی ہو جاتا ہے۔

☆ پروفیسر عبدالواسع (بہار)

## نورِ اوّل

کب
کہاں
نور اترا
نورانی برساتیں ہوئیں
لب کہنے سے معذور
آنکھیں گواہی دینے سے مجبور
عجب معجزہ ہوا
ناقص شام وسحر
بے رنگ کائنات
گردمیں لپٹی ہوئی آب وہوا
صاف وشفاف ہوئی

کب
کہاں
نور اترا
اسی کا نور تھا۔اس نے دیکھا۔۔۔

✡

## منور سفر

زمیں پر وہ رحمت کی ضواولیں
افق تا افق نور کی وسعتیں
مبارک قدم چار سو برکتیں
شہ دیں کی آمد ہے صد آفریں

منور صدف میں ہوئے ہیں گہر
گلستاں میں خوشبوئیں جاگی ہوئیں
بہاروں کی باہوں میں پھیلی ہوئیں
سفر نیک لمحوں کا ہے معتبر

ہر ایک راستے پر خدائی مہک
نئی منزلیں اور رہبر نیا
پر انوارِ قرآں کا منظر نیا
زمیں تا فلک کبریائی مہک

یہ سب نورِ شاہِ امم کا ہے فیض
معطر، مبارک قدم کا ہے فیض

سانیٹ مطبوعہ ''نور السموات'' ۱۹۸۹

✡

## ''فیضِ نورانی''

جب فضائے دہر رحمانی ہوی
ذرے ذرے پر مسلط کیف تھا
تیرگی کا قتل بھی صد حیف تھا
سرحدِ ادراک نورانی ہوی

زندگی جلوہ گہ امکاں بنی
آدمیت کو ملی اوجِ فلک
دھندلی تقدیر نے پائی چمک
اور زمیں کی مانگ زرافشاں بنی

تاج دار انبیاء کے فیض سے
خاک نورانی ہوی ہے سر بہ سر
کیف آور ہو گئے شام و سحر
نورِ محبوبِ خدا کے فیض سے

دل معطر، سینہ قرآنی ہوا
اور نزولِ شانِ یزدانی ہوا

سانیٹ مطبوعہ ''نور السموات'' ۱۹۸۹

✡

★

مقامِ ''لا'' سے نکلا صبح کو جب نور کا پیکر
ہوا پھر جو ہر آئینہ، ہر بجھتا ہوا جوہر
اجالوں کی روپہلی چھاؤں میں تھا زیست کا منظر
محبت نے بھی لی انگڑائی، جلوؤں کا کھلا دفتر

سمجھ میں آئی پھر ذہن رسا کو غایتِ ہستی
بہ ظرفِ ہوش پھر بانٹی گئی توحید کی مستی
افق کے نور کو چھونے لگی ویران سی بستی
پہاڑوں نے سروں سے پھینک دی پھر دھند کی چادر

مہکتے پھول بھی تھے جگمگاتے چاند تارے بھی
سلگتی ریت کے تودے، سمندر بھی کنارے بھی
پرستاران باطل بھی، کہیں افسوں کے مارے بھی
ظہورِ قدس کے آگے جھکایا سب نے اپنا سر

الوہی ساز پر چھیڑے گئے نغمے محبت کے
ابلنے لگ گئے ہر گام پر چشمے مسرت کے
کہ تا حدِ نظر چھائے ہوئے بادل تھے رحمت کے
سراپا جنت نظارہ تھا فاران کا منظر

زمیں کی خاک نے اٹھ کر چھوا عرشِ معلیٰ کو
حیاتِ گلفشاں بخشی گئی ہر ایک صحرا کو
کیا حیران جس جلوے نے ذوقِ چشمِ موسیٰ کو
حرا کے غار سے نکلا وہی خورشید ضو گستر

(مطبوعہ لمس اول ۱۹۷۷)

★

✡

خزاں کے پاؤں میں زنجیر ڈال دی تم نے
قدم قدم پہ اگائی ہے تازگی تم نے
کہاں کہاں نہ بچھائی ہے روشنی تم نے
مٹائی دہر سے تفریق باہمی تم نے

تم آئے پھول نے خوشبو کی لو بڑھائی ہے
یہ کائنات فقط تم سے مسکرائی ہے
تمہاری جنبشِ لب میں گرہ کشائی ہے
دل و دماغ کو بخشی ہے آگہی تم نے

بکھر گیا تھا کہیں رنگ ہائے زلفِ حیات
کہ ڈس رہی تھی حسین صبح کو اندھیری رات
جلوس نالۂ غم تھا تو آنسوؤں کی برات
کہ ایسے دور میں بخشی ہے سرخوشی تم نے

جو لوگ حلقۂ آغوشِ درد و غم میں پلے
سلگتی دھوپ میں پلکوں کی چھاؤں چھاؤں چلے
چراغ کتنے فروزاں ہوئے تھے شام ڈھلے
صلہ میں کچھ بھی تو مانگا نہیں کبھی تم نے

لہولہان بدن ہو رہا تھا پتھر سے
نہیں تھا کم کبھی طائف کا ظلم محشر سے
مگر زبانِ مبارک سے پھول ہی برسے
دیا ہے شاہ کو بھی درسِ خواجگی تم نے

مطبوعہ ''خوشبو کے داغ'' ۱۹۹۳

✡

# سلام

## (سانیٹ کے فارم میں)

سلام انؐ سے جو کون و مکاں کا نور ہے
سلام انؐ پہ جو منبع ہیں زندگانی کا
سلام انؐ پہ جو ماخذ ہیں شادمانی کا
سلام انؐ پہ جو ہیں جسم و جاں کا نور ہے

سلام انؐ پہ جو مخزن ہیں لطف رحمت کا
سلام انؐ پہ جو گوہر ہیں نیک نامی کا
سلام انؐ پہ جو ہر ہیں خوش کلامی کا
سلام انؐ پہ جو خورشید ہیں نبوت کا

سلام انؐ پہ جو ایمان کی تجلّی ہیں
دل و نگاہ کی، کونین کی تسلّی ہیں
سلام انؐ پہ جو آئینہ ہیں خدائی کا
جمالِ ذاتِ مقدس کی رونمائی کا

سلام انؐ پہ جو محبوبِ ربِّ عالم ہیں
سلام انؐ پہ جو بعدِ خدا معظم ہیں

# نعتوں کا انتخاب

## حافظ سید محمد فراقیؔ ویلوری

ولادت ۱۶۵۸ وفات ۱۷۳۱

یو محمدؐ کی نعت کا ہے بیاں ہوی خدائی تمام جس کی ظہور

★

محمدؐ نبی سیدالمرسلین رسولِ خدا شافع المذنبین
یو تیرے قدم سوں خلقت ہوا یو تیرا قدم جگ پہ رحمت ہوا
شفاعت کے توں برج کا آفتاب کرم کے گگن کا سچا ماہتاب
شہنشاہ تو انبیاء کا تمام تو پایا ہے محمود ساخوش مقام

(ڈاکٹر محمد علی اثر۔ حافظ سید محمد فراقی، تحقیقی نقوش۔ ص ۴۲)

★

مدینے میں اگر پیدا ہوا ہوتا تو کیا ہوتا محمدؐ کی گلی بھیتر فنا ہوتا تو کیا ہوتا
نظر ہے علم منطق ہور رحمانی میں فراقیؔ کوں اگر علم حدیث مصطفیٰ ہوتا تو کیا ہوتا

(مطبوعہ ''مراۃ الحشر'' ۱۷۰۱ء بحوالہ مولوی نصیر الدین ہاشمی۔ دکن میں اردو۔ ۱۹۶۳۔ ص ۳۷۶)

## مولانا سید شاہ ابوالحسن قربی ویلوری

ولادت ۱۷۰۶ وفات ۱۷۶۸

عین اعیان دو عالم ہے محمد مصطفیٰ مہرِ موجِ استقامت ماہِ برجِ اصطفا
پرتو ہے اس کی ہے حقیقت کا یو سب ذراتِ خلق آفتاب چرخِ وحدت کا ہے عکسِ حق نما
دانش مطلق کا منبع یا محمد تو نچہ ہے قربی قرباں کوں تیرے علم مطلق کر عطا

★

حسن ازل کا مظہر بے واسطہ اوسرور ہر حسن جگ میں یکسر ہے پرتو اس بہا کا
کیا عشق کہنہ ونو اس عشق کا ہے پرتو ہے خلق میں تگ ودو اس عشق، اس ہوا کا

★

ہے محمد حبیب مولا کا ہے ازل سوں قریب مولا کا
کنہ اس کا نہیں کسے معلوم او ہے سرِّ غریب مولا کا
افضل الانبیاء محمدؐ ہے سب پو فضلِ عجیب مولا کا
قاف تا قاف سب مطیب ہے اس سوں آتا ہے طیب مولا کا
دینِ مطلق کی دعوتِ حق میں او ہے ہر جا مجیب مولا کا
دفع کرنے شرارہٗ دوزخ ہے او مفضل نقیب مولا کا
نہ کے آداب اس سوں سیک تمام ہے او سرورادیب مولا کا
رغبت اس کی متابعت کا کر مصطفےٰ ہے رغیب مولا کا
گلشنِ وحی میں اوافصح ہے نغمہ زن عندلیب مولا کا
بوج اس سوں حساب رشتے او ہے قربیؔ حبیب مولا کا

✡

عینِ اعیانِ دو عالم ہے محمد مصطفےٰ مہر موجِ استقامت ماہِ برجِ اصطفا
دے گا وجہ اس کا ہر ذرے سوں گر کریگا حل یقیں سوں ثمّ وجہ اللہ کے مشکل معما کا
ذراتِ خلق نیں ہے غیر ذاتِ لم یزل ہرگز تو ہر یک ذات کوں پر توجہ اس ذات والا کا
صفت ہور اسم ہر شی کا صفت ہور اسم حق کا ہے کہ ہے اسم و مسمی عکس اس اسم و مسما کا
تجلی ہے یو سب غیب ہویت ہور وحدت کی اگر ہے جہل جاہل کا وگر ہے علم دانا کا
بغراز عاجزی قربیؔ تجھے چارہ شناسوں نیں کہ جیوں کہنا اتھا تیوں نیں کہے کوئی حمد مولا کا

✡

پرتو اس کے ہے حقیقت کا یو سب ذراتِ خلق آفتابِ چرخ وحدت کا ہے عکسِ حق نما
تن محمدؐ جاں محمدؐ صورت و معنی وہی یوں معما ہے تجکا حل سوں اس کا مدعا
نہ کی لذت سوں محمدؐ نام کر ہر چیز کا ہے حقیقت میں محمد عین ہر شے اے فنا
ہر ذرہ احمد ہے جگ سوں بوج احمد آپ کوں اب جہاں میں تو انا احمد کا نقارہ بجا
عینِ ہر ذرہ محمد فی العیاں دیکھے گا توں گر تو اشیاء کی حقیقت کوں کرے گا سامنا

✡

ہے احمد و محمد ؐ سرخیل انبیاء کا ‏ ‏ بے میم احد کو آیا ہے عین اوخدا کا
وہ شاہ اگر عرب ہے بے عین عین رب ہے ‏ ‏ جو کچھ کہے سو سب ہے ذر لجہ صفا کا
ہے ذات اس کی مطلق اوچ عبد ہور وہی حق ‏ ‏ حق سوں کتا ہوں یو حق میں یوں بچن ریا کا
حسن ازل کا مظہر بے واسطہ او سرور ‏ ‏ ہر حسن جگ میں یکسر ہے پرتو اس بہا کا
اور افضل البشر ہے او شافع حشر ہے ‏ ‏ ہر جا وہی نشر ہے سالار اصفیا کا
جو جگ منے ہے پیدا جو چیز ہے ہویدا ‏ ‏ ہے اس کے مکھ کی شیدا او اصل ہے ولا کا
شاہ جہاں وہی ہے نور عیاں وہی ہے ‏ ‏ مقصود جاں وہی ہے عشاق بے نوا کا
جو چیز ہے جہاں میں جو نام ہے دہاں میں ‏ ‏ جو ہے عیاں نہاں ہے وہ نام مصطفےٰ کا
کیا عشق کہنہ و نو اس عشق کا ہے پرتو ‏ ‏ ہے خلق میں تک و دو اس عشق اس ہوا کا
قربی تو بے نوا ہے دل میں تری ہوا ہے ‏ ‏ قرباں ترا ہوا ہے دے قرب اسی خدا کا

✡

## غوثی آرکاٹی

ولادت ۱۷۰۹ وفات ۱۸۱۰

اول کریم حق کی صفت بعد ختم رسلاں ‏ ‏ ان پر درود رب سدا جو آل ہیں اصحابیاں
پائے ضیافت مصطفیٰ یک دن جو گھر عثمان کے ‏ ‏ دعوت جو دوسری پائی او خاتون جنت کے مکاں
دعوت جو ہے اسلام میں سنت محمد مصطفےٰ ‏ ‏ دعوت دیا کوئی یا تو دونوں پو حق کے رہنماں
گردوں کی جد گردش نے آویگا ہو کوئی امتی ‏ ‏ پڑھتے ضیافت مصطفیٰ آسان ہوں گے مشکلاں

(مخطوطہ ادارۂ ادبیات اردو حیدرآباد)

✡

## حکیم شاہ عثمان سرور

ولادت ۱۷۱۶ وفات ۱۷۷۶

جز نام محمد ؐ کوئی ایسا نہ ہوا پھر ‏ ‏ تعریف کرے جس کی خداوند جہاں کا
آتی نہیں تحریر میں تجھ حسن کی خوبی ‏ ‏ محتاج نہیں، عشق مرے شرح و بیاں کا

✡

# شاہ تراب چشتی ترناملی

ولادت ۱۷۱۷ وفات ۱۷۷۸

کھولے نقاب میم تو احمد ہوے احد میم محمدؐ کی او اہے معنی صمد

(دیوان تراب ص۴۶۔۲)

کوئی محمدؐ کوں مت عرب بولو حذف کر عین، عینِ رب بولو

(دیوان تراب ص۳۵۱)

توصیف میں قاصر ہے زباں بسکہ سراپا پاشاہ مرے پر جو ترا فضل و کرم ہے

اظہار ہوا مہر نبوت سوں شرف او تجہ نقش قدم میں جو مبارک او پدم ہے

محشر کے معرکے میں ترابِ دل بے تاب واں تجہ کو نگہبان عرب و عجم ہے

✡

یارسول اللہ بحق بو تراب رکھ سدا مقبول علام یو کتاب

عارفاں کارس میں ایم سیر ہو ہے یاالٰہی خاتمہ بالخیر ہووے

دین ظہور کلی شد یارب تمام ختم کردے مدعا اور سلام

(مطبوعہ مثنوی ظہور کلی ۱۷۵۷)

✡

# شاہ محمد قادری

ولادت ۱۷۳۱ وفات

محمدؐ جو ہے خاتم الانبیاء خدا ان کی امت میں ہمنا کیا

خدا کا شکر کیا بجالاؤں میں خوشحالی ہے اسکی برابر سونین

نبیاں کوں اتھا آرزو سر بسر محمدؐ کی امت میں آنا کگر

سو او مرتبہ حق نے ہمنا دیا ہزاران شکر حق نے ایسا کیا

نبیانکا اول معجزہ جو اتھا محمدؐ کی امت کوں ہے اواتا

کہ یعنی کرامات کے طور سوں دیکھاتا ہے قادر نے فی الفور سوں

مئیں اسباب میں ایک بولوں نقل خلافت میں حضرت عمر کی اول

کتے تین شخص انکے نزدیک آئے　　یوں تینوں نے تو تین سوالاں کو لائے
امت اہمیں داؤد پیمبر کا ایک　　ہے دوسرا سو امت جو موسیٰ کا نیک
ہے تیسرا سو عیسیٰ پیمبر کا تھا　　یوں تینوں نے واں آئے ہوا یک تھا
کہے اپنی دیکھے کتاباں اندر　　کہ آخر نبی کی سو امت بہتر
نبیونکا سو یو فعل ہو یگا تمام　　ہو قایم زمانہ رہیگا مدام
اگر آئے ہیں تو تمہاری نبی　　دیکھا و فعل ہمارے نبیوں کا نبی
محمد پو ایمان لائیں گے ہم　　اگر نیں پچھے پھر کو جاویںگے ہم
تو حضرت عمر نے جو تینوں کو لے　　کے حضرت علی کے سو گھر کوں چلے

(مطبوعہ "خزانہ عبادت")

٭

## محمد علی شاہ الفت

ولادت

خرد ایک کی ذات میں ہوئی تمام　　سو او ہے محمد علیہ السلام
نظیر اوسکا آیا نہیں در وجود　　سراپا خرد ہے او ذات ودود

٭

ذکر خلق عالم سے مطلب ہے او　　جو لولاک شاید ہے جس کا دیکھو
یو علوی و سفلی ہے اس کے طفیل　　ہوئے خلق اوس کے لئے روز و لیل

٭

جو آدم سے لے تا مسیح و کلیم　　وہ ہر ایک پیغمبران عظیم
جو حاجت ہوئی حق سے وقت طلب　　بحق محمدؐ کئے ہیں طلب
جہان جملہ محتاج اوس کے تمام　　نبی و ولی و بھی خاص و عام
نہ سایا زمین پر پڑا جو دگر　　شبہ اوس کا ہستی میں نا ہوے کر

٭

## سید شاہ عبداللطیف ذوقی قادری

ولادت ۱۷۳۸ وفات ۱۷۸۰

الٰہی تو ذوقی کو ایماں دے — اپس ذات کا اس کو عرفان دے
بھکاری ہے تیرا کر اس پر عطا — بحق محمد نبی مصطفےٰ
رسل میں ملائک کے بہتر تمام — عوام بشر ہوں ارے نیک نام
انوکھوں کہ ہیں متقی ہور ولی — عوام ملائک پو فضلِ جلی

٭

## مولانا باقر آگاہ ویلوری

ولادت ۱۷۴۵ وفات ۱۸۰۵

مطبوعہ "ہشت بہشت" مطبوعہ عزیزیہ ۱۲۷۰ھ، مطبع فخر الاخبار مدراس

سن تو دل کے کان سے اب یہ بیاں — مصطفیٰ کے عصر سے ایں زماں
کر نبیؐ کا ذکر ہر شام و سحر — افضل الاذکار ہے اے باخبر

٭

کر تو ہم کو اے خدائے مہرباں — امت پیغمبر آخر زماں
ذکر سے اس کے ملے سب درد و سکھ — ذکر سے اس کے ملے نت عیش و سکھ
بے کساں کو ذکر اس کا ہے اماں — عاصیاں کو ذکر اس کا ہے ضماں
ہووے اس کے ذکر سے افلاس دور — ہووے اس کے ذکر سے خناس دور
روگ بھاگے تن سے اسکے ذکر سے — بھاگ جاگے اسکے ذکر و فکر سے
سالکاں کو ذکر اس کا شمع راہ — عاشقاں کو ذکر اس کا ہے پناہ
انبیاء کو ذکر اس کا ہے انیس — اصفیا کو ذکر اس کا ہے جلیس
جو تھے احوال اس شہ کے تمام — یاد کر کر ان کو رہنا شادکام
جزوی و کلی ہے اس کے ذکر میں — علوی و سفلی ہے اسکے ذکر میں
ذکر ہے اس کا مریضاں کو دوا — ذکر اس کا خستگاں کو ہے شفا

عارفوں کا ذکر اس کا من لگن — واصلاں کو ذکر اس کا من موہن
ذکر اسکے خلق کا اور شکل کا — ذکر اس کے جود کا اور فضل کا
دولتِ عظمیٰ خدا تم کو دیا — نعمت کبریٰ خدا تم کو دیا
ذکر میں اسکے رہو خوشدحات تم — اس عبارت پر کرو سورات تم
نعمتاں اس کے ہیں بے حد اے خدا — دے تو یہ توفیق مومن کو سدا
احمد مختار دونوں جگ کا نور — آدم و عالم کو ہے جس سے ظہور
جو گرفتارِ غم و جرم و گناہ — اسکو ہے اس سرورِ دیں کا پناہ
ہے تری تعریف میں عالم تمام — پر تری توصیف سے حق کا کلام

✡

نعت ترا کرنے مجھے کیا سکت — عقل ستی بھار ہی ہے تیری صفت

✡

احمد و مختار دونوں جگ کا نور — آدم و عالم کو ہے جس سوں ظہور
جس کو ہے خوش نام روف، رحیم — سب کے اوپر جس کی ہے رحمت عمیم
ذکر میں جس کے تھے رسولاں تمام — اس کو سراتے تھے دل سے صبح و شام
جو کتب اترے تھے رسولاں اُپر — اس کے اتھے ذکر سوں پُر سر بسر
اس کے تولد کے بشارات سیں — شور و شغب تھا سگل آفاق میں
اے تیری تعریف میں عالم تمام — پر تیری توصیف سوں حق کا کلام
نعت تیری کرنے مجھے کیا سکت — عقل سے باہر ہے تیری صفت

(ہشت بہشت مخطوطہ ادارہ ادبیات اردو حیدرآباد)

✡

ذکر ہے اوسکے ہوے نہ کا بنا — ذکر سے اوسکے ٹوٹے نہ یہ میں پنا
ذکر کو اوسکے ہین بہت ایسے خواص — متفق اس بات پر ہیں عام و خاص
فرض ہے نے شبہ امت کے اوپر — رہنا اوسکے ذکر میں شام و سحر
بالیقین واجب ہے ہر شاہ و گدا — نام اوپر اوسکے نت رہنا فدا

جو اتھے احوال اس شہ کی تمام      یاد کر کرو اونکو رہنا شادکام
گر کرین ہم ذکر اوسکا کیا عجب      ذکر مین جسکے ہے موجودات سب
اس لئے قرآن مین اے یارگزیں      نام پاک اوسکا ہے ذکر العالمین
عرش اور کرسی ہے اوسکے ذکر مین      جن وانسی ہے اوسکے ذکر میں
انبیاء کو ذکر پاک اوسکا تھا روح      ذکر سے پاتے تھے اوسکے سو فتوح
بعد ذکر حق و ابلاغ سام      ذکر سے رہتے ہیں اوسکے شادکام
ذکر اوسکے خلق کا اور شکل کا      ذکر اوسکے جود کا اور فضل کا
جو کیا اوسکو خصایص حق عطا      جو دیا اوسکو مقامات علا
جو اوسے دیویگا حق روز قیام      سارے عالم کے اوپر عالی مقام
ذکر اوسکے آل اور اصحاب کا      ذکر اوسکے امت اور احباب کا
یہ مقامان دیکھہ کر سب انبیاء      یون کئے زاری سے حق سے التجا
کر تو ہمکو اے خدائے مہربان      امت پیغمبر آخر زمان

(مطبوعہ ''تحفۃ النساء'' ۱۸۸۴ء)

## غوثی چنگل پیٹی

ولادت ۱۷۵۷ وفات

کتا ہوں نعتِ احمدؐ، نیں دوجا کوئی مصطفیٰ ثانی      ہوے اکثر پیمبر ختم تم پر رازِ رحمانی

محمدؐ کوں ایسا شرف توں دیا      نبیاں پر ختم کر نبوت کیا
رسول پیمبر عرب ذات ہیں      نکالو تو اس عین خود ذات ہیں
تیرے حدسوں اول توں پیدا ہوا      خبر تجھہ دیا خلق نے لولاک کا
کہا حق نے اے دوست میرے نبی      کہ دو جگ کوں پیدا کیا تجھ سیتی
میرے نور سوں تجھ کیا آشکار      تیرے نور سوں کیا گل عذار
کہ یک روز کی نقل کرتا ہوں میں      محمد نبی مجلس میں بیٹھے ہیں کہیں

ابوجہل آکر کیا یوں سوال بہت زشت دستا تمہارا ہے حال
محمدؐ نبی بول یقیں تم کبھی کہ اس وقت اصحاب میں آئے تھی
کہے اے خدا کے تو محبوب رب تمہاری شکل خوب دستی ہے اب
چہاریار بولے حبیب خدا جواب ایک ہردو کو کہنا سو کیا
پیمبر نے بولے میں ہوں آئینہ جو ہے راست اظہار یوں آئینہ
کہ جن کی شکل ہے سو آئے نظر او کیا جانے اس بات کوئی خبر
ترا حمد بہتر کہوں تا حشر زباں میں نہ طاقت کروں کیا فکر

(''شہادت جنگ سلطانی'' مخطوطہ مملوکہ کتب خانہ پروفیسر آغا زحیدر حسن مرزا۔ بخارہ ملز حیدر آباد)

## مولوی غلام محی الدین معجز آرکاٹی

**ولادت ۱۷۵۹ وفات ۱۸۱۳**

اے سلطان دیں سیدالمرسلیں اے کہ تیرا لقب رحمت العالمیں
تیرے فیض سرمد سے سب جزو کل ہوی سرخروئی کو، بار شک گل
عنایت کا دریا کا تو پور ہے مواہب کے گردوں کا تو سور ہے
ترا جو دھی گاو، بحر محیط کہ فیض اس کا ہے خار وگل پہ بسیط
لے آدم سے اب تک جو ہیں مستمند ہوا تجھ سے حل اون کی مشکل کا بند
خصوصاً تری امت نامدار ترے آل واصحاب کے جاں نثار

سخن کو مرے بخش وہ آب تاب کہ بے آب ہو گوہر آفتاب
مری ہو فصاحت کی وہ دھوم دھام کہ دب جاوے سن اوس کو سجاں کا نام
زبان کو میری کرتو ایسا سدید کہ گنجینہ عرش کی ہو کلید
جلا سخت جانوں کو بہر عدم بنا شعلہ طور میرا قلم

(ایک نامکمل مثنوی سے ''حضور کی خدمت میں گلہ وشکوہ)

(مطبوعہ'' خانوادہ قاضی بدرالدولہ'' ۱۹۶۰ء)

## سید شاہ قدر عالم فرزند سیدہ شاہ بدر عالم ترچی

ولادت ۱۷۶۳ وفات ۱۸۳۶

کہ جس پر حق کیا ختم نبوت — وحی کر سب دیا قرآں کی آیت
ہوا قرآں صفت میں جس کے نازل — محمد سب نبیاں حق کے فاضل
اگر چہ صورت انساں اتھے او — سراسر معنی سبحاں اتھے او

فقہ مخطوط خوان (مثنوی) (مولوی نصیرالدین ہاشمی) فہرست مخطوطات، کتب خانۂ سالار جنگ، حیدرآباد

٭

## غلام حسین جودتؔ

ولادت ۱۷۷۵ وفات

پڑھو صلوۃ محمدؐ پہ یہ کام اچھا ہے — بعد اللہ کے حضرت ہی کا نام اچھا ہے
عرش پر پہنچے نبیؐ تب یہ فرشتوں نے کہا — ٹھہرے ٹھہرے حضرت یہ مقام اچھا ہے
یوں شرف حق نے محمدؐ کو دیا نبیوں نے — جیسے تسبیح کے دانوں میں امام اچھا ہے
رات دن ورد زباں رکھ یہ وظیفہ جودتؔ — ہر عبادت میں درود اور سلام اچھا ہے

٭

کیا نور کی تصویر تھی تصویرِ محمدؐ — غالب تھی مہ و مہر پہ تنویرِ محمدؐ
تقدیرِ الٰہی سے نہ کم تھی کسی صورت — اسلام کے ہر کام میں تدبیرِ محمدؐ
بازوئے محمدؐ نہ ہو کیوں فاتح خیبر — تھی دست یداللہ میں شمشیرِ محمدؐ
نکلے نہ مرے خامہ سے کیوں نعت کے مضموں — جودت کی زباں بن گئی جاگیرِ محمدؐ

٭

(مطبوعہ "کلام جودت"[1])

[1] غلام حسین جودت فرزند مومن علی خان حیدرآبادی نواب محمد علی والاجاہ کے دور میں مدراس آئے اور مولانا باقر آگاہ ویلوری سے شرف تلمذ حاصل کیا۔ فارسی اور اردو دونوں زبانوں میں شعر کہنے میں مہارت حاصل تھی۔ زندگی کے آخری دور میں حیدرآباد گئے اور وہیں جان بحق ہوئے۔

## مولوی سید اسد اللہ الحسینی مستان

ولادت ۱۸۰۳ وفات ۱۸۵۱

میں عشقِ مصطفےٰ میں جان ودل اپنا جلاتا ہوں
مدینے کی زیارت کو میں چل کر سر سے جاتا ہوں

غبارِ راہِ یثرب کو صبا لائی اٹھا مجھ تک
جسے سرمہ سمجھ کر روز آنکھوں میں لگاتا ہوں

ہزاروں رنج ہوں صد شکر صحرائے مدینہ میں
تو میں ہر گام پر سجدے کو سر اپنا جھکاتا ہوں

مجھے بادِ صبا جس دم اڑا لے جائے یثرب میں
میں نقشِ روئے احمد کو مرے دل پر کھداتا ہوں

لگا کر عینیت کے پر اچھی کی اوڑھ کر چادر
میں خوابِ ہستی فانی پہ یوں ٹھوکر لگاتا ہوں

جمالِ خواجہ عالم نظر آجائے صل اللہ
یہ دل میں آئینہ سبحان کا جس دم بھر بناتا ہوں

مقدر یار کے کوچے تلک پہونچائے گا مجھ کو
اسی خواہش میں مستانؔ سر کو اپنے میں جھکاتا ہوں

(مطبوعہ تحایف الاخلاق ۱۸۴۵)

✡

## حضرت شاہ مستعان علی انست

ولادت ۱۸۰۵ وفات ۱۸۹۸

ہو شام وسحر شاہ کا روضہ مرے آگے
اچھا نہیں جنت کا تماشا مرے آگے

زوارِ محمد کا بنادے مرے مولا
کعبہ مرے آگے ہو مدینہ مرے آگے

ہے وحدت وکثرت میں نمایاں وہی انستؔ
جلوہ سحر و شام ہے ان کا میرے آگے

✡

نہ ہو کیوں خاتمہ بہتر ہمارا
شفیعِ حشر ہے سرورؐ ہمارا

تمنا ہے رہے ہر دم الٰہی
نبیؐ کے سنگِ در پر سر ہمارا

نہیں کچھ خوف گمراہی کا ہم کو
رسولِ پاکؐ ہے رہبر ہمارا

یہی ہے التجا ہر دم کہ ہوجائے
مدینہ میں الٰہی گھر ہمارا

صبا اک دن تو پہنچا سوئے یثرب
اڑا کر یہ تنِ ساغر ہمارا

گدائے درگہِ حضرتؐ ہے انستؔ
مدینے میں رہے بستر ہمارا

✡

یا حبیبؐ خدا تمہارا ہوں — دل و جاں سے فدا تمہارا ہوں
یا نبیؐ مصطفےٰ تمہارا ہوں — یا شفیع الوریٰ تمہارا ہوں
ہوں گناہوں میں غرق شام و سحر — عفو ہو ہر خطا تمہارا ہوں
غیر کا مت کرو مجھے عاجز — اے میرے پیشواؐ تمہارا ہوں
ہجر میں کہہ رہا ہے آنسِ زار — کر کے ہردم بکا تمہارا ہوں

مطبوعہ ''ریاض عقیدت:: ۱۲۹۸۴ آنس کا نعتیہ کلام'' گلدستہ نگارستان الفت'' چھپ چکا ہے لیکن آج یہ بالکل نایاب ہے۔

حضرت شریف مدراسی نے اس مجموعے پر قطعۂ تاریخ یوں لکھا ہے۔

ہے یہ کیا نعتیہ گلدستہ شریف — مخزن حسن عقیدت واہ واہ
سر جھکا کر آسماں نے کہہ دیا — سن نگارستان آنس واہ واہ

مطبوعہ ''بہار جنت'' ۱۳۱۸

✡

## علامہ عبدالحی احقرؔ

ولادت ۱۸۱۶ وفات ۱۸۸۳

ہند سے لے جا مدینہ تک مجھے — بحرِ مقصد کے سفینہ تک مجھے
اور وہیں کر دے مری موت و حیات — بعث میرا کر وہیں حضرتؐ کے ساتھ

✡

پاس حق کے ہیں تجھے شانِ رفیع — تو ہے در پر حال امت کا شفیع
میں بھی ادنیٰ امتی ہوں اک ترا — ہوں تری امّت کا ادنیٰ خاکِ پا
یا نبیؐ کرتا ہوں اپنا عرضِ حال — کر سفارش میری نزدِ ذوالجلال

✡

کر جلد مجھے حج و زیارت سے مشرف — رکھ صبح و مسا مجھ کو نثارِ عربستاں
اور مجھے کیجیے موت مدینہ میں عنایت — ہو خاک مری خاکِ مزارِ عربستاں

(مطبوعہ ''جناں السیر)

✡

خاتم ہے سلاطین کا سلطان مدینہ
جنت کے ہیں سلطان گدایان مدینہ

رنجور ہوں بیمار ہوں ناچار ہوں یارب
دے بخش مجھے نسخہ درمان مدینہ

احقر کو نہیں شوق ہے اقبال عجم کا
دے سایۂ آں دولت دامانِ مدینہ

(مطبوعہ ''قصائد نعتیہ'' ۱۷۸۶ء)

✡

## مولانا سید شہاب الدین قادری ویلوری

ولادت ۱۸۲۳ وفات ۱۹۰۵

خاص سے تا عام سب کو ہو گی امیدِ نجات
عام جب ہو گی شفاعت اور صدائے مغفرت

ہو میسر حشر میں پابوسیٔ حضرتؐ ہو نصیب
خواہش جنت نہیں، ہے مدعائے مغفرت

ہے نتیجہ میرے حضرتؐ کی شفاعت کا شہاب
اس لئے اللہ نے ڈالی بنائے مغفرت

(مطبوعہ ''شجرۂ کلیمات طیبہ'' ۱۹۶۲ء)

(ٹمل ناڈو کے مشہور و معروف اور غالب کے ہم عصر شاعر لطیف آرکاٹی کے استاد پیر و مرشد مولوی غلام قادر مدراسی (مصنف صراط الاسلام اور صراط النجات) کے مایۂ ناز شاگرد رشید۔)

✡

## غلام مصطفےٰ مرغوب ترچناپلی

ولادت ۱۸۲۳ وفات ۱۸۸۹

اگرچہ مجھ سے گلزارِ مدینہ دور ہے لیکن
مقدر رفتہ رفتہ دیکھئے کیا گل کھلاتے ہیں

دل کو مرے تسخیر کیا اس عربی نے
مکی مدنی ہاشمی و مُطّلبی نے

آئی ندا کلیم کی نعلین چھوڑ دو
حضرت گئے تھے عرش پہ کفش اور عصا کے ساتھ

شہ لولاک کے مدح و ثنا مقدورِ انسان سے
فزوں تر ہے فزوں تر ہے فزوں تر ہے

جن و بشر تو کیا ہیں فلک بھی بدل ہوا
اس آستاں پہ کون ہے جو جبہ سا نہیں

تصدق ہو رہا ہے روضۂ اقدس پہ حضرت کے
نہ سمجھو بے سبب ہر روز و شب گردوں کی چکر ہے

سانچے میں ہے قدرت کے ڈھلا جسم مطہر
تصویر نہ دیکھے جو ہے تصویرِ پیمبرؐ

اس فخر و قدر و شان کا اس عز و جاہ کا
واللہ دوسرا میں کوئی دوسرا نہیں

شمع بزم رسل رسول اللہ　　باعث جز و کل رسول اللہؐ
گل و خندان گلشنِ خوبی　　مہ تابان چرخ محبوبی
سب سے افضل ہیں احمدِ مرسل　　سب سے اکمل ہیں امجد مرسلؐ
کیا وصف لکھیں سرورِ عالم کا سخنور　　آئینہ کی صورت ہے یہاں عقل ہی ششدر
ہے طاقتِ انساں سے کہیں کام یہ بڑھ کر　　ہیں سارے حسینانِ جہاں حسن میں کمتر

مطبوعہ ''چمنستانِ مرغوب''۱۸۷۹ء

## صادق الحسین چشتی قادری شریف مدراسی

ولادت ۱۸۲۳ وفات ۱۹۰۴

فلک نے گر کہیں اس زارِ مضطر کی طرف دیکھا　　وہیں میں نے رسول اللہؐ کے گھر کی طرف دیکھا
رہا سینہ میں تاباں داغ عشق احمد مرسلؐ　　الٹ کر میں نے کب خورشیدِ محشر کی طرف دیکھا
فرشتوں نے جو دیکھا تھا مرے اعمال نامہ کو　　ادب سے نعتِ پیغمبر کے دفتر کی طرف دیکھا
رہا مرکر شریفؔ زار صحرائے مدینہ میں　　نہ جنت کی طرف دیکھا نہ کوثر کی طرف دیکھا

حق نما ہے ہر طرف جلوہ رسول اللہ کا　　طور پر وہ ایک پر تو تھا رسول اللہ کا
گنجِ مخفی سے ہوا ہے نورِ وحدت کا ظہور　　سب اجالا ہے جہاں آرا رسول اللہ کا
تھے جہاں سے آئے واں پہنچے شبِ معراج میں　　ہے خدا خود عاشق وشیدا رسول اللہ کا
یا الٰہی اس فقیر ناتواں پر رحم کر　　ہے شریفؔ زار اک بندا رسول اللہ کا

## اثیمہ آرکاٹی

ولادت ۱۸۳۶ وفات ۱۸۵۳

ادھر مصطفیٰؐ ہیں ادھر مصطفیٰؐ　　دو عالم کے نورِ نظر مصطفیٰؐ
میں اک کالی کملی کے سائے میں ہوں　　کسی کا مجھے کیا ہے ڈر مصطفیٰؐ
پتہ تھا کسے اتنی بے چینی سے　　مدینہ کا ہوگا سفر مصطفیٰؐ
تمہارا ہی فیضان ہے ہر گھڑی　　معطر ہوا میرا گھر مصطفیٰؐ
اٹھے ہاتھ ہیں ربِ عالم کے سو　　دعاؤں میں دینا اثر مصطفیٰؐ

## سلام

عاشقِ کبریا پہ ہمارا سلام — سیدِ اولیاء پہ ہمارا سلام
جلوہ گاہِ خدا پہ ہمارا سلام — فخر ہر دوسرا پہ ہمارا سلام
دین و دنیا میں جن کی حکومت ہے یاں — ہے اسی مصطفےٰؐ پہ ہمارا سلام
سر جھکائے ہوئے سب یہ کہنے لگے — سرورِ انبیاء پہ ہمارا سلام

(پروفیسر محبوب پاشا محبوب کے قلمی بیاض سے نقل شدہ)

✵

## محمد عبدالشکور بہادر شاکرؔ

ولادت ۱۸۳۱ وفات ۱۸۸۳

صد شکر ہے امتی احمدؐ مرسل — شاکر سے ہو کس طرح ادا شکر خدا کا

✵

دل تڑپتا ہے ہند میں شاکر — روضۂ شاہ انبیاء کے لئے

✵

ہر نفس آنکھوں میں منور روئے تاباں ہی رہا — دل میں روشن جلوۂ مہر درخشاں ہی رہا

✵

## منشی غلام دستگیر

ولادت وفات

یا شفیع حشر سب نبیوں کے شاہ — ہم پہ ہو اک مہربانی کی نگاہ
ہے ہمارا حال اوروں سے جدا — ہم کبیرہ ہیں گنہ میں مبتلا
اس سیاہی کو مٹادو یا نبیؐ — ہم کو دوزخ سے بچادو یا نبیؐ
اس کو بھی بخشائیے روزِ اخیر — ہے بڑا عاصی غلامِ دستگیر

(مطبوعہ 'احوال قیامت و شفاعت آنحضرتؐ')

✵

# سید شاہ عبدالغفار مسکین مدراسی

ولادت ۱۸۳۲ وفات ۱۹۰۸

چاہے اگر کرے کوئی ذات خدا سے ربط
لازم ہے اس کو پہلے کرے مصطفےٰ سے ربط
حاصل ہوا نتیجہ ہمیں حسن و عشق کا
اک عمر بھر رہا ہمیں اہل ولا سے ربط
ہوتی نہیں رسائی مقام بقا تلک
جب تک نہ ہووا تجھے اہل فنا سے ربط
ہو جائے کشفِ مسئلہ وحدۃ الوجود
زاہد سے کام رکھے نہ اہل ریا سے ربط
کامل وہی فقیر ہے دونوں جہاں کے بیچ
ہرگز رہے نہ اس کو کبھی اغنیا سے ربط
مسکیںؔ بتوں کے عشق میں گزری اک عمر بس
اب چاہئے ضرور رسولؐ خدا سے ربط

✡

اے یار دیکھنا تو خدا سے جدا کو دیکھ
اپنی خودی کو بھول کے خود میں خدا کو دیکھ
حاصل ہے وصل حق کا مسمّیٰ کی دید میں
منظور دیکھنا ہو تو بس مصطفےٰ کو دیکھ
پہلے تو آنکھ کیجئے پیدا بہ عشق حق
آئینہ نبیؐ میں جمال خدا کو دیکھ
مجموعہ صفاتِ الٰہی ہے یہ بشرؑ
انساں کی شکل ہی میں تو شانِ خدا کو دیکھ
پوچھے اگر وہ پردہ نشیں کا کوئی پتہ
آنکھیں لڑا کے آنکھ سے اس مہ لقا کو دیکھ

✡

بڑھ گیا رتبہ قلم کا شہپر جبرئیل سے
وہ اڑے سدرہ تلک اس کا ہے مقصد دور کا
نام مرسل ہو نہیں سکتا ہے مطلق کا ظہور
دیکھنا لازم ہے ظلمت میں تماشا نور کا
ٹھنڈی سانسوں سے مری گل ہو گئی محفل میں شمع
کام لیتے ہیں اسی سے مرہم کافور کا
چشم ساقی دیکھ کر مسکیںؔ پیا جام لطیفؔ
ہے مدام آنکھوں میں نشہ دیدۂ مخمور کا

✡

جس کو ہو سرورؐ عالم کی محبت حاصل
اسکو لاریب ہو دارین کی نعمت حاصل
دوستو دولتِ دیدارِ خدا چاہتے ہو
کام وہ کیجیو حضرتؐ کی ہو رویت حاصل
نامِ احمدؐ جو مرے منہ سے نکل جاتا ہے
جان اور دل کو عجب ہوتی ہے فرحت حاصل
مومنو محفل میلاد کا وہ رتبہ ہے
جس کے زینے سے ہوئی عرش کو زینت حاصل

دید احمد کو یہاں دیدِ خدا کہتے ہیں
جس کو ہو مرشد کامل سے ارادت حاصل
طاعت احمد بے میم ہے حق کی طاعت
سگِ مسکیں کو ترے ہو یہ عبادت حاصل

✵

محبوب آپؐ سا بخدا ہے کہیں نہیں
دونوں جہاں میں آپ کا ثانی نہیں نہیں
کہتے ہیں لامکاں کا جسے ہے آپ کا مکاں
جز آپؐ کے کوئی بھی وہاں کا مکیں نہیں
شمس الضحیٰ بھی آپؐ ہیں بدرالدجیٰ بھی آپؐ
مانند آپ کے کوئی روشن جبیں نہیں
مدفن مرا ہو میرے خدایا مدینے میں
افضل جہاں میں ایسی کوئی سرزمیں نہیں
باقی تو جب تلک ہے عذاب و عتاب ہے
مسکیںؔ تو جب نہیں ہے تو پھر کچھ کہیں نہیں

(مطبوعہ ''دیوانِ مسکین'' ۱۹۲۴ء)

✵

## مولوی عبدالغنی خان بہادر امیرؔ

ولادت ۱۸۴۳ وفات

ڈوبے ہوئے ہیں لوگ جو عشقِ جنابؐ میں
کیوں کر چلیں گے حشر کے دن آفتاب میں
چلئے برنگِ مہر زیارت کے واسطے
سر کو قدم بنائیے راہِ ثواب میں
عشقِ رسول شرط ہے اسلام کے لئے
کب ہے شراب کیف نہ ہو جس شراب میں
سبطینِ مصطفےٰ ہیں جو زہرہ کے نورِ عین
رحمت کے دو یہ سورے ہیں ام الکتاب میں
اس زلف و رخ کی مدح و ثنا ہے سب امیرؔ
لکھتے ہیں شعر مشک ملا کر گلاب میں

(مطبوعہ ۱۸۹۶ء ''جامع القصائد'')

مولوی نواب عبدالغنی خان امیرؔ کمل ناڈو کی مشہور و معروف مثنوی نگار شاعرہ ہاشمیہ آرکاٹی کے بڑے صاحب زادے تھے۔

✵

## منشی ابو سعید عبدالرحمان مبرور صدیقی

ولادت ۱۸۴۳ وفات ۱۹۱۳

معراج کی شب یہ آئی صدا تو اور نہیں میں اور نہیں
اے نور مرے مجھ سے مل جا تو اور نہیں میں اور نہیں
مضمون یہی معراج کا تھا تو اور نہیں میں اور نہیں
میں نور ہوں تو ہے نور مرا تو اور نہیں میں اور نہیں
گویا ہے یہ نور شاہ رسل تو خالق کل میں باعث کل
ہم دونوں سے کب ہے خلق جدا تو اور نہیں میں اور نہیں

لولاک سے ہوتا ہے یہ عیاں کہتا ہے نبیؐ سے یوں سبحاں
میں عین ترا تو عین مرا تو اور نہیں میں اور نہیں
اے ختم رسل تو نور خدا ہے نور سے تیرے دونوں جہاں
مبرور کہے لیکن یہ کیا تو اور نہیں میں اور نہیں

(مطبوعہ ''آفتاب دکن'' ۱۹۰۳)

✡

## مولوی شاہ محمد عزیز الدین گھٹالہ ہوشؔ

ولادت ۱۸۴۴ وفات ۱۹۱۲

وہ پنجتن پاک ہیں بستان محمدؐ
ہیں چار ستونِ دین کے یارانِ محمدؐ
سرمہ بنے آنکھوں کا مرے ہووے میسر
گرخاک کف پائے غلامانِ محمدؐ
اب قبر کی تاریکی کا کیا خوف کسی کو
ہو زیر زمیں شمع شبستانِ محمدؐ
اس دفتر اقدس میں لکھیں ہوشؔ کا اب نام
مقبول ہو یہ عرضِ ثناخوانِ محمدؐ

✡

## خاتون بی بی عاجزہ ترچنا پلوی

ولادت ۱۸۴۵ وفات ۱۸۹۶

وصفِ دلبر سے دل کو تھی راحت
مدت سرورؐ سے جاں کو تھی فرحت
یادِ محبوبؐ جب کہ ہوتی تھی
مل زمیں پر جبیں کو روتی تھی
اور کہتی تھی اے مرے حضرتؐ
تم کہاں اور کہاں یہ بدقسمت
ہائے وہ دن کہاں سے لاؤں میں
سنگِ زینہ پہ سر جھکاؤں میں
رنجِ ہجراں میں یادِ وصل نبیؐ
باعثِ زندگی رہی میری

✡

فراقِ محمدؐ کی کیا بے کلی ہے
ہو کیوں مجھ کو راحت بہ دردِ دلی ہے

✡

جب پیمبر شافع محشر ہمارا ہو گیا
حشر کا کیا غم، شفاعت کا سہارا ہو گیا
تشنگی حشر کا کیا خوف ہم کو عاجزہ
جب کہ حامی ساقئی کوثر ہمارا ہو گیا

✡

دکھا دیدار اے رشکِ مسیحا — تڑپتا ہے دلِ بیمار میرا
منور کیوں نہ ہو جب کہ ہو رہبر — ہے عشقِ روئے پر انوار میرا

٭

یادِ نبیؐ ہے ایمان میرا — روئے نبیؐ ہے قرآن میرا
مداح جب سے ہوں شاہِ دین کی — ہے مدح گوہر انسان میرا

(مطبوعہ ''تحفۂ قبول'' ۱۸۸۷ء)

٭

## حضرت کافی مدراسی

ولادت — وفات

بہارِ خلد ہے روئے محمد — شمیم جانفزا بوئے محمد
یہی سروِ ریاضِ بے مثالی — قدِ رعنا ہے دل جوئے محمد
نہ دیکھا ہوز میں پر جس نے فردوس — وہ آکر دیکھ لے کوئے محمد
کوئی پیدا ہوا ایسا نہ ہوگا — عدیم المثل ہے خوئے محمد
بس اب کافی ہے آگے جائے آداب — کہاں تو اور کہاں روئے محمد

(مطبوعہ ''بہارِ خلد'' ۱۸۴۳ء)

٭

## خطیب قادر بادشاہ وانمباڑی

ولادت ۱۸۵۲ وفات ۱۹۲۳

مجھ سے رقم جو وصفِ شہِ انبیاؐ ہوا — ہر ایک حرف قابلِ صلِ علا ہوا
پرتو فگن جو عشقِ حبیبِ خدؐا ہوا — دل میرا گویا آئینۂ حق نما ہوا
میں دل سے آستانِ نبیؐ کا گدا ہوا — نام اپنا بادشہ جو ہوا کیا بجا ہوا
پیشِ خدا میں جاؤں گا محشر میں بادشہ — نعتِ نبیؐ کا ہاتھ میں دفتر لیا ہوا
ہجرِ احمدؐ میں نہ پوچھو مجھ سے کیا جاتا رہا — صبر و استقلال کا بھی حوصلہ جاتا رہا
وائے ناکامی پڑے ہیں ہند میں مایوس ہم — سوئے طیبہ قافلہ پر قافلہ جاتا رہا
عشقِ احمدؐ نے مٹایا دل سے میرے عشقِ غیر — آشنا قایم رہا نا آشنا جاتا رہا

جب سے آنکھوں میں سمائی ہے مدینہ کی بہار
شوق ای رضواں مجھے فردوس کا جاتا رہا
سچی سچی مدح گوئی کا ہے چرچا بادشاہ
اب تو فرضی عشق بازی کا مزا جاتا رہا

✵

رنگ نعتِ مصطفےٰ جسدم نمایاں ہوگیا
ہر سخن میرا گلِ گلزار رضواں ہوگیا
شوقِ دیدار پیمبرؐ جب رقم کرنے لگا
صفحہ قرطاس میرا نرگساں ہوگیا
کعبہ میں پائی ہے میرے مردہ دل نے زندگی
آبِ زمزم مجھ کو گویا آبِ حیواں ہوگیا
مہر کے آگے نہیں جس طرح انجم کی ضیا
رتبہ یوں اگلے کتب کا پیش قرآں ہوگیا
میں جو سلطان رسلؐ کے در کا ہوں ادنیٰ گدا
بادشہ میرا تخلص مجھکو شایاں ہوگیا

✵

مائل نعت ہے ہر وقت طبیعت میری
اندنوں رشکِ ملائک ہے سعادت میری
اک نظر اسکے کرم کی ہو تو پھر محشر میں
حور و غلماں مرے کوثر مراجنت میری
آگیا جا کے مدینہ، نہ کیا اپنا مقام
ہائے غفلت یہ مری حیف یہ قسمت میری
چشم باطن سے جو حاصل ہے حضوری تیریؐ
کیوں نہ قرباں ہو بصیرت پہ بصارت میریؐ
اس لبِ پاکؐ کے صدقے کہ کہا تھا جس نے
زائر روضہ پہ واجب ہے شفاعت میری
صورتِ بلدۂ طیبہ کا ہوں شائق یارب
آرزو جلد یہ برلا کسی صورت میری
مانع راہ ہیں ہرچند کہ اسبابِ جہاں
شوق کو اور بڑھا دیتی ہے ہمت میری
تیرےؐ رخسار سے تشبیہ نہ دوں گا ہرگز
ماہ خورشید کریں لاکھ لجاحت میری
بادشہ مجھ کو ہے شاہانِ جہاں سے کیا کام
دراحمدؐ کی گدائی میں ہے عزت میری

✵

اوصاف مصطفےٰؐ نہ کسی سے رقم ہوئے
عاجز تمام اہل قلم یک قلم ہوئے
الفت میں مصطفےٰ کی جو ثابت قدم ہوئے
دنیا میں آخرت میں وہی محترم ہوئے
پرسش کا خوف کیا ہمیں دوزخ کا کیا خطر
محشر میں جب شفیع وہ شاہِ امم ہوئے
اونچا جو تو نے دینِ متیں کا علم کیا
کفار سرنگوں ہوئے اوندھے صنم ہوئے
خلق عظیم حق نے کہا شان میں تیری
اعدائے دیں مسخر خلق وکرم ہوئے
توحیدِ حق سے ہوگیا پرنور اک جہاں
روشن فقط نہ کشور عرب وعجم ہوئے

سچا ہو عشق چاہئے سچا کلام اب
فرضی جو عاشقاں تھے وہ سب کالعدم ہوئے

جز نعتِ پاک کچھ نہیں لکھتے ہو بادشاہ
تم شاعرانِ دہر میں کیا مغتنم ہوئے

٭

زباں جب تک دہن میں اور تن میں جان باقی ہے
رسول اللہؐ کی مدح وثنا ہر آن باقی ہے

قسم حق کی ہے بیشک ہم چلے جائیں گے جنت میں
ہمیں کیا خوف محشر ہے اگر ایمان باقی ہے

نبی باقی نہیں دنیا میں لیکن اس نے چھوڑا ہے
ادھر آل اس کی باقی ہے ادھر قرآن باقی ہے

نہ ہو تعظیم گر ان کی نہ ہوں گر ان کے ہم پیرو
تو پھر کیا دین کی عظمت ہے پھر کیا شان باقی ہے

دوبارہ دیکھ لوں آنکھوں سے میں روضہ پیمبر کا
کوئی ارماں نہیں دل میں یہی ارمان باقی ہے

خوشی میں اس مہ میلاد کے ہیں سب کے سب داخل
ملک باقی نہ جن باقی نہ یہ انسان باقی ہے

طفیل احمدؐ مرسل الٰہی بخش دے اس کو
جہاں میں بادشہ اک عبد نافرمان باقی ہے

٭

دل کو نبیؐ کے عشق کا مظہر بنائینگے
ہم بھی خدا کے گھر کو منور بنائینگے

ذکرِ نبیؐ کا آئینہ دکھلا کے خلق کو
طبع رسا کو آج سکندر بنائینگے

اوراقِ دل پہ نعت کا دفتر لکھیں گے ہم
رگ ہائے جاں کے تار کا مسطر بنائینگے

آنکھیں بچھاتے جائینگے یثرب کی راہ میں
ہم سر کو اپنے پاؤں کا ہمسر بنائینگے

دیکھینگے پھر دوبارہ مبارک وہ آستاں
بگڑا ہے بخت اس کو مکرر بنائینگے

رگڑیں وہاں جبیں کو پئے سجدۂ خدا
داغ جبیں کو غیرت اختر بنائینگے

کرتے ہیں وصف نکہت گیسو کا ہم ترے
مجلس کو ساری آج معنبر بنائینگے

٭

## شیخ عبدالقادر شاکر وانمباڑی

ولادت ۱۸۵۲ وفات ۱۹۲۳

جب نعتِ شہ جن وبشر میں نے رقم کی
آواز گئی عرش معلیٰ پہ قلم کی

دیدار پیمبر جو میسر ہو تو ہے بخت
اب جاں ہے مری جسم میں مہماں کوئی دم کی

امت کی رہی فکر سدا شاہِ اُمم کو
کیا شان ہے شاکرؔ مرے مولاؐ کے کرم کی

مطبوعہ ''صحیفۂ ذکراللہ'' ۱۹۱۹ء

✵

نعتِ پاکِ حضرتِ خیرالوریٰ
ہو کسی انسان سے کیوں کر ادا

ہے ثناخواں آپؐ کا ربِّ جلیل
خادمِ درگاہِ اقدس جبرئیل

شیفتۂ حق صاحبِ لولاک کا
مصطفیٰؐ عاشق خدائے پاک کا

عرش پر نعلین سے پہنچے رسولؐ
لامکاں کی سیر ہے ان کو حصول

ہیں مشرف دولتِ دیدار سے
بہرہ ور ہیں عالمِ اسرار سے

کس کو ہے کنہِ نبوت کی خبر
بے خبر اس سے ہیں سب جن و بشر

(مطبوعہ ''گلزارِ شاکر'' ۱۹۰۸ء)

✵

ادا بندے سے کیوں کر وصف ہو خوئے محمدؐ کا
خدا مداح ہے خود خلقِ نیکوئے محمدؐ کا

کلام اللہ میں وصفِ باغِ جنت جب پڑھا میں نے
مری آنکھوں میں نقشہ پھر گیا کوئے محمدؐ کا

بلائے عشقِ خوباں سے چھڑا مجھکو خداوندا
مرے دل کو جو سودا ہو تو گیسوئے محمدؐ کا

الٰہی تیرے الطاف و عنایت سے عجب کیا ہے
کہ شاکرؔ بھی بنے جاروب کش کوئے محمدؐ کا

(مطبوعہ ''گلدستہ شاکر'' ۱۹۰۸ء)

✵

دیوان میں جب نعتِ محمدؐ کی رقم کی
پہنچی ہے سرِ عرش حریر اپنے قلم کی

دیدارِ نبیؐ خواب میں بھی میں نے نہ دیکھا
چمکی نہیں تقدیر مرے دیدہ نم کی

فردوس سے بڑھکر ہیں مدینہ کی فضائیں
اللہ یہ تاثیر ترے فیضِ قدم کی

امت کی رہی فکر شہنشاہِ اُمم کو
کیا شان لکھوں اپنے پیمبرؐ کے کرم کی

دکھلا دے مدینہ مجھے اے خالقِ اکبر
شاکرؔ کی تمنا نہیں کچھ نازو نعم کی

✵

## سید علی قادری بہارؔ

ولادت ۱۸۵۶ وفات

مکہ میں ہے کعبہ تو مدینہ میں ہے روضہ
یاں گھر ہے خدا کا تو وہاں شاہ کا حجرہ

کعبہ وہ مکاں جس کے مکیں کا نہ نشاں ہے
روضہ وہ محل جس میں محمدؐ کا ہے جلوہ

کثرت سے پتہ عالمِ وحدت کا ملا ہے
اٹھ جائے تقابل سے یہ ضدین کا پردہ

ہے قند مکرر نے سوا نامِ محمدؐ
لب ہائے تعشق نے لیا بوسہ پہ بوسہ

ہے جسم لطافت میں تو ارواح سے بڑھ کر
دیکھا نہ گیا اس لئے اس جسم کا سایہ

بیٹھا ہوا دیکھا کروں جنت میں مدینہ
ایسا کوئی میرے لئے دکھلائے دریچہ

مسجود ملائک ہوئے آدم بھی انہیں سے
اللہ کے بجز سب سے بلند آپ کا پایہ

مداح نبیؐ جان کے لے لیں گے ملائک
پلکوں پہ بہارؔ دل خستہ کا جنازہ

✡

اگر چشم باطن کو پیدا کریں ہم
محمدؐ کے چہرہ کو دیکھا کریں ہم

سلیقہ محبت کا پیدا کریں ہم
پھر عشق محمد کا دعویٰ کریں ہم

یہ انسان خود حق نما آئینہ ہے
مگر چشم حق بیں سے دیکھا کریں ہم

حقیقت نہ کچھ کنت کنزاً کی پوچھو
نہ پوشیدہ رازوں کو افشا کریں ہم

بشر جس نے احمد کو سمجھا بشر سا
خدا اس کو سمجھے نہ سمجھا کریں ہم

سواریں گے زلفِ معنبر کو شہ کی
بہارؔ اپنے پلکوں کو شانہ کریں ہم

✡

ے مدیر ''جلوۂ سخن'' مدراس ۱۸۸۷

## نواب تجمل حسین خاں ایمان گوپاموی

ولادت ۱۸۶۰ وفات ۱۹۴۰

بڑی خوشی تو اسی روز کی خوشی ہوگی
کہ دید ہم کو میسر رسول کی ہوگی

اگر مدینے میں پہنچا دیا مقدر نے
تو بستر ا مرا ہو آپؐ کی گلی ہوگی

جو ہجر شہؐ میں بسر ہو رہی ہے رو دھو کر
وہ کہیئے کیسی مسرت کی زندگی ہوگی

ہر ایک بات خبر جس کی دے چکے ہیں حضورؐ
وہی ہوی ہے وہی ہوتی ہے وہی ہوگی

مرے کریم جو تو بخش دے گا ایماںؔ کو
ترے خزانۂ رحمت میں کیا کمی ہوگی

✡

چشم حق بین نے سوا اسکے بھلا کیا دیکھا
حق کو دیکھا رخِ محبوبِ خدا کیا دیکھا

تو جو آفاق میں آوارہ پھرا کیا دیکھا
جب مدینہ ہی نہ دیکھا تو بھلا کیا دیکھا

عقلِ کل کو بھی خبر کیا ہے کہ آنحضرتؐ نے
خلوتِ ناز میں کیا جاکے سنا کیا دیکھا

پوچھئے حضرت موسیٰ سے کہ جاکر سرِ طور
نورِ احمدؐ کی تجلی کے سوا کیا دیکھا

میم کا پردہ تھا حائل احد و احمدؐ میں
آگے کیا کہیے کہ جب پردہ اٹھا کیا دیکھا

سیکڑوں رنج سہے لاکھوں اٹھائے صدمے
ہم نے ہجرِ شہؐ لولاک میں کیا کیا دیکھا

دونوں عالم سے غنی ہیں درِ حضرتؐ کے فقیر
اہلِ دولت نے کمالِ فقر کیا دیکھا

کیا ہے صحرائے مدینہ میں بھٹکنے کا سبب
آپ نے اے خضرِ راہنما کیا دیکھا

نعمتیں جتنی ہیں دنیا کی وہ حضرت کا ہے دین
اس سے بڑھ کر کرم و جود و سخا کیا دیکھا

روئے حضرتؐ کے تصور میں مراقب ہو کر
آج تو نے ہمیں ایمانؔ بتا کیا دیکھا

*

کچھ فکرِ ماسوا کوئی رنج و تعب نہ تھا
عشقِ نبیؐ میں غم سے میں آزاد کب نہ تھا

ہجرِ نبیؐ میں چین مجھے روز و شب نہ تھا
گھبرا کے دم ہی سینے سے نکلے عجب نہ تھا

دیکھا وہ نور جس کے لئے سر کے بل گرے
آدم کو یہ سجودِ ملک بے سبب نہ تھا

یوسف میں ان میں فرق زمیں آسماں کا ہے
یعقوب کا جگر تھا وہ محبوبِ رب نہ تھا

تابوت کیوں مَلک سوئے فردوس لے چلے
خواہاں میں کوئے شہؐ کا تھا جنت طلب نہ تھا

مردے بھی وہ لعابِ دہن پاکے جی اٹھے
گویا کنارِ چشمۂ حیواں تھا لب نہ تھا

وہ شاہؐ دیں تھا صدرِ نبوت تھا جلوہ گر
آدم تو کیا وجود کسی شے کا جب نہ تھا

شاہاؐ متاعِ دہر سے کیا کام تھا مجھے
تھا آپؐ کا گدا کوئی دنیا طلب نہ تھا

امی نے حسنِ نطق کا جوہر دکھا دیا
دم ماریں یہ دمِ فصحائے عرب نہ تھا

ایمانؔ نعتِ پاک میں لکھے ہیں شعر یا
مضموں تھا کونسا جو یہاں منتخب نہ تھا

*

آدمِ خاکی ملک کا اس لئے مسجود تھا
اسکی پیشانی میں نورِ احمدیؐ موجود تھا

جب زمیں معدوم تھی اور آسماں نابود تھا
پیشتر ہر شئے سے نورِ احمدیؐ موجود تھا

اسمہ احمد سے عیسیٰ نے بشارت جسکی دی
وہ زمیں پر تھا محمدؐ عرش پر محمود تھا

اے شہ کونین ظاہر ہو گیا لولاک سے
آفرینش سے دو عالم کی تو ہی مقصود تھا

آپ کی مدح و ثنا ہی میں تھی گفتارِ کلیم
آپ ہی کے وصف میں نغمہ سرا داؤد تھا

جلوہ گاہِ مصطفےٰ معراج میں تھا لامکاں
چرخ چارم تک ہی عیسیٰ کا سفر محدود تھا

جس کے آگے تھا کہانی قصہ خوانِ خلیل
اس حبیبؐ کبریا کا وہ کرم وہ جود تھا

فرق نازک یا نبیؐ ہے تجھ میں ابراہیم میں
وہ خلیل اور تو حبیب حضرت معبود تھا

کرتے تھے ماں باپ کو اپنے نبیؐ اوپر فدا
سعدؓ کا روز احد کیا طالع مسعود تھا

نعتِ احمدؐ نے مجھے مشہور عالم کر دیا
ورنہ اے ایماں کیا میرا وجود و بود تھا

(مطبوعہ ''قصائد ایمان'' ۱۳۷۳)

٭

## نواب رؤف احمد خاں پرتوؔ

ولادت ۱۸۶۵ وفات ۱۹۲۶

زباں ہے برائے ثنائے محمدؐ
سخن بے سخن ہے فدائے محمدؐ

اگر ہاتھ آجائیں لوح و قلم بھی
نہ ہوں گے رقم وصف ہائے محمدؐ

٭

جنون عشق محمدؐ یہ جوش میرے کلیم
کہ دل کا جیب ہے دامان دشت ایمن کا

بنے ہیں اپنے احمد مختار رہنما پرتوؔ
رہ نجات میں کھٹکا نہیں ہے رہزن کا

٭

راز پوشیدہ محبت کا نہ افشا ہوگا
دامن شرع متیں بیچ میں پردا ہوگا

گلشن دہر میں گرویدہ دل وا ہوگا
پتے پتے سے نشاں آپ کا ملتا ہوگا

٭

جنوں ہے جوش پہ لیلائی پاک دامن کا
بس اے خدا ہی نگہباں ہے جامہ تن کا

بہ فیض ہجر رخ پر بہار اقدس ہے
جو رنگ لایا دل داغدار گلشن کا

جنون عشق محمدؐ یہ جوش میرے کلیم
کہ دل کا جیب ہے دامان دشت ایمن کا

ہیں اپنے احمد مختارؐ رہنما پرتو
رہ نجات میں کھٹکا نہیں ہے رہزن کا

٭

قلم اور نعت شہِ انس وجاں — یہ حسرت یہ منھ یہ بریدہ زباں
کرے جن کی مدحت خدا آپ خود — کرے جن سے الفت خدا آپ خود
خدا نے کہا آپ کو لاک جب — کرے اور تعریف کیا کوئی اب
کوئی بھید کھلتا نہیں میم کا — نہ نکتہ ہے محتاج تعلیم کا
وہی میم سر بھی محبت کا ہے — لبِ محرم راز وحدت کا ہے
خدا کا ہے محبوب مختارِ کل — سب اسؐ کے ہیں تابع وہ سردارِ کل
خداوندِ عالم کے وہ خاص ہیں — وہ مجموعۂ خلق و اخلاص ہیں
جھکا کرکے سر پر تو اب عرض کر — درود آل و ازواج واصحاب پر

(مطبوعہ ''مثنوی حرز جانِ پُرتو'' ۱۳۲۷ء)

## محمد عبدالقدوس ضو ویلوری

ولادت ۱۸۶۵ وفات ۱۹۳۹

شوقِ طوافِ روضۂ ختم رسل اے ضوؔ — جائیں گے رب مدینہ کو ہندوستاں سے ہم

کہاں جائے گا ضوؔ اے شاہِ مرسل — عنایت کی نظر ہو اس گدا پر

ہاتھ اپنے ضوؔ ہے دامنِ رسول کا — اچھا ملا مجھے یہ وسیلہ نجات کا

مہرنا منظور ہے اس روئے انور کے عوض — چاند کی صورت نہ دیکھوں خال دلبر کے عوض

## مولانا سید محمد قاسم ویلوری

ولادت ۱۸۶۷ وفات ۱۹۴۰

عشقِ نبیؐ میں ڈوب کے ابھرا نہیں کوئی — منظر کوئی بھی اس سے تو اچھا نہیں کوئی
انوارِ مصطفٰے کا نظارہ نصیب ہو — آنکھوں میں جاگتا ہوا سپنا نہیں کوئی
دستِ نبیؐ سے مجھ کو ملے ہر خوشی کی بھیک — اس دل سے دنیا والوں کا رشتہ نہیں کوئی

جھونکا ہوا کا لے چلے مجھ کو مدینہ سمت عشقِ نبیؐ میں اور تمنا نہیں کوئی
مسکن بنائے شاہِ دو عالم ہیں ہر گھڑی قاسم کے دل میں اور بھی رہتا نہیں کوئی

(مطبوعہ "جلوۂ سخن" ۱۹۲۶ء)

٭

## سید شاہ محمد صبغتہ اللہ قادری نو ر مدراسی

ولادت ۱۸۶۹ وفات ۱۹۳۳

خاتم مرسلاںؐ سلام علیک شافعِ دو جہاںؐ سلام علیک
تیرے باعث ظہورِ خلق ہوا باعث دو جہاںؐ سلام علیک
پرتو حق و شاہ حور و ملک سرور انس و جاںؐ سلام علیک
جی لرزتا ہے فکرِ دوزخ سے اے قسیم جناںؐ سلام علیک
کب سے در پہ کھڑا ہے نورِ فقیر سرور سروراںؐ سلام علیک

٭

## حضرت سید شاہ سلیمان حسینی ترپاتوری اثیم

ولادت ۱۸۶۹ وفات ۱۹۳۹

مژدہ اے امت کہ محبوبِؐ خدا پیدا ہوا سیدؐ کونین فخرؐ انبیاء پیدا ہوا
قبلہ اہل یقین خیر الوریٰ پیدا ہوا خواجۂ عالم ، حبیب کبریا پیدا ہوا
جس قدر تھیں مشکلیں عالم میں آساں ہو گئیں رحمت العالمین مشکل کشا پیدا ہوا
کفر کی ظلمت زمانے سے مٹانے کے لئے مقتدائے اہل دیں شمس الضحیٰ پیدا ہوا
اب سیہ کارانِ امت کو نہیں کوئی خطر شافع محشر محمد مصطفےٰ پیدا ہوا
آگیا چکر بتوں کو گر پڑے سب منہ کے بل گلشن امکاں میں جب نورِ خدا پیدا ہوا
تھی رہ کفر و ضلالت میں پریشاں حال خلق رہنمائی کے لئے اک رہنما پیدا ہوا
ذاتِ والا نے کیا ملک عرب میں کیا ظہور پردہ ظلمات میں آبِ بقا پیدا ہوا
کوئی کام انکار ہے اب یہ نہیں ممکن اثیم اہل حاجت کے لئے حاجت روا پیدا ہوا

٭

عشق احمدؐ کا یہ عقبیٰ میں صلہ ملتا ہے
ان کے دیوانے سے خوش ہو کے خدا ملتا ہے

یا دلبہائے محمدؐ کی حلاوت کے نثار
شربت قند مکرر کا مزا ملتا ہے

الفت پاک کا دم بھرتے ہیں سارے عاشق
دیکھیں سرکار سے کیا اس کا صلا ملتا ہے

کیا غلام آپ کا خاطر میں کسی کو لائے
بادشاہوں سے کہیں ایسا گدا ملتا ہے

اس کے چھالوں کو میں آنکھوں سے لگا لیتا ہوں
راہ طیبہ کا اگر آبلہ پا ملتا ہے

آ کلیجے میں چبھولوں تجھے خار طیبہ
کہ خلش میں تری اک طرفہ مزا پلتا ہے

تیری ڈیوڑھی کا گدا ہوں مرے کملی والے
مجھ کو کمل میں دوشالے کا مزا ملتا ہے

رک نہ اے دستِ جنوں دامن یوسف کی قسم
جامہ پوشی کا تو طیبہ میں مزا ملتا ہے

پاؤں پر اس کے رگڑتا ہوں جبیں میں اپنی
تیرے در کا جو کوئی ناصیہ سا ملتا ہے

آئینہ ذات منور ہے خدا بینی کا
آپ سے شاہد مطلق کا پتا ملتا ہے

سجدہ کرتے ہیں وہاں بے خودی شوق میں ہم
جس جگہ تیرا نشانِ کف پا ملتا ہے

مشک کو آب کے گیسو سے کوئی نسبت بھی؟
کہیں اشراف سے مادر بخطا ملتا ہے

در شہ پر وہ کھڑا ہے جسے کہتے ہیں اثیم
کفش بردار کو اب دیکھئے کیا ملتا ہے

✡

ہر ذرہ ہے شرمندۂ احسانِ محمدؐ
وہ کون ہے جس پر نہیں فیضانِ محمدؐ

کیوں نہ مری جان ہو قربانِ محمدؐ
ہوں بندہ بے دام غلامانِ محمدؐ

ناجی ہیں بلاشبہ محبانِ محمدؐ
ہے مستحق خلد ثنا خوانِ محمدؐ

معصوم ہی معصوم تھی ذاتِ شہ والا
آلودہ عصیاں نہیں دامانِ محمدؐ

ہر ذرہ عالم ہے اسی نور سے روشن
ہے نور کا مطلع رخ تابانِ محمدؐ

تھمتا ہے کہیں عاشق مہجور کا گریہ
ہاتھ آئے نہ جب تک سرِ دامانِ محمدؐ

رضواں سے کہا حوروں نے، وا کر در جنت
وہ دیکھ چلے آئے غلامانِ محمدؐ

کیا غم جو اسے دولت دنیا نہیں حاصل
عقبیٰ کا شہنشاہ ہے دربانِ محمدؐ

مستی تری مستوں کی نہ ہو گی کبھی زائل
اللہ رے کرم تیرا خمستانِ محمدؐ

ہر ذرہ یہاں کا مجھے فردوس نظر ہے
ہے رشک دہ خلد بیابانِ محمدؐ

کیا خاک سمائیں مری نظروں میں مہ و مہر
آنکھوں میں بسا ہے رخ تابانِ محمدؐ

گرمِ سخن ہوں مدحتِ خیرالانام میں
یہ تاب یہ مجال یہ طاقت غلام میں

اکسیر کا اثر مرضِ کفر کے لئے
یہ کس کے نام میں ہے؟ محمدؐ کے نام میں

بلوایئے حضور میں یا شاہؐ دیں مجھے
اب تاب انتظار نہیں ہے غلام میں

لے جاؤں پیش کرنے کو گلدستہ نعت کا
جاؤں جو خدمتِ شہِ عالی مقام میں

مست الست ہوگئے سب میکشانِ دہر
تم نے جو بھر کے دی مئے توحید جام میں

تسکین کچھ تو پائے گا یہ قلب مضطرب
دکھلا دو شکل پاک خدارا منام میں

جو تیرے جاں نثار ہیں یا شاہ دوسرا
مصروف روز و شب ہیں صلوٰۃ وسلام میں

یک جا ہیں جمع سارے مذاہب کی خوبیاں
یہ بات ہے شریعتِ خیرالانام میں

جس نے سنا وہ بندہ بے دام ہوگیا
واللہ کیا اثر تھا نبیؐ کے کلام میں

کیا ہوسکیں گے عہدہ برا نعت سے اثیمؔ
توصیف آپ کی ہے خدا کے کلام سے

✻

درِ حضور پہ اپنا قیام ہو جائے
تو عاشقوں میں مرا احترام ہوجائے

حضور مجھ پہ اگر فیض عام ہوجائے
تو سرفراز تمہارا غلام ہوجائے

جو اپنی قبر بنے آستان حضرت پر
نصیب مجھ کو وصال دوام ہوجائے

ہمیں جلائے اگر نارِ فرقت احمدؐ
تو کیوں نہ آتش دوزخ حرام ہوجائے

کہے گا آپ سے ہر تشنہ کام محشر میں
عطا مجھے مئے کوثر کا جام ہوجائے

نصیب ہو تری چوکھٹ کی ناصیہ سائی
تو میری عمر اسی میں تمام ہوجائے

اگر بلائیں حضوری میں سرورِ عالم
یقین ہے کہ ہمارا اسلام ہوجائے

زباں پہ نام محمدؐ ہو دم بدم جاری
یہی وظیفہ مرا صبح و شام ہوجائے

مدد کا وقت ہے اب چاہتے ہیں یہ دشمن
تباہ امتِ خیرالانام ہوجائے

اثیمؔ چونک ذرا اور اسے غنیمت جان
رقم جو مدحتِ خیرالانام ہوجائے

✻

مسلم ہیں اب بے بال و پر یا رحمۃ للعالمین
ہر حال زار مانگو یا رحمۃ اللعالمینؐ

اک دن وہ تھا تھی رفعت چرخ بریں زیر قدم
اب گر پڑے ہیں خاک پر یا رحمۃ اللعالمینؐ

وہ قوم جس کو قیصر و کسریٰ نے دی آنکھوں پہ جا
اب ہے متاع کس نظر یا رحمۃ اللعالمینؐ

ہم منزل مقصود سے اے وائے کتنی دور ہیں
پہنچے ہیں سارے ہم سفر یا رحمۃ اللعالمینؐ

دولت گئی، ثروت گئی، اک آنی جانی چیز تھی
کھو بیٹھے ہم علم وہنر یا رحمۃ اللعالمین

انجام بنی اٹھ گئی، بوپا کے تخم بدی
ویسا ہی پایا ہے ثمر یا رحمۃ اللعالمینؐ

کیسی یہ حالت اپنی ہے کیسی رہی یہ گت اپنی ہے
پھر بھی نہیں ہم کو خبر یا رحمۃ اللعالمینؐ

آپس میں ہے جنگ وجدل، بھولے اخوۃ کا سبق
قومیں ہیں سب شیر وشکر یا رحمۃ اللعالمینؐ

اب وہ طمانیت نہیں، ہم ہیں کہیں اور دل کہیں
یوں عمر ہوتی ہے بسر یا رحمۃ اللعالمینؐ

جب تک ترے احکام کو ہم نے بنایا حرز جاں
قبضے میں تھے سب بحر و بر یا رحمۃ اللعالمینؐ

امت تری پامال ہے، کیسا زبون یہ حال ہے
مجروح دل، زخمی جگر یا رحمۃ اللعالمینؐ

تیرا اثیم خستہ جان، ہے کشتہ دردِ نہاں
اس پر ہو رحمت کی نظر یا رحمۃ اللعالمینؐ

☆

## حضرت سعد اللہ سعدؔ مدراسی

ولادت ۱۸۷۰ وفات ۱۹۴۹

پنہاں ہے میرے سینے میں عشق نبی کا داغ
گل کی طرح خزینے میں عشق نبی کا داغ

محشر کے روز مثل ستارہ چمک اٹھے
پنہاں ہے جو کہ سینے میں عشق نبی کا داغ

گر نا خدا رہے نہ رہے اے خدائے پاک
مرقد کے ہو سفینے میں عشق نبی کا داغ

حاجت سرِ مزار نہ ہو شمع کی مجھے
روشن رہے دفینے میں عشق نبی کا داغ

اے سعدؔ موت آئے تو تنہا نہ جاؤں میں
ہو ساتھ میرے سینے میں عشق نبی کا داغ

✡

گلِ رخسار پیمبرؐ کا جو دیوانا ہوا
گل فردوس کا منظور نظارا نہ ہوا

گرچہ پیدا ہوئے لاکھوں ہی نبیؑ دنیا میں
بخدا ثانیٔ احمدؐ کوئی پیدا نہ ہوا

سایہ ذاتِ احد ذاتِ رسول عربی
آپؐ کے جسم کا ظاہر کبھی سایا نہ ہوا

دیکھکر روشنی شمع مزارِ سرورؐ
جان سے دل سے ہر اک صورت پروانا ہوا

آتش عشق پیمبرؐ سے جسے لاگ رہی
حق سے طالب وہ کبھی آب بقا کا نہ ہوا

فیض استاد سے اے سعدؔ ہو شہرت تیری
نعت گوئی میں تیرا ڈھنگ امیرانا ہوا

✡

ہمیں یا محمدؐ سہارا تمہارا
کرم چاہیئے ہے خدارا تمہارا

صلوۃ وسلام آپ پر کیوں نہ بھیجیں
کہ نامِ مبارک ہے پیارا تمہارا

سرِ طور غش کھا گئے دم میں موسیٰ
ہوا نور جب آشکارا تمہارا

دکھا دیجئے جلوۂ روئے انور
ان آنکھوں سے کرلوں نظارا تمہارا

مرے خانۂ دل میں اے جانِ عالم
شب و روز ہووے گذارا تمہارا

ہمیں خارِ عصیان کا کھٹکا ہو کیونکر
ہے باغِ شفاعت اجارا تمہارا

قیامت کے دن اے شفیعِ قیامت
رہے دست و دامن ہمارا تمہارا

تم اے سعدؔ مداحِ ماہِ عرب ہو
نہ کیوں اوج پر ہو ستارا تمہارا

٭

جانِ عشقِ محمدؐ میں نکل جائے تو اچھا
دل سوزشِ الفت میں پگھل جائے تو اچھا

کہتا ہے یہی شوق ہمیں سوئے مدینہ
اس ہندِ پُر آفت سے نکل جائے تو اچھا

ہو کوئے محمدؐ میں گذر میرا کسی دن
یارب میری تقدیر بدل جائے تو اچھا

مطلب یہی ان کا ہے کہ ہر امتی اپنا
عصیان کے مصیبت سے سنبھل جائے تو اچھا

ہے سعدؔ تمنا چمن طیبہ میں چلکر
یہ نخلِ تمنا مرا پھل جائے تو اچھا

٭

بلبل کو ہمیشہ رہے گلزار کی تلاش
ہو مجھکو درِ احمدؐ مختار کی تلاش

دیکھا جو محمدؐ کو تو دیکھا وہ تجھی کو
کیونکر نہو یارب مجھے دیدار کی تلاش

دکھلادے خدایا مجھے یکبار مدینہ
رہتی ہے اسی سایہ دیوار کی تلاش

زاہد تجھے جنت کی ہو تلاش مبارک
ہے دل میں مرے روضۂ انوار کی تلاش

ہاتھ آئے اگر خاکِ مدینہ مجھے اے سعدؔ
کچھ مال کی حاجت نہو زردار کی تلاش

٭

جانفزا احمدؐ مرسل کی ہے مدحت کیسی
جس سے خوش رہتی ہے ہر وقت طبیعت کیسی

شوق دل سے میں پڑھا کرتا ہوں حضرت پہ درود
خلد میں حورین کرینگی مری خدمت کیسی

آگیا نامِ محمدؐ جو زبان پر یارب
روح آسانی سے نکلی دم رحلت کیسی

داغ عشق شہ دین لیکے چلوں دنیا سے
رشک گلزار جناں ہو مری تربت کیسی

ہم گنہگاروں کو ہوخوف قیامت کیونکر
دلدہی کرتی ہے حضرت کی شفاعت کیسی

سرخرو کیوں نہ ہوں میں دولت ایمان سے سعدؔ
ہے مرے دل میں محمدؐ کی محبت کیسی

٭

## سلام

محبوبِ دوسرا پہ ہمارا سلام ہے
سلطانِ اولیا پہ ہمارا سلام ہے

سلطانِ انبیا پہ ہمارا سلام ہے
اصحابِؓ ماصفا پہ ہمارا سلام ہے

شاہونکے شاہ نائب سلطان انبیا
مطلوبِ کبریا پہ ہمارا سلام ہے

بے مانگے جس کو چاہا خدا سے دلا دیا
اوس شاہ باصفا پہ ہمارا سلام ہے

ہر اک مرید کہتا ہے باصدق جاں یہی
سردارؒ اصفیا پہ ہمارا سلام ہے

کہتا ہے خضر دل یہی اے سعدؔ ہر گھڑی
اوس رہبر ہدا پہ ہمارا سلام ہے

٭

## نواب عبدالرحمن خان شاطر

ولادت ۱۸۷۷ وفات ۱۹۴۳

ہے جد مرا فاروق پیمبر کا وزیر
اور میرا پیمبر ہے رسولوں کا امیر

مرشد مرا محبوب خدا ہے شاطرؔ
اللہ رے میں واہ رے میری تقدیر

٭

تو افسر اولیاء ہے محبوب خدا
اے نورِ نبیؐ مقام ہے تیرا انا

ممکن ہی نہیں کوئی ولی جب تک ہو
احمدؐ میں علیؓ میں یا نہ ہو تجھ میں فنا

٭

ہمدوش نبوت ہے ولایت تیری
ہے ہمسر معجزہ کرامت تیری

اللہ کے ملک پر ترا قبضہ ہے
ظاہر ہے ترے نام سے قدرت تیری

٭

ہیں شاہدِ علم و جودِ ربِ کونین
فطرت اور حضرت رسول الثقلین
ہیں ختمِ نبوت پہ بھی شاطر دو گواہ
قرآنِ حکیم وسرِ تسلیم حسینؑ

✻

ممکن سے ممتنع ہے واجب کی ثنا
عقلِ اول نے ماعرفناک کہا
جب وصفِ محمد میں ہیں عقلیں عاجز
شاطر اللہ پاک کا کیا کہنا

✻

ہے رب مرا رحمٰن حکیم اور قدیر
رحمت ہے مرا نبی شفیع اور بشیر
کہتا ہے جو لاتخف غلام اور اوسکا ہوں
کیا ڈر ہے مبشر بھی ہوں میں اے تقدیر

✻

اے رحمتِ حق ظہور تیرا جو ہوا
قایم ہوی دنیا میں اخوت کی بنا
توحید کی اخلاق کی تکمیل ہوی
تو محسنِ کل ختم رسل ہے بخدا

✻

جو وحی کے قایل ہیں کریں غور اگر
مانیں گے تجھے سب سے بڑا پیغمبر
منکر بھی جو سوچینگے تو سمجھیں گے ضرور
امی پہ ہوے ختم کمالات بشر

✻

تو اقرار اولیا ہے محبوبِ خدا
ای نور نبی مقام تیرا ہے انا
ممکن ہی نہیں کوئی ولی ہو جب تک
احمدؐ میں علیؓ میں یا نہ ہو تجھ میں فنا

✻

تھے اہل عرب زبان پہ کیا کیا نازان
کی اک امی نے بنداون کی زبان
پھر اوسکے خلف نے بھی دکھایا اعجاز
پھر اک عجمی سے دب گئے اہلِ لسان

✻

(''اعجاز عشق''مطبوعہ ۱۳۲۲ھ)

# نواب غلام علی نائطی صاحب

ولادت ۱۸۷۸ وفات ۱۹۵۷

پہنچ گیا جو شہِ ذی وقارؐ کے نزدیک
رسائی اس کی ہوئی کردگار کے نزدیک

لگادے جذبہ دل تو ہی بال و پر مجھ کو
کہ اڑ کے پہنچوں شہِ ذی وقارؐ کے نزدیک

بلالو ہند سے آقا مجھے مدینہ میں
پڑا رہوں میں تمھارے جوار کے نزدیک

رہِ مدینہ کی تکلیف عین رحمت تھی
کھلے ہوئے تھے عجب پھول خار کے نزدیک

جو بے کسی مری دیکھیں گے حشر میں مولا
بُلا ہی لیں گے مجھے خود پکار کے نزدیک

غمِ حبیب میں توفیق ضبط دے یارب
سبک نہ کر مجھے صبر و قرار کے نزدیک

جو تجھ کو چاہئے صاحبؔ وہ مانگ حضرتؐ سے
طلب نہ کر فلک بد شعار کے نزدیک

✡

موا جو یادِ نبی میں مثالِ مو ہوکر
فرشتے رہ گئے سرگرم جستجو ہوکر

رہونگا کوچہ اقدس میں نقشِ پا کی طرح
مٹائے سے نہ مٹوں گا میں آرزو ہوکر

خمارِ بادۂ الفت کا ہے اثر اب تک
اٹھوں گا حشر کے دن بھی میں سرخرو ہوکر

یہی تو وقت ہے امداد کا خبر لیجئے
فلک ہے درپئے ایذا مرا عدو ہوکر

زبان کیا کھلے پھر مدحتِ پیمبرؐ میں
ادب تو روک رہا ہے رگِ گلو ہوکر

دمِ صلوۃ رواں تھے لہو بجائے سرشک
نماز ہم نے پڑھی آج بے وضو ہوکر

جواب سنتے ہی خاموش پھر گئے صاحبؔ
فرشتے آئے تھے مشتاقِ گفتگو ہوکر

✡

نورِ توحید سے جب نورِ پیمبر چمکا
غل ہوا عرش پہ کونین کا اختر چمکا

تیرے ہی نور کا پرتو تھا شہنشاہِ امم
مہر و مہ بن کے جو افلاک کے اوپر چمکا

دیکھکر روشنی قبہ درگاہِ حضورؐ
چشمِ زوار میں ایک طور کا منظر چمکا

آئینہ نے ترے دیدار کا پایا جو شرف
بخت یاور ہوئے اقبالِ سکندر چمکا

نورِ ایماں جو عطا ہو تجھے صاحبؔ دمِ نزع
تو سمجھ لے کہ ترے بخت کا اختر چمکا

✡

چرخ ہے بر سرِ بیداد رسولِ عربی
کیجئے اب مری امداد رسولِ عربی

جلوۂ حسنِ خدا کا ہے سراسر مظہر
آپ کا حسن خداداد رسولِ عربی

جیتے جی روضۂ اقدس پر رسائی نہ ہوئی
کوششیں ہو گئیں برباد رسولِ عربی

دیکھ لے جس نے نہ دیکھی ہو بہارِ جنت
آپ کی محفلِ میلاد رسولِ عربی

چرخ کج رو مجھے یثرب نہیں جانے دیتا
بن کے بیٹھا ہے یہ جلاّد رسولِ عربی

ہند میں صاحبؔ غمگیں ہیں نہایت بے چین
دیکھئے کب ہو تری یاد رسولِ عربی

٭

یا شاہِ مرسلاںؐ تو ہمارا سلام لے
مختارِ دو جہاںؐ تو ہمارا سلام لے

معراج میں یہ شور ملائک میں تھا بپا
اے فخرِ لامکاں تو ہمارا سلام لے

تقسیم تیرے ہاتھ ہے جاگیر خلد کی
اے قاسمِ جناں تو ہمارا سلام لے

تیرے لئے ہی خلق کئے حق نے دو جہاں
تزئینِ کن فکاں تو ہمارا سلام لے

ہو اک نظر ادھر بھی غریبوں کے حال پر
اے عرش آستاں تو ہمارا سلام لے

حاصل ہے انبیاء کو شرف تیری ذات سے
شاہنشہِ جہاں تو ہمارا سلام لے

تیرے سوا ہے کون کہیں جس سے حالِ دل
غمخوارِ بے کساں تو ہمارا سلام لے

کہتے تھے در پہ آ کے در یہ روح القدس مدام
سالارِ قدسیاں تو ہمارا سلام لے

سرِ نہاں ہیں جتنے وہ تجھ پر عیاں ہیں سب
اے حق کے راز داں تو ہمارا سلام لے

صاحبؔ میں ہاتھ جوڑ کے مولا کی یاد میں
کہتا ہوں ہر زماں تو ہمارا سلام لے

(مطبوعہ ''دیوان صاحب'' ۱۹۷۲ء)

٭

## قادر النساء بیگم شوکت

ولادت ۱۸۷۸ وفات

مری زندگی محمدؐ، مری آرزو محمدؐ
مری بندگی محمدؐ، مری جستجو محمدؐ

مجھے اور چاہئے کیا میں ہوں خوش نصیب شوکتؔ
میں جدھر بھی دیکھتی ہوں رہے روبرو محمدؐ

٭

میری آنکھوں میں ہے تصویر شہنشاہِ زمنؐ
خوبصورت نہیں لگتا ہے یہ دنیا کا چمن

(مطبوعہ "خواتین ٹمل ناڈو کی دینی علمی وادبی خدمات" ۲۰۰۱ء)

شوکت نواب عبدالرؤف خان پرتو کی بہن تھیں۔

## امتہ الرحمان الفت النساء الفت

ولادت ۱۸۷۵ وفات ۱۹۳۰

محمدؐ محمدؐ، ہمارے محمدؐ
بہت سوں کی بگڑی سنوارے محمدؐ

ہر اک سمت ان کا ہی جلوہ ہے الفتؔ
نگاہوں میں دل میں ہیں پیارے محمدؐ

(الفت النساء الفت نواب عبدالرؤف خان پرتو کی اہلیہ تھیں۔)

## محمد عبدالسبحان دلؔ

ولادت ۱۸۸۰ وفات ۱۹۲۶

عاشق ہوں میں ازل سے رسالت مآب کا
واللہ دغدغہ نہیں روزِ حساب کا

اے دلؔ ہوں میں ازل سے غلامِ محمدی
پھر خوف کیا ہے حشر میں مجھکو عذاب کا

(مطبوعہ "دیوانِ دل" ۱۳۰۹ء)

## سلطان منور علی شاہ قادری منور آرکاٹی

ولادت ۱۸۸۰ وفات ۱۹۴۲

رسولِ خدا کو خدا بولتا ہوں
نہیں وہ خدا سے جدا بولتا ہوں

حقیقت میں حق نے کیا ان کو پیدا
میں نورِ خدا مصطفےٰ بولتا ہوں

دو عالم کا جلوا سمایا ہے ان میں
میں اس واسطے حق نما بولتا ہوں

خودی میں خدا کو نہیں کوئی پایا
یہ توحیدِ حق کا پتہ بولتا ہوں

محمدؐ کا جلوا ہے جلوہ خدا کا
نہ سمجھے تو سمجھے میں کیا بولتا ہوں

منورؔ کو سمجھے تو گوہر کو سمجھے
میں گوہر کو ذاتِ خدا بولتا ہوں

(مطبوعہ "چاند پاشاہ" ۱۹۶۲ء)

یا رسولِ خدا بلالینا چہرہ اپنا مجھے دکھادینا
حال ابتر ہوا ہے اب میرا اپنی کمبل میں تم چھپالینا
تشنہ دید ہوں میں یا احمد شربتِ وصل کچھ پلادینا
امتی ہوں تمہارا یا شاہا باغ طیبہ میں تم جگہ دینا
گرمی حشر میں مرے آقا اپنے دامن میں تم چھپالینا
میرے اعمال تولے جب میزاں پلہ نیکی کا تم جھکادینا
نزع کے وقت یارسول اللہ رخ تمہارا ذرا دکھا دینا
ہے منورؔ تمہارا دیوانہ پار بیڑا اُسے کرادینا

✡

محمد سرِّ گوہر ہے کوئی جانا نہ پہچانا وہی ایک نورِ اختر ہے کوئی جانا نہ پہچانا
وہی خالق سے واصل ہے وہی مخلوق میں شامل عجب یہ بھیدِ نادر ہے کوئی جانا نہ پہچانا
وہی اوّل سے اوّل ہے وہی آخر سے آخر ہے وہی باطن سے ظاہر ہے کوئی جانا نہ پہچانا
محمد سرِّ حق ہے ذاتِ مطلق افضل واکمل معمہ رازِ دیگر ہے کوئی جانا نہ پہچانا
ہمارا دل بھی کیا دل ہے عجب نورانی مسکن ہے اسی میں اپنا دلبر ہے کوئی جانا نہ پہچانا
منورؔ عشق احمد کا ہے معدن روزِ اوّل سے اسی کا رازِ دیگر ہے کوئی جانا نہ پہچانا

✡

لینا ادب سے نام ہے احمدؐ کے نور کا صل علیٰ درود پڑھو سب حضورؐ کا
چمکیں گی سر پہ بجلیاں رحمت کی بار بار بادل رہے گا سر پر محمدؐ کے نور کا

(مطبوعہ ''بہارِ نو'' ۱۹۷۱ء)

✡

## عبدالرحیم مسرور

ولادت ۱۸۸۰ وفات ۱۹۷۰

مدینہ کاش کہ میرا مقام ہو جائے درِ رسولؐ پہ میرا سلام ہو جائے
یہی ہے آرزو میری، یہی مرا ارمان مرا بھی شہؐ کے غلاموں میں نام ہو جائے

✡

میسر خاکِ مرقد ہو تمہاری یارسولؐ اللہ بنائیں گے اسے کحل البصر ہم شادماں ہو کر
گناہوں کے سبب سے تو نہ ہو مایوس اے مسرورؔ محمد مصطفٰےؐ آئے شفیعِؐ مذنباں ہو کر

✵

## مولانا ابوبکر نظمی

ولادت ۱۸۸۵ وفات ۱۹۶۷

عطا ہو شربتِ دیدار یارسول اللہ کہ زندگی نہ ہو دشوار یارسول اللہ
ہے تختِ ارض و سما اختیار والا میں ہیں آپ احمد مختار یارسول اللہ
نگاہِ لطف و کرم ہو کبھی تو نظمیؔ پر کہ ہے وہ بے کس و ناچار یارسول اللہ

✵

## عبدالسلام صاحب رونقؔ (ترچی)

ولادت ۱۸۸۵ وفات ۱۹۵۲ء

بیاں کیا مجھ سے ہو گا شاہِ دیں کی جاہ و حشمت کا ہوا جلوہ نما عالم میں جس دم نورِ حضرت کا
مٹائے سب شرک اور توحید کا عالم نظر آیا ہوا دنیا میں روشن برج افلاک ہدایت کا
رہونگا کیوں نہیں محفوظ میں نارِ جہنم سے نمایاں دل پہ داغِ عشق ہے مہر نبوت کا
زہے قسمت میسر ہو اگر دیدارِ سرورؐ کا نہ کیوں جاگیر میں ہو گا مری گلزار جنت کا
بفضلِ ربِّ اکرم میں ہوں مداحِ شہِ عالم کا بجا ہے اوج پر چمکے مرا اختر سعادت کا
بفیضِ حضرتِ زیرکؔ ثنا میں تر زباں ہو کر کیا ہے شہرہ رونقؔ نے عجب اپنی فصاحت کا

✵

خیالِ عارضِ انور میں ششدر ہوں تو میں ہی ہوں غمِ ہجرِ شہِ والا میں مضطر ہوں تو میں ہی ہوں
گدائی گردرِ دولت کی قسمت سے میسر ہو نہ کیوں سمجھونگا میں بخت سکندر ہوں تو میں ہی ہوں
ہمیشہ فخر سے کہتا ہے میرا طائرِ دل یہ اسیر دام گیسوئے پیمبر ہوں تو میں ہی ہوں
مرے شعر و سخن کی دھوم ہر سو مچ گئی رونقؔ ہے شہرت جس کی ہر جا وہ سخنور ہوں تو میں ہی ہوں

✵

مومنو خالقِ کونین کا خواہاں کس کا
کون مطلوب ہے طالب ہوا سبحاں کس کا

حکم اللہ کا پیہم ہوا کس پر نازل
دو جہاں میں ہے لقب مصدرِ قرآں کس کا

جب شفاعت ہو شہا آپ کے دامن کے سوا
ہاتھ آئیگا مرے حشر میں داماں کس کا

سن کے اشعار ترے کہتے ہیں سب یہ رونق
مرحبا کس کے قصائد ہیں یہ دیواں کس کا

٭

کسی سے کیا غرض ہم کو کسی سے ہم کو کیا مطلب
بجز عشقِ محمدؐ کے خوشی سے غم سے کیا مطلب

گدائی مجھ کو رونق شاہ دو عالم کی حاصل ہو
غرض کیا مال وزر سے دولتِ عالم سے کیا مطلب

ہو زخم دل مرا چنگا فقط دیدار احمد سے
مجھے اے چارہ گر دنیا کے اس مرہم سے کیا مطلب

شرابِ عشق چشمِ مصطفےٰ سے ہو گیا بے خود
اے ساقی کام کیا ساغر سے جام جم سے کیا مطلب

ہوں مائل میں نبی کی زلف کی پیچ اور نکہت پر
ختن کے مشک سے سنبل کی پیچ وخم سے کیا مطلب

٭

رونق جناب حبیب اللہ شاہ مدراسی کے چھوٹے دادا کے بڑے فرزند ہیں جو ترچی کے اسلامیہ ہائی اسکول میں مدرس رہے۔ حضرت حسرت سہروردی طالب العلمی کے زمانے میں حضرت رونق کے شاگرد رہے ہیں۔

٭

## عبدالغنی شجاع مدراسی

ولادت ۱۸۸۵ وفات ۱۹۶۱

میرے آقا، مرے مولا۔ مرے رہبر والی
قبر کے مجھ کو عذابوں سے چھڑانا ہوگا

میں ہوں عاشق ترے محبوب کا اے رب کریم
غم ہے کیا، دشمن جاں سارا زمانا ہوگا

ہے یہ میلادِ نبیؐ جائے ادب ہے لوگو
نام احمدؐ جو سنیں سر کو جھکانا ہوگا

حشر کے روز میں رو رو کے یہ بولوں گا شجاع
کملی والے مجھے کملی میں چھپانا ہوگا

٭

وہ ماہِ عرب، احمدِ مکی مدنی ہے
گلزار خدائیؐ کا وہ سرّو چمنی ہے

کب روئے مصفا کی صفت ہو سکے ہم سے
یہ نور کی تصویر ہے، پرنور بنی ہے

رفتار کے قربان تو گفتار کے صدقے
امّی ہے لقب جس کا وہ شیریں سخنی ہے

عرضی میں لکھوں، چل کے پڑھوں روضے پہ رو کر
مدت سے شجاع بات یہ اس دل میں ٹھنی ہے

٭

کرم کی حضورؐ اک نظر دیکھنا
بشر ہوں کہ خیرالبشر دیکھنا

چمک جو نبیؐ کے ہے دندان میں
کہاں تاب تجھ میں گہر دیکھنا

محمدؐ کا صدقہ محمدؐ کا فیض
فقیروں کا آباد گھر دیکھنا

ہے حبّ نبیؐ کے کرم سے شجاع
منور ہے ہر رہ گذر دیکھنا

٭

## مرزا غلام عباس علی عباس

ولادت ۱۸۸۵ وفات ۱۹۶۸ء

جہاں میں روئے محمدؐ جو بے نقاب ہوا
جھپکتا آنکھوں کا موسیٰ کو سدِ باب ہوا

امینؐ و صادقؐ وطٰہٰ ترا خطاب ہوا
مرے رسولؐ تو عالم میں انتخاب ہوا

زمین ہلنے لگی ٹوٹ کر گرے انجم
ترے درود سے عالم میں انقلاب ہوا

ترے ظہور سے زرتشتیوں کی آگ بجھی
وہ قصر عالی کسریٰ ادھر خراب ہوا

ترے ہی نور کو سجدہ تھا صلب آدم میں
ادا نہ کرنے سے ابلیس پر عتاب ہوا

مکاں زماں کا بھلا ذکر کیا جہاں تو گیا
نہ جبرئیل وہاں ہمرہ رکاب ہوا

ملک بھی تکتے تھے امت کے عاصیوں کو تری
جو ان کا داخلہ جنت میں بے حساب ہوا

تو وہ وحید دو عالم ہے اے حبیبؐ خدا
کہ نفس ہی ترا بس اک ترا جواب ہوا

یہ فخر کم نہیں عباسؔ کے لئے مولا
کہ عندلیبِ چمن کا ترے خطاب ہوا

٭

جو بطحیٰ کی زمیں پر رحمۃ اللعالمیں آئے
ستارے ٹوٹ کر اک بار بالائے زمیں آئے

کیا منسوخ دینوں کو جو ختم المرسلیں آئے
ستارے ماند پڑ جاتے ہیں جب مہر مبیں آئے

ھوالاول ھوالآخر کے معنی ہم کو سمجھانے
ظہورِ آخریں بن کر وہ نورِ اولیں آئے

ہے قربِ حق مقام ان کا نہ آنا ہے نہ جانا ہے
شعاعِ نور ان کی تھی زمیں پر وہ نہیں آئے

سمجھتے ہیں جسے معراج وہ ہے جسم کی خاکی
محمد مصطفٰے کب چھوڑ کر عرشِ بریں آئے

قدم رکھتے تھے حضرت جس فلک پر جشن تھا برپا
ملک کہتے تھے لو شاہنشہِ دنیا و دیں آئے

مع نعلین جب عرشِ معلّٰی پر وہ جا پہنچے
صدا یہ تھی کہ تاجِ عرش کے دُرِ ثمیں آئے

بچھونا گرم تھا زنجیر دروازہ کی ہلتی تھی — گئے وہ عرشِ اعلیٰ پر جہاں تھے پھر وہیں آئے
جو حق نے پشت پر مہر نبوت ثبت فرمادی — زمین و آسماں سب آپ کے زیرِ نگیں آئے
یہی عباسؔ عاصی کو ندا آئی قیامت میں — گنہگاروں کی بخشش کو شفیع المذنبیں آئے

(مطبوعہ ''فردوسِ تخیل'')

✡

## مفتی حبیب اللہ ندوی باقوی

ولادت ۱۸۸۶ وفات ۱۹۷۱

مطلع حسن ازل ہے رُخ تاباں تیرا — چھپ گئے شمس و قمر دیکھ کے لمعاں تیرا
تجھ سے جیتے ہیں سبھی تیرا ہی دم بھرتے ہیں — کس کی گردن کو جھکا تا نہیں احساں تیرا
نہیں ممکن کہ ترے در سے کوئی ہو محروم — مصطفےٰ نام ترا عام ہے فیضاں تیرا
تو ہی اول سبب خلقتِ عالم ٹھیرا — سب تھے معدوم تو تھا نورِ درخشاں تیرا
کرے کس طرح ثنا ندویؔ عاجز شاہا — ہے جو ہمدوش ثریا سگ و درباں تیرا

✡

محمدؐ کی جلوہ نمائی نہ ہوتی — قسم ہے خدا کی خدائی نہ ہوتی
محمدؐ سبب بن کے آئے نہ ہوتے — کوئی چیز دنیا میں آئی نہ ہوتی
دو عالم میں گمراہ ہم ہو کے رہتے — پیمبر کی گر رہنمائی نہ ہوتی
پڑھے جو نہ کلمہ میں نامِ محمدؐ — تو بندے کی رب تک رسائی نہ ہوتی
نہ نعتِ نبیؐ ہوتی دریا بکوزہ — تو ندویؔ کی معجز بیانی نہ ہوتی

(مطبوعہ ''گلزارِ ندوی'')

✡

## نواب بیگم امتہ الحی مبشر النساء حیاؔ

ولادت ۱۸۸۶ وفات ۱۹۶۱

تم ہو نورِ کبریائی یا محمد مصطفےٰ — مظہرِ شانِ خدائی یا محمد مصطفےٰ
ناخنِ تدبیر سے کھلتی نہیں دل کی گرہ — کیجئے عقدہ کشائی یا محمد مصطفےٰ
شربتِ دیدار سے دل کی کرو چارہ گری — تا کجا دردِ جدائی یا محمد مصطفےٰ

گاہ میں چوکھٹ کو چوموں، گہ پھروں روضہ کے گرد
ہو جو اس در تک رسائی یا محمد مصطفےؐ

آپ کی سرکار سے خالی نہیں کوئی پھرا
کی طلب جو شئے، وہ پائی یا محمد مصطفےؐ

دن تو گذرا معصیت میں، رات غفلت میں کٹی
کچھ نہ طاعت ہونے پائی یا محمد مصطفےؐ

بحرِ غم ہے جوش پر کشتی مری منجدھار میں
دیجئے اس سے رہائی یا محمد مصطفےؐ

نفس و شیطاں سے بچالو دونوں در پے ہیں مرے
آفتیں کیا کیا ہیں ڈھائی یا محمد مصطفےؐ

نزع میں بے کس حیاؔ کی دستگیری کیجئے
غوثِ اعظم کی دہائی یا محمد مصطفےؐ

✡

لقب ہے کس کا حبیب خدا تمہارے سوا
رسول کون ہے ایسا بھلا تمہارے سوا

جہاں نہیں ہے سو ذات بحت کے کوئی شئے
ہوا ہے کون وہاں تک رسا تمہارے سوا

وہ دن کہ جس میں نہ دیگا کسی کا ساتھ کوئی
وہاں ہے کون شفیع الورا تمہارے سوا

جسے دکھادیا تم نے جمال پاک اپنا
وہ پھر کسی کو نہیں دیکھتا تمہارے سوا

وہ جسکی جان کی کھائی ہے کبریا نے قسم
نہیں کسی کا مجھے آسرا تمہارے سوا

خراب وخستہ و بے کس ہے بینوا یہ غریب
نہیں ہے کوئی حیاؔ کا شہا تمہارے سوا

✡

خالق اکبر نے کیسا ہم پہ احساں کردیا
شمع عشقِ احمدی دل میں فروزاں کردیا

کوثر و تسنیم و جوئے سلسبیل وخلد کا
حق تعالیٰ نے تمہیں کو میر ساماں کردیا

علم غیبی کی تمہارے ہو سکے کس کی ثناء
تم کو حق نے واقف اسرارِ پنہاں کردیا

تم کو اعزازِ شفاعت نے کیا ہے سرفراز
مجھکو شرمِ جرم نے سردر گریباں کردیا

کیسے کیسے آپ نے اعجاز دکھلائے نئے
حبذا، آبِ دہاں کو آبِ حیواں کردیا

دل مرا کردیں منور یہ ذرا سی بات ہے
آپ نے ذرے کو بھی مہر درخشاں کردیا

کر کے جانِ زار اپنی پائے احمد پر نثار
تسمہ نعلینِ شہ تارِ رگِ جاں کردیا

✡

## حضرت عبدالقدوس شاداں و شارمی

ولادت ۱۸۸۶ وفات ۱۹۷۹

لائی مدینہ کھینچ کے الفت رسول کی
تڑپا رہی ہے مجھ کو محبت رسول کی

وہ کون، کائنات بنی جس کے واسطے
اللہ جانتا ہے حقیقت رسول کی

فرمانِ حق جو ہے وہی فرمانِ مصطفٰے
طاعت خدائے پاک کی طاعت رسول کی

قرآن میں ہے مدح سراجب خدائے پاک
کیا مجھ سے پھر بیان ہو مدحت رسول کی

٭

## علامہ محمد حسین محوی صدیقی

ولادت ۱۸۸۸ وفات ۱۹۷۵

رخ مصطفٰے دم بدم دیکھتے ہیں
مقدر کی خوبی یہ ہم دیکھتے ہیں

ہمیں ہنس کے شاہِ امم دیکھتے ہیں
ہم ان کی نگاہ کرم دیکھتے ہیں

عجب معجزے ان کے ہم دیکھتے ہیں
کہ سر ہوش مندوں کے خم دیکھتے ہیں

جھک جاتی ہے سرکشوں کی نگاہیں
وہ جب دینِ حق کا علم دیکھتے ہیں

اٹھاتے ہیں سر جو رعونت کے بندے
وہ بدبخت راہِ عدم دیکھتے ہیں

یہ تاثیرِ چشمِ عتاب اللہ اللہ!
شکستہ سرِ ہر صنم دیکھتے ہیں

یہ انداز ان کا یہ اعجاز ان کا
ادب سے عرب اور عجم دیکھتے ہیں

دو عالم کا آئینہ ان کی نظر ہے
خردمند کب جام جم دیکھتے ہیں

اس امت کا رتبہ کوئی ان سے پوچھے
جو افسانہ ہائے امم دیکھتے ہیں

جو پروانے ہیں شمعِ حسنِ نبی کے
وہ الطافِ رب دمبدم دیکھتے ہیں

وہ ہیں محوِ حیرت جو امت کی خاطر
حضور آپ کا ظرفِ غم دیکھتے ہیں

وہ عالم ہے یادِ نبی میں کہ محوی!
جو دیکھا نہ جائے وہ ہم دیکھتے ہیں

٭

چشمِ ساقی کوثر و تسنیم پر دیکھا کیے
پینے والے پی رہے تھے، ہم ادھر دیکھا کیے

کس مزے سے روضۂ خیرالبشر دیکھا کیے
دیکھنے والوں کا ہم حسنِ نظر دیکھا کیے

وجد سا تھا دل پہ طاری آنکھ سے آنسو رواں
یوں درِ اقدس کو ہم آٹھوں پہر دیکھا کیے

اہلِ ظاہر کی نظر اس تک پہنچتی کیا مجال
جو تجلّی آپؐ کے آشفتہ سر دیکھا کیے

پھول تھا ہر ذرہ خاکِ پاکِ طیبہ کا مگر
ہوش چلنے کا کسے تھا، بے خبر دیکھا کیے

اس تمنا میں کہ پائیں نقشِ پا تو چوم لیں
تیرے دیوانے تری ہر رہگذر دیکھا کیے

یہ دریا پاک کی گلیوں کا دیکھا معجزہ
شوق بڑھتا ہی رہا، ہم جس قدر دیکھا کیے

گلشنِ طیبہ میں ذکرِ آتشِ نمرود کیا
بجلیوں کو بھی یہاں ہم بے اثر دیکھا کیے

بزمِ انجم، بزمِ گل، نظروں سے خود گر جائیگی
روضۂ انور کو روزانہ اگر دیکھا کیے

ہر کرشمہ دامنِ دل کھینچتا تھا کفر کا
دیکھ تو سکتے نہ تھے دشمن، مگر دیکھا کیے

مدّتوں محوِیؔ رہے سلطان اس در کے فقیر
حاصلِ پابوسیٔ خیرالبشر دیکھا کیے

★

جبینِ عرش پہ مرقوم نام کس کا تھا
مرے حضور! یہ اعلیٰ مقام کس کا تھا

صفِ جہاد میں دن کو، تو شب کو سجدوں میں
یہ اسوۂ حسنہ، یہ نظام کس کا تھا

حضور پہنچے تو ہنس ہنس کے کہتی تھیں حوریں
وہ نورِ دیدۂ بدرِ تمام کس کا تھا

یہ مہر و ماہ، یہ تارے غریب کیا جانیں
بتاؤں کیا شبِ اسریٰ امام کس کا تھا

سب انبیاء و رسل مقتدی ہوے جس کے
وہ راہِ شوق میں پہلا مقام کس کا تھا

جہاں پہنچ نہ سکے جبرئیل کے شہپر
وہ حسن جلوۂ بالائے بام کس کا تھا

پلک جھپکتے ہی طے تھے مقامِ شوق و طلب
یہ عزم اے شہِ گردوں خرام کس کا تھا

عرب کے بادیہ پیما ہوے جہاں پیما
یہ فیضِ حوصلۂ تیز گام کس کا تھا

ازل سے تا بہ ابد مہر و ماہ بن کے رہا
نگینِ دل پہ یہ نقشِ دوام کس کا تھا

تری بساط کہ نعتِ رسولِ پاک کہے
تجھے خبر بھی ہے محوِیؔ یہ کام کس کا تھا

(مطبوعہ نغمۂ فردوس ۱۹۶۸)

★

# حضرت علامہ غضنفر حسین شاکر نائطی

ولادت ۱۸۸۹ وفات ۱۹۶۷

اے مرحبا ظہور رسالت مآب کا
حسن ازل کے منہ سے الٹنا نقاب کا

ادنیٰ غلام ہوں شہِ عالی جنابؐ کا
ذرہ ہوں خاکِ پائے رسالت مآبؐ کا

گائے ہیں زندگی نے حبیبؐ خدا کے گیت
تارِ نفس نے کام کیا ہے رباب کا

توہینِ بندگی ہے نکیرین کا خطاب
میرے لئے سوال اٹھا کیوں جواب کا

جو کچھ ہے ایک پیروئی مصطفےؐ میں ہے
بیکار پھر خیال ہے کارِ ثواب کا

اے عشق کر سلام کہ چن کر دیا حبیبؐ
خود ہی خدا نے کام کیا انتخاب کا

دنیائے دوں! ادھر تو شہِ دیں کی ہو نظر
ہوگا نہ مجھ سے دیکھ تحمل عتاب کا

غرقابئ وجود کا سامان ہوگیا
پھوڑا مری اجل نے پھپھولا حباب کا

قائم ہے اس سے بارشِ رحمت کا سلسلہ
آمد حبیبؐ کی ہوئی آنا سحاب کا

اک واسطہ سے آپؐ کے خیر الامم ہوئے
کچھ کم نہیں یہ فخر ہمیں انتساب کا

لے جا رہا ہے شوق وہاں اے زہے نصیب
جس کی جناب میں نہیں دخل اجتناب کا

نورِ وجودِ ذاتِ نبیؐ ہے ضیائے عرش
شاکرؔ یہ آفتاب ہے اس آب و تاب کا

✻

ہے دل جو زخم خوردہ بتوں کی نگاہ کا
کلمہ ہی ہوگیا ہے اسے لاالٰہ کا

ہے ذرہ ذرہ عکسِ محمدؐ سے ایک نور
کوئی یہاں شمار نہیں مہر و ماہ کا

جاہ و جلالِ سرورِؐ عالم نہ پوچھئے
روح القدس سفیر ہے جس بادشاہ کا

آئے حبیبؐ پاک دو عالم کو لیکے ساتھ
صدقہ ہے یہ وجودِ رسالت پناہ کا

بیٹھا ہوں دُھن لگا کے بڑے بادشاہ کی
میں بے نوا فقیر مدینہ کی راہ کا

معلوم ہے غلامِ محمدؐ کا مرتبہ
میرے لئے سوال نہیں عز و جاہ کا

محروم غیر بھی نہیں اپنے بھی فیض یاب
کیا بے پناہ لطف ہے عالم پناہؐ کا

خیر الوریٰؐ شفیع مجھے اعترافِ جرم
جائیں فرشتے کام رہا کیا گواہ کا

لے جا رہا ہوں آتشِ الفت کی نذر کو
شاکرؔ مرا وجود ہے تنکا گیاہ کا

✻

# سلام

| | |
|---|---|
| سلام اس پر جو ہے پہلا معرفِ ذاتِ مطلق کا | سلام اس پر جو روشن آئینہ ہے جلوہ حق کا |
| سلام اس پر کہ جس سے ذاتِ حق میں جوش آیا ہے | وہ جوش اتنا کہ سکرِ خاص سے بھی ہوش آیا ہے |
| سلام اس پر کہ جو پہلی حقیقت ہے حقائق کی | سلام اس پر کہ جو تعبیرِ اول ہے دقائق کی |
| سلام اس پر جو روشن پیکرِ علم الٰہی ہے | سلام اس پر جو بالکل پرتوِ ذاتِ کماہی ہے |
| سلام اس پر کہ جس سے کلمہ کی تحقیق ہوتی ہے | خدا تھا اک تصور اور اب تصدیق ہوتی ہے |
| سلام اس پر کہ جو اللہ کا نورِ نظر نکلا | خدا تھا مبتلائے بے خبر تو یہ خبر نکلا |
| سلام اس پر جو آیا چشمِ حق کی مردمک ہو کر | سلام اس پر جو چمکا اس نظر کی خود چمک ہو کر |
| وہ پتلی ہے خدا کی اس لئے انسانِ کامل ہے | یہی وہ ذات ہے جو حق کی بینائی کی حامل ہے |
| سلام اس پر کہ جس کے نور سے ایجادِ عالم ہے | سلام اس پر کہ جس کے زور سے عالم کا دم خم ہے |
| سلام اس پر کہ جس نے صورتِ سہ گانہ پائی ہے | بحسبِ کیفِ صہبا حالتِ مستانہ پائی ہے |
| سلام اس پر کہ جو معراج پا کر پھر نہیں لوٹا | اور اپنے مرکزِ اصلی پہ جا کر پھر نہیں لوٹا |
| جو لوٹا بھی تو یوں لوٹا کہ کھینچا اہلِ عرفاں کو | لیا پھر ساتھ اپنے پیچھے پیچھے اہلِ ایماں کو |
| سلام اس پر جسے حق نے دکھائی آیتِ کبریٰ | گروہ درحقیقت تھا خود اس کی ذات کا طغریٰ |
| سلام اس پر کہ حق سے قرب جس نے اسقدر پایا | فکان قاب قوسین او ادنیٰ شان میں آیا |
| سلام اس پر کہ جو آیا یہاں نورِ مبیں ہو کر | کئے جس نے ہزاروں سجدے خود حق کی جبیں ہو کر |
| سلام اس پر جو آیا رحمۃ للعلمیں ہو کر | رہا جو خلقِ اول سے رسالت کا امیں ہو کر |
| سلام اس پر جو ہے بندوں کو حق سے جوڑنے والا | سلام اس پر کہ جس کا حق ہے باطل توڑنے والا |
| سلام اس پر کہ ہے عشقِ حقیقی رابطہ جس کا | سلام اس پر کہ پہنچائے خدا تک واسطہ اس کا |

(مطبوعہ: جلترنگ مدراس، ماہنامہ)

۱۔ صورتِ بشری۔۔۔ انا بشرٌ مثلکم

۲۔ صورتِ ملکی۔۔۔ ایکم مثلی

۳۔ صورتِ حقی۔۔۔ من رانی فقد راء الحق

حضرت موصوف کا یہ سلام محی الدین عارف مرحوم (مرید حضرت شاکر نائطی) نے حضرت الحاج مولوی خواجہ شاہ علیم اللہ شاہ قادری چشتی (المتخلص بہ شاکر نائطی) کے نام سے شائع کیا تھا۔

## منشی محمد فخر الدین الفت مدراسی

ولادت ۱۸۸۹وفات ۱۹۵۹

مغفرت حشر میں امت کو یہ دے گی آواز
تھام لو گوشہ دامانِ رسول عربیؐ
انبیاء کو بھی یہ ارمان رہا ہے الفت
کاش ہم ہوتے غلامانِ رسول عربیؐ
عکس صفات وذات خدا ہے نبی کی ذات
واللہ یہ مثال عدیم المثال ہے

٭

## خطیب محمد اعظم مقبول آمبوری

ولادت ۱۸۸۹ ۔ وفات ۱۸۵۸

یا محمدؐ ہے فزوں تر سب میں عزت آپ کی
انس و جن ،حور و ملک کرتے ہیں حرمت آپ کی
اے امام المرسلینؐ محبوب ربّ العالمیں
ہو سکے کیا ہم سے توصیف اور مدحت آپ کی
نغمہ توحید کیا سب کو سنایا آپؐ نے
مردہ دل زندہ ہوئے یہ ہے کرامت آپ کی
صفحہ ہستی سے سب کفر و ضلالت مٹ گئے
جب نظر آئی حسیں پُرنور صورت آپ کی
مشرق و مغرب کے مسلم ایک ہیں بے امتیاز
سچ ہے بھائی بھائی ہے آپس میں امت آپ کی
جس طرح ہوتا ہے دن روشن طلوع مہر سے
اس طرح روشن ہوئی شمع رسالت آپ کی
اے رسولِ محترمؐ اے صاحبِ والا حشم
وہ مبارک دل ہے جس دل میں ہو الفت آپ کی
اے رفیقِ انس و جاں اے مونسِ بے چارہ گاں
ہم پہ بھی مبذول ہو چشمِ عنایت آپ کی
نعتِ حضرتؐ جب سے ہیں لکھنے لگے مقبولؔ آپ
ہوگئی ہے جابجا عالم میں شہرت آپ کی

٭

صد مرحبا یہ شانِ رسالت رسول کی
سارے جہاں میں پھیلی ہے امت رسول کی
نیکوں نے کی قبول شریعتِ رسول کی
ظاہر ہوئی جہاں میں صداقت رسول کی
ہر ایک بے نوا پہ تھی شفقت رسول کی
دل میں امیر کے بھی حکومت رسول کی
تھی لاجواب فہم و فراست رسول کی
عالم میں تھی مفید سیاست رسول کی
جس دل میں ہوگی خاص محبت رسول کی
رویا میں اس کو ہوگی زیارت رسول کی
ہے دل میں دوستوں کے محبت رسول کی
اعدائے دیں کے دل میں ہے ہیبت رسول کی
وضع قدیم پر تھی جو دنیا بدل گئی
ملکِ عرب میں جب ہوئی بعثت رسول کی

دونوں جہاں میں ہوگیا ہے بے شک وہ کامگار ۔۔۔ کی جان و دل سے جس نے اطاعت رسول کی
تکمیلِ امنِ حق ہوی مقبول شکر ہے ۔۔۔ روشن ہوی جو شمعِ رسالت رسول کی

(مطبوعہ ''مشاہداتِ مقبول'' ۱۹۹۴ء)

✱

## منشی انصر الدین بے خودؔ

ولادت ۱۸۹۰ء وفات ۱۹۵۹ء

چشمِ تر ہجرِ نبیؐ میں خوں فشانی چاہئے ۔۔۔ ہو اسی غم میں بسر وہ زندگانی چاہئے
شور ہفت اقلیم میں اٹھے جزاک اللہ کا ۔۔۔ یوں ثنائے صاحب سبع الثانی چاہئے
تم پلادو تشنہ دیدار کو آب وصال ۔۔۔ آگ سینے کی بجھے جس سے وہ پانی چاہئے
اے طبیب خستہ حالاںؐ، مونس دل خستگاں ۔۔۔ کچھ علاج سوزِ غمہائے نہانی چاہئے
سینے کے ناسور ہوں، اے دل تو آنکھوں گڑھے ۔۔۔ عشقِ حضرتؐ کی بھلا کچھ تو نشانی چاہئے

✱

نامہ بر سے پیشتر جو کچھ ہے دل کی آرزو ۔۔۔ عرض کرنا چل کے روضہ پر زبانی چاہئے
معترف ہو عجز کا بندہ، یہ ہے حدِ ثنا ۔۔۔ نعت حضرت کو زباں لازبانی چاہئے
حق نے حضرت کو دیا صدیق اکبر سا رفیق ۔۔۔ ایسے جانِ جاں کو، ایسا یار جانی چاہئے
حق نے یہ کہہ کر نبی کو اپنا دکھلایا جمال ۔۔۔ تجھ سے اے پیارے مرے، کیالن ترانی چاہئے
مشکلیں آسان ہو جانا، کوئی مشکل نہیں ۔۔۔ خاکِ بے خودؔ پر تمہاری مہربانی چاہئے

✱

## سید احمد فقیر ویلوری

ولادت ۱۸۹۰ء وفات ۱۹۴۸ء

حبیب خدا کا مقام آگیا ہے ۔۔۔ درِ پاک پر یہ غلام آگیا ہے
خدا جانتا ہے جو ہے دل کی حالت ۔۔۔ زباں پر محمدؐ کا نام آگیا ہے
درِ مصطفےٰ پر کوئی جاکے کہہ دے ۔۔۔ قدم چومنے کو غلام آگیا ہے
بیاں کیا ہے لطف گلستاں چناں کا ۔۔۔ نظر مجھ کو دارالسلام آگیا ہے
اسی پر میں قربان شام و سحر ہوں ۔۔۔ کہ جن کو خدا کا سلام آگیا ہے

تصور ہے چشمِ خدا کا ہی دل میں　　مرے روبرو بھر کے جام آگیا ہے
نظر آگیا مصحفِ روئے احمدؐ　　زباں پر خدا کا کلام آگیا ہے
محمدؐ کے روضے پہ جا کے فقیر اب　　کہو شاعرِ خوش کلام آگیا ہے

٭

## محمد شہاب الدین سلیم ویلوری

ولادت ۱۸۹۰　وفات ۱۹۴۰

بے چین کیا ہجرِ رسولؐ عربی نے　　مارا ہے مجھے حسرتِ دیدارِ نبیؐ نے
سودائے نبیؐ اور میں اللہ رے وحشت　　دیوانہ کیا مجھ کو مری بے ادبی نے
منت سے بھی جاتا نہیں گلزارِ ارم کو　　کیا شوخ کیا مجھ کو غمِ شہرِ نبیؐ نے
کھولا جو زباں بند ہوئی آمدِ اسرار　　رسوا کیا مجھکو مری عزت طلبی نے
سمجھا نہ سلیمؔ آیۂ گیسو دلِ نادان　　کس پیچ میں ڈالا مجھے اس طفل غبی نے

٭

سوز و الم گداز و غم و پیچ و تاب ہو　　لیکن نہ ترکِ عشق رسالت مآب ہو
دفتر میں عاشقانِ نبیؐ کے ہے میرا نام　　کیا خوف کل کہ آج ہی یوم الحساب ہو
ہو اشکبار فرقتِ احمدؐ میں مثلِ ابر　　میرے قدم سے نارِ سقر آب آب ہو
تاثیر وردِ نام نبیؐ جو کہو سو ہو　　نکلی نہ نکلی منھ سے دعا مستجاب ہو
خوابِ عدم میں بند ہوں لے کر نبیؐ کا نام　　آنکھیں کھلیں تو روبرو جنت کا باب ہو
کیا لطف زا شرابِ وصالِ رسولؐ ہے　　جب سوزِ ہجر بے دلِ عاشق کباب ہو
جلتا ہے دل سلیمؔ وہ دن ہو خدا کرے　　میں گرمِ عرض اور نبی کی جناب ہو

٭

جاں خدا کی ہے محمدؐ پہ فدا کرتا ہوں　　ملک الموت کا ہے مجھ سے تقاضا کیسا
روک لی ہے رہِ لب ہر دم نے سلیم　　آ نہیں سکتی ہے جاں، حرفِ تمنا کیسا

٭

ہاں غمِ ہجرِ نبیؐ چشم ہے دل ہے رہئے　　مہرباں آگئے تم آج کدھر آپ سے آپ
یادِ دنداں ولبِ احمدِ مرسل میں سلیمؔ　　شعر نکلے کہ ہوئے لعل و گہر آپ سے آپ

٭

اے شمع خاندان رسالت سلام لے — اے تاج دار و فخر امامت سلام لے
نقشِ قدم سے تیرے نمایاں نشانِ خلد — اے رہرو صراط عنایت سلام لے
گرویدہ جن وانس، فدا حور اور ملک — اللہ رے تیرے رخ کی صباحت سلام لے
کافور ہوگی ظلمتِ عصیاں بروزِ حشر — اے آفتابِ برجِ شفاعت سلام لے
آب کرم سے کشتِ ہدایت ہے سبز تر — اے چشمۂ محیط عنایت سلام لے
جو مرگیا تھا عشق میں اٹھے گا وہ سلیم — کہتا ہوا بروزِ قیامت سلام لے

(مطبوعہ ''مدح نبیؐ'' ۱۹۲۲)

✡

## فضل اللہ طاہرؔ آمبوری

ولادت ۱۸۹۲ وفات ۱۹۸۸

ثنائے محمدؐ سے شیریں زباں ہے — یہی باعثِ راحت قلب و جاں ہے
ہے بحرِ حوادث میں غرقاب طاہرؔ — کوئی غم نہیں ہے، جو وہ مہرباں ہے

✡

## حضرت نابینا ترپاتوری

ولادت ۱۸۹۲ وفات

رسولِ خدا کو خدا بولتا ہوں — جو کچھ بولتا ہوں بجا بولتا ہوں
نظر بھر کے دیکھے محمدؐ کو کوئی — سمجھ کر کہ انّی انا بولتا ہوں
خُدا تو محمدؐ سے ظاہر ہوا ہے — میں قرآں سے لیکر پتہ بولتا ہوں
میرے بولنے میں ذرا شک نہیں ہے — خُدا کو میں سچ مصطفےٰ بولتا ہوں
علی شیر جن کا لقب مُرتضےٰ ہے — وہ عاشق کو صلِّ علیٰ بولتا ہوں
عجب شان قدرت کا نابینا پنہاں — بشر کو احد احمدا بولتا ہوں

✡

رسولِ خدا کو خدا بولتا ہوں — نہیں وہ خدا سے جدا بولتا ہوں
حقیقت میں حق نے کیا ان کو پیدا — میں نورِ خدا مصطفےٰ بولتا ہوں

دو عالم کا جلوا سمایا ہے ان میں
میں اس واسطے حق نما بولتا ہوں

فرق ایک نقطہ کا آیا جدا میں
وہ نقطہ میں اوپر لگا بولتا ہوں

خبر کیا ہے زاہد کو توحید کیا ہے
وہ سمجھے گا میں کچھ برا بولتا ہوں

نکالو خودی کا مرض دل سے اپنے
یہی عاشقوں کی دوا بولتا ہوں

✵

والشمس پڑھ رہا ہوں قرآن سامنے ہے
احمد کو دیکھتا ہوں ایمان سامنے ہے

بیت الحرم کے جانب زاہد نہ سر جھکاتے
قبلہ ترا تو نادان ہر آن سامنے ہے

جس دم خدا سمجھ کر کعبہ میں بت کو دیکھا
کیا جانتے ہو پیارے عرفان سامنے ہے

قالو بلیٰ کا مطلب آنکھیں کھلے تو کیا ہے
دیکھا کہیں ہے صورت پہچان سامنے ہے

نابینا اس جہاں میں کون اپنا قدر دان ہے
سمجھے تو کبریائی ایک شان سامنے ہے

✵

## حضرت محمد غلام حسین دلیلؔ

ولادت ۱۸۹۴ وفات ۱۹۷۵

صاحب معراج کی ہو زندگی پیشِ نظر
زندگی کے راز کھل جائینگے سارے سربسر

اسکی عظمت کا تصور کیا کرے فہمِ بشر
ثبت ہیں نقشِ قدم جسکے فراز عرش پر

چاہئے آگے ثریا سے ہو امت کا مقام
اسکے ہر کردار کی منزل ہو حیرت کا مقام

✵

ہادیٔ دنیا و دیں تنویرِ ذاتِ لایزال
سپہر علم و عمل کے آفتابِ لازوال

حسنِ ہر خلقِ نکو کی انتہا ان کا جمال
کس نبی کے حسن کو حاصل نہیں انؐ میں کمال

پیر و صادق جہاں میں رہبر کامل بنے
زندگی کے ہر سفر میں صاحبِ منزل بنے

جانتے ہیں جنکو ہے تاریخ عالم پر عبور
بے نظیر اس مصلحِ اعظم کی ہستی ہے ضرور

اس حقیقت سے نہیں نا آشنا اہلِ شعور
پھر کبھی ایسے بشر کا ہو نہیں سکتا ظہور

رحمتِ عالمؐ جو سالارِ نبی آدم نہ ہو
ظلمتِ اوہام سے باہر کبھی عالم نہ ہو

(کلیات دلیل سے چند شعر)

✵

اک بار شاہِ دیں کی طرف جب نگاہ کی
صورت بدل گئی مرے روزِ سیاہ کی
روشن جو دل ہوا مرا، حضرتؐ کے نور سے
میعاد ختم ہوگئی ہر اشتباہ کی

✡

رازِ معراج نبیؐ سے یہ ہوا مجھ پہ عیاں
بہرہ ور اپنے کمالات سے گر ہو انساں
کام صدیوں کے وہ کر سکتا ہے پورا دم میں
دل انساں کے ہے قابو میں زماں اور مکاں

مطبوعہ ''نغمہ درویش'' ۱۹۶۸

✡

## مولوی فقیر احمد شاہ قادری عدم

ولادت ۱۸۹۷ وفات ۱۹۳۶

لے بھی جائے وہ کہیں میری تمنا مجھ کو
اب تو دکھلا دے وہ آقا کا مدینہ مجھ کو
رہنما مل گیا کچھ مجھ کو نہیں ہے پرواہ
وہ محمدؐ کا بتادیں گے ٹھکانا مجھ کو
ٹھہرو ٹھہرو ذرا اے قافلہ والو ٹھہرو
میں بھی آتا ہوں مدینہ کو ہے جانا مجھ کو
ہجر میں کہتا ہے دن رات یہ رو رو کے عدمؔ
ہند سے آقا مدینہ میں بلانا مجھ کو

✡

دیکھو اے مومنو گلزارِ مدینہ دیکھو
وہ نظر آتا ہے ایماں کا خزینہ دیکھو
بھول جاؤ گے تمہیں خلدِ بریں کو دل سے
آؤ کیسا ہے سجا کچھ تو قرینہ دیکھو
رشکِ جنت کہوں گر اسکو تو بے جا نہ کہوں
کچھ تو جنت سے ملا کر کے نمونہ دیکھو
کہاں جنت کی بہار اور مدینہ کی فضا
بلبلو عیش یہاں روز شبینہ دیکھو
حق کے محبوب کے کوچہ کو نہ کیونکر سمجھوں
اے عدمؔ دل سے تو ایماں کا نگینہ دیکھو

(مطبوعہ ''جوہر سخن'' ۱۹۳۱ء)

✡

## عبدالحمید ناظمؔ

ولادت ۱۸۹۸ وفات ۱۹۷۸

مجھے آئے اگر اے موت ابھی اس دم تو بہتر ہے
تصور میں نبیؐ ہیں ان کے پیروں میں مرا سر ہے
نہ آپ آئے نہ موت آئی نہ دل ٹھہرا نہ دم نکلا
نہ مرتا ہوں نہ جیتا ہوں مری جاں سخت ابتر ہے
تیرے انصاف کی تجھ کو قسم ہے اے خداوندا
مقابل میں بنی کے میری پرسش ہو تو بہتر ہے

بنا دیوانہ مجھ کو سیدوالا کا اے یارب
مرا دم یاد میں ان کے نکل جائے تو بہتر ہے

فقیری مست ہے کملی میں ناظم مست رہتا ہوں
جسے کہتے ہیں کملی والا وہ میرا پیمبر ہے

٭

تصور میں رخ انور کا مائل ہوں تو میں ہی ہوں
تمہارے خنجر ابرو کا گھائل ہوں تو میں ہی ہوں

مری آنکھوں کو ہے لپکا تمہارے روئے انور کا
خیال روضۂ اطہر میں بسمل ہوں تو میں ہی ہوں

کھلائے گل ہیں داغ عشق احمد نے مرے دل میں
ثنا گو رات دن مثل عنادل ہوں تو میں ہی ہوں

ضرورت کیا ہے واعظ راہبر کی راہِ طیبہ میں
کہے گا شوق میرا خضر کامل ہوں تو میں ہی ہوں

تڑپنا، لوٹنا بیتاب ہو ناظم یہ کہتا ہے
کہ عشقِ احمدی میں مرغ بسمل ہوں تو میں ہی ہوں

٭

حبیب اللہ شاہ مدراسی کے والد بزرگوار سجادہ نشین اول خلیفہ حضرت سید حبیب محمد حسین بغدادیؒ

٭

## سید ظہور اللہ شاہ نادر ترپاتوری

ولادت ۱۸۹۸ وفات

ہے ترا یار جدا تیرا بدگار جدا
تیرا دلدار جا عشق کا آزار جدا

ہم نے دیکھا بخدا وصل کے پیمانے میں
یا نبیؐ آپ کا ہے شربتِ دیدار جدا

کیوں نہ ہو بحرِ گناہاں سے مرا بیڑا پار
کیا کہوں احمدؐ مختار کا ہے پیار جدا

اسکی انصاف پہ قربان ہیں لاکھوں دربار
جو مدینے میں محمدؐ کی ہے سرکار جدا

عالم حشر میں اللہ کہے گا نادر
انبیاء میں ہے محمدؐ کی یہ گفتار جدا

٭

بڑھا شوق صل علے کہتے کہتے
خودی مٹ گئی مصطفےٰؐ کہتے کہتے

نگاہوں میں شمس الضحےٰ جگمگایا
محبت سے بدرالدجیٰ کہتے کہتے

بڑھا جذبہ عشق حد سے زیادہ
دل زار کا مدعا کہتے کہتے

مسلماں ہوا ہے مرا نفسِ سرکش
محبت سے صل علیٰ کہتے کہتے

کھلی خود بخود میرے دل کی گرہ یہ
وہ مولا کو مشکل کشا کہتے کہتے

خدا کی قسم دل کا مقصد برآیا
محمدؐ کو حاجت روا کہتے کہتے

پتہ مل گیا دل کو وحدت سرا کا
یہ کعبہ کو قبلہ نما کہتے کہتے
فنا ہو کے نادرؔ انا کہہ رہا ہے
وہ منصور کا ماجرا کہتے کہتے

٭

## عبد الرحیم اسیرؔ وانمباڑی

ولادت ۱۹۰۳ وفات ۱۹۴۹

مدحتِ خالق داور ہے ثنائے احمدؐ
حق سے بندے کو ملاتی ہے ولائے احمدؐ
کہ یاں نقدِ فضولی ناروا ہے
نہیں یہ حمد، نعتِ مصطفےٰ ہے

٭

## مولانا عبدالسلام کمالی ویلوری

ولادت ۱۹۰۶ وفات ۱۹۹۵

نبی کا نام جو وردِ زبان نہیں ہوتا
نصیب دل کبھی باغ جناں نہیں ہوتا
زمیں نہ ہوتی عیاں آسماں نہیں ہوتا
نہ ہوتے آپؐ، وجودِ جہاں نہیں ہوتا
ہزار رنگ دے واعظ بغیر جامِ نبیؐ
بیان وعظ میں حسنِ بیاں نہیں ہوتا
یہ امتیاز یہ تخصیص آپؐ ہی کے لئے
گزر کسی کے سوائے لامکاں نہیں ہوتا
وہ جس سے خوش ہوں کھلے اس پہ باب رحمت حق
وہ خوش نہ ہوں تو خدا مہرباں نہیں ہوتا
فرازِ عرش وہ پہنچے تو ہو کا تھا عالم
کہ پردہ کوئی جہاں درمیاں نہیں ہوتا
ہے احترام کمالیؔ نگاہ رضواں میں
یہ کچھ نہ ہوتا اگر مدح خواں نہیں ہوتا

٭

کنارا بن گیا طوفاں کا دھارا یارسول اللہؐ
تلاطم میں تمہیں جس نے پکارا یارسول اللہؐ
جہاں ساری امیدیں ٹوٹ جاتی ہیں غریبوں کی
تمہارا نام بنتا ہے سہارا یارسول اللہؐ
جو اچھے میہماں تھے چن لیا ان کو عزیزوں نے
برا تھا سب سے جو تھا تم کو پیارا رسول اللہؐ
رہے رنج و الم تا عمر دین پاک کی خاطر
نہیں تھی آپ کو راحت گوارا یارسول اللہؐ
گمان آسماں جس سرزمین پر ہے وہاں ہم ہیں
ہمیں پرصرف ہے اب زور سارا یارسول اللہؐ
مگن ہے آپ کے حسن تصور سے یہ دیوانہ
کمالیؔ گردش قسمت کا مارا یارسول اللہؐ

٭

بزرگ و برتر، حبیبِ داور، جنابِ عالی حضور والا
شفیعِ محشر نسیمِ کوثر جنابِ عالی حضور والا

ضیائے بزمِ حیات کیا ہے، یہ رونقِ کائنات کیا ہے
سب آپ کی ذات کا ہے مظہر جنابِ عالی حضور والا

تمہارا سب سے مقام اونچا کہ سب سے افضل ہو اور اعلےٰ
ہے عرش رتبہ میں تم سے کمتر جنابِ عالی حضور والا

خود آپ سردارِ دو جہاں بھی خود آپ سالارِ کارواں بھی
شکم پہ باندھے ہوئے دو پتھر جنابِ عالی حضور والا

عدوئے جاں پر بھی مہرباں تم، شریرِ مہماں کے میزباں تم
گدانواز و غریب پرور جنابِ عالی حضور والا

تھا جسمِ اطہر پہ بوریئے کا نشاں دمِ خواب عبرت افزا
نہ فرشِ مخمل نہ بالشِ پر جنابِ عالی حضور والا

رضاعی بھائی کا حق نہ بھولا، پیا نہیں شیر اک طرف کا
کھلے تھے طفلی ہی میں وہ جوہر جنابِ عالی حضور والا

گرے بُت آتشکدہ ہوا سرد قصرِ کسریٰ بھی ہل گیا تھا
شبِ ولادت کا تھا وہ منظر جنابِ عالی حضور والا

خدا سے تھے لامکاں پہ واصل نہ درمیاں پردہ کوئی حائل
تھے آپؐ مطلوبِ ربِّ اکبر جنابِ عالی حضور والا

ہے آرزو رندِ لاابالی یہ بے نیازِ جہاں کمالی
کہ توڑ دے دم تمہارے در پر جنابِ عالی حضور والا

(مطبوعہ نفیر۔ ویلور)

## مولانا نثار علی نثار نگری

ولادت ۱۹۰۸ وفات ۱۹۷۷

یہ پوچھتے ہو ہمیں کیا ملا مدینے سے
قسم خدا کی، خدا مل گیا مدینے میں

زمانہ سوتا تھا صدیوں سے خوابِ غفلت
جگایا آپؐ نے دے کر صدا مدینہ میں

سمٹ کے لاتی ہے دامن میں اپنے بوئے بہشت
گذر کے آتی ہے جب بھی ہوا مدینے سے

نظر اٹھائی نہ عرشِ علا کو دیکھ لیا
بہت قریں ہے مقامِ خدا مدینہ سے

پئیں گے بیٹھ کے کعبہ میں بادۂ وحدت
اٹھی ہے رحمتِ حق کی گھٹا مدینے سے

نظر میں اس کے جچے گی نہ دولتِ دنیا
نثار جس کو ملی کیمیا مدینے سے

انبیاء آئے کتنے ہیں لیکن کوئی خیر الوریٰؐ سا نہیں ہے
بات ایسی کسی میں نہیں ہے ایسا رتبہ کسی کا نہیں ہے

مدحتِ سیدِ انبیاء میں کیوں نہ چہکے نثار خوش الحال
بلبلِ بوستانِ نبیؐ ہے یہ کوئی مرغ عیسا نہیں ہے

یہ پوچھتے ہوئے ہمیں کیا ملا مدینے سے
قسم خدا کی خدا مل گیا مدینے سے

نظر میں اس کے جچے گی نہ دولت دنیا
نثار جس کو ملی کیمیا مدینے سے

(مطبوعہ "روداد الم" ۱۹۷۷ء)

# منشی عبدالعزیز عادل

ولادت۔۱۹۰۹

عشقِ رسولِ پاک کا اعجاز دیکھنا ذرے میں آفتاب کے انداز دیکھنا
داغِ غمِ نبیؐ سے چراغاں ہوا ہے دل موسیٰ ذرا یہ جلوہ گہ ناز دیکھنا
ملتا ہے عرش پر شبِ معراج کس سے کون پردے سے کس کی آتی ہے آواز دیکھنا
بھٹکا جو ہند سے سوئے بطحیٰ نکل گیا جُگیا ٹیک ہے جنوں کا آغاز دیکھنا
لانے لگا فلک کی خبر اب زمین پر اس طائرِ خیال کی پرواز دیکھنا
عادلؔ خدا کے بندوں کا خدمت گذار بن اپنے کو چاہتا ہے جو ممتاز دیکھنا

✶

آئے جو مصطفےٰؐ تو صداقت لئے ہوئے ہر بات آپ کی تھی ہدایت لئے ہوئے
ہو جاؤں گا مدینہ پہنچ کر فدائے شاہؐ نکلا ہوں گھر سے شوق شہادت لئے ہوئے
دامن میں اپنے رحمتِ عالمؐ نے لے لیا دیکھا جو مجھ کو اشک ندامت لئے ہوئے
پہنچادے مجھ کو کوئے محمدؐ میں اے فلک عرصہ گذر گیا مجھے راحت لئے ہوئے
روشن رہے گی قبر مری اس چراغ سے مرتا ہوں داغِ الفتِ حضرتؐ لئے ہوئے
عادلؔ ہے آج نعتِ محمدؐ سے گلفشاں ہر پھول ایک گلشن جنت لئے ہوئے

✶

## سلام

السلام اے خاصۂ ربّ العلا السلام اے افتخارِ انبیاء
السلام اے اولِ تخلیقِ حق السلام اے باعثِ خلقِ خدا
السلام اے محسنِ انسانیت السلام اے گمرہوں کے رہنما
السلام اے وہ کہ جس کی ذات پاک ہے سراپا رحمت و فضلِ خدا
السلام اے وہ کہ جس کا نامِ پاک عرش پر پہلے پہل لکھا گیا
سوئے عادلؔ بھی ہو رحمت کی نظر اے حبیبِ حق محمدؐ مصطفےٰ

(مطبوعہ ''ریاضِ عقیدت'' ۱۹۸۴ء)

✶

## عبدالقدوس زیبقؔ (ترچی)

ولادت ۱۹۰۹ء وفات ۱۹۳۴

یا رسول اللہ میرا حال ابتر دیکھنا　　میرے سرورد یکھنا میرے پیمبر دیکھنا
نزع میں بھی تشنہ دیدار سروری رہوں　　کس کے حصے میں بٹے گا حوضِ کوثر دیکھنا
ہے صدا صلِ علیٰ کی ہر درو دیوار سے　　کس کی یہ میلاد کا ہے ذکر گھر گھر دیکھنا
جتنے ہیں پیغمبراں زیر لوائے احمدی　　حشر کے دن رتبہ والائے سرور دیکھنا
ماہِ میلاد پیمبر حیف آخر ہوگیا　　کب میسر ہم کو ہو پھر جشن سرور دیکھنا
فیض زیرک سے ہوا جس دم کہ مداحِ نبیؐ　　کیوں نہ ہوگا خاتمہ زیبقؔ کا بہتر دیکھنا

زیرکؔ حبیب اللہ شاہ کے چھوٹے دادا کا تخلص تھا۔ زیبقؔ ان کے فرزند ہیں جو عین جوانی میں انتقال فرماگئے۔

٭

## حضرت عبداللہ حسین عبد مدراسی

ولادت ۱۹۱۰ وفات ۱۹۸۰

کیا ملا مجھ کوئے نبی کا پتا　　مل گیا انتہائی خوشی کا پتا
تیرے غم سے ملا ہے خوشی کا پتا　　اس خوشی سے ملا زندگی کا پتا
آپکی راہ پر ہو نہ جس کا گزر　　وہ نہ پائے کبھی راستی کا پتا
دے گئے دوستدارِ رسولِ خداؐ　　اپنے دشمن کو بھی دوستی کا پتا
باغِ یثرب میں ہیں اشتہارِ خوشی　　پتے پتے سے پایا خوشی کا پتا
عقل وہوش وخرد لاپتا ہوگئے　　جب سے مجھکو ملا بے خودی کا پتا
اے فراقِ حبیبؐ خدا المدد　　دردِ دل دے رہا ہے کمی کا پتا
آفتابِ ہدایت ہیں روشن ضمیر　　ظلمتوں کو دیا روشنی کا پتا
کیا کہوں آپؐ ہیں جانتے　　عبدؔ بے کس کی بے چارگی کا پتا

٭

پتا کوئے محمدؐ سے ملا کعبے کی سرحد کا　　ملا کعبے کی سرحد سے پتا کوئے محمدؐ کا
تقاضے پر تقاضا ہے ہمارے شوقِ بے حد کا　　بہر صورت کسی صورت سفر ہو کوئے احمدؐ کا
کتابِ صبحِ اول کی وضاحت ہی وضاحت تھی　　وہ مضموں تھا محمدؐ ابن عبداللہ کی آمد کا

ہزاروں سرو قد آدم سے روح اللہ تک آئے
قسم ہے قد آدم کی نہ ثانی ہے ترے قد کا

تری صورت تھی گویا ہم شبیہ سورتِ رحمٰن
ترے زیبِ کمر ٹپکا رہا یسین کی مد کا

ستارے جگمگاتے ہیں چمن جو لہلہاتے ہیں
یہ سب حسنِ تبسم ہے لبِ اعجاز احمد کا

مری چشمِ بصارت کی الٰہی عمر افزوں ہو
میں گھر بیٹھے نظارا کر رہا ہوں سبز گنبد کا

٭

جنت کی ہے تلاش نہ کوثر کی ہے تلاش
مجھ خانما خراب کو اس در کی ہے تلاش

مجھ کو پیمبروں کے پیمبر کی ہے تلاش
یعنے حبیبِ خالقِ اکبر کی ہے تلاش

صورت سے جسکی حسن ملا مہر و ماہ کو
اپنی نظر کو اس رخِ انور کی ہے تلاش

آنکھیں مری ہیں اشکوں کا عنواں لئے ہوئے
جس دن سے خواب گاہِ پیمبر کی ہے تلاش

بابِ حرم سے مجھکو سروکار ہی نہیں
شوریدہ کو میرے ترے در کی ہے تلاش

مرقد بنے تو کوئے نبیؐ میں بنے مرا
میری اجل کو ایسے مقدر کی ہے تلاش

ہر راہ زن کو راہ پہ جس نے لگا دیا
اے عبد آج تک اسی رہبر کی ہے تلاش

٭

گیا گزرا وہی دونوں جہاں سے
جسے الفت نہیں شاہِ زماں سے

دو عالم کو ملی عظمت جہاں سے
میں جاؤں گا نہ آؤں گا وہاں سے

بہت نزدیک بنوایا گیا ہے
مکانِ امہانیؓ لامکاں سے

مرے سجدوں کا اندازہ ملے گا
کفِ پائے محمدؐ کے نشاں سے

جہاں پروان چڑھتی ہیں بہاریں
صبا دو پھول لا دینا وہاں سے

نوازش ہے یہ عشقِ مصطفےٰ کی
جو بیگانہ ہوں میں اہلِ جہاں سے

مرا جینا بھی ہے کیا کوئی جینا
پڑا ہوں دور تیرے آستاں سے

جنابِ مصطفےٰؐ ہیں خوب واقف
مری فریاد سے آہ و فغاں سے

مرا ہر کام ہے تیرے حوالے
مجھے کیا کام ہے سود و زیاں سے

رہِ یثرب میں ایسا تیز رو ہوں
میں چل پڑتا ہوں آگے کارواں سے

مجھے اے عبد ہے ایسی عقیدت
امیر نعت گو معجز بیاں سے

٭

## سلام

حامی دوسرا سلام علیک
صاحب ذوالعطا سلام علیک

بزمِ کونین آپؐ کی خاطر
بن گئی پر ضیاء سلام علیک

نیست نابود کفر کا کس بل
کس کے باعث ہوا سلام علیک

آپؐ نعم البدل ہیں نبیوں کے
حاصل انبیاءؑ سلام علیک

گرتے پڑتوں کو تھام لیتا ہے
آپؐ کا آسرا سلام علیک

مانگتا ہوں حضورؐ کے در سے
مغفرت کی دعا سلام علیک

خیر خیرات آپؐ کے در کی
کب کرو گے عطا سلام علیک

سبز گنبد کی آرزو لیکر
ہند میں ہوں پڑا سلام علیک

آلؑ و اصحابؓ کی محبت میں
خاتمہ ہو مرا سلام علیک

بے نواہوں میں با نوا کردو
راہِ للہ شہاؐ سلام علیک

عمر گذری تلاش یثرب میں
نہ ملا راستہ سلام علیک

کوئی میرا نہیں نہیں تو نہیں
آپؐ کا ہوں گدا سلام علیک

اک نہ اک دن بجھے گی آنکھ میری
آپؐ کے زیرِ پا سلام علیک

عبد کی بے کسی پہ رحم کرو
رحمتِ کبریا سلام علیک

✶

## حیدر علی خان حیدر

ولادت ۱۹۱۰ وفات ۱۹۸۰

سیرِ گلشن جو کریں آپ تماشا ہو جائے
لالہ وگل کا ابھی رنگ نرالا ہو جائے

آپ کا روئے مبارک جو ہویدا ہو جائے
جلوۂ وادئ ایمن کا نظارہ ہو جائے

ہاں دم باز پسیں پوری تمنا ہو جائے
آپ آئیں تو مجھے موت گوارا ہو جائے

انکے بیمار کو اللہ نے بخشا وہ کمال
وہ اگر چاہے تو بیمار مسیحا ہو جائے

ہاتھ میرا جو نصیبوں سے لگے ان کے ہاتھ
رشکِ مہتاب حریفِ یدِ بیضا ہو جائے

کل کے اب کیوں نہ کروں شاہ درسالت کی ثنا
فعل بندے کا نہ کیوں فعل خدا ہو جائے

وہ جو چاہیں تو رہے امن جہاں کا قائم
وہ اگر چاہیں تو عالم تہہ و بالا ہو جائے

✶

الفت محبوبِ حق سے قلب جو معمور ہے
وہ تجلی کا ہے مرکز وہ سراپا طور ہے

ہے اطاعت مصطفےٰ کی شرطِ حبِ ایزدی
قول یہ میرا نہیں قرآن کا دستور ہے

میری جنت خدمتِ شاہِ رسولاں ہے فقط
مجھ کو اس سے کیا وہاں غلمان ہے یا حور ہے

ہو اگر چشمِ حقیقت بیں تو آئے گا نظر
ذرہ ذرہ میں محمد مصطفےٰ کا نور ہے

جس کو عشق احمدؐ مرسل میسر ہو گیا
آفتوں کے درمیاں بھی وہ بہت مسرور ہے

جس کو محبوبِ خدا نے اپنا خادم کہدیا
ہے مظفر اک وہی اور اک وہی منصور ہے

اس سے بڑھ کر کوئی حیدرؔ کامیابی پائے کیا
نام اپنا مدح گوئے مصطفےٰ مشہور ہے

(مجموعہ ''حاصلِ ایماں'' ۱۹۸۶)

✻

## محمد عبداللہ شرقی

ولادت ۱۹۱۲ وفات ۱۹۸۸

اک چیز کو دوسری پر برتر پایا
انسان کو ہر چیز کا افسر پایا

لیکن ہے محمد کی نرالی ہر شان
شرقیؔ انہیں کونین کا سرور پایا

✻

حاصل فلکِ پیر کو گرچہ ہے فراز
گلزار میں گل کو بھی بڑا حسن پہ ناز

شرقیؔ یہ بڑائی ہے مگر سب باطل
ہیں ساری خدائی میں محمد ممتاز

✻

## نواب محمد محمود

ولادت ۱۹۱۳ وفات ۱۹۷۸

مقدر جاگ اٹھے جب محمد مصطفےٰ آئے
جلی شمعِ ہدایت جب رسولِ کبریا آئے

کئی ہادی خدا نے عالمِ اسباب میں بھیجے
مگر ختمِ رسل شاہِ ہدیٰ سب سے سوا آئے

بچایا کشتیِ عالم کو عصیاں کے تلاطم سے
خدائے پاک کے محبوب بنکر ناخدا آئے

خرد تھی بہکی بہکی اور آنکھیں سب کی خیرہ تھیں
حقیقت ہم کو سمجھانے محمد مصطفےٰ آئے

وہ جن کے بے سوادی پر تصدق عقل و دانش ہیں
وہی امی لقب سرچشمۂ علم و ہدیٰ آئے

اگرچہ خاصگانِ حق کئی آئے یہاں لیکن
جہاں نے کس کے آنے پر کہا خیرالوریٰ آئے

کیا ہمورار راہوں کو معین منزلیں بھی کیں
معین دین وملت دو جہاں کے رہنما آئے

وہ آئے جن کو آنکھیں تک رہی تھیں سارے عالم کی
پکارا سنگ اسود، خلق میں قبلہ نما آئے

تجھے محمودؔ آزادی ملے گی خوف و دہشت سے
مگر یہ شرط ہے دل میں ترے خوفِ خدا آئے

✵

سردارِ انبیا کے ثناخوانوں کہاں نہ تھے
ہے کون ایسا جس پہ نبی مہرباں نہ تھے

احمدؐ کو جاننا ہے تو قرآن دیکھ لو
ہرگز مبرّا ان کے عمل سے بیاں نہ تھے

امی لقب تھے گرچہ حبیبِ خدا اگر
اسرار کونسے ہیں جو ان پر عیاں نہ تھے

سدرہ کے پار چل نہ سکے جبرئیل خود
لیکن یہ حدود شہ مرسلاں نہ تھے

انساں نے وہ امانتِ خالق قبول کی
تیار جس کے واسطے کرّو بیاں نہ تھے

بڑھتے ہوئے گنہ کا رہا رنج عمر بھر
لمحے غمِ حیات کے مجھ پر گراں نہ تھے

حرص و ہوا نے لوٹ ہی لی دل کی کائنات
سینہ تھا گنجِ لعل و گہر پاسباں نہ تھے

محمودؔ مبتلائے فریبِ نظر رہا
جن جن پہ اسکو ناز تھا وہ گلستاں نہ تھے

✵

نہ دیکھی جہاں نے مثالِ محمدؐ
نہ پایا کسی نے جمالِ محمدؐ

خبر مَا رَمَیت َ سے پائی ہے ہم نے
جلالِ خدا ہے جلالِ محمدؐ

ہوئے ان سے واصل تو سب کچھ ملیگا
خدا سے ہے ہردم وصالِ محمدؐ

سدا ان کا ہر عضو مشغولِ حق تھا
یہی ہے یہی ہے کمالِ محمدؐ

بہ بانگِ دہل یوں سناتا ہے طائف
بہار آفریں ہیں خصالِ محمدؐ

قیادت جہاں کی بھلا کس سے ہوگی
بجز اس کے جو ہے بہ آلِ محمدؐ

جو ہو ذوقِ کامل تو بگڑی بنیگی
رہو محوِ ذکر و خیالِ محمدؐ

(مطبوعہ "روحِ محمود" ۱۹۹۰)

✵

# شیخ فریدالدین فرید مدراسی

ولادت ۱۹۱۶ وفات ۱۹۸۱

مری انگشت میں جب خامۂ مضموں نگار آیا
نبی کا نام عنوان بن کے لب پر بار بار آیا
مقدر اوج پر اور وقت بھی کیا خوشگوار آیا
رقم نعت محمد مجھکو کرنے کا شعار آیا
فریداس شان وشوکت سے چلے گا بر سرِ محفل
خدا کہہ دے گا وہ دیکھو نبی کا جاں نثار آیا

✡

شہ لولاک آئے بادشاہ انبیاء آئے
خدا کی شان لے کر مظہر نورِ خدا آئے
زمیں بطحی کی کیوں افضل نہ ہو سات آسمانوں پر
کہ جس میں زینتِ عرش بریں، خیرالوریٰ آئے
رہا باقی نہ ہم کو اے فرید اب خوف محشر کا
شفیع المذنبیں بن کر حبیب کبریا آئے

✡

فکر عقبیٰ اور غم دنیا گیا
گنبدِ خضرا نظر جب آگیا
مل گیا قندِ مکرر کا مزا
لب پہ جب نامِ محمد آگیا
دھیرے دھیرے زندگی گھٹتی گئی
غم نبی کا جس قدر بڑھتا گیا
آپ ؐ کے روئے منور کا خیال
دیر تک دل کو مرے تڑپا گیا
نامۂ اعمال اپنا دیکھکر
میں سرِ محشر بہت شرما گیا
میزباں خود رب اکبر تھا فرید
عرش پر جس دم مرا مولا گیا

✡

شہِ لولاک آئے بادشاہ انبیاء آئے
خدا کی شان لے کر مظہرؐ نور خدا آئے
سمجھنا نکتہ توحید ممکن ہی نہ تھا ہم سے
حقیقت ہم کو سمجھانے محمد مصطفےٰ آئے
زمیں بطحی کی کیوں افضل نہ ہو سات آسمانوں پر
کہ جس میں زینت عرش بریں خیرالوریٰ آئے
نہ اب دعویٰ کرے کوئی نبوت یا رسالت کا
ہوا قرآں سے ثابت کہ ختم الانبیاء آئے
ثنا گستر زباں کیا ہو، کرم ان کا بیاں کیا ہو
دو عالم کے لئے بن کر جو رحمت کی گھٹا آئے
رہا باقی نہ ہم کو اے فرید اب خوفِ محشر کا
شفیع المذنبیں بن کر حبیب کبریا آئے

✡

## سلام

جہانِ صدق کے اے تاجورؑ سلام علیک
حبیبِ ربّ کے عرب کے قمر سلام علیک

مقام وحیِ خدا مہبطِ درود و سلام
شفیعِ حشر شہؐ بحر و بر سلام علیک

شعاعِ مہرِ کرم مظہر صفاتِ خدا
رسولؐ پاک شہ نامور سلام علیک

جہانِ اول و آخر کے محسنِ اعظم
حبیبِؐ خالق و خیرالبشر سلام علیک

کمالِ صنعتِ حق نازشِ زمین و زماں
بلند مرتبہ عالی گہر سلام علیک

فریدؔ پر بھی خدارا ہو اپنا لطف و کرم
جو عرض کرتا ہے خم کر کے سر سلام علیک

مطبوعہ ''رحمتِ عالم'' ۱۹۷۴ء

٭

## حضرت مرزا نذر حسن سحبان مدراسی

ولادت ۱۹۱۹ وفات ۱۹۸۴

اُوج پر جب مری قسمت کا ستارہ ہوگا
روبرو میرے مدینے کا نظارہ ہوگا

دیکھ کر ہجر میں بے تاب مجھے شام و سحر
یا نبی تم کو مرے دل نے پکارا ہوگا

ان کی محفل میں خدا مجھکو نہ لیجائے کبھی
جن پہ احسان ہوا ہے نہ تمہارا ہوگا

یا نبی کس کو خبر کس کو گماں تھا اس کا
چاند انگلی کے اشارے سے دوپارہ ہوگا

مغفرت حشر میں دیکھے گی مجھے بھی ان میں
پشت پر جنکی محمد کا سہارا ہوگا

سامنے سب کے پریشان ہوں محشر میں نبی
داورِ حشر کو کیونکر یہ گوارا ہوگا

مجھ کو روکے گا درِ خلد پہ رضواں کیونکر
آگے آگے مرے اللہ کا پیارا ہوگا

جب مری عمر کے دن چند رہیں گے باقی
مجھ کو آنے کا مدینے سے اشارہ ہوگا

ہو کہ قسمت میں نہ ہو لب پہ تو ہے یہ سحبانؔ
خاتمہ در پہ محمد کے ہمارا ہوگا

٭

اب یہ جی میں ٹھانی ہے ہو سکے تو جینے تک
ایک بار ہو آؤں کم سے کم مدینے تک

مستِ بادۂ الفت ہو کوئی تو پوچھ اس سے
دل پہ کیا گذرتی ہے گھونٹ گھونٹ پینے تک

موجِ بحرِ ہستی ہے سدِّ راہ کیا کیجئے
آپ آ نہیں سکتے کیا مرے سفینے تک

بوئے مشک و عنبر ہو یا مہک ہو پھولوں کی
کوئی آ نہیں سکتی آپ کے پسینے تک

دوستوں کا کیا شکوہ عشق میں دمِ مشکل
پھیر لی نظر مجھ سے میری زندگی نے تک
مہرِ عشق کی صورت بڑھ کے رہ گیا آخر
آپ کی جدائی کا داغ میرے سینے تک
دل کو میرے رہ رہ کر بے قرار کرتی ہے
یا نبی پہنچنے کی آرزو مدینے تک
کب بلاؤ گے آقا پاس اپنے سحبان کو
سال تو یہی لیکن کونسے مہینے تک

(مطبوعہ "ارمغان سحبان)

✡

## مولانا سید عظمت اللہ سرمدی

ولادت ۱۹۱۹ وفات ۱۹۷۸

یہی شان معراجِ فخر زباں ہے
مکاں ہی کے زیر اثر لامکاں ہے
نگاہ محمدؐ کا پرتو جہاں ہے
فسونِ نظر اصل میں کن فکاں ہے
تو کاشانۂ عشق احمدؐ ہے لیکن
کہاں طائرِ دل ترا آشیاں ہے
قسم ذات رب کی ازل سے ابد تک
اسی نور اول کا جلوہ عیاں ہے
زبوں حالی سرمدی پوچھئے کیا
وہ دل کی لگی ہے کہ آتش بجاں ہے

✡

وہ جس کی شان یکتا ہے زمانے کو فضیلت ہے
وہ جس کے فیض بے پایاں سے عالم غرق رحمت ہے
وہ جس کے حکم سے بہتے ہیں چشمے علم و عرفاں کے
وہ جس کے دم سے جاری آج بھی دریائے حکمت ہے
وہ جس کا آستاں ہے سجدہ گاہ قدسی اعظم
وہ جس کی شان و رفعت سے زمانہ محو حیرت ہے
وہ جس کی ذات سے قسمت جہاں کی جگمگا اٹھی
وہ جس سے آج بھی پھیلا ہوا انور سعادت ہے
وہ جس کا قلب انساں جلوہ گاہ نور ایماں ہے
وہ جس کا ہر نفس اک مشعل راہ ہدایت ہے
اسی ہادی کی پھر شاید ضرورت ہے زمانے کو
کہ پیچ و تاب میں اب گیسوئے کفر و ضلالت ہے

✡

## حضرت محمد جلال کڈپوی شہ میری

ولادت ۱۹۱۹ وفات ۱۹۸۹

ثنائے سرورِ کونین، تسکین دل و جاں ہے
یہی میری متاع زندگی ہے، نقدِ ایماں ہے
امین و صاحب خلقِ عظیم اور رحمتِ عالم
فقط وہ حامل قرآں نہیں تفسیر قرآن ہے
جلالِ بے نوا پر ہو نگاہِ لطف اے آقا
دیارِ ہند میں خادم ترا بے حد پریشاں ہے

✡

(مطبوعہ "جمال و جلال")

# جناب سلطان قدیر

ولادت ۱۹۳۰ وفات ۱۹۷۳

سینے میں جس کے الفت خیر البشرؐ نہیں
جنت میں بدنصیب کا ہرگز گذر نہیں

دل میں ہمارے دولت حبِ نبیؐ رہے
کیا فکر ہے جو پاس اگر مال و زر نہیں

پی کر شراب عشق رسولؐ زمن کی میں
ہوں مست اس طرح مجھے میری خبر نہیں

جو جل رہے ہیں آتش عشق جنابؐ میں
ان کو قسم خدا کی جہنم کا ڈر نہیں

ہو اک نگاہِ لطف ادھر بھی شہِ امم ؐ
جور فلک سے چین ہمیں عمر بھر نہیں

دل چاہتا ہے اڑ کے مدینہ سفر کریں
پر کیا کریں قدیرؔ ہمیں بال و پر نہیں

✲

لامکاں جب گئے معراج کی دعوت والے
شوق دیدار میں بے تاب تھے جنت والے

خاک پا مجھکو بنا دیجئے اے ختم رسلؐ
اسی اکسیر سے بن جاتے ہیں قسمت والے

یا خدا کر مجھے احمدؐ کے غلاموں کا غلام
ہیں غلامان نبیؐ کشف و کرامت والے

یا نبیؐ ہم کو بھی اب شربتِ دیدار ملے
آپؐ کے عشق میں مرتے ہیں محبت والے

بول اٹھے یہی شیدائے محمدؐ ہے قدیرؔ
یاس و حسرت سے مجھے دیکھ کے جنت والے

✲

خود کو جس نے غمِ احمدؐ میں مٹا رکھا ہے
اس نے زندہ بخدا نام بقا رکھا ہے

جب کہ آقا کی شفاعت پہ ہے امت کی نجات
کہئے پھر پرششِ اعمال میں کیا رکھا ہے

دشتِ یثرب کی ہوا راس ہے مجھ کو واعظ
ورنہ معلوم ہے فردوس میں کیا رکھا ہے

یادِ احمدؐ میں کھلے جاتے ہیں کیا راز نہ پوچھ
بزم ہستی کو تصور میں سجا رکھا ہے

اسی امید پہ جیتے ہیں گنہگار ازل
آپؐ نے بابِ شفاعت جو کھلا رکھا ہے

دفن ہو کوئے مدینہ میں جو مر جائے قدیرؔ
اسی ارمان کو سینے سے لگا رکھا ہے

✲

# پروفیسر محبوب پاشا محبوب

ولادت ۱۹۲۲ وفات ۲۰۰۱

پچھلا پہر ہے اور شبِ ماہ تمام ہے — پیشِ نگاہ روضہ خیرالانامؐ ہے
میری زباں پہ ساقی کوثر کا نام ہے — گردش فلک کی بند ہے، گردش میں جام ہے
کیا لات کیا منات سبھی سربسجدہ ہیں — صحنِ حرم میں کون یہ محوِ خرام ہے
طیبہ کا ذرہ ذرہ ہے آئینہ دارِ دوست — اک لطفِ خاص تھا کبھی، یہ فیضِ عام ہے
وہ دیکھ لٹ رہی ہیں دو عالم کی رحمتیں — دستِ طلب دراز نہ کرنا حرام ہے
سنگِ درِ حبیب تجھے آج مل گیا — محبوبؔ اس سے آگے بس اب تیرا کام ہے

٭

نگاہِ شوق روشن، نور سے معمور سینہ ہے — نظر کعبہ کی جانب، اور دل سوئے مدینہ ہے
وہ نکلا سوئے یثرب رقص فرماتا ہوا نکلا! — سفینہ زائروں کا کیف و مستی کا خزینہ ہے
بشر کیا ہے، ملک بھی چومتے ہیں مرحبا کہہ کر — کلامِ پاک میں نامِ محمدؐ اک نگینہ ہے
تمہاری یاد کے جلوے مرے سینے میں رقصاں ہیں — تمہارا فیض بے پایاں، مرا دل آبگینہ ہے
بلا سے آج دنیا نے تجھے ٹھکرا دیا اے دل! — ارے ناداں! محبت میں یہی تو پہلا زینہ ہے
ثنائے سرورِ عالم مرا ایمان ہے محبوبؔ — ولائے رحمتِ عالم یہاں سینہ بہ سینہ ہے

٭

سرِ نیازِ محبت میں جب جھکاتا ہوں — حضور آپ کو دل سے قریب پاتا ہوں
ہے فیض آپ کا کھلتا ہے مجھ پہ بابِ کرم — دعا کے واسطے جس وقت ہاتھ اٹھاتا ہوں
ریاضِ روضہ و منبر فضائے نکہت و نور — اسی خیال میں جنت کو بھول جاتا ہوں
جلا دے گرمیٔ عشقِ رسولؐ تو مجھ کو — زہے نصیب کہ میں تیرے کام آتا ہوں
جمالِ گنبدِ خضریٰ مری نگاہ میں ہے — طلوعِ مہر کو میں آئینہ دکھاتا ہوں
فغانِ نیم شبی میں سحر کی آہوں میں — تمہارے در پہ نصیب اپنے آزماتا ہوں
ہر اک سمت برستی ہیں رحمتیں محبوبؔ — میں نعتِ سرورِ عالمؐ جہاں سناتا ہوں

(مطبوعہ "متاعِ محبوب") ۱۹۸۲

٭

## جناب محمد یوسف خواہاں

ولادت ۱۹۲۲ وفات

فضاؤں میں صلِ علیٰ کے ہیں جلوے، فرشتوں کا مجھ کو پیام آرہا ہے
تصور میں میرے درخشاں درخشاں، مدینہ کا ماہِ تمام آرہا ہے

وہاں رحمتِ حق کا اک سلسلہ ہے جہاں جشنِ میلادِ خیر الوریٰ ہے
نبیؐ وہ کہ خود جن کا عاشق خدا ہے، وہ نبیوں کا بن کر امام آرہا ہے

کھلا ہے ہر اک غنچۂ دل کھلا ہے، فضا ساری دلچسپ ہے دلکشا ہے
مقامِ ادب ہے بڑا نور آور، محمدؐ کا ہونٹوں پہ نام آرہا ہے

درِ مصطفٰے بھی عجب میکدہ ہے کہ ہر سمت رحمت کی چھائی گھٹا ہے
کھنکتے ہیں تسنیم و کوثر کے ساغر، چھلکتا محبت کا جام آرہا ہے

مری سبز گنبد پہ آنکھیں لگی ہیں تو فرطِ خوشی سے یہ نبضیں رکی ہیں
کہیں دھیان ہے اور کہیں پر قدم ہیں، نہ جانے یہ کیسا مقام آرہا ہے

سرِ بزم نعتِ نبیؐ لے کے خواہاںؔ، جو آیا تو بے ساختہ شور اٹھا
بچھا دو سرِ شام تاروں کی چادر، رسولِ خدا کا غلام آرہا ہے

## حکیم مخدوم اشرف

ولادت ۱۹۲۳ وفات ۱۹۹۸

دعائے نیم شبی کو جو پُر اثر دیکھوں مدینہ جاؤں، مدینے کے بام و در دیکھوں
مرے حبیبؐ، شہِ انبیاءؐ مرے آقاؐ نصیب چمکے مرا بامِ اوج پر دیکھوں

ترا جمال ترا چہرہ ہو قریب نگاہ — ''نظر اٹھاؤں تو میں تجھکو جلوہ گر دیکھوں''
ہمیشہ آپ کی صورت رہے تصور میں — وہ چہرہ شام کی ساعت سے تا سحر دیکھوں
نہیں رہے کبھی احساس مجھکو دوری کا — جو نورِ گنبدِ خضرا قریب تر دیکھوں
عطائے سرورِ کون و مکاں کے میں صدقے — گدائے سرورِ عالم کو تاجور دیکھوں
کچھ ایسا حال مرا ہو کہ دہر سے خود کو — جنونِ عشقِ محمد میں بے خبر دیکھوں
مرا نصیب دکھائے مجھے یہ ہے خواہش — رہِ مدینہ کی دوری کو مختصر دیکھوں
لکھوں جو نعت میں اشرفؔ تو نعت گوئی کا — ہر ایک لفظ میں قرطاس پر ہنر دیکھوں

٭

یادِ مصطفےٰ دل میں اور نور سینے میں — لطف مجھکو آتا ہے صبح و شام جینے میں
مشک اور عنبر میں کب کسی نے پائی ہے — جس طرح کی خوشبو ہے آپؐ کے پسینے میں
میرے دل کی بیتابی کہہ رہی ہے اب مجھ سے — حاضری مدینے کی ہو اسی مہینے میں
یہ بھی رحمتِ عالم ہی کا فیض ہے بے شک — راحتیں میسر ہیں ان کے غم میں جینے میں
کاش ایسے دن آئیں میری زندگی میں بھی — گزرے ساغرِ زمزم صبح و شام پینے میں
ہے مرے تصور میں چہرۂ حبیبِ ربّ — اور شبیہ شاہِ دیں دل کے آبگینے میں
مجھکو شہرِ بطحیٰ میں موت آئے اے اشرفؔ — آرزو ہے یہ میری قبر ہو مدینے میں

٭

## حضرت عبدالرحمن تشنہ ترپاتوری

ولادت ۱۹۲۳ وفات ۱۹۷۱

اللہ اللہ ماہِ عرب کی تابشیں — وادیِ بطحیٰ کے ہر ذرہ کو سینا کر دیا
جذبہ حبِ نبی کا ہے کرشمہ تشنہؔ یہ — تیرے ان اشعار نے اک حشر برپا کر دیا

٭

## جناب اسداللہ بیگ ادیب بھارتی

ولادت ۱۹۲۳ وفات ۱۹۷۰

کس قدر پر نور ہے بزمِ نبیؐ — ذہن و دل روشن، معطر زندگی
آپؐ کی آمد کی کیا پھیلی خبر — میرے گھر پھیلی ہوی ہے چاندنی

نام لیوا ہم محمدؐ کے ہوئے عطر برساتی رہی ہر اک گھڑی
ہر نفس صلِّ علیٰ پڑھتے رہو زندگی ہے مظہرِ عشقِ نبیؐ
میری اپنی رہ گذاروں میں ادیبؔ ہر طرف ہے مصطفائی روشنی

(مطبوعہ ہفت روز "سرکار" مدراس ۱۹۵۸ء)

٭

## حضرت رشیدالدین امجدؔ مدراسی

ولادت ۱۹۲۳ وفات 1981

وہ تابشِ رشکِ برق مضطر کہ چھیڑ خوانی کرے چمک کر میں کرمکِ زارِ طفل آسا مچل رہا ہوں ہمک ہمک کر
عزیز میرے ندیم میرے ذرا تو لا نا خبر لپک کر کہ قافلہ کوچ کب کریگا بتا ہی دے تیرے منہ میں شکر
کبھی تو آئیگا بام پرتو کبھی تو دیدارِ عام ہوگا اسی تمنا میں کاٹتے ہیں تیری گلی کے ہزار چکر
ہزار تو نے کرم کیے ہیں مری ہے اک آخری یہ خواہش مدینہ پہنچادے مجھکو اتنا تو کام اے صاحبِ فلک گر
نہ سر اٹھانے کے ہی تھا قابل نہ منہ دکھانے کے ہی تھا لائق حضورِ رحمت نے ہے پکارا تو چل پڑا ہوں جھجک جھجک کر
یہاں میسر ہو کامرانی وہاں شفاعت کا ہو وسیلہ یہی سبب ہے کہ نعتِ احمدؐ میں پڑھ رہا ہوں لہک لہک کر
زمانہ بے وفا نے زندہ نہ چھوڑا امجدؔ سے نعت گو کو ہے محفلِ نعت سونی سونی چراغ تھا بجھ گیا بھڑک کر

٭

جو بخت ور ہیں تری بارگاہ سے واقف نہیں جہاں میں کسی بادشاہ سے واقف
جنونِ عشق ہے بس تیری چاہ سے واقف نہیں جُدا سکے کسی رسم و راہ سے واقف
کسی کو بھیج کے بلواؤ یا رسول اللہ نہیں ہے آپ کا دیوانہ راہ سے واقف
یہ گرد، راہِ گذرگاہِ مصطفےٰ ہے فلک نہ زعم کر کہ ہے تو مہر و ماہ سے واقف
پناہ کے جو طلبگار ہیں خدا کی پناہ نہ کیوں ہو رحمتِ عالم پناہ سے واقف
ثبوت مجھ سے طلب کیجئے نہ الفت کا خدا گواہ نہیں ہوں گواہ سے واقف
تمہارے عارض و گیسو کا میں ہوں دیوانہ مری نظر ہے سفید و سیاہ سے واقف
تمہارے در کی گدائی سے جو مشرف ہیں نہیں ہیں اور کسی کی عز و جاہ سے واقف
سوائے آپؐ کے فریاد رس نہیں کوئی حضورؐ آپ ہیں اس داد خواہ سے واقف

نہ پوچھ مجھ سے ہے انوار کا نزول کہاں
میں ہوں حضور کی آرام گاہ سے واقف
یقیں ہے دامنِ امجدؔ بھرینگے رحمت سے
مرے نبیؐ ہیں طلب کی نگاہ سے واقف

✡

بابِ رحمت ہے برسرِ محشر کھلا
یا ہے اذنِ مالک کوثر کھلا
کھول کر رکھتا ہے رازِ زندگی
میرا پیغمبر ہے پیغمبر کھلا
ذاتِ اقدس ہے تری حق الیقیں
یا طمانچہ کفر کے منہ پر کھلا
تیری ہستی ہے لفافہ سر بہ سر
گو نظر آتا ہے اک دفتر کھلا
تربتِ اقدس پہ ہیں گل منتشر
یا حسینوں نے رکھا زیور کھلا
ذاتِ احمد باعثِ تکوینِ خلق
حق کا پرتو آپؐ پر کھلا
دین اپنا تو ہے اک دین بس
نامہ اک لایا ہے نامہ بر کھلا
کیوں نہ عصیاں کے پھپھولے پھوٹ جائیں
رکھدیا فصاد نے نشتر کھلا
کیا ہے انساں کس لئے بھیجا گیا
یہ معمہ تیری آمد پر کھلا
جسم بے سایہ ہے یا طعنہ ہے ایک
مہر عالمتاب کے منہ پر کھلا
ہے عرق سے آپکے کسبِ مشام
عقدۂ مشک و گل عنبر کھلا
یا زمرد سے کوئی پھوٹی کرن
یا ہے بابِ گنبدِ خضر کھلا
ختم ہوتا ہی نہیں فیض حبیبؐ
ہے یہ در شب بھر کھلا دن بھر کھلا
اشکِ غم آنکھوں سے نکلے اسطرح
ابر ترا دم بھر گھرا دم بھر کھلا
ذکر میں تیرے جو ملتا ہے سرور
ہے حریف بادۂ احمر کھلا
کسطرح امجدؔ ہو مایوس کرم
ہے محمدؐ کا ہمیشہ در کھلا

✡

## حضرت محمد عبدالمناف برترؔ مدراسی

ولادت ۱۹۲۴

سمائی ہے دل میں ولائے محمدؐ
سر آنکھوں سے ہوں میں فدائے محمدؐ
رسائی ہے عیسیٰ کی چوتھے فلک پر
ہے ہفتم فلک زیرِ پائے محمدؐ

نہ میرے دہن میں زبانِ خدا ہے — ادا کیا ہو مجھ سے ثنائے محمدؐ
اگر وہ نہ چاہیں تو بخشش نہ ہوگی — رضائے خدا ہے رضائے محمدؐ
خدا نے بنایا ہے محبوب ان کو — کہ بھائی ہے ہر اک ادائے محمدؐ
حسینانِ دنیا نے کی خوشہ چینی — مہ و مہر نے لی ضیائے محمدؐ
مدینے میں طرح مواخات ڈالی — جو مکے سے تشریف لائے محمدؐ
اگر وہ نہ ہوتے تو کچھ بھی نہ ہوتا — ہے تکوینِ عالم برائے محمدؐ
جسے دیکھ کر اڑ گئے ہوشِ موسیٰ — سرِ طور تھی وہ جلائے محمدؐ
نہیں گرمیٔ حشر کا خوف برترؔ — رہوں گا میں زیرِ سوائے محمدؐ

✱

میں مرغوب نقش و نگارِ مدینہ — بہشتِ نظر ہے بہارِ مدینہ
برستی ہے رحمت جدھر دیکھتا ہوں — مبارک ہے ایسا دیارِ مدینہ
محمدؐ کی قربت ہے قربت خدا کی — ہے عرشِ بریں ہمکنارِ مدینہ
یہ آرام گاہِ حبیبِ خدا ہے — بیاں کیا ہو مجھ سے وقارِ مدینہ
مری جانِ شیدائے روئے محمدؐ — مرا دل ہے برترؔ نثارِ مدینہ

✱

## سلام

صبا پہنچادے مصطفیٰؐ کو درود میرا سلام میرا — وہی ہیں پرسانِ حال میرے وہی بنائیں گے کام میرا
نہ دن میں راحت نہ رات میں سکھ غمِ جدائی میں کٹ رہی ہے — ''بلالو طیبہ میں یا محمدؐ'' یہ ورد ہے صبح و شام میرا
زمانہ کہتا ہے میری نسبت کہ ہوں گدائے درِ محمدؐ — اسی میں ہے میری نیک نامی اسی میں ہے احترام میرا
نبیؐ و آلِ نبیؐ سے الفت صحابۂ پاک سے عقیدت — نہ اور کچھ ہے رہِ سفر میں یہی ہے زادِ تمام میرا
سمجھ لوں دونوں جہاں کی دولت مجھے مقدر سے مل گئی ہے — رسولِؐ طیبہ کے عاشقوں میں اگر گنا جائے نام میرا
کروں محمدؐ کی مدح کیا میں زبان قاصر ہے نطق عاجز — یہاں ہے سحبان بے حقیقت تو کیا ہے برترؔ مقام میرا

(مطبوعہ ''آبِ زمزم'' ۱۹۹۳)

☆

## مولانا ابوالبیان حمادؔ

ولادت ۱۹۲۴

نازشِ آدم رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم
آپؐ مکرم آپؐ معظم، صلی اللہ علیہ وسلم
غلبہ دیں مطلوب رہا ہے جلوۂ حق محبوب رہا ہے
آپؐ کا ہر اک کام منظم صلی اللہ علیہ وسلم
آپؐ نے اونچا اس کو کیا تھا آپؐ نے اس کو لہرایا تھا
حق کا علم اور دین کا پرچم صلی اللہ علیہ وسلم
آپ کا ہے جو کوئی فدائی جانبِ طیبہ یوں ہے روانہ
لب پہ درود اور آنکھ ہے پُرنم صلی اللہ علیہ وسلم
آپ کی اس کو یاد جو آئی آپ کا لب، پر نام جو آیا
دور ہوا حمادؔ کا ہر غم صلی اللہ علیہ وسلم

✵

حسنِ ازل کے شاہد رعنا تمہیں تو ہو
''محبوبیت'' کے مرکز و ماویٰ تمہیں تو ہو
روحِ حیات جانِ تمنا تمہیں تو ہو
پیارے رسولؐ خُلقِ سراپا تمہیں تو ہو
معراج صرف آپ کو حاصل ہوئی حضورؐ
وہ ذاتِ پاک اے مرے آقا تمہیں تو ہو
بعد از خدا بزرگ کوئی ہے تو آپ ہیں
سب سے بلند جسکا ہے رتبہ تمہیں تو ہو
حمادؔ کیوں نہ یاد کرے تم کو بار بار
اس کے ہر ایک غم کا مداوا تمہیں تو ہو

✵

## مولانا محمد اسمعیل نیّرؔ ربّانی

ولادت ۱۹۲۵ وفات

چلے جو سوئے دیارِ مدینہ
ہوئے شوق سے ہمکنارِ مدینہ
ضیا بار ہر سمت رحمت ہی رحمت
وہ ہر سو جمالِ بہارِ مدینہ
وہ مینارِ روشن، وہ پرنور گنبد
ہیں نظروں میں نقش و نگارِ مدینہ
وہ قطرہ جو چشمِ عقیدت سے ٹپکا
بنا گوہر آبدارِ مدینہ
یہ آرام گاہِ شہؐ دو جہاں ہے
بہشتِ بریں ہے دیارِ مدینہ
فقط آپؐ ہی رحمتِ عالمیں ہیں
سلام آپؐ پر تاجدارِ مدینہ
یہی آرزو ہے مرے دل کی نیّرؔ
کہ بن جاؤں خاکِ دیارِ مدینہ

✵

چلے جو ہم جو سائے دیارِ مدینہ | ہوئے شوق سے ہمکنارِ مدینہ
ضیا بار ہر سمت رحمت ہی رحمت | وہ ہر سو جمالِ بہارِ مدینہ
وہ مینارِ روشن، وہ پرنور گنبد | ہیں نظروں میں نقش و نگارِ مدینہ

✡

محمدؐ مصطفٰےؐ پیغمبرِ آخر زماں آئے | گلستانِ نبوت کی بہارِ جاوداں آئے
شہِ لولاک آئے غم گسارِ انس و جاں آئے | وہ جو تھے وجہ تخلیقِ زمیں و آسماں آئے
مجسم رحمت للعالمین با عز و شاں آئے | صداقت کا بیاں آئے محبت کی زباں آئے
وہ آئے جن کے آنے کی زمانے کو ضرورت تھی | دلوں کی آرزو بن کر، حبیبِ دو جہاں آئے
ہدایت کی شعاعوں سے ضیا توحید کی پھیلی | سراپا نور بن کر، خاتمِ پیغمبراں آئے
وہ جن کی ذاتِ اقدس پر نبوت بھی ہوئی نازاں ہے | امامِ انبیاء آئے، امیرِ دو جہاں آئے
ہوئیں حل جس قدر تھیں مشکلیں دنیا و عقبیٰ کی | انیسِ بے کساں آئے، شفیعِ عاصیاں آئے
تجلی ضو فشاں ہر سمت ہے ماہِ رسالت کی | وہ جن کے دم سے روشن ہیں زمین و آسماں آئے
شرف تھا جن کی دربانی پہ جبرئیل امیں کو بھی | وہ سردارِ دو عالم، عظمتِ کون و مکاں آئے
ہوئی کافور اس دنیا سے شرک و کفر کی ظلمت | عجب انداز سے وہ ہادئ ہر انس و جان آئے
بہت سے یوں تو حاکم صفحۂ ہستی پہ گزرے ہیں | دلوں پر حکمرانی جس نے کی، وہ حکمراں آئے
ثنائے مصطفٰےؐ انساں سے ممکن نہیں نیرؔ | وہ سردارِ رسل جن کا خدا ہے مدح خواں آئے

✡

## جناب محمد کمال الدین کمالؔ مدراسی

ولادت ۱۹۳۵ وفات ۱۹۹۱

ہاتھ آگیا دامن جو شہِ ہر دوسرا کا | پھر خوف مجھے کچھ بھی نہیں روزِ جزا کا
قرآن نے نسخہ یہ بتایا ہے شفا کا | محبوبِ خدا ہے جو ہے محبوبؐ خدا کا
سردی سے بدل جائے وہیں گرمئ محشر | جھونکا کوئی آجائے جو طیبہ کی ہوا کا
ہے نام مرا امتِ سرکارؐ میں محسوب | دیکھو تو کرشمہ، مری تقدیرِ رسا کا
ہاں اس پہ نظر پڑ گئی سرکار کی شاید | اب نام نہیں دفترِ عصیاں میں خطا کا
احساسِ عطا ہے اسے توفیق عطا ہو | امت ہے نشانہ بڑی مدت سے جفا کا
آیا ہے لٹانے کو کمالؔ اس پہ ہی سجدے | ہو فیض عطا اس کو بھی نقشِ کفِ پا کا

# حضرت بدرالحسن بدر جمالی

ولادت ۱۹۲۶

محو ثنائے سیدِ ابرار ہوگئے / ہم بھی ریاضِ خلد کے حقدار ہوگئے
جب نام ہم نے احمدِ مختار کا لیا / وا زندگی کے عقدۂ دشوار ہوگئے
مدحت سرا میں گلشنِ طیبہ کا کیا ہوا / فکر اور فن گلے کا مرے ہار ہوگئے
اے دل یہی ہے جلوۂ شمس و قمر کا راز / وہ عکسِ روئے احمدِ مختار ہوگئے
آزاد ہی رہے غمِ کونین سے مدام / وہ جو غلامِ سید ابرار ہوگئے
آئے نظر مدینے کے جلوے جو خواب میں / ہم تیرے صدقے طالعِ بیدار ہوگئے
لکھا جو شعر بھی دُرِ دنداں کے وصف میں / الفاظ رشکِ گوہرِ شہوار ہوگئے
موجِ بلا کا جب بھی ہمیں سامنا ہوا / نامِ نبیؐ کا ورد کیا پار ہوگئے
اصحابِ دیں کو خُلد کا وعدہ عطا ہوا / دوزخ کی نذر مشرک وکفار ہوگئے
دوزخ کی آگ ان کو جلائے گی کس طرح / مختار جن کے احمدِ مختار ہوگئے
مجھکو جمالی پھر یہ سعادت ہوئی نصیب / نعتِ نبیؐ میں آج پھر اشعار ہوگئے

*

مدحِ زلف و عارضِ خیر البشر کرتے رہے / صبح و شامِ زندگی ہم یوں بسر کرتے رہے
اکتسابِ نور یوں شمس و قمر کرتے رہے / وہ طوافِ روضۂ خیر البشر کرتے رہے
اپنی امیدوں کی کھیتی عمر بھر سرسبز تھی / گنبدِ خضریٰ کی جانب ہم نظر کرتے رہے
اس بھری دنیا میں جن کو پوچھنے والا نہ تھا / فکر ان کی حضرتِ خیر البشر کرتے رہے
ہم نے منزل کو تمھارا نام لے کر جالیا / شکوۂ تقدیر کیا کیا ہم سفر کرتے رہے
اُڑ کے پہنچیں ہم درِ اقدس یہ صرف اس کے لئے / آرزوئے بال و پر آٹھوں پہر کرتے رہے
اے جمالی مل ہی جائے گا کبھی اس کا صلہ / بس اسی امید میں عرضِ ہنر کرتے رہے

*

کرے وہ وردِ نامِ مصطفےٰ کا / جسے ہو سامنا موجِ بلا کا
غلامِ ساقیِ کوثر ہوں ساقی / مجھے کھٹکا نہیں روزِ جزا کا

ہم اس روضے کا سایہ چاہتے ہیں ہمیں ارماں نہیں ظلِ ہما کا
مجھے روکیں گے کیا دربانِ جنت ثناخواں ہوں جنابِ مصطفےٰ کا
فقیری میں شہنشاہی سکھائی بڑھایا شاہ سے رتبہ گدا کا
مجھے کیا قیصر و کسریٰ کا خطرہ میں بندہ ہوں جنابِ مصطفےٰ کا
سلام اس پر، درود اس پر جمالی سبق جس نے دیا صبر و رضا کا

(مطبوعہ ''جمالیات'' ۱۹۹۰)

## حضرت سید عثمان فہمی عمری

ولادت ۱۹۶۲ء

وہ صاحبِ لولاک وہ سرکارِ مدینہؐ وہ اخضری ایوان وہ دربارِ مدینہ
ہر ایک کرن سینکڑوں خورشید بداماں ہے تاب کسے دیکھے جو انوارِ مدینہ
سر اپنا سلاطین جھکائیں تو عجب کیا جبریل ہیں جب حاشیہ بردارِ مدینہ
سن لے مری اے داعیٔ نظارۂ جنت کر لینے دے پہلے مجھے دیدارِ مدینہ
جانے کو تو جاتے ہیں مدینہ بھی فہمی ہر ایک پہ کھلتے نہیں اسرارِ مدینہ

اے مدینہ اے مبارک شہر اے جانِ جہاں تیری عظمت ہے رہینِ منت شاہِ زماں
آپ آئے تو ہوئی ساری زمیں جنت نشاں ہر طرف انوار کے چشمے ہیں روز و شب رواں
اس چمن پر آنہیں سکتا کبھی دورِ خزاں کاش بن جائے وہاں میرا بھی کوئی آشیاں
جس سے ہو وابستہ فہمی قسمت کون و مکاں کیوں نہ آئیں جبہ سائی کو فرشتے بھی وہاں

رازِ سربستہ بقا کا تو نے افشا کر دیا ہر مکیں ارضِ طیبہ کو مسیحا کر دیا
حق پرست و حق پسند و حق شناسا کر دیا کور بینوں کو ازل کے تو نے بینا کر دیا
روح تازہ ہر کس و ناکس کے اندر پھونک کر سوچنے کا اک نیا انداز پیدا کر دیا
یہ کرم اللہ کا کیا کم ہے فہمی جو تجھے
شاملِ خدام سرکارِ مدینہ کر دیا

# حضرت قادر ظہیر

ولادت ۱۹۲۶

پرواز تری آفاق رسا ہمت جو تری محصور نہیں
اے مرغ سحر تو اڑ تو سہی پھر دیکھ مدینہ دور نہیں

یہ کوئے نبیؐ ہے اہلِ جنوں، نیچی ہو نظر بہکیں نہ قدم
چلنا نہ اٹھا کر سر کو یہاں، دیوانوں کا یہ دستور نہیں

وہ قربِ خدا حیراں ہو خرد، دو یار ملیں پھر پردہ کہاں
ہلکی سی جھلک پر ہوش اڑیں یہ کوئی کلیم طور نہیں

ہے وحیِ خدا ہر قولِ نبیؐ ہے اذنِ خدا ہر فعلِ نبیؐ
صورت میں نبی کی دیکھ لیا قرآن میں جو مذکور نہیں

یہ نورِ نبیؐ ہے نورِ ازل، ذرّوں میں وہی تاروں میں وہی
آئے وہ نظر دیکھے تو جدھر، گر دیدۂ باطن کور نہیں

اک ماہِ مبیں ہے نورِ نبیؐ ہر ذرے سے پھوٹے اس کی کرن
تن زیرِ زمیں مدفون سہی، یہ نور کبھی مستور نہیں

دھوتے ہیں زباں کو مشک سے ہم ہر روز طفیلِ نعت ظہیرؔ
ہم اور نبیؐ کا وصف کریں، واللہ ہمیں مقدور نہیں

٭

حبیبِؐ خدا یا نبیِؐ مکرم
شفیع الوریٰؐ یا نبی معظمؐ

نہ تھا تاج شاہی نہ زریں قبا تھی
اڑا تھا مگر ہر کہیں تیرا پرچم

تری یاد ہے میرے دردوں کا درماں
ترا نام ہے میرے زخموں کا مرہم

مقدر برا ہے زمانہ ہے دشمن
سوا تیرے کوئی نہ مونس نہ ہمدم

تو چاہے تو پل میں شہاب ہو ثریا
خزانے میں مولا تیرے کچھ نہیں کم

ظہیرؔ آج ہے منفعل معصیت پر
قدم ڈگمگاتے ہیں گردن ہوئی خم

(مطبوعہ ''نفیر'' ویلور)

٭

یارب دعا ہے عمر میری یوں تمام ہو
طیبہ میں میری صبح ہو بطحیٰ میں شام ہو

آنکھیں طوافِ روضۂ اطہر میں ہوں مگن
دل سر جھکائے طائفِ بیت الحرام ہو

بالینِ مصطفیٰؐ پہ رہے میری حاضری
دل میں درودِ پاک ہو لب پر سلام ہو

موسیٰ کو یہ مقام ہوا ہے کہاں نصیب
اٹھ جائے ہر حجاب خدا ہمکلام ہو

کیا خوف تشنگی کا سرِ حشر یا نبیؐ
بندہ غلام آپ کا اور تشنہ کام ہو

توبہ کہاں قبول ہو آدم کی بھی ظہیرؔ
جب تک میرے حضور کا لب پر نہ نام ہو

٭

یہ تصور کا حوصلہ دیکھا　　آپؐ کے روپ میں خدا دیکھا
ہم نے کرلی تلاوتِ قرآن　　اک نظر روئے مصطفیٰؐ دیکھا
قاب قوسین سے کم جزاک اللہ　　ہم کلامی میں فاصلہ دیکھا
تن پہ دیکھے نشاں لکیروں کے　　گھر میں موٹا سا بوریا دیکھا
رشکِ کعبہ ہے گنبدِ خضریٰ　　آسماں گرد گھومتا دیکھا
ہم نے دیکھا احد کو احمدؐ میں　　تو نے دیکھا نہیں تو کیا دیکھا
جھک گئے ہم ظہیر سجدے میں　　لا الہ میں جو ہم نے لا دیکھا

٭

## حضرت عبدالحمید حامد الباقوی

ولادت ۱۹۲۶

بہار آفریں ہے بہارِ مدینہ　　ہے خلد نظر خلد زارِ مدینہ
مسلسل برستی ہے باران رحمت　　مقدس مقدس دیارِ مدینہ
یقیناً ہے چشم بصیرت کا سرمہ　　ملے بھی جو گرد وغبارِ مدینہ
اڑے جاتے ہیں ہوش خاصان حق کے　　ہے جائے ادب جلوہ زارِ مدینہ
بلالو پھر اک بار حامد کو در پر　　زبوں حال ہے، دلفگارِ مدینہ

٭

وہ جس کی ایک موج جسم گل بہار　　وہ جس کے روئے پاک سے نور آفتاب کا
روشن ہے جس کے نور جلال و جمال سے　　آئینہ ماہتاب کا اور آفتاب کا
محفل میں لاکھ شمعیں جلیں اور جلا کریں　　پروانہ ہوں میں شمع رسالت ماب کا

٭

حامدؔ نبی کی بات کر عشق نبیؐ کی بات کر　　پھولوں کی انجمن میں تو اک کلی کی بات
صبح ازل کی آرزو شام ابد کی جستجو　　دونوں جہاں کی آبرو ایسے نبیؐ کی بات

٭

## حضرت نثار بھارتی

ولادت ۱۹۲۶ وفات ۱۹۹۷

### "رحمتِ عالم" (سانیٹ)

جلوۂ بے انتہا کے ذوقِ عرفاں کا ظہور ایک دریائے تجلی صد گہر اندر گہر
عرشِ اعلیٰ، لوحِ محفوظ و قلم و حور و قصور دوزخ و جنت کے اسرار و رموزِ خیر و شر

غایتِ روح الامیں، نطقِ ہدایت کا فسوں رہنما و منزل و راہ و د راو کارواں
آب و گل کی بزمِ رنگا رنگ ناموسِ جہاں جانِ جانِ عالم عالم اک محبت کا فسوں

بنِ آدم میں کہاں اسکی مثال، اسکا جواب ایک کملی پوش، لیکن آبروئے شش جہات
یک چرواہا مگر ہاتھوں میں نبض، کائنات ایک درسِ خلق اطہر، ایک محبت کی کتاب

چشم بر راہِ محبت ہے عروسِ کائنات
رحمتِ عالمؐ سے ہے روشن شبستانِ حیات

✡

اے رحمتِ کونین رسولِ عربی اے جلوۂ قوسین رسولِ عربی
کب سے تری مشتاق ہیں آنکھیں میری اے قرۃ عینین رسولِ عربی

✡

(مطبوعہ ۱۹۶۹ء)

## حضرت عزیز الرحمن عزیزؔ تمنائی

ولادت ۱۹۲۶

لے چلا تمنائی جذبِ دل کہاں اپنا آ لگا کنارے سے شوقِ بے کراں اپنا
مدعائے وجداں ہے منتہائے عرفاں ہے مبتدائے ایماں ہے ان کا آشیاں اپنا
سجدہ گاہِ فطرت ہے جلوہ گاہِ قدرت ہے بارگاہِ رحمت ہے آج آشیاں اپنا
بے خودی نے پہونچایا ہم کو جن کی راہوں میں پوچھنے چلے آئے انؐ سے ہم نشاں اپنا
جستجو کا حاصل ہے آرزو کی منزل ہے مٹ سکے تو مٹ جائے اس جگہ نشاں اپنا

✡

تاریکیوں کو طرۂ انوار بخش کر
ہمدوش مہر و ماہ کیا خار زار کو
کی مرحمت شگفتگی و شان رنگ وبو
ایسے نقوش کھینچے کہ قرطاس دہر پر

نقش دوام بن گیا انسانیت کا نام
روح چمن کو نعرۂ حق سے جھنجوڑ کر
اوراق گل سلک اخوت میں جوڑ کر
بے شک نئی چمن پہ رکھی مہر احترام

ہستی کو جس پہ ناز ہے وہ ہستی عظیم
جس کو وجود باعث تخلیق کائنات
جس سے حریم ذات میں ہے جلوۂ صفات
وہ منتہا وہ منزل ہر راہ مستقیم

اس حسن بے مثال کے اوصاف کیا کہوں
خیر البشر کہوں اسے خیر الوریٰ کہوں

(مطبوعہ ''سانیٹ برگ نو خیر ۱۹۶۲)

## علامہ سید محمد عمر آمر کلیمی

ولادت ۱۹۲۷

محمد مصطفیٰ کا نام جب اک بار آتا ہے
تصوّر میں نکھر کر عالمِ کردار آتا ہے
حلاوت وہ ہے پائی نام سرکار دو عالم سے
تصدق اس پہ ہونے کو مرا گھر بار آتا ہے
شریعت نے مجھے روکا وگرنہ حال تو یہ ہے
خیال سجدۂ احمدؐ مجھے ہر بار آتا ہے
اطاعت ہے محمد کی اطاعت حضرتِ حق کی
عنایت میں محمدؐ کی نظر غفار آتا ہے
زماں وہ ہے مکاں وہ ہے مکیں ولامکاں وہ ہے
وجودِ ذرہ ذرہ بن مراسر کار آتا ہے
بہ ظاہر پردہ فرمایا ہے تونے احمد مرسلؐ
حقیقت کی نظر میں پھر نظر ہر بار آتا ہے
تجھے اے رحمتِ عالم قسم ہے رحمتِ حق کی
اسے مت چھوڑ وآقا یہ بحالِ زار آتا ہے
جواب آمرؔ کو یہ آیا سرِ تسلیم خم کرلے
بلاوا اس کو جو ہے لائقِ دربار آتا ہے

★

جان تم پر کروں قربان مدینے والے
تم سے مجھ کو ملا رحمان مدینے والے
کون جانے تمھیں جانے تو خدا ہی جانے
تم سا کوئی نہیں انسان مدینے والے

تیری ہر بات پہ دل صدقے تو قربان یہ جاں
تیرے دن سب رہے انجان مدینے والے

تیرے دم سے ہے بسا عالمِ امکاں سارا
سچ ہے لولاک ترِی شان مدینے والے

یہ یقیں آپ کے صدقے میں ملا عالم کو
شک گیا، رہ گیا ایقان مدینے والے

پردہ کر کے یہ دکھایا کہ میں پردے میں بھی ہوں
پھر بھی ظاہر ہے تو ہر آن مدینے والے

تیرے جلوے کی حقیقت کوئی تجھ سے پوچھے
تجھ سے ظاہر ہوا رحمان مدینے والے

ہے بطونِ اَحَدی جو ہے ظہورِ احمد کا
مَن رَانی میں ہے پہچان مدینے والے

کیا لکھوں نعت ترِی خامہ مرا رکتا ہے
دفترِ نعت ہے قرآن مدینے والے

اس کو نوری میں تو اور تجھ میں خدا ملتا ہے
یہی آمرؔ کا ہے عرفان مدینے والے

✡

کسے بولوں کہ حالت کیا بنی ہے یا رسول اللہ
ہر اک ساعت مری اب کٹھنی ہے یا رسول اللہ

کسی سے بات کرنا کیا کسی کے ساتھ رہنا کیا
تمھیں سے رات دن اب لو لگی ہے یا رسول اللہ

نگاہیں ڈھونڈتی ہیں آپ کو ہر سمت عالم میں
مری اب ٹکٹکی یوں ہی بندھی ہے یا رسول اللہ

سکونِ دل کہیں بھی آج تک پایا نہیں میں نے
ادائے خلق اب تو دیکھ لی ہے یا رسول اللہ

جہاں سے ہاتھ دھو دھو کر گزاری رات رو رو کر
عجب درد و الم ہے بے کلی ہے یا رسول اللہ

ملے جس کو ہو تم اس کو یقیناً مل گیا سب کچھ
خدا اور خلق ساری مل گئی ہے یا رسول اللہ

بلا لو سوئے طیبہ اب کہاں تک ہند میں ٹھہروں
مدینہ علم کا تم در علی ہے یا رسول اللہ

خدا نے مَا رَمَیتَ اِذْ رَمَیتَ جب ہے فرمایا
خدا کا فعل خود فعلِ نبیؐ ہے یا رسول اللہ

یَدُاللّٰہ کو خدا نے خود کہا ہے فَوقَ اَیدِیہِم
خدا کا ہاتھ ہی دستِ نبیؐ ہے یا رسول اللہ

جہاں تک یہ خدائی ہے وہاں تک مصطفائی ہے
جدھر دیکھوں خدا ہے اور نبیؐ ہے یا رسول اللہ

مرے نوریؔ پیا آمرؔ تو تجھ میں حق کو پاتا ہے
نبیؐ ہے اور علیؓ ہے اور ولی ہے یا رسول اللہ

(۱۔ حضرت نوری شاہ، پیر و مرشد آمرؔ کلیمی)

✡

# مولانا محمد محی الدین علی راجی صدیقی

ولادت ۱۹۲۷ وفات ۱۹۸۹

بعزو احترام افلاک پر پہنچا قدم کس کا
ملی معراج کس کو اور اتنا تھا بھرم کس کا
رہ و رسم وفاداری سکھائی کس نے دنیا کو
چراغ زندگی ہے آج بھی نقشِ قدم کس کا
لقب ہے رحمت اللعالمیں کس کا زمانے میں
بساطِ زندگی پر عام ہے رحم و کرم کس کا
ضمانت دی ہے کس نے امتِ عاصی کو بخشش کی
شفیع روزِ محشر کون غم ہے محترم کس کا
دعاؤں میں درودوں میں نمازوں میں بہ ہر عنوان
لیا کرتے ہیں نام پاک صبح و شام ہم کس کا
جبینِ عرش پر انوار کس کے جگمگاتے تھے
ازل کے روز لہرایا گیا راجیؔ علم کس کا

٭

نور کا دریا رواں ہے نور ہی بس نور ہے
زندگی اس نور سے معمور ہے بھرپور ہے
آپ کا جو ہوگیا وہ بس خدا کا ہوگیا
عشق کا دستور بھی واللہ کیا دستور ہے
سب اناالحق کہہ کے بڑھ جاتے ہیں سولی کی طرف
آپ کی محفل کا اک اک فرد بھی منصور ہے
ہے بلالی عشق کا چرچا زمانے میں بہت
آپ کی محفل میں دیوانہ بہت مشہور ہے
آپ کے نقشِ کفِ پا کی ہے ساری داستاں
ورنہ کیسی جلوہ باری کیا بساطِ طور ہے
آپ کے نزدیک ہی رہتا ہے یہ آٹھوں پہر
آپ کا راجیؔ بظاہر آستاں سے دور ہے

٭

کھل گئے اسرارِ غم اور درد کا عرفاں ہوا
نامِ پاک احمد مرسل جو حرزِ جاں ہوا
ذکر کے انوار سے معمور ہے سینہ مرا
جلوہ زارِ طور سینا کلبۂ احزاں ہوا
مہبطِ وحی خدا ہے آپ کا ذہن رسا
آپ نے جو کچھ بھی فرمایا وہی قرآں ہوا
جادۂ تسلیم ہے پیشِ نظر آٹھوں پہر
آپ کا دیوانہ کب پابندِ این و آں ہوا
آپ کی پہلی نظر پہلی نظر پہلی نظر
بس یہی اک مصرع تر عشق کا عنواں ہوا
نعتِ پیغمبر میں اے راجیؔ ہوں میں رطب اللساں
بخشش جرم و خطا کا غیب سے ساماں ہوا

٭

خدا نے یاد کیا عزو احترام کے ساتھ
چلے ہو تم سوئے افلاک احتشام کے ساتھ
تمہارا ذکر خدا ہی کا ذکر ہے گویا
خدا کا نام ملا ہے تمہارے نام کے ساتھ

تمہاری یاد کے منظر ہیں جا بجا دل میں
مدینہ ہم نے بسایا کس اہتمام کے ساتھ

تمہاری رحمتیں شامل ہیں ہر زمانے میں
تمہارا رشتہ مقدم ہے خاص وعام کے ساتھ

تمہارا نقشِ قدم کعبۂ جبینِ نیاز
مرا مقام ہے اعلیٰ تمہارے نام کے ساتھ

تمہاری ذات کو راجی سے اس طرح ہے لگاؤ
کہ جس طرح کسی آقا کو ہر غلام کے ساتھ

(مطبوعہ ''زخم تر'' ۱۹۸۸)

٭

## حضرت سید محی الدین اجمل سعیدی

ولادت ۱۹۲۷ وفات ۱۹۸۵

اے ذوق جبیں تیرا کیا آگے ارادہ ہے
یہ خانۂ کعبہ ہے یہ گنبدِ خضرا ہے

دل ہجر محمدؐ میں دن رات تڑپتا ہے
آنکھوں سے لہو بن کر ہر اشک ٹپکتا ہے
یہ میری کہانی ہے یہ میرا فسانہ ہے

جبرئیل امیں جس جا تعظیم سے آتے ہیں
جس جا پہ ملائک بھی سر اپنا جھکاتے ہیں
وہ شہر مدینہ ہے وہ شہر مدینہ ہے

دربارِ محمدؐ کے پرنور نظارے ہیں
قربان رسالت پر چاند اور ستارے ہیں
ہر سمت تجلی ہے ہر سمت اجالا ہے

فردوس بداماں ہے ہر ذرہ مدینے کا
ضامن ہے طہارت پر ہر کوچہ مدینے کا
دن رات فرشتوں کا بس میلہ ہی میلہ ہے

گر جاؤں مدینے کو تقدیر بنالوں گا
حالِ دلِ افسردہ حضرت کو سنالوں گا
یہ آرزو میری ہے ارماں یہ میرا ہے

پروانہ ازل سے ہوں میں شمع رسالت کا
مست مئے الفت ہوں مستانہ ہوں حضرت کا
محشر کا مجھے اجملؔ کچھ خوف نہ کھٹکا ہے

٭

# حضرت کاوش بدریؔ

ولادت ۱۹۲۸

خدا کو جب محمدؐ کے وسیلے کی ضرورت ہے
مجھے کعبے سے بھی بڑھ کر مدینے کی ضرورت ہے
ہے وہ قربِ الہٰی میں انا کو جو فنا کر دے
ہر اک مسجد کو بس اک ایسے بندے کی ضرورت ہے
سماعت اور بصارت دونوں غائب ہوں عبادت میں
ہماری سر زمیں کو ایسے سجدے کی ضرورت ہے
موذن میں بلالی شان پیدا ہو تو کیا کہنا!
امامت کے لئے اللہ والے کی ضرورت ہے
ہے غور و فکر کا عالم بھی میراز ہد و تقوی کا
تصور میں محمدؐ ہی کے چہرے کی ضرورت ہے
جدید اسلام میں کاوشؔ فقط من مانی چلتی ہے
نہ قاضی کی ضرورت ہے نہ فتوے کی ضرورت ہے

✡

کعبے کا کعبہ صنم خانہ محمدؐ کے بغیر
سب کتابیں ہیں اک افسانہ محمدؐ کے بغیر
اک تصور رہے فقط عین عبادت ان کا
سجدے بن جاتے ہیں بچکانہ محمدؐ کے بغیر
خانۂ دل ہے فقط آپؐ کے دم سے آباد
فرش کیا عرش بھی ویرانہ محمدؐ کے بغیر
متصف نور سے خود ذات نہ ہونے پائی
نقش تھا رنگ سے بیگانہ محمدؐ کے بغیر
بدلا بدلا سا ہے پیمانۂ بیعت کا مزاج
یعنی گردش میں ہے میخانہ محمدؐ کے بغیر
عرش اعظم ہو مدینہ ہو کہ کعبہ کاوشؔ
پُر نہیں ہوتا کوئی خانہ محمدؐ کے بغیر

✡

صرف محمدؐ کے صدقے سے دیدۂ دل ضوافشاں ہے
تختِ غور و فکر پہ بیٹھا عرشِ علیٰ کا مہماں ہے
اسمِ ذاتی ہو بھی کیا ہے صلِ علیٰ کی دھن کے سوا
جملہ صفاتی اسماء میں بھی نعت بہ حدِ امکاں ہے
ہے میرے کشکولِ نظر میں آپ کا صدقہ آپ کی بھیک
آپؐ کی کالی کملی میں کل دولت علم و عرفاں ہے
خود اللہ کے ہونٹوں پر جب وردِ محمدؐ جاری ہو
اس سے کیا توصیف ہو ان کی کاوش ناقص انساں ہے

✡

# حضرت غلام احمد مسرورؔ وانمباڑی

ولادت ۱۹۲۸ وفات ۱۹۸۸

تاں عشق سے روشن ہو زندگی کا چراغ
زماں پہ نام ہو دل میں خیال احمدؐ کا
سخن شناس! کسی معجزہ کی بات نہ کر
ہوا کلام سے ظاہر کمال احمدؐ کا

✡

## علامہ نثار احمد فدوی باقوی

ولادت ۱۹۲۸ وفات ۱۹۹۳

آپ کی ذات یا نبیؐ جامعِ کل صفات ہے / مظہرِ نورِ کبریا طورِ تجلیات ہے
آرائشِ حیات ہے تزئینِ کائنات ہے / آپ کے ہی خیال تک حسنِ تخیلات ہے
وہ خوش نصیب دل جسے آپ کا غم عطا ہوا / دن ہے اسی کا دن یہاں، رات اسی کی رات ہے
ذکرِ جنابِ مصطفیٰؐ، عشقِ حبیبِ کبریا / جذبۂ دل کا کام ہے، ذوقِ نظر کی بات ہے
مل گئی نعمتِ ازل مل گئی دولتِ ابد / اپ کی اک نگاہ بس ماحصلِ حیات ہے
آپ سے نورِ مہر میں آپ سے حسن ماہ میں / آپ کے دم قدم سے ہی رونقِ کائنات ہے
بارِ گنہ بہت سہی فدوی ہے پھر بھی مطمئن / اسکی نظر میں آپ کی شانِ نوازشات ہے

★

بعد از خدا ہے آپؐ کو شاہا! تمام برتری / کس کو ملی جو آپؐ کے، دونوں جہاں کی سروری
لاریب حق کی رحمت ہر دوسرا ہیں آپؐ ہی / ختم بھی آپؐ پر ہوئی، رہبری و پیمبری
وہ تابشیں صفات کی آپ نے دیں حیات کو / قدس میں قدسیوں سے ہے نوعِ بشر کو ہمسری
چارۂ بےنوا ملا، دامنِ بیکسی بھرا / کشتِ مرادِ نامراد، آپ سے ہوگئی ہری
امن و اماں کی دہر میں دوڑ گئی حیاتِ نو / مرگئی اپنی موت آپ، جو رو جفا ستمگری
چھانے لگا ہے نورِ حق، چھٹنے لگی ہیں ظلمتیں / اہرمنی قدم قدم کھانے لگی سکندری
آپ کے جاں نثار وہ، لرزاں تھا جن سے اک جہاں / سوزِ بلال درگلو، قلب میں جذبِ بوذری
اللہ رے درس آپؐ کا، حق ہو بہ ہر معاملہ / بولو تو صاف صاف تم بات کرو کھری کھری
بندوں کی بندگی سے دی ہم کو نجات آپ نے / میرے حضورؐ! آپ کی اللہ رے بندہ پروری
کیا دوست اور کیا عدو کیا اپنے اور غیر کیا / سب کو نہال کرگئی آپ کی لطف گستری
فدوی مدح گو ہوا مدح سرا پھر آج کیا / رشک میں ہیں سخنوراں، ناز میں ہے سخنوری

★

(مطبوعہ نفیرِ ویلور)

## مولانا سید قطب الدین طالب باقوی ویلوری

ولادت ۱۹۲۸ وفات

خدا جانے کہاں لے جائے گی طالب تڑپ دل کی / پیا ہے دست سے ساقی کے پیمانہ محمدؐ کا

## جناب ملک ضیاء وانمباڑی

ولادت ۱۹۲۸ وفات ۱۹۹۱

دیکھا ہے جس نے دل سے مولاؐ کا سبز گنبد
گویا گذر چکا ہے فردوس کی گلی سے
دیدار مصطفیٰؐ سے آنکھیں ہیں میری روشن
مجھ کو غرض ضیا کیا تاروں کی روشنی سے

✡

آپ مری دنیا کا اجالا آپ نہیں تو کچھ بھی نہیں
نور و مہر و ماہ و اختر کل بھی تھا اور آج بھی ہے

✡

خوشبوئے نور پا کے مرے دل نے یہ کہا
تشریف آوری ہوی شاید حضورؐ کی

✡

## جناب سید قاسم نورس خیامیؔ

ولادت ۱۹۲۹

ہر سمت روشنی ہے محمدؐ کے گاؤں میں
مخمور زندگی ہے محمدؐ کے گاؤں میں
ملتی ہے دل کو کیسی عبادت میں لذتیں
تسکین دائمی ہے محمدؐ کے گاؤں میں
نکلا جو چاند شب کو تو اک نور چھا گیا
مسرور چاندنی ہے محمدؐ کے گاؤں میں
گلشن میں پھول کھل گئے، ہر سمت دیکھئے
ہر گل میں تازگی ہے محمدؐ کے گاؤں میں

✡

جو ہے شیدا مصطفیٰؐ کا وہ بہت مسرور ہے
اسکے سینے میں ہے کعبہ اور نظر میں طور ہے
اسمِ اعظم ہے یہی دراصل نامِ مصطفیٰؐ
جس نے رکھا ورد اسکا ہر بلا سے دور ہے
کیا زمیں کیا آسماں کیا چاند تارے کہکشاں
فرش سے تا عرش دیکھو بس انھیں کا نور ہے
گنبد خضرا ہے کوسوں دور ویسے ہند سے
یہ نظارہ عاشقوں کی آنکھ میں مستور ہے
جو بھی ہے شیدا نبیؐ کا ہے رفیق اسکا خدا
بس یہی روزِ ازل سے عشق کا دستور ہے
رنج و راحت میں یہی تسکینِ جاں نامِ نبیؐ
نام لیوا مصطفیٰؐ کا کب بھلا رنجور ہے
نامِ احمدؐ سے نہ پھر غافل رہا نورسؔ کبھی
ورد سے اس جام کے یہ دل بہت مخمور ہے

✡

شہِ انبیاء تاجدارِ مدینہ — بہارِ مدینہ وقارِ مدینہ
ہر اک ذرہ تابانیوں کا ہے مظہر — فروزاں فروزاں دیارِ مدینہ
فضاؤں میں ہے نورطٰہٰ کا منظر — کہ ہے جاں فزا لالہ زارِ مدینہ
ہے آنکھوں کی ٹھنڈک نظارہ یہاں کا — سکوں بخش ہے سبزہ زارِ مدینہ
یہاں سبز گنبد کا ہے وہ نظارہ — اسی سے فروزاں بہارِ مدینہ
نظر چومتی ہے ہر اک بام و در کو — یہ جان و جگر ہیں نثارِ مدینہ

✡

## جناب عبدالمالک منظور وانمباڑی

ولادت ۱۹۲۹ وفات

کوئی ایسا نہیں خدائی میں — جو برابر ہو مصطفائی میں
آپؐ خیرالبشر تھے اول سے — سب سے افضل تھے ہر بھلائی میں
تھے نبوت سے پہلے بھی ہر دم — منہمک یادِ کبریائی میں
آپؐ صادق ہوئے امیں ہوئے — فرق آیا نہ پائی پائی میں
آپؐ اک ایسے دور میں آئے — قوم دن رات تھی برائی میں
آپؐ کو مل گئی نبوت اب — آپؐ یکتا تھے رہنمائی میں

✡

کوئی ایسا نہیں خدائی میں — جو برابر ہو مصطفائی میں
آپ خیرالبشر تھے اول سے — سب سے افضل تھے ہر بھلائی میں
تھے نبوت سے پہلے بھی ہر دم — منہمک یادِ کبریائی میں
آپؐ صادق ہوئے امین ہوئے — فرق آیا نہ پائی پائی میں
آپ اک ایسے دور میں آئے — قوم دن رات تھی برائی میں
آپ کو مل گئی نبوت اب — آپؐ یکتا تھے رہنمائی میں
تھے رؤف الرحیم آپؐ بہت — اپنی امت کی دل لبھائی میں
آپؐ پر تھے فدا صحابہ بھی — سب نمونہ تھے جان فدائی میں
دے گئے ہیں حدیث اور قرآں — ہم چلیں ان کی رہنمائی میں

ہم گداگر ہیں آپؐ کے در کے | عافیت ہے اسی گدائی میں
ہم اسیران مصطفےؐ کے لئے | بدنصیبی تو ہے رہائی میں
عمر منظورؔ کٹتی جاتی ہے | حمد و نعت و غزل سرائی میں

(مطبوعہ''الطیف::۱۹۸۹)

✡

## مولانا عبد الرزاق حافظ باقوی

ولادت ۱۹۳۰

مدینے سے انکا پیام آگیا | مرادوں کا ہاتھوں میں جام آگیا
نگاہوں کا مرکز ہے نورِ نبیؐ | نہایت ادب کا مقام آگیا
مریضِ محبت کی تسکیں ہوئی | زباں پر محمدؐ کا نام آگیا
ملی دونوں عالم کے غم سے نجات | غمِ عشقِ سرکارؐ کام آگیا
ہوئی اُس کی پابوس شانِ شہی | جہاں بھی نبیؐ کا غلام آگیا
مبارک ہو حافظؔ فلک پر ترا | غلامانِ احمدؐ میں نام آگیا

✡

دل سے جب اے شاہِ طیبہؐ میں تمہارا ہوگیا | کیا درخشاں اوج پر قسمت کا تارا ہوگیا
حشر کا کیا غم شفاعت کا سہارا ہوگیا | شافعِ محشر مری آنکھوں کا تارا ہوگیا
ہجر کی ظلمت کا غم اب مجھ کو پہلا سا نہیں | داغِ دل عشقِ نبیؐ میں ماہ پارا ہوگیا
نذرِ طوفانِ حوادث ہونے والی تھی مگر | عشقِ احمدؐ کشتئ دل کا سہارا ہوگیا
یہ غمِ اُلفت ترا ہر غم غلط کردے مرا | یہ سمجھ کر میں تری فرقت کا مارا ہوگیا
راہِ یثرب میں فرشتے نعش لے کر چل دیے | جاں بحق جس وقت دیوانہ تمہارا ہوگیا
مصحفِ روئے نبیؐ کا نقش حافظؔ دل پہ ہے | حفظ مجھ کو اس لئے قرآن سارا ہوگیا

✡

پھولوں کا حسن ہو کہ ہو نورِ آفتاب کا | سب عکس ہے جمالِ رسالت مآب کا
جب رشکِ مہر و ماہ وہ رُخ ہے نقاب میں | کیا ہوگا عالم اُن کے رُخِ بے حجاب کا

دیوانۂ نبیؐ ہوں چلو قصہ مختصر
کس کو لحد میں ہوش سوال وجواب کا
پڑھ لیجئے یہ نامۂ اعمال ہے مرا
عشقِ نبیؐ خلاصہ ہے سارے حساب کا
مستانہ نبیؐ ہوں مجھے ہوش یہ کہاں
ہنگامۂ جہاں ہے کہ عالم ہے خواب کا
سب آپؐ ہی کا فیض تھا ورنہ یہ تھا محال
مسجود نوریوں کا ہو پیکر تراب کا
دیدار آپؐ کی ہو شفاعت ہو آپ کی
حافظؔ کو انتظار ہے یوم الحساب کا

(مطبوعہ ''ذکر حبیب'' ۱۹۸۲)

✡

ہوا تھا نہ اول کسی کا ظہور
کیا حق نے پیدا محمدؐ کا نور
ہویدا اسی نور کے عکس سے
قلم، لوح، کرسی، دوعالم ہوئے
یہ دھرتی یہ پودے یہ خوش رنگ باغ
یہ نیلا گگن اس پہ روشن دماغ
عنادل کے نغمے، گلوں کا شباب
یہ نکہت یہ نزہت یہ سب آب وتاب
یہ دریا یہ چشمے، حسین آبشار
سمندر، جزیرے، منور دیار
شفق کی یہ رونق، یہ صبح بہار
یہ شبنم کے موتی، چمکتی پھوار
ہیں نور محمدؐ کا عکس جمیل
ہیں توحید خالق کی روشن دلیل

✡

## سلام

احمد مختارؐ پر لاکھ درود و سلام
مرسلِ غفار پر لاکھ درود سلام
پیکر انوار پر لاکھ درود و سلام
مہر ضیابار پر لاکھ درود و سلام
سرورِ ادوار پر لاکھ درود و سلام
خلق کے سردار پر لاکھ درود و سلام
رحمت و الطاف کے مہر وعنایات کے
قلزم زخار پر لاکھ درود و سلام
بے کس و بے یار کے لاغر ولاچار کے
مونس وغم خوار پر لاکھ درود و سلام
جس سے ہوئی دین کے قصر کی تکمیل اسی
آخری معمار پر لاکھ درود و سلام
جس کی شفاعت کی ہے حافظؔ خستہ کو آس
اس شہِ مختار پر لاکھ درود سلام

(مطبوعہ ''قمر نامہ اسلام'' ۱۹۹۰ء)

✡

# جناب عبدالطیف نازی

ولادت ۱۹۳۰

حضورؐ اپنی نظر ایک بار ہو جائے
تو زندگی مری رشکِ بہار ہو جائے

ادھر نگاہِ کرم آپؐ کی جو پڑ جائے
یہ خاکسار بھی گردوں وقار ہو جائے

کرے نہ ہوش کی باتیں وہ تادمِ آخر
شرابِ عشق کا جس کو خمار ہو جائے

ہزار جان سے جو آپؐ پر تصدق ہے
اسی گروہ میں میرا شمار ہو جائے

جھلک دکھائیں اگر آپؐ روئے روشن کی
کوئی فریفتہ، کوئی نثار ہو جائے

بھلا جلائے گی کیا، اس کو آگ دوزخ کی
رسولِ پاکؐ کا جس دل کو پیار ہو جائے

یہ التجا ہے کہ گردابِ غم سے اے آقا
سفینہ نازیؔ خستہ کا پار ہو جائے

✡

اس میں معموران کی الفت ہے
اس لئے دل یہ رشکِ جنت ہے

جشن ہے آپؐ کی ولادت کا
سب ہیں حاضر بڑی سعادت ہے

ہے یہ میرا عقیدہ راسخ
نعتِ احمدؐ خدا کی مدحت ہے

آپؐ دل میں مرے رہیں ہر دم
یہ تمنا، یہ میری حسرت ہے

اک نگاہِ کرم ہو نازیؔ پر
رہ نہ جائے جو دل میں حسرت ہے

✡

درد کا مارا، آیا ہوں در پر صلی اللہ علیہ وسلم
چشمِ کرم ہو، شافعِ محشر صلی اللہ علیہ وسلم

حسنِ خدا ہے آپؐ کا جلوہ، نورِ خدا ہے آپؐ کا چہرہ
آپؐ کی زلفیں، مشک سراسر صلی اللہ علیہ وسلم

حشر کے دن میں کیوں ہوں پریشاں، آپؐ ہی ہوں گے حامی و پرساں
آپؐ ہی ہوں گے شافعِ محشر صلی اللہ علیہ وسلم

یاد ہو دل میں، ذکر زباں پر، چہرہ نظر میں ہو وقتِ آخر
عرض یہ نازیؔ کی ہے سرور صلی اللہ علیہ وسلم

✡

(مطبوعہ "رخِ روشن" ۱۹۹۸)

# جناب سید منیر احمد رشیدیؔ

ولادت ۱۹۳۲

محمدؐ جانِ ایماں ہیں محمدؐ شرحِ قرآں ہیں
قسم ہے ربِّ داور کی محمدؐ بحرِ عرفاں ہیں

محمدؐ کے جو فرماں ہیں وہی داور کے فرماں ہیں
یقیناً رفعتیں ان کی بعید از عقل انساں ہیں

نہ ہوتے آپ تو ہوتا نہ کچھ بھی جز خدائی کا
حقیقت میں وہی تو باعثِ تخلیقِ امکاں ہیں

وہ امّی ہیں مگر بحرِ علوم و حکمت و عرفاں
چلیں لوح و قلم جن کے اشارے پر وہ انساں ہیں

مرے سرکارؐ کے در سے کوئی خالی نہ لوٹے گا
مرادوں کی یہ بستی ہے، مدینے کی یہ گلیاں ہیں

سلام ان پر کہ جن کو مظہرِ شانِ خدا کہیے
درود ان پر کہ جن کی مدح میں آیاتِ قرآں ہیں

مرے مولا خبر لیجے مرے آقا خبر لیجے
مسلماں سارے عالم میں بھی کافی پریشاں ہیں

مری آنکھوں میں نقشہ پھر رہا ہے اب بھی بطحی کا
منیرؔ اپنی نگاہوں میں ابھی طیبہ کی گلیاں ہیں

✡

یہ سچ ہے آپؐ کے کوئی برابر ہو نہیں سکتا
قیامت تک کوئی ایسا پیمبر ہو نہیں سکتا

وہی مالک ہیں زمزم کے وہی ساقی ہیں کوثر کے
غلام آقا کا تشنہ روزِ محشر ہو نہیں سکتا

ہزاروں یوں تو منظر لوگ دیکھیں گے زمانے میں
مگر حرمین سا پُر لطف منظر ہو نہیں سکتا

ریاض الجنۃ اک ٹکڑا ہے مسجد میں مدینہ کی
زمیں پر کوئی خطہ اس سے بڑھ کر ہو نہیں سکتا

غلامی میں شہِ بطحی کی مجھکو چین ملتا ہے
مگر اعزاز یہ سب کو میسر ہو نہیں سکتا

نمازوں اور روزوں کا کوئی پابند ہوتو ہو
بجز حبِّ نبیؐ وہ دیں کا پیکر ہو نہیں سکتا

رہِ عشقِ نبیؐ میں میرا سب کچھ کام آجائے
مآل اپنا منیرؔ اس سے تو بہتر ہو نہیں سکتا

✡

ہم چلے تھے طیبہ کو وہ بھی کیا زمانہ تھا
محویت کے عالم میں مغفرت کا سودا تھا

ہر طرف درودوں کا اہتمام ہوتا تھا
گام گام سجدوں کا اژدھام رہتا تھا

دفعتاً وہاں مجھ پر کپکپی ہوئی طاری
جیسے مرے آقا نے میرا حال پوچھا تھا

میں نے سب کو رو رو کر داستاں سنا ڈالی
وہ تو رہ گیا دل میں جو مجھے سنانا تھا

پھر سے یاد کیجے گا اس منیرؔ کو آقا
ایک بار پہلے بھی آپؐ نے بلایا تھا

# حضرت سید وحید اشرف اشرفی جیلانی

ولادت ۱۹۳۲

ذکرِ رسول دونوں جہاں میں کہاں نہیں
اس کے بغیر کوئی وجود و مکاں نہیں
مہر و مہ و نجوم نہیں کہکشاں نہیں
یہ آسماں نہیں یہ زمین و زماں نہیں
ذکرِ نبی سے پُر ہے فلک سے جو ہے پرے
اس کے بغیر برزخ و باغِ جناں نہیں
حق ہے نہیں زبان و بیاں کا وہ مستحق
ذکرِ شہِ رسل سے جو رطب اللساں نہیں
طاقت ہو دید کی وہ مجالِ بشر کہاں
ورنہ رسولِ پاک کا جلوہ کہاں نہیں
کچھ واسطہ نہیں جسے حبِّ رسول سے
مومن نہیں وہ حشر میں اس کو اماں نہیں
جائے اماں ملی ہے تو یادِ رسول میں
اس کے سوا جہان میں جائے اماں نہیں
طیبہ میں اک مجسمہ احساس کا تھا میں
خاموش یوں تھا جیسے کہ منہ میں زباں نہیں
لیکن وحیدؔ ان کے گدا کو سکوں تھا یوں
وہ کون سی ہے بات جو شہ پر عیاں نہیں

٭

شاہِ دیں کا عشق ہی ایمان ہے
شاہِ دیں پر جان بھی قربان ہے
دل وہ ہے عشقِ نبی سے جو ہے مست
ایسا مومن کامل الایمان ہے
جاں ہے ناموسِ نبی کے واسطے
جس میں یہ خواہش نہ ہو بے جان ہے
دل ہے یہ حبِّ نبی کے واسطے
جاں نبی کے نام پر قربان ہے
جو نبی کا ہے وہی رب کا بھی ہے
عشقِ رب پر اک یہی برہان ہے
جانتا ہے بس خدا شان آپ کی
کون جانے آپ کی کیا شان ہے
داغِ عشق شاہِ دیں دل میں وحیدؔ
رہبرِ فردوس کی پہچان ہے

٭

اس مسلماں کو سعادت کے قدم چومے ہیں
جس نے خاکِ قدم شاہِ امم چومے ہیں
کوچۂ طیبہ نے سینے سے لگا کر برسوں
سرورِ دیں کے مرے نقشِ قدم چومے ہیں
مرحبا صلِّ علیٰ لوح پہ دیکھا ہے لکھا
نعت جب کر کے رقم میں نے قلم چومے ہیں
خاکِ طیبہ میں فنا ہونا تھا تجھ کو شبنم
تو نے کیا باغ میں بادیدۂ نم چومے ہیں
وقت آیا ہے تو ایسا بھی ہوا ہے اشرفؔ
حلقِ معصوم نے بھی تیغ دو دم چومے ہیں

٭

# سلام

خدا کے محبوبؐ دیں کے سرورؐ درود تم پر سلام تم پر
شفیعِ روزِ جزائے محشر درود تم پر سلام تم پر

ملی ہے تم سے زمیں کو رفعت تمہیں سے کون و مکاں کی عزت
تمہیں تو کونین کے ہو سرور درود تم پر سلام تم پر

ہر ایک بیکس کا جو ہے ملجا گناہ گاروں کا جو ہے ماویٰ
قسیمِ تسنیم و جامِ کوثر درود تم پر سلام تم پر

مٹایا فرق حسب نسب کو دیا اخوت کا درس سب کو
اے امن و اسلام کے پیمبر درود تم پر سلام تم پر

جو باعثِ خلق دو جہاں ہے جو رحمت و زینتِ مکاں ہے
وہ تم ہو ہادی وہ تم ہو رہبر درود تم پر سلام تم پر

وحید بیکس بھی ہے تمہارا تمہیں سے رکھتا ہے یہ سہارا
بلالو تم اس کو اپنے در پر درود تم پر سلام تم پر

(مطبوعہ ''تجلیات'' ۱۹۹۶)

## جناب محی الدین عارف

ولادت ۱۹۳۴ ، وفات ۱۹۶۷

مسیحائے زماں شاہِ عربؐ ہیں
معین وانس و جاں شاہِ عربؐ ہیں

ہے ہر سو آپ کی جلوہ نمائی
دو عالم پر عیاں شاہِ عربؐ ہیں

ہماری منزلیں روشن یقیناً
امیرِ کارواں شاہِ عربؐ ہیں

نرالی شانِ رفعت کیا بیاں ہو
مکاں اور لامکاں شاہِ عربؐ ہیں

بھکاری جن کے در کا اب ہے عارف
وہ سچ مچ مہرباں شاہِ عربؐ ہیں

(مطبوعہ ''سرکار'' مدراس ۱۹۵۸)

دو عالم کے سردار ہیں مصطفےٰؐ
معین و مددگار ہیں مصطفےٰؐ

نمایاں ہوئے بھید کونین کے
شہنشاہِ اسرار ہیں مصطفےٰؐ

جو عشقِ نبیؐ میں گرفتار ہیں
وہ ہر لمحہ سرشار ہیں مصطفےٰؐ

انھیں بھی تو جلوہ دکھا دیجئے
جو مشتاقِ دیدار ہیں مصطفےٰؐ

گنہگار عارف کو بخشش ملے
وہ بد بخت، بدکار ہیں مصطفےٰؐ

مطبوعہ ''اتحاد'' مدراس ۹۶۲

## حضرت مولانا علی فطرت

ولادت ۱۹۳۴ وفات ۱۹۹۷

تڑپتا ہے دل اور ارادات ہے محکم — محبت میں میرے نہیں کوئی شئی کم
نہ کیوں چوم لوں انؐ کے پائے مبارک — ہوا ہے قدم بوس جب عرش اعظم
خیالِ محمدؐ میں میں کھو گیا ہوں — ملوں گا نہ اب میں بجز عرش اعظم
نگاہوں میں جلوے ہی ہیں ان کے — میرے شوق دیدار کا ہے یہ عالم
تعجب نہیں پھول سر کو جھکالیں — اگر مسکرادے وہ حسن مجسم
بڑے مرتبے ہیں محمدؐ کے فطرتؔ — فضائل جو ان کے ہیں واللہ اعلم

٭

ازل کے نور کا انساں بنایا جاتا ہے — بہ اعتبار محمدؐ سجایا جاتا ہے
بڑی ہے شان بڑی آن بان ہے اسکی — جو ذکر وفکر کی لہروں پہ چھایا جاتا ہے
کتاب جیسے سمائی ہے اسکے سینہ میں — ہمارے دل میں یونہی وہ سمایا جاتا ہے
حلیف کعبہ نہ کیوں ہو ہمارا دل اے دوست — جمالِ عشقِ نبیؐ جگمگایا جاتا ہے
مدینہ والے کا یہ خلق ہے علی فطرتؔ — غلام کو بھی گلے سے لگایا جاتا ہے

٭

## حضرت راز امتیاز

ولادت ۱۹۳۴

ہر طرف اندھیرا تھا زندگی کی راہوں میں — آپؐ آئے تو آیا آدمی اجالوں میں
آپ ہی کے چہرے میں زندگی سنورتی ہے — کائنات تلتی ہے آپؐ کے اشاروں میں
آپؐ ہی ہیں بسم اللہ آپؐ حرفِ آخر ہیں — عشق کی کتابوں میں حسن کے حوالوں میں
جب وجود نے سوچا، آپ ہی نظر آئے — آپؐ ہی حقیقت ہیں آپ ہیں خیالوں میں
رازؔ کی تمنا ہے کاش کاتبِ تقدیر — میرا نام بھی لکھ لے انؐ پہ مرنے والوں میں

٭

# سلام

سلام اس پر کہ جس کا نام ایمانوں کا حصہ ہے
سلام اس پر کہ جس کی ذات اک عمدہ نمونہ ہے
سلام اس پر کہ جو قرآن پڑھ پڑھ کر سناتا ہے
سلام اس پر جو انسانوں کو دانشور بناتا ہے
سلام اس پر جو سیدھا راستہ سب کو دکھاتا ہے
سلام اس پر کہ جو بندوں کو خالق سے ملاتا ہے
سلام اس پر جو ہم سب پر گواہی دینے والا ہے
خدائے حشر سے اذنِ شفاعت لینے والا ہے
سلام اس پر کہ جو ہے مومنوں پر مہرباں بے حد
سلام اس پر کہ جس پر ان کا نقصاں ہے گراں بے حد
سلام اس پر کہ دی جس کی بشارت ابنِ مریم نے
خلیل اللہ نے مانگی دعا جس کے لئے رب سے
سلام اس پر کہ جس نے حق کی خاطر آفتیں جھیلیں
سلام اس پر کہ جس پر خود خدا نے رحمتیں بھیجیں
سلام اس پر کہ جو اقلیم محبوبی کا مالک ہے
سلام اس پر کہ پھر بھی جادۂ ہر غم کا سالک ہے
سلام اس پر کہ جس نے آدمی کا درد پہچانا
سلام اس پر کہ' جن کو بھا گیا درمان ہو جانا
سلام اس پر کہ جس سے ہیں زمین و آسماں روشن
سلام اس پر کہ جس سے لامکاں روشن مکاں روشن
سلام اس پر کہ جس نے زندگی کو نور بخشا ہے
سلام اس پر کہ جس نے عشق کو دستور بخشا ہے
سلام اس پر کہ جس سے کائنات شوق زندہ ہے
سلام اس پر کہ جس سے زندگی کا ذوق زندہ ہے
سلام اس پر کہ جس سے زیست نے سیکھا سنور جانا
حیات جاوداں پاتا ہے جس کی رہ میں مرجانا

(مطبوعہ 'اتحاد' مدراس) ۱۹۸۰

## جناب سید مسعود الحسن ظہیر جعفری

ولادت ۱۹۳۴

نئے راستوں کی کسے جستجو ہے
حیاتِ محمد مرے روبرو ہے
خبر بھی ہے محوِ تماشائے گلشن
گلوں میں یہ کس کے پسینے کی بو ہے

## جناب اعجاز شاکری

ولادت ۱۹۳۴

سرورِ جن وانس وسرورِ دین نورِ حق آپ میں
آپ کے حسن کا جواب نہیں
چاند تاروں میں آپ کی کرنیں
آسماں آپ سے بنا رنگیں

آپ آئے تو آگئی ہے بہار — رشکِ فردوس بن گئی ہے زمیں
وہ ملائک ہوں یا ہوں جن و بشر — آپ جیسا نہیں ہے کوئی حسیں
اب مدینہ ہمیں بلا لیجئے — اس جہاں میں ہمارا کوئی نہیں
مہربانی کرم جو مل جائے — آپ کی سرزمیں میں تھوڑی زمیں

★

پڑھئے درود مل کر صل علیٰ محمد — ہے جشن آج گھر گھر صل علیٰ محمد
وہ آرہے ہیں دیکھو گھر گھر ہوئے چراغاں — رف رف سوار ہوکر صل علیٰ محمد
دادا کے دل کی ٹھنڈک چاچا کے بھی دلارے — ہیں آمنہ کے دلبر صل علیٰ محمد
صدیق بھی امیں بھی دلدار بھی سبھی کے — سب میں ہیں سب سے برتر صل علیٰ محمد
سردار انبیاء ہیں، تاجدار یثرب — سایہ ہیں سب کے سر پر صل علیٰ محمد

★

نسیم دشتِ طیبہ چل رہی ہے — شگفتہ آج ہر دل کی کلی ہے
ادھر سرکار کا کوچہ گلی ہے — ادھر میں ہوں مری دیوانگی ہے
نبیؐ کا آستاں ہے خلئہ دل — مری رگ رگ مدینہ کی گلی ہے
وجودِ دوجہاں سرِّ دو عالم — رہین منتِ نورِ نبیؐ ہے
تمہیں سے ذرہ ذرہ ہے منور — تمہیں سے دوجہاں میں روشنی ہے
وہ مداحِ رسولِ مجتبیٰ ہے — یہی اعجازِ شیخ احمد علی ہے

★

(مطبوعہ ۱۹۶۲ء)

## جناب جلال الدین جلال مدنی

ولادت ۱۹۳۵ وفات

حق کے محبوب شاہِ مدینہ — آپ ہیں رحمتوں کا خزینہ
جس پہ نازاں ہے پھولوں کی خوشبو — ہے وہی مصطفےٰ کا پسینہ
جس پہ قرباں ہے ہر شہر دنیا — ہے وہی شہر، شہرِ مدینہ

صبح جنت کرے رشک جس پر
ایسی رنگیں ہے شام مدینہ
مل گیا جس کو دامن نبی کا
پالیا اس نے جنت کا زینہ
کب جلالؔ ان کا ہوگا ہمیں حکم
پھر چلے لوگ سوئے مدینہ

(مطبوعہ ''افکار جلال'')

٭

نشے میں ہوں، نہیں نسبت شراب خانے سے
میں پڑھ رہا ہوں جو نعت نبی زمانے سے
ضیائے علم ہے پھیلی نبی کے آنے سے
وگرنہ مٹتا اندھیرا کہاں زمانے سے
ہزار در پہ گیا پھر بھی بے قرار رہا
ملا تو چین، ملا ان کے آستانے سے
جناب مجھ سے ملو میرا احترام کرو
میں آرہا ہوں محمد کے آستانے سے
جلالؔ ہوگئی جاوید زندگی اپنی
ملا شرف یہ محمد پہ جاں لٹانے سے

٭

ہمیں مصطفےؐ سے جو نسبت نہ ہوتی
ہماری عبادت، عبادت نہ ہوتی
نظر آپؐ کی جو گلوں پر نہ پڑتی
یقیناً گلستاں کی عظمت نہ ہوتی
کہاں بھائی چارے کا دستور ہوتا
حضور آپ کی جو ہدایت نہ ہوتی
نہ ہوتا اگر دل میں عشقِ محمدؐ
حوادث سے لڑنے کی ہمت نہ ہوتی
نجاتِ غمِ دل نہ آتی میسر
جو روضے کے ان کی زیارت نہ ہوتی
نہ مرمر کے جیتے جلالؔ اس قدر ہم
ہمیں جو امید شفاعت نہ ہوتی

(مطبوعہ ''افکار جلال'' ۲۰۰۱)

٭

## جناب محمد اقبال حسین حسان

ولادت ۱۹۳۶ وفات ۲۰۰۹

عشقِ نبیؐ کا جب سے چسکا لگا ہوا ہے
قلب ونظر میں ہر پل طوفاں بپا ہوا ہے
مابین میرے ان کے کچھ فاصلے نہیں ہیں
صدیوں سے میرا ان کا رشتہ جڑا ہوا ہے
شاہوں کے ایک شاہ ہیں وہ عالم پناہ ہیں وہ
حسانؔ تو انؐ کے در کا ادنیٰ سا اک گدا ہے

٭

میری زندگی میں جو آئے محمدؐ
ہیں قلب و نظر میں سمائے محمدؐ
سنبھل دل کی دھڑکن ادب کی جگہ ہے
تری دھڑکنوں پر ہیں چھائے محمدؐ
ہر اک پل نگاہوں میں بھر بھر کے اپنے
ہمیں جام عرفاں پلائے محمدؐ
ان آنکھوں میں جلوے ہیں نورِ نبیؐ کے
خدا کی ضیا بن کے آئے محمدؐ
قدم چومتا ہوں نظر چومتا ہوں
مرے گھر میں تشریف لائے محمدؐ
میں حسان کیا ہوں خدا جانتا ہے
ازل سے ہوں میں خاکِ پائے محمدؐ

٭

یادِ حبیبؐ سے مرا سینہ فگار ہے
قلب حزیں کو چین نہ پل بھر قرار ہے
سرکارؐ مل گئے تو ملی ساری کائنات
بزم جہاں میں آپؐ سے لیل و نہار ہے
اوراق زندگی پہ نکھار آپؐ ہی سے ہے
اور آپؐ ہی سے ہستی مری پُر بہار ہے
ہر وقت ہے وظیفہ درود و سلام کا
حسّان کے لب پہ ذکرِ نبیؐ بار بار ہے

٭

## حضرت سالک نائطی

ولادت ۱۹۳۶

## سلام

تحیات قلبی مدامُ علیکم
صلوٰۃُ علیکم سلامُ علیکم
سلام آپؐ پر اے نبی مکرم
سلام آپؐ پرتو نورِ اقدم
سلام آپ پر سرّا سر ار مبہم
سلام آپ پرؐ پرنورِ کل بزم عالم
تحیات قلبی مدامُ علیکم
صلوٰۃُ علیکم سلامُ علیکم
وہ اول، کہ حق کے ہیں پہلے شناسا
وہ آخر، نظر میں نہیں کوئی جچتا
وہ ظاہر کہ دیکھے نظر نور جن کا
وہ باطن کہ جلوہ بھی جن کا ہے پردا
تحیات قلبی مدامُ علیکم
صلوٰۃُ علیکم سلامُ علیکم

نظر بن کے جو پتلیوں میں بسے ہیں
نفس بن کے جو سانس میں چل رہے ہیں
قلم بن کے قرآن جو لکھ رہے ہیں
تلاوت زباں بن کے فرما گئے ہیں
تحیات قلبی مدامُ علیکم
صلوٰۃُ علیکم سلامُ علیکم

سلام آپ جو ہیں معراج والے
جو کل والے ہو کر بھی ہیں آج والے
بڑی مملکت ہے بڑے راج والے
جو ہیں تخت والے جو ہیں تاج والے
تحیات قلبی مدامُ علیکم
صلوٰۃُ علیکم سلامُ علیکم

معطر معنبر فضائیں ہیں ہر سو
ھی لا کے کوچے میں الاّ کی خوشبو
اے وحدت کے ساقی اے دمساز ھو ھو
لٹا جن کے دم سے شعور من و تو
تحیات قلبی مدامُ علیکم
صلوٰۃُ علیکم سلامُ علیکم

یہ مانا کہ گوہر شناسی بہت ہے
مگر جان سالک کی پیاسی بہت ہے
بھری بزم ہے اور اداسی بہت ہے
مدد المدد جاں ہراسی بہت ہے
تحیات قلبی مدامُ علیکم
صلوٰۃُ علیکم سلامُ علیکم

✡

## جناب محمد عبداللہ حسین حیات مدراسی

ولادت ۱۹۳۷ وفات ۱۹۹۹

راز یہ ہم پہ کھلا سرکار گا سرکارؐ سے
ابتدا سرکار سے ہے انتہا سرکارؐ سے
نعت گوئی کا ملے اتنا صلہ سرکارؐ سے
ایک بار آئے صدائے مرحبا سرکارؐ سے
روشنی منسوب مہر و ماہ و انجم سے نہیں
چل پڑا ہے روشنی کا سلسلہ سرکارؐ سے
سنگ دل ہی رہ گئے بت خانۂ عالم میں ہم
پتھروں نے سیکھ لی خوئے وفا سرکارؐ سے

✡

ملا مژدہ فلک کو سرورِ عالمؐ کی آمد کا
جناب ابن مریم کو ملا موقع خوشامد کا
کلیدِ نورِ احمدؐ سے کھلا کیا قفل ابجد کا
مقدر جگمگا اٹھا میرے افکار بیجد کا
خلاصہ جانتے ہیں ہم احد کا اور احمدؐ کا
کہاں ہے میم کا پردہ تقاضہ ہے فقط مد کا
جدھر دیکھو ادھر جلوہ ہی جلوہ ہے محمدؐ کا
گماں ہے عرشِ اعظم پر بھی ہم کو سبز گنبد کا

فلک کیا اور ملک کیا ہمسری کرنے کے قابل ہیں
کسے معیار حاصل ہے رسول اللہؐ کے قد کا
دمِ آخر الٰہی کلمہ طیبہ زبان پر ہو
درودِ پاک بن جائے اُجالا میری مرقد کا
تمنا ہے تو اتنی ہے انھیں کا ہو کے رہ جاؤں
حیاتؔ آئے میسر مجھکو گوشہ انگی مسند کا

✷

آپؐ کے رُدے منور سے جہاں پُر نور ہے
آپ کی نظروں سے خلوت خانہ بھی معمور ہے
آپؐ کے کاکل سے ظلمت کفر کی کافور ہے
آپؐ کی کملی میں رحمت کی گھٹا مستور ہے
دوستو اس آدمِ یزداں صفت کے ذکر سے
انجمن کی انجمن پُرنور ہی پُرنور ہے
قیصر و کسریٰ تھے لرزاں جس کے اسم پاک سے
جس کے دم سے آئینہ باطل کا چکنا چور ہے
ہو شبیہِ مصطفٰےؐ دل میں بوقتِ بندگی
ورنہ نظروں سے قریں ہو کر مدینہ دور ہے
یا شفیعَ المذنبیں مجھ کو اماں دے دیجئے
روشنی میں رہ کے بھی دنیا مری بے نور ہے
اے حیاتؔ آقا کے در کی جبہ سائی کے لئے
منصب مدحت سرائی پر ہی تو مامور ہے

✷

(مطبوعہ ''عکسِ حیات'' ۱۹۸۷ء)

## حضرت مختار بدری

ولادت ۱۹۳۸

ترسیں گے لوگ حشر میں کوثر کے جام کو
آقا مگر نہ بھولیں گے اپنے غلام کو
ایسا وقار فرد کا مقصوم کب بنا
ہر کوئی چومتا ہے محمدؐ کے نام کو!
عرش بریں قدوم مبارک کا منتظر
کوئی پہنچ نہ پایا نبیؐ کے مقام کو
اللہ کی رضا ہے اسی کی تلاش میں
جو چاہتا ہے حضرت خیرالانام کو
جب کوئی بھیجتا ہے، لپک کر اسی جگہ
لے جاتے ہیں فرشتے درود و سلام کو
بھیجو درود مومنو تم اپنے رب کے ساتھ
سن کر عمل بھی کیجئے خدا کے کلام کو
ہر پل وہاں نزولِ فیوض خدائے پاک
کیسے بھلائے کوئی مدینے کی شام کو
پھر دیکھئے کہ ہوتی ہے کیسے دعا قبول
رکھ دیجئے درمیاں میں محمدؐ کے نام کو
مختار بڑھ کے چوم لو تم ان کی چشمِ شوق
دیکھ آئے ہیں جو روضہ خیرالانام کو

✷

کہف الھدیٰ، صدر العلیٰ    خیر الوریٰ بدر الدجیٰ    صلِ علیٰ صلِ علیٰ
حضرت محمد مصطفیٰ    وہ محترم بعد از خدا    صلِ علیٰ صلِ علیٰ

وہ پیشوائے اصفیا    وہ صاحبِ قبلہ نما    وہ غم گسارِ بے نوا
وہ کعبۂ اہل وفا    وہ مظہرِ ذاتِ خدا    صلِ علیٰ صلِ علیٰ

وہ شمع ایمان و یقیں    وہ رہبرِ دنیا و دیں    وہ صاحبِ فتح مبیں
لکھا بخطِ نور کیا    در بابِ عرشِ کبریا    صلِ علیٰ صلِ علیٰ

ماہِ نبوت آپ ہیں    شمع رسالت آپ ہیں    سرتاپا رحمت آپؐ ہیں
قرآن کی آیات کیا    مدح و ثنائے مصطفیٰ    صلِ علیٰ صلِ علیٰ

وہ ہیں شفیقِ اُمتاں    وہ ہیں بنائے دو جہاں    سرِّ الٰہ کے رازداں
گونجی ہے ان سے ہر جگہ    اللہ اکبر کی صدا    صلِ علیٰ صلِ علیٰ

وہ عظمتِ لوح و قلم    شاہِ امم بحرِ کرم    بے شبہ سب سے محترم
کونین میں کہیو بھلا    کیا ہے محمدؐ کے سوا    صلِ علیٰ صلِ علیٰ

وہ مظہرِ عرفانِ رب    گہوارۂ علم و ادب    ٹھہرے مگر امی لقب
ان کا ہے اعلیٰ مرتبہ    بھیجے درود ان پر خدا    صلِ علیٰ صلِ علیٰ

توصیف پر ان کی بیاں    الفاظ ہیں ایسے کہاں    آقا کے ہوں شایانِ شاں
میں ڈھونڈتا ہی رہ گیا    بس ڈھونڈتا ہی رہ گیا    صلِ علیٰ صلِ علیٰ

اے سبز گنبد کے مکیں    مانگوں نہیں خلد بریں    دے دو مدینہ کی زمیں
میں آپؐ کے در کا گدا    مل جائے تھوڑی خاکِ پا    صلِ علیٰ صلِ علیٰ

یثرب میں لطفِ زندگی    یثرب میں لطفِ بندگی    یثرب میں لطفِ عاشقی
دراصل یثرب سے ذرا    نزدیک ہے عرشِ خدا    صلِ علیٰ صلِ علیٰ

ہر بات پر سرکارؐ کی    مہرِ خداوندی لگی    کیا بات ہے اس سے بڑی
جو ہے رضائے مصطفیٰ    مختار وہ رب کی رضا    صلِ علیٰ صلِ علیٰ

رب نے کی ہے دعوتِ شاہِ امم ۔۔۔ یہ ہے شانِ رفعتِ شاہِ امم
آپ رحمت سارے عالم کے لئے ۔۔۔ اللہ اللہ رحمتِ شاہِ امم
دیکھئے قرآن کی آیات میں ۔۔۔ رب نے کی ہے مدحتِ شاہِ امم
یومِ محشر وہ شفیع المذنبین ۔۔۔ یہ ہے فخر و سطوتِ شاہِ امم
مالکِ عرشِ بریں بھی منتظر ۔۔۔ یہ مقامِ عظمتِ شاہِ امم
ہر طرح سے دشمنوں پر چھاگئی ۔۔۔ بدر کے دن ہیبتِ شاہِ امم

آرزو برسوں سے ہے مختار کی
کاش پاتے قربتِ شاہِ امم

✡

## جناب مختار احمد اختر

ولادت

سبق ایسا پڑھا دیا تم نے ۔۔۔ ہم کو جینا سکھادیا تم نے
دونوں عالم کی کامرانی کا ۔۔۔ ہم کو رستہ بتادیا تم نے

✡

کیا ذکر ہے زمیں کا سماوات پر بھی ہاں ۔۔۔ تعریف جس کی ہوتی ہے ہر آں تمہیں تو ہو
اختر تمہاری مدح سرائی کا کیا شمار ۔۔۔ ہے خود خدا ہی جس کا ثناخواں تمہیں تو ہو

✡

راز کھلتے نہ کچھ حقیقت کے ۔۔۔ جستجو جستجو ہی رہ جاتی
اک وسیلہ ہے آپ کا ورنہ ۔۔۔ آرزو آرزو ہی رہ جاتی

✡

صادق آئے امین آئے ۔۔۔ ہادی شرع متین آئے
قصہ المختصر یہی ہے ۔۔۔ رحمت للعالمین آئے

✡

## حضرت نجم الہدیٰ

ولادت ۱۹۳۸

عطائے ربِّ دو عالم کی دولت ختم ہے تم پر
مرے مولیٰ جہاں بھر کی فضیلت ختم ہے تم پر

شبِ معراج، کیا عرشِ معلیٰ اور کیا سدرہ
فزوں تر سب سے تھی جو شانِ رفعت، ختم ہے تم پر

دکھی دل کے سکوں تم ہو، قرارِ اندروں تم ہو
فقط تم سے میسر ہے جو راحت، ختم ہے تم پر

تمہارے بعد لازم ہے نہ ممکن ہے، کوئی ہادی
رسالت ختم ہے تم پر، نبوت ختم ہے تم پر

دُرِ دیدار بخشو جس کو تم چاہو قیامت تک
یہ بخشش، یہ عنایت، یہ سخاوت ختم ہے تم پر

تمہیں شمس الضحیٰ، بدر الدجیٰ، نور الہدیٰ ٹھیرے
کہ نورِ رشد و تنویرِ ہدایت ختم ہے تم

تمہاری مدحت نجم الہدیٰ کے بس سے باہر ہے
خدا خود ذکر فرمائے، وہ عظمت ختم ہے تم پر

★

مری سوئی ہوئی قسمت اگر بیدار ہو جائے
جمالِ مصطفیٰؐ کا خواب میں دیدار ہو جائے

اسے دنیا و دیں کی سرفرازی پھر سے حاصل ہو
کرم کی اک نظر اس پہ اب سرکارؐ ہو جائے

عطا ہو مجھ گدائے بے نوا کو وہ سخن سنجی
کہ جذبِ اندروں شائستہ اظہار ہو جائے

ملے وہ دولتِ عشقِ الٰہی آپؐ کے در سے
کہ گنجِ شائگاں میری نظر میں خوار ہو جائے

مجھے ہر ماسوا سے توڑ کر اپنا بنا لو تم
مرے مولاؐ مجھے حاصل تمہارا پیار ہو جائے

مجھے دنیا و مافیہا سے مستغنیٰ بنا دے گی
مری جانب اگر چشمِ کرم اک بار ہو جائے

وہی نجم الہدیٰ جو آپؐ کے در کا بھکاری ہے
سہارا آپؐ دیں تو اس کا بیڑا پار ہو جائے

★

## جناب ظہیر آفاق

ولادت ۱۹۳۸

نور ہی نور ہوا سارا جہاں آج کی رات
چاند تاروں کا تبسم ہے نشاں آج کی رات

اہلِ دل اہلِ وفا آپؐ پہ قربان سبھی
حق کے دربار میں سرکارِ جہاں آج کی رات

مرے اللہ سے محمدؐ کی ملاقات ہوئی
قُرب سے برف ہوئی برقِ تپاں آج کی رات

بخششِ عام کا اعلان ہوا جاتا ہے
ہے فرشتوں میں بپا جشنِ اماں آج کی رات

آسمانوں میں ثنا خواں ہے فرشتوں کا جہاں
ذکرِ سرکار میں جنت کا سماں آج کی رات

بزمِ افلاک پہ شاید کوئی مجلس ہوگی
مرے سرکار دعا گو ہیں کہاں آج کی رات

(ماہنامہ ''معلم اردو'' لکھنو جنوری ۱۹۸۷)

✡

شفق زاروں کی ہر منظر کشی تعظیم کرتی ہے
جھلکتی ہیں سرِ آفاق پر زیبائیاں ان کی

فرشتے باوضو ہو کر نبیؐ کا نام لیتے ہیں
چمکتی ہیں کلامِ پاک میں رعنائیاں ان کی

بہاروں میں مدینہ ہے، مدینہ میں بہاریں ہیں
وہاں پر رقص فرما ہیں گہر افشانیاں ان کی

نبی کے چاہنے والوں پہ تھی فرعون کی بجلی
ان انگاروں کو خیرہ کر گئیں تابانیاں ان کی

برے وقتوں میں جب درِ دعا کو ہاتھ اٹھتے ہیں
دعاؤں کو سجا دیتی ہیں خوش الحانیاں ان کی

محمدؐ کی کرامت کو جنہوں نے آزمایا ہے
جھا دیتی ہیں ان کے سر حرِ دامانیاں ان کی

نہ جانے کافروں کے کتنے اندیشے مٹائے ہیں
جھلکتی ہیں خدا کی شان میں جولانیاں ان کی

✡ (مطبوعہ ''ماہنامہ شانِ ہند'' نئی دہلی ۱۹۹۰)

## مولانا کاظم نائطی

ولادت ۱۹۳۸

عدم زار کو وجہِ ہستی ملی
دو عالم بھی جھومیں وہ مستی ملی

سراپائے سرکارؐ سے پیشتر
تبسم کو دنیا ترستی ملی

سحابی صفت ہے یہ ذاتِ نبیؐ
ہمیشہ ہی رحمت برستی ملی

محمدؐ کی بعثت ضروری ہوئی
جہالت کی جب پیش دستی ملی

وہ نورِ محمدؐ کی تخلیق تک
خدائی کی بھی خود پرستی ملی

جو وحدت میں شامل رسالت نہیں
تو بے معنی وحدت پرستی ملی

رہِ مصطفےٰ راہِ ایثار ہے
نہ سمجھو ہمیں جان سستی ملی

مرے دل میں کاظمؔ مدینہ کے بعد
ضیائے محمدؐ کی بستی ملی

✡

شفاعت پر ہی سب کچھ منتہی ہے
مرے آقاؐ مرادامن تہی ہے

یقیناً آپؐ ان سے بھی سوا ہیں
رسولوں کی فقط پیغمبری ہے

خدا کا نور ہے نورِ محمدؐ
نگاہوں میں اسی کی روشنی ہے

یہ عالم سارا نعتِ مصطفٰے ہے
اسی کا ایک پہلو زندگی ہے

درود ہر سانس پر کیوں نہ پڑھیں ہم
فضاؤں تم میں وہ خوشبو گھلی ہے

ہے خوش بختی جو کاظم آپ کا ہو
یہی نسبت نصیبِ امتی ہے

*

آپؐ آخری نقاب اٹھانے کو آئے ہیں
روئے حریم ناز دکھانے کو آئے ہیں

بشری صفات انؐ کے تقاضے تھے عشق کے
سرتاپا ذاتِ حق میں سمانے کو آئے ہیں

وہ مصطفٰے میں فرحتِ دیدار بن گئے
جلوے کبھی جو طور جلانے کو آئے ہیں

ہے مصحفی وجود سراپائے مصطفٰےؐ
اندازِ ترک و گیر زمانے کو آئے ہیں

خود ہی جمالیاتِ ازل نعت بن گئی
ہم بارگاہِ حسن میں آنے کو آئے ہیں

خوشبوئے مصطفٰےؐ کے لئے زندگی ملی
کاظم کہاں حیات بتانے کو آئے ہیں

*

نعتِ نبیؐ میں پہلے درود وسلام ہو
حدِ ادب میں رہ کے یہاں سب کلام ہو

سوئے مدینہ جانے لگے جب کبھی خیال
دیکھو کہ اس سفر میں بڑا اہتمام ہو

ہر سانس میں مری مرے اللہ کا ہو نام
اور ہر صدا میں میری محمدؐ کا نام ہو

آئینہ دیکھتا ہوں تو پڑھتا ہوں میں درود
چہرے پہ تاکہ نورِ محمدؐ دوام ہو

کوثر نصیب ہو جنھیں وہ خوش نصیب ہیں
ساقی مرے نصیب میں بھی ایک جام ہو

روزِ جزا پکارے گی رحمت اگر تری
فہرستِ شرمسار میں میرا بھی نام ہو

اس گردشِ زمیں میں کوئی ایسا دن بھی آئے
میری سحر وطن میں مدینہ میں شام ہو

اس دن مرے خدا وہ قیامت ہو کس لئے
جس دن ترے حبیب کی رحمت کو کام ہو

حسرت ہے دل کی گنبدِ خضرا کی چھاؤں میں
بس لمحہ بھر کے واسطے میرا قیام ہو

اے میرے بخت ناقہ سیار بن کبھی
یثرب کی سمت پھیر کے منہ تیز گام ہو

درجہ تمہارا بڑھ گیا شاہانِ دہر سے
کاظم درِ حبیبؐ کے گر تم غلام ہو

*

# سلام

عاشقانہ مرا مصطفےؐ پر سلام
غائبانہ شہؐ دوسرا پر سلام

چاند، سورج، ستارو کہو جا کے تم
میری جانب سے نورِ ہدیٰ پر سلام

سانسیں سرکارؐ کی ہیں سنبھالی ہوئی
بادِ تسنیم، صرصر، صبا پر سلام

جن پہ قربان یہ سارا عالم ہوا
میرے سرکارؐ کی ہر ادا پر سلام

نرم ممتا سی بانہوں میں تھامے ہوئے
گنبد و روضۂ مصطفےؐ پر سلام

نورِ سرکارؐ دنیا کو دیتی گئیں
سارے عالم کا اس آمنہؓ پر سلام

ننھے ہونٹوں میں شیرینیاں گھولتی
قسمتِ ثوبیہ، سعدیہ پر سلام

شانِ لبیک پر، شانِ ایمان پر
صوفیا، اتقیا، اولیا پر سلام

میری آنکھوں کو جس سے بصیرت ملی
صُلبِ آدم سے اُتری ضیا کو سلام

جنؐ سے ظلم و تکبر کا سر جھک گیا
اُنؐ کی تلقین کی ہر ادا پر سلام

خود کو فخرِ ذبیحین کہتے رہے
فخرِ عالم شہِ انبیاء پر سلام

فکر پر ہیں محمدؐ کی پرچھائیاں
کاظمؔ اپنے نصیبِ علیؑ پر سلام

✡

# جناب نجمؔ ملک

ولادت ۱۹۳۸

حرا سے اب بھی مہکتی ہے غار کی خوشبو
مچل رہی ہے اُحد کے غبار کی خوشبو

جو دیکھ آئے ہیں شہرِ نبیؐ وہ کہتے ہیں
گلی گلی میں ہے باغ و بہار کی خوشبو

وہ شہر شہرِ رسالت ہے جس میں کرتی ہے
فضا فضا کو معطر مزار کی خوشبو

مدینہ کوئی کہاں پھول لے کے جاتا ہے
کہ ریگ ریگ میں ہے لالہ زار کی خوشبو

جو اونٹنی درِ ایوب پر رکی آخر
وہاں ہے نجمؔ ابھی تک مہار کی خوشبو

✡

اللہ کرے حبِ نبیؐ اور زیادہ
ہو جائینگی نم پلکیں مری اور زیادہ

نکلا کبھی آفاق پہ جو قہر کا خورشید
رحمت کی ہوئی چھاؤں گھنی اور زیادہ

کھلتا ہے جو آقاؐ کے تصور کا جھروکا
ہو جاتی ہے تب جاں بلبی اور زیادہ

پیتا ہی رہا جامِ عقیدت کے مدھر گھونگھٹ
بڑھتی ہی رہی تشنہ لبی اور زیادہ

چھانے لگے سرکارؐ کی یادوں کے جو بادل
آنسو کی ہوئی تجھم جھڑی اور زیادہ

٭

## جناب مسعود اسنویؒ

ولادت ۱۹۳۸

عالم میں جلوہ گر ہے جلوہ مرے نبی کا
گاتی ہیں بلبلیں بھی نغمہ مرے نبی کا

دربارِ مصطفےٰ کے در پر مری جبیں ہو
بے ساختہ پڑھوں میں کلمہ مرے نبی کا

گرد و غبار یثرب لیل و نہار یثرب
ہیں ہر طرح منور صدقہ مرے نبی کا

مسعود جان لو تم عرش و زمیں میں ہر دم
جس سمت دیکھیے ہے چرچا مرے نبی کا

(مطبوعہ "سالنامہ نقیر" ویلور ۱۹۹۴ء)

٭

## مولانا قاری امداد اللہ انجمؔ

ولادت ۱۹۳۹

نشانِ اوج کے ہر کہکشاں کو دیکھا ہے
رسولِ پاک نے دونوں جہاں کو دیکھا ہے

فلک پہ ان کی امامت رہی رسولوں کی
تو قاب قوس میں نورِ نہاں کو دیکھا ہے

جب اس جہاں کی صدا قبر و جبر میں گم تھی
تو کائنات نے اک مہرباں کو دیکھا ہے

خدا کے نام پر دنداں شہید خون قدم
احد کے سایہ نے اس خوں چکا کو دیکھا ہے

انہوں نے دیکھا جہنم کو اس کی آتش کو
انہیں کی آنکھ نے باغِ جناں کو دیکھا ہے

تو دیکھ آنکھ میں ان کی ہزار بار انجمؔ
جنہوں نے ان کے در آستاں کو دیکھا ہے

٭

## مولانا اشرف سعودی

ولادت ۱۹۴۰

آتشِ عشقِ نبیؐ میں جل کے سکھ پانے کا نام
زندگی ہے آپؐ پر قربان ہو جائے کا نام

تیرگی ہے بولہب کے کفر پھیلانے کا نام
روشنی سرکارؐ کے تشریف لے آنے کا نام

مسجدِ نبویؐ مرے سرکار کا جلوت کدہ
گنبدِ خضرا ہے خلوت کے نہاں خانے کا نام

جس کو دنیا علم کہتی ہے وہ جہلِ محض ہے
علم تو ہے آپؐ کے ارشاد فرمانے کا نام

سرخروئی، خاکِ پا چہرے پہ ملنے کا صلہ
سربلندی آپؐ کے قدموں میں جھک جانے کا نام

آپ کی شانِ کریمی، دشمنوں کے باب میں
پتھروں کے زخم کھا کر پھول برسانے کا نام

شمعِ بزمِ "کن ذکاں" کے نعت خوانوں میں بھی اب
آ رہا ہے مرحبا اشرفؔ سے پروانے کا نام

✶

## جناب حسن فیاض

ولادت ۱۹۴۱

عشقِ نبیؐ میں جب بھی کوئی جھومتا ملا
مجھ کو یہی لگا کہ مرا رہنما ملا

کیا اور چاہئے اس انتہا کے بعد
جس کو رسولؐ مل گئے اس کو خدا ملا

وہ لے چلا ہے ہمکو پرے شش جہات سے
یثرب کی سرزمیں سے عجب راستہ ملا

میری جبینِ ناز کو کیا اور چاہئے
اس کو تو نقشِ پائے رسولِ خدا ملا

یہ توشۂ عرب کے پسینے کی دین ہے
ہر باغ فصلِ گل میں جو مہکا ہوا ملا

اپنے ہر عارضہ کا یہاں ہو گیا علاج
ہم کو خوشا مدینے کا دارالشفاء ملا

آقاؐ کے خادموں کا بھی خادم ہوں میں حسنؔ
مجھ کو مرے نصیب سے یہ مرتبہ ملا

✶

ملائک و ربِ دوجہاں کا وظیفہ صلِ علیٰ محمدؐ
قسم خدا کی ملا نہیں ہے کسی کو یہ مرتبا محمدؐ

تمہاری الفت کا دل میں میرے جو جل رہا ہے دیا محمدؐ
نہ گل ہی کی ہے، نہ گل کرے گی کوئی بھی اس کو ہوا محمدؐ

بشر کو نظارۂ حسیں ہے، ملک کو منظر بھی دلنشیں ہے
ادھر بھی جلوہ نما محمدؐ، ادھر بھی جلوہ نما محمدؐ

نہ ہوتے تم جو نہ ہوتا کچھ بھی، وجود سب کا نمود سب کی
تمہارے مرہونِ خشک و تر ہیں، رہینِ ارض و سماں محمدؐ

ادھر سے پتھر ادھر سے پتھر، لہو میں ڈوبا ہے جسمِ اطہر
بلایا حق کی طرف جو تم نے ملا یہ اس کا صلا محمدؐ

ہے علم و حکمت فراز و شوکت تمہارے در کی بڑی ہے شہرت
یہاں جو آیا فقیر بن کر امیر بن کر پھرا محمدؐ

تمہارا در درسگاہِ عالم ہے درس انسانیت کا پیہم
یہاں سے سیکھا سلیقہ جس نے وہ انسان بنا محمدؐ

قلق نہ کیوں ہو، خلش نہ کیوں ہو، حسن کے دل میں تپش نہ کیوں ہو
تمہارا گنجینہ ہی تو تھا وہ جو کربلا میں لٹا محمدؐ

٭

## جناب علیم صبا نویدی

ولادت ۱۹۴۲

آنکھیں اٹھیں تو پتلیاں نورانی ہوگئیں
سوچوں کے ساتھ سانسیں بھی قرآنی ہوگئیں

پہنچا ہے اس مقام پہ عشقِ محمدیؐ
کیفیتیں حیات کی روحانی ہوگئیں

سوئے مدینہ کیا اٹھی احساس کی نظر
دنیا کی ساری ظلمتیں انجانی ہوگئیں

ہر چیز میری فکر کی باہوں میں آگئی
جب سے فضائیں فکر کی رحمانی ہوگئیں

شاید یہی نویدی ہے معراجِ دردِ ہجر
عشقِ نبیؐ کی کروٹیں لاثانی ہوگئیں ۔

٭

حضور سیدِ کونینؐ اک نظر کرنا
میں اک قطرۂ ناچیز ہوں گہر کرنا

کسے نصیب ہوا ہے صبائے وقت یہاں
نبیؐ کی عشق میں یوں عالمی سفر کرنا

درِ درود پہ رکھ کر سرِ شعور سدا
مقامِ عشقِ نبیؐ کو بلند تر کرنا

بھٹک رہا ہوں میں کوچوں میں غیر کی ہر سو
نظر ہے فرشِ رہِ نور، دل میں گھر کرنا

دل و نگاہ میں اترے ہیں آپؐ کے جلوے
ہے سہل معرکۂ جاں کو اب کے سر کرنا

میں اپنے آپ میں کھو جاؤں شاہ دیں چپ چاپ
بساطِ دل پہ ذرا خود کو جلوہ گر کرنا

صبا نویدی کی بس اتنی آرزو ہے حبیبؐ
کہ اس فقیر کی سوچوں کو تاجور کرنا

٭

سایہ افگن چار سو ہے روئے انوارِ نبیؐ
ذرہ ذرہ سرفراز بوئے انوارِ نبیؐ

میری آنکھوں کی شعاعوں کا سفر ہے ناتمام
کون لے جائے گا مجھ کو سوئے انوارِ نبیؐ

خاک نورانی، زمین و آسماں عنبر فشاں
ہر کلی، ہر پھول میں خوشبوئے انوارِ نبیؐ

دھڑکنوں میں دوڑتی پھرتی لہو کی بوند کو
ہر نفس ہے جستجوئے کوئے انوارِ نبیؐ
خامۂ فکرِ صباؔ پر شاہِ دیںؐ کا ہے کرم
اور دل میں موجزن ہے جوئے انوارِ نبیؐ

✡

دونوں عالم میں محمدؐ کا سفر افضل ہے
جس سے دنیا ہوئی نوری وہ نظر افضل ہے
ربِّ عالم نے بنایا تھا جسے اپنا حبیبؐ
اس شہنشاہؐ کا آنکھوں میں ہے گھر افضل ہے
جس میں خوشبوئے محمدؐ کا خزانہ ہے بھرا
عشقِ احمدؐ میں گرفتار وہ سر افضل ہے
پھول پتوں کو تلاوت کی مہک دے کے صباؔ
جو کرے ذکرِ محمدؐ وہ شجر افضل ہے

✡

## سلام

اس شہنشاہِؐ عرب دین کے رہبرؐ پہ سلام
سرورِ کون و مکاں، نور کے پیکر پہ سلام
ذرّے ذرّے میں ہیں اب جلوہ فگن آپ ہی آپؐ
آپؐ کے لطف و عنایات کے جوہر پہ سلام
ہر سو کونین میں پھیلی ہے تجلّی، خوشبو
آپؐ کے روئے منوّر پہ معطّر پہ سلام
راحتِ قلب و نظر، راحتِ دین و دنیا
دونوں عالم کے شہنشاہِؐ مقدر پہ سلام
جھک گئی ہیں مری سانسیں بھی نویدیؔ بہ ادب
شاہِ مکہ پہ، مدینہ کے پیمبر پہ سلام

✡

سرورؐ ارض و سما، نورِ نبوت پہ سلام
شانِ محبوبِ خدا، محسنِ امت پہ سلام
نطق و گویائی میں بھی حدِ ادب لازم ہے
رحمت شاہِ عرب آپ کی سطوت پہ سلام
جلوہ فرما ہے ہر اک سمت رسالت کی ضیا
نورِ لالوک کی پھیلی ہوئی رحمت پہ سلام
گلشنِ دہر یہاں جس کے سبب سے مہکا
ہے اسی شاہِ امم، شاہِ نبوتؐ پہ سلام
ذرّے ذرّے میں ہے پرنور نظاروں کا سماں
حق کے دلدار کی پرنور عنایت پہ سلام
جس کے سایہ میں نویدیؔ کا سخن روشن ہے
ہے اسی گوہرِ نایاب کی عظمت پہ سلام

✡

## حکیم سید افسر پاشاہ افسرؔ

ولادت ۱۹۴۲

تصور میں ان کے حرم چوم لوں گا
جو دیکھا ہے منظر بہم چوم لوں گا

وہی ذاتِ اقدس جو محسن ہے سب پر
اسی کے میں نقشِ قدم چوم لوں گا

جن ہاتھوں نے پکڑا ہے دامن تمہارا
ان ہاتھوں کو میں دم بدم چوم لوں گا

وہ جس نے بھی لکھا ہے نام محمدؐ
پکڑ کر میں اس کا قلم چوم لوں گا

جن آنکھوں نے دیکھا مدینے کا منظر
وہ آنکھیں خدا کی قسم چوم لوں گا

عجب کیف آور ہے منظر وہاں کا
میں افسرؔ حطیمِ حرم چوم لوں گا

٭

## جناب حبیب اللہ شاہ

ولادت ۱۹۴۳

قیامت تک رہے گا بالیقیں میرا نبیؐ زندہ
نبیؐ کیا ان سے جو وابستہ ہے ہر آدمی زندہ

ابوبکرؓ و عمرؓ عثمانؓ و حیدرؓ وہ ستارے ہیں
جو ان کی روشنی میں چل پڑے وہ رہبری زندہ

نبیؐ کے لاڈلوں کو کب جہاں میں موت آتی ہے
شہادت پا کے ہوتا ہے حسینؓ ابن علیؓ زندہ

گواہی کنکری کیوں کر نہ دے ان کی رسالت پر
جو ان کے ہاتھ میں آجاتی ہے وہ خاک بھی زندہ

یہ مہر و ماہ، انجم، کہکشاں، تلووں کا پرتو ہیں
انہیں کے حسن کی ہی بھیک سے ہر روشنی زندہ

زباں پر ہر گھڑی ہو جس کے ذکر احمد مرسلؐ
وہ شاعر زندہ اس کا ہر سخن اور شاعری زندہ

عقیدت ہی نہیں اے شاؔہ ان آنکھوں نے دیکھا ہے
کفن اوڑھے ہوئے زیرِ زمیں ہے ہر ولی زندہ

٭

کیجئے اک نظر یا محمدؐ آئے ہیں در پہ بن کر سوالی
ہم یہ سنتے چلے آرہے ہیں کوئی جاتا نہیں در سے خالی

تو ہی ہم بے کسوں کا سہارا تو جہاں میں غریبوں کا والی
تو ہی بعد از خدا یا محمدؐ تیری سرکار ہے سب سے عالی

دیکھئے وہ چلا آرہا ہے حشر میں اپنی امت کا والی
تو ہی بعد از خدا یا محمدؐ تیری سرکار ہے سب سے عالی

دیکھئے وہ چلا آرہا ہے حشر میں اپنی امت کا والی
ہر کوئی اس کی رحمت کا طالب ہر نظر بن گئی سوالی

تو نے بدلا جہاں کا مقدر تو نے لاکھوں کی بگڑی بنائی
تیرا دیوانہ ہو کر جہاں میں کس لئے میرا دامن ہے خالی

بت پرستوں کو کلمہ پڑھایا، زنگ باطل دلوں سے مٹایا
تو نے انساں کو انساں بنایا ہے تری ذات وہ ذات عالی
بادۂ معرفت یوں پلادے اب بجز تیرے سب کچھ بھلادے
ہوں نہ محتاج میں پھر کسی کا ہو عطا مجھ کو وہ ظرف عالی
دیکھنا حشر میں پیش داور قابلِ دید نی ہے یہ منظر
سایہ دستِ حق میرے سر پر ہاتھ میں ان کی کملی ہے کالی
اک قلندر کا ہے فیض ورنہ شاہ اپنی حقیقت ہی کیا ہے
مل گیا مجھ کو عشقِ اویسیؓ پالیا میں نے سوز بلالیؓ

★

## جناب محمد شبیر احمد سہیل راشد

ولادت ۱۹۴۳

چراغ زندگی، گنجِ یقین، نور الہدیٰ آئے
زہے مولائے کل، ختم الرسل، خیر الوریٰ آئے
وہ جنکی ذات اقدس خود سراپا شمعِ منزل تھی
وہی ہر جادۂ ہستی میں بنکر رہنما آئے
کہاں کا مدعا، کیسی تمنا کون سی حسرت
مجسم آرزو آئے، سراپا مدعا آئے
شہہ عالم کی صورت دیکھ کر ہر ایک کہتا تھا
تمنائے دلِ یوسف مسیحا کی دعا آئے
نہ آیا تھا کوئی ایسا نہ آئے گا کبھی ایسا
یہ مانا سیکڑوں مصلح، ہزاروں انبیاء آئے
سہیلؔ اپنی شبِ غم لاکھ ہوتا ایک کیا غم ہے
خدا کا شکر ہے شمس الضحیٰ بدر الدجیٰ آئے

★

روزِ محشر جو محمدؐ کی شفاعت ہوگی
ہم جدھر ہونگے ادھر سامنے جنت ہوگی
کیا بگاڑیگی بھلا بادِ حوادث ہم کو
ہم پہ جب سید والا کی عنایات ہوگی
میرے آقا، مری حالت پہ کرم فرماؤ
تم توجہ نہ کروگے تو قیامت ہوگی
زندگی جانے کہاں لیکے چلی جاتی ہے
جانے کب احمدؐ مرسل کی زیارت ہوگی
دل ہے صد چاک تو زخمی ہے جگر لب پہ فغاں
اور کیا کیا مرے آقا مری حالت ہوگی
یادِ سرکارِ دو عالم بھی عجب چیز ہے یہ
یہ جہاں ہوگی جہاں بھر کی مسرت ہوگی
بارگاہِ شہہؐ والا میں ہے یہ عرض سہیلؔ
دل پہ جز آپؐ کے پھر کس کی حکومت ہوگی

(مطبوعہ منزل نما ۱۹۶۵)

★

## جناب غیاث اقبال

ولادت ۱۹۴۴ وفات ۱۹۹۴

مجھے بھی میسر ہو دیدِ محمدؐ
میں ہو جاؤں اک دن شہیدِ محمدؐ
مرے دل میں قرآن روشن ہوا یوں
ہے سینے میں شہرِ امیدِ محمدؐ
نگاہوں میں انوارِ مکہ مدینہ
دلوں میں ہے پُرنور عیدِ محمدؐ
غیاثؔ اپنے افکار کے قافلے کو
صبا دے گئی ہے نویدِ محمدؐ

٭

خاکِ پائے محمدؐ ہو سر پر مری
میں بنالوں گا مٹی معطر مری
اس زمیں پر پڑی ہوں جس پہ سرکارؐ ہیں
مرے مولا لحد ہو منوّر مری

٭

## مولوی محمد یعقوب اسلم عمری

ولادت ۱۹۴۵

عروجِ فکر و فن تک جب وفا کی داستاں آئے
زباں پر جب بھی آئے محمدؐ کا بیاں آئے
ہمارا نام بھی آنے لگے رنگیں بیانوں میں
رسولؐ اللہ کی مدحت کا انداز بیاں آئے
اجالا ہو گیا توحید کا مشرق سے مغرب تک
ہدایت بن کے جب پیغمبر کون و مکاں آئے
لطافت گفتگو میں مسکراہٹ ان کے ہونٹوں پر
سبق اخلاق کا دینے امام مرسلاں آئے
زباں بے ساختہ صل علیٰ کہنے لگی اسلمؔ
جہاں نام محمدؐ گفتگو کے درمیاں آئے

بڑا حسین بڑا دل نواز منظر ہے
تجلیاتِ مدینہ ہیں قلب مضطر ہے
چلا جو نقشِ قدم پر وہ کیوں رہے پیاسا
حضورؐ آپ کے زیرِ قدم تو کوثر ہے
بنا جو آپ کا تقدیر بن گئی اس کی
خلوص آپ کا لوح و قلم سے بڑھ کر ہے
جو آنکھ خاکِ درِ مصطفےٰ کو چوم آئی
وہ آنکھ چاند ستاروں سے بھی منور ہے
نگاہ شوق نے سجدے کہاں کہاں نہ کئے
گمان ہوتا ہے آنکھیں نہیں مرا سر ہے
ثنائے شاہِ مدینہ جو میں کروں اسلمؔ
مرا کلام بھی لعل و گہر سے بڑھ کر ہے

٭

ہوے ہیں ظلمتِ عالم میں یوں خیر البشر پیدا
صدف کے پیٹ سے ہوں جس طرح لعل و گہر پیدا
انہیں کی جنبشِ چشم کرم کی دین ہے لوگو
سلیقہ بندگی میں اور عبادت میں اثر پیدا
وہی اسلاف کی عظمت ہمارا بھی مقدر ہو
وہی ایماں دلوں میں آج ہوجائے اگر پیدا
نہ یہ دنیا سنورتی ہے نہ وہ دنیا سنورتی ہے
اگر انسان کے دل میں نہیں اللہ کا ڈر پیدا
اسی کی پیروی ہے عظمت انسانیت اسلم
محمدؐ سا نہ ہوگا رہنما و راہبر پیدا

(مطبوعہ ''رسول عربی'' ۱۹۸۲ء)

## مولانا سید جمیل الدین قادری جمیلؔ

ولادت ۱۹۲۸

بساطِ ذہن میں ایسا جمالِ مصطفائی ہے
کوئی پردہ نہ ہو حائل تو ذاتِ کبریائی ہے
بصیرت کے تقاضوں کی جہاں تک بھی رسائی ہے
احد کی وسعتوں میں گم محمد کی اکائی ہے
وہاں پرنور کی حالت میں ایسی دھن سمائی ہے
یہاں پر آب وگِل کی شکل میں بھی مصطفائی ہے
وہاں پر کیف آور ذکر خود ہی جبرِ فطرت ہے
یہاں بھی وجد آور یاد کی محفل سجائی ہے
وہاں لولاک کی دولت بساطِ کن ہے قبضہ میں
یہاں دستِ تصرف میں ہی خدائی ہے
وہاں ماحول کے رمزِ تقدس کی ہے رنگینی
یہاں تہذیبِ احمد کا تقاضا پارسائی ہے

نبیؐ نقطۂ حسن انوار ہے۔!
فدا جس پہ حق مثلِ پرکار ہے
یہیں سارا سامانِ دیدار ہے
مدینہ مناظر کا سردار ہے
شعورِ نبیؐ جس کی تلوار ہے
وہی حیدریت میں کرار ہے
درود اپنی دنیا کا مختار ہے
موثر دعاؤں کا سالار ہے
جہاں شخص کو عکس بانٹا گیا
چھپایا وہیں سایہ یار ہے
نظر آئیں جلوے تو چلنے لگے
قلم نعت لکھنے کو تیار ہے
مدینہ ہے دل اور کعبہ نظر
جمیلؔ ان کی ہلچل میں سرشار ہے

# مولانا راہیؔ فدائی

ولادت ۱۹۳۹

صدقِ دل سے کہا خاتم الانبیاءؐ
کفر مومن ہوا خاتم الانبیاءؐ

منکروں سے بلاخوف کہہ دیں گے ہم
آپؐ خیرالوریٰ خاتم الانبیاءؐ

میرے لب چوم لیں آپؐ کے نقشِ پا
عزم ہے یہ مرا خاتم الانبیاءؐ

کب سے محروم ہے قلبِ عریاں مرا
اک ردائے صفا خاتم الانبیاءؐ

آپؐ شمس الضحیٰ آپ بدرالدجیٰ
آپ نُورالھدائیٰ خاتم الانبیاءؐ

سیلِ رنج و الم لڑکھڑاتے قدم
آپؐ کا واسطہ خاتم الانبیاءؐ

یہ طلوعِ سحر، نجم و شمس و قمر!
پرتو والضحیٰ خاتم الانبیاءؐ

شہرتِ فن سہی، عزتِ علم بھی
آپؐ ہی کی عطا خاتم الانبیاءؐ

لاکھ مجرم سہی راہیؔ بے نوا
ہے غلام آپؐ کا خاتم الانبیاءؐ

✡

ظلمت کدہ تھا، نازشِ صد طور ہوگیا
دل آپؐ ہی سے جلوہ گہہ نور ہوگیا

جو آپؐ کے قریب ہوا اس کو رب ملا
رب اس سے دور، آپؐ سے جو دور ہوگیا

غم آپؐ کا ہے نعمتِ عظمیٰ مرے حضورؐ
جس کو عطا ہوا وہی مسرور ہوگیا

مدت سے ورنہ مخفی و گمنام تھا "احد"
احمدؐ جو آئے ظاہر و مشہور ہوگیا

اعجاز نعت سرورِ کونین دیکھئے
راہیؔ سا بدنصیب بھی مبرور ہوگیا

✡

کیسے رنج و الم، خاتم المرسلینؐ
آپؐ کے جب ہیں ہم خاتم المرسلینؐ

فکر و فن کچھ نہیں آپؐ چاہیں اگر
نعت ہوگی رقم، خاتم المرسلینؐ

جس میں تاثیر ہو، جس میں تنویر ہو
بخشئے وہ قلم، خاتم المرسلینؐ

یہ زمیں و زماں، یہ مکین و مکاں!
آپؐ ہی کا کرم، خاتم المرسلینؐ

ہیچ خلدِ بریں، عیش و عشرت نہیں
دیجئے اپنا غم، خاتم المرسلینؐ

میرے دل کی زمیں آپ کا نقشِ پا
عرش سے محترم، خاتم المرسلینؐ

سبزہ زار کرم برگ و بار نعیم رحمتوں کے ارم خاتم المرسلینؐ
اک ذرا اذن دیں بے خطر سر کے بل در پہ آئیں گے ہم، خاتم المرسلینؐ
اپنے راحیؔ پہ ہو لطف کی اک نظر یا شفیع الامم، خاتم المرسلینؐ

★

(مطبوعہ ''نفیر'' ویلور ۱۹۹۵)

عرش و لوح و قلم محمدؐ کا خود مکین حرم محمدؐ کا
غم دنیا کی وسعتیں کیا ہیں بے کراں ہے کرم محمدؐ کا
ان کے قول و عمل کے کیا کہنے ہر اشارہ اہم محمدؐ کا
چاند تاروں کو دیکھنے والے دیکھ نقشِ قدم محمدؐ کا
ساری دنیا کا غم مجھے کیوں ہو راحتِ جاں ہے غم محمدؐ کا
صورت وذات کے تو کیا کہنے نام بھی محترم محمدؐ کا
عاصیو! در بدر نہ بھٹکو تم وا ہے باب کرم محمدؐ کا
جاگ اٹھے ہیں بخت راحیؔ کے قرب ہے دم بدم محمدؐ کا

(مطبوعہ ''نفیر'' ویلور ۱۹۹۵)

★

## جناب سید سجاد بخاریؔ

ولادت ۱۹۵۰

ہاں بصد احترام لکھتا ہوں نعتِ خیر الانامؐ لکھتا ہوں
چل رہی ہیں درود سے سانسیں آنسوؤں سے سلام لکھتا ہوں
رحمتِ دو جہاں کی خدمت میں جان و دل کا پیام لکھتا ہوں
شوق دیدار انتہا پر ہے حال دل بے لگام لکھتا ہوں
نور سے نور تک سفر معراج ہاں بصد اہتمام لکھتا ہوں
یہ عنایت ہے میرے آقا کی خود کو ان کا غلام لکھتا ہوں
ہو کرم کی نظر بخاریؔ پر عرض اتنی مدام لکھتا ہوں

★

محبوبِ کبریا کے قرینے کی بات کر
پھر اس کے بعد اور نہ جینے کی بات کر

منجدھار سے گزر کے جو ساحل کو پا گیا طوفاں سے کھیلتے ہوئے منزل کو پا گیا
اس ناخدائے دیں کے سفینے کی بات کر

ٹپکا جبیں سے، زخمِ زمیں تک مہک اٹھا معراج میں وہ عرشِ بریں تک مہک اٹھا
سردار انبیاءؑ کے پسینے کی بات کر

دل میں ہو یاد انؐ کی، جگر جلوہ گاہ ہو ٹھہری انھیں پہ آخری تیری نگاہ ہو
سانسوں کے ساز پر تو مدینے کی بات کر

اس دن بخاریؔ میرے ہی سرورؐ بچائیں گے قہرِ خدا اسے داورِ محشرؐ بچائیں گے
کوثر کے جام آئیں گے پینے کی بات کر

٭

## جناب سراج زیبائی

ولادت ۱۹۵۵

غم کے لمحے ہوئے ہیں طول مرے کچھ کرم کیجیے رسول مرے
آپ کا ذکر، آپ کی باتیں! زندگی کے یہی اصول مرے
جذب ہوتے ہیں کالی کملی میں اشک بہتے نہیں فضول مرے
دولتِ دو جہاں کی آس نہیں! مجھ کو مل جائیں بس رسول مرے
آپ کی بارگاہ میں آقا! نعتیہ شعر ہوں قبول مرے

٭

دلوں میں ذکرِ رسولِ خدا شروع ہوا سکونِ قلب کا سورج نیا طلوع ہوا
زباں پہ احمدِ مرسل کا نام آتا ہے تو رحمتوں کا فلک سے پیام آتا ہے
جمالِ عرشِ معلّیٰ نبی کے نور سے ہے جہاں میں جو بھی ہے جلوہ مرے حضور سے ہے
نبیؐ کے پائے مبارک کو آسماں چھو لے ہر ایک پھول چمن کا نبی کی خوشبو لے

نبیؐ وہ جن پہ نچھاور ہو سلطنت ساری نبیؐ وہ جن پہ ہو قربان مملکت ساری
سبھی نبیؐ کے اطاعت شعار ہونے لگے خزاں بدوش چمن کی بہار ہونے لگے
بہ روزِ حشر شہنشاہِ دین آئیں گے وہ بخششوں کو شہِ مرسلین آئیں گے!

✡

بڑا مرتبہ آپ کا میرا آقاؐ رسولوں میں کون آپ سا میرے آقاؐ
ہے ہر سانس مدحت سرا میرے آقاؐ مرا دل کہے مرحبا میرے آقاؐ
مجھے چاہئے اور کیا میرے آقاؐ ہے بس آپ کا آسرا میرے آقاؐ
چمک اٹھی تقدیر اسکی کہ جسکو ملا نقشِ پا آپ کا میرے آقاؐ

✡

## مولانا رضاء الحق آمری

ولادت ۱۹۶۰

- چارسو ان کے جلوے تھے بکھرے ہوئے ذرہ ذرہ مجھے آزماتا رہا
  عالم وجد میں زندگی کٹ گئی ربطِ جاں پہ ہی نعت گاتا رہا
- یادِ رسولؐ تیرے تصدق کہ آج تک کیا ذکر غیر مجھکو نہ اپنا پتہ ملا
- کرم انؐ کا ہے روشناسِ خلائق حقیقت محمدؐ کی واللہ اعلم
- ہائے وہ عمر محبت جو جدائی میں کٹی میرے ماضی کو بلاؤ مرے سرکار آئے

✡

ٹمل ناڈو کے صاحبِ تصنیف علماء

ٹمل ناڈو میں اردو

ٹمل ناڈو کے مشاہیرِ ادب

ٹمل ناڈو میں اردو رباعی

**ٹملناڈو میں نعت گوئی**

**کے بعد**

# علیم صبا نویدی

**کا**

ایک اور تحقیقی اور تاریخی کارنامہ

# ٹملناڈو میں مثنوی نگاری

(مثنویوں کا تین سو سالہ جائزہ)

----- ترتیب و تدوین -----

ڈاکٹر جاویدہ حبیب

----- پیش کش -----

ٹملناڈو اردو پبلی کیشنز، چنئی 600002

# TAMILNADU MAIN NATHGOYEE

by

## Aleem Saba Naveedi

## علیم صبا نویدی کی تصنیفات، تالیفات

| | | |
|---|---|---|
| طرحِ نو | غزلیں | 1974 |
| لمسِ اول | ٹیپ بند نظمیں | 1978 |
| رقصِ کمتر | آزاد غزلیں | 1979 |
| شگاف در شگاف | افسانے | 1980 |
| فکر بر | غزلیں | 1981 |
| نقش گیر | غزلیں | 1984 |
| بھارت جوتی | قومی نظمیں | 1985 |
| ترسیلے | ہائیکو نظمیں | 1986 |
| شعاعِ شرق | ہائیکو نظمیں | 1987 |
| مرآۃِ نور | نعتیں | 1988 |
| نور السمٰوٰت | نعتیہ سانیٹ | 1989 |
| تشدید | ہائیکو نظمیں | 1989 |
| ن | نعتیں | 1990 |
| اثرِ خامہ | غزلیں | 1991 |
| اُجلی مسکراہٹ | افسانے | 1992 |
| پچیم ورلگل | تمل ہائیکو نظمیں | 1992 |
| سمت ساز | منی نظمیں | 1993 |
| جنوب کا شعر و ادب | تحقیقی مضامیں | 1993 |
| تیری ٹلے ورپچیلو | تیگو ہائیکو نظمیں | 1994 |
| مولانا باقر آگاہ ویلوری کے ادبی نوادر | | 1994 |
| نوابُ اللبابہ اور عبدالعلی بحر العلوم فرنگی محلی | | 1995 |
| ٹمل ناڈو کے صاحبِ تصنیف علماء | | 1996 |
| انترا گنی | تیلگو ہائیکو نظمیں | 1997 |
| قید شکن | منتخب آزاد غزلیں | 1982 |
| آزاد غزل | آزاد غزل پر مضامین | 1985 |
| ثبوت | ساغر جیدی کے دوہے | 1990 |
| آبِ زر | اکرام کاوش ـ نظمیں | 1992 |
| ٹمل ناڈو میں اردو | | 1998 |
| ٹمل ناڈو کے مشاہیرِ ادب | | 1999 |
| متاعِ شعر و ادب | | 2000 |
| خواتین ٹمل ناڈو کے علمی و ادبی خدمات | | 2001 |
| نورِ اعظم | نعتیں | 2001 |
| خاک زاد | نثری نظمیں | زیرِ طبع |

Compiled by


**Dr. Jaweeda Habeeb**

M.A., M.Phil., Ph.D.(Urdu), M.A.(Arabic)



Printed by :

Tamilnadu Urdu Publications,

Chennai - 600 002.

Ph.:8588467, 8133126, 8528466